# جہادِ زندگی




قیمت ۷ روپے


فیروز سنز لمیٹڈ
لاہور کراچی پشاور

یقیں محکم، عمل پیہم، محبت فاتحِ عالم
جہادِ زندگانی میں یہ ہیں مردوں کی شمشیریں

# جہادِ زندگی

یعنی

حضرت مولٰنا مولوی فیروز الدّین صاحب علیہ الرّحمۃ

کے

## خود نوشت حالاتِ زندگی

---

جس میں گزشتہ نصف صدی کی دینی، سیاسی، معاشرتی، اور تہذیبی تاریخ کے بعض دلچسپ پہلو بھی نمایاں طور پر سامنے آگئے ہیں۔

مرتبہ

## عبدالحمید خان

قیمت
6 روپے

فیروز سنز
لاہور کراچی پشاور

ہمّت، محنت، یقینِ محکم،
عملِ پیہم اور عزم و استقلال
کی
قابلِ تقلید اور درخشاں داستان



بنام جهان دار جان آفرین
حکیم سخن بر زبان آفرین



پانچویں بار ۱۹۷۳

تعدادِ اشاعت ۵۰۰

ناشر و طابع فیروز سنز لمیٹڈ لاہور

قیمت چھ روپے

# فہرستِ مضامین


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | پیش لفظ . . . . | ۱۳ |
| ۲ | حرفِ آغاز . . . | ۲۹ |
| ۳ | خاندانی حالات | ۳۲ |
| | میرے پردادا . . . | ۳۳ |
| | دادا . . . . . . . | ۳۳ |
| | نانا . . . . . . . | ۳۴ |
| | میرے والد . . . . | ۳۴ |
| | درس و تدریس کی ابتدا | ۳۶ |
| | امدادِ غیبی . . . | ۳۷ |
| | ٹیوشن . . . . . | ۳۷ |
| | میری والدہ . . . . | ۳۸ |
| | میری پیدائش . . . | ۳۹ |
| | تعلیم . . . . . . | ۳۹ |
| | والد صاحب کا انتقال | ۴۰ |
| | والد صاحب کے مشاغل | ۴۳ |
| | مہاراجگان سے تعلقات | ۴۵ |
| | بدروحوں سے بے خوفی | ۴۵ |
| | میرے بڑے بھائی صاحب | ۴۵ |
| | سردار محمد حیات خاں . | ۴۶ |
| | اورینٹل کالج میں داخلہ | ۴۸ |
| | ایک سبق<br>ایک واقعہ . | ۴۸ |
| | اخباری زندگی . . | ۵۰ |
| ۴ | تصنیف و تالیف<br>اور اشاعتی ادارے<br>کا قیام . . | ۵۲ |
| | میری پہلی کتاب . . | ۵۲ |
| | تعلیمی کتب کی اشاعت | ۵۳ |
| | گلوب کی تیاری . . | ۵۴ |
| | مسٹر گاڈلے . . . | ۵۵ |
| | ایچی سن کالج میں آسامی | ۵۶ |
| | پرائمری کے لئے<br>تاریخی کتب . | ۵۷ |
| | مضمون چور اور خیال چور | ۵۷ |
| | میری تصانیف اور<br>انعامی سب کمیٹی | ۵۸ |

| | | |
|---|---|---|
| | وزیرِ تعلیم سے اپیل . | ۶۰ |
| | رشوت سے اجتناب . | ۶۰ |
| | کارخانہ نہ دکھانے کے وجوہ - . | ۶۱ |
| | فیروز پرنٹنگ ورکس کا سنگِ بنیاد - . | ۶۱ |
| | ہم عصر ناشرین کا طریقِ کار - . | ۶۲ |
| | صوبہ سرحد میں میری تصنیفات کا اجرا | ۶۲ |
| | ایک لطیفہ . . . . | ۶۲ |
| | سفارش کا حشر . | ۶۳ |
| | محکمہ تعلیم پنجاب کا نیا نصاب . | ۶۵ |
| | ایک لاکھ روپے کا نقصان - . | ۶۶ |
| | قرآن شریف کی طباعت . | ۶۷ |
| | ہدیہ کا سوال . . . | ۶۵ |
| | مترجم قرآن شریف کی مانگ - . | ۶۹ |
| | ترجمے کی مشکلات . . | ۷۰ |
| | طریقِ کار . . . . | ۷۱ |
| | کتابت کی مشکلات . | ۷۲ |
| | تصحیح کی کاوش . | ۷۳ |
| | حمائل کی طباعت . | ۷۳ |
| | انجمن تصحیح القرآن . . | ۷۴ |
| | دیگر تصنیفات . . . | ۷۴ |
| | ٹرسٹ کا قیام . . | ۷۵ |
| | ایک پرانا واقعہ . . | ۷۶ |
| | ایسٹرن ٹائمز کا اجرا | ۷۷ |
| | مسلمانوں کی بے توجہی | ۷۷ |
| | گورنمنٹ اور ایسٹرن ٹائمز | ۷۸ |
| | ایسٹرن ٹائمز کا دعویٰ . | ۷۹ |
| | اخبار سے دست برداری | ۷۹ |
| ۵ | ہندوستانی ریاستیں | ۸۱ |
| | دیوان امرناتھ وزیرِ اعظم کشمیر . . | ۸۱ |
| | درسی کتب کا ٹھیکہ . | ۸۱ |
| | سائیں جیون شاہ . | ۸۲ |
| | حکیم مولوی نور دین . | ۸۳ |
| | خان بہادر شیخ غلام محی الدین . | ۸۳ |
| | طویل القامت رزّاقہ | ۸۴ |
| | ریاست فرید کوٹ | ۸۵ |
| | ریاست بہاول پور | ۸۶ |

| | | |
|---|---|---|
| | عجیب رسم | ۸۷ |
| | مولوی محمد دین صاحب | ۸۷ |
| | ریاست اندور | ۸۸ |
| | ریاست بھوپال | ۸۹ |
| | ایک نابینا | ۹۱ |
| | بیگم صاحبہ کی غربا پروری | ۹۱ |
| | شاہی محل میں مینا بازار | ۹۲ |
| | احمد نگر | ۹۲ |
| | سُود خور پٹھان | ۹۲ |
| | ریاست رام پور | ۹۳ |
| | حکیم اجمل خاں | ۹۴ |
| | منشی عبدالحمید | ۹۵ |
| | میاں عبدالباری | ۹۶ |
| | امیر مینائی سے ملاقات | ۹۷ |
| ۶ | **افغانستان** | ۱۰۰ |
| | انقلاب افغانستان | ۱۰۰ |
| | سفر کابل | ۱۰۰ |
| | کابل کا راستہ | ۱۰۱ |
| | افغانستان کے مکانات | ۱۰۱ |
| | اعلیٰ حضرت سے ملاقات | ۱۰۲ |
| | غزنی کی سیر | ۱۰۳ |
| | امیر عبدالرحمٰن خان مرحوم | ۱۰۴ |
| | قاضی کا امتحان | ۱۰۵ |
| | جھوٹی افواہوں پر سزا | ۱۰۷ |
| | امیر کی ذہانت | ۱۰۷ |
| | نمائش کابل | ۱۰۷ |
| | سردار ہاشم خاں | ۱۰۸ |
| ۷ | **زیارت حرمین الشریفین** | ۱۱۰ |
| | ارادہ حج | ۱۱۰ |
| | حاجی کا لقب | ۱۱۰ |
| | روانگی | ۱۱۱ |
| | شریک سفر | ۱۱۲ |
| | زادِ سفر | ۱۱۳ |
| | ٹیکہ | ۱۱۴ |
| | حاجیوں کا جہاز | ۱۱۴ |
| | جدّہ | ۱۱۵ |
| | کسٹم آفس | ۱۱۶ |
| | معلّم عبدالرزاق فارسی | ۱۱۷ |
| | مدینہ منوّرہ کو روانگی | ۱۱۷ |
| | غلام احمد مشہدی | ۱۱۸ |

| | |
|---|---|
| مولانا جامیؒ . . . . | ۱۱۹ |
| مفتی غلام سرور . . | ۱۲۰ |
| قابل رشک موت . . | ۱۲۰ |
| مدینہ منورّہ . . . . | ۱۲۱ |
| شیخ الدّلائل . . . | ۱۲۱ |
| روضۂ اطہرؐ کی زیارت ۔ . . | ۱۲۳ |
| گنبد خضرا . . . . | ۱۲۳ |
| روضۂ نبویؐ کو بند کرنے کی وجہ . | ۱۲۴ |
| عشقِ رسولؐ . . . | ۱۲۴ |
| مبروص شاعر . . . | ۱۲۵ |
| وقت کی تقسیم . . . | ۱۲۵ |
| مساجد کی حالت . . | ۱۲۵ |
| رہائشی مکانات کا فقدان ۔ . | ۱۲۶ |
| فقیر اور چور . . . | ۱۲۶ |
| حرمین کا راستہ . | ۱۲۷ |
| جدّہ سے مکہ معظّمہ کا راستہ | ۱۲۷ |
| کھانے کی تکلیف . . | ۱۲۸ |
| ثبات الوداع . . . | ۱۲۸ |
| مسجد قبا و مسجد قبلتین . | ۱۲۸ |
| ریاض الجنّت . | ۱۲۹ |
| مکہ معظمہ کی طرف روانگی ۔ . | ۱۳۰ |
| یثرب میں قیام . . | ۱۳۱ |
| اماں حوّاؑ کی قبر . | ۱۳۱ |
| مکہ معظّمہ کے مکانات | ۱۳۲ |
| نہر زبیدہ . . . | ۱۳۲ |
| طعام وقیام کا انتظام . . | ۱۳۳ |
| فلسفۂ حج . . . . | ۱۳۴ |
| طوافِ خانہ کعبہ . | ۱۳۵ |
| حجر اسود . . . . | ۱۳۶ |
| ایک جماعت . . | ۱۳۷ |
| سواریوں پر طواف . | ۱۳۷ |
| حضرت عمرؓ کا واقعہ | ۱۳۷ |
| مزدلفہ . . . . | ۱۳۹ |
| میدان عرفات . . | ۱۳۹ |
| سفر کا کرایہ . . . | ۱۴۰ |
| حقّہ نوشی کا چسکا . . | ۱۴۰ |
| حج کا دن . . . . | ۱۴۱ |
| میدانِ عرفات سے روانگی . . | ۱۴۲ |
| ریل کی تجویز . . . . | ۱۴۳ |
| احرام . . . . . | ۱۴۳ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | مساجد کو مقفل کرنے کا دستور . . | ۱۴۴ | ایک خواب . . . . | ۱۶۱ |
| | | | نیکی کا اجر . . . . | ۱۶۲ |
| | منٹے کی مسجد . . . | ۱۴۴ | دوسری بیعت . . | ۱۶۳ |
| | رجم الشیطان . . | ۱۴۴ | پیر صاحب کی کرامت ۔ . | ۱۶۳ |
| | قربانی اور حجامت . | ۱۴۵ | | |
| | قربانی کا گوشت . | ۱۴۶ | تین پیر . . . . | ۱۶۴ |
| | تحائف . . . . . | ۱۴۷ | پیر چانن شاہ . . | ۱۶۵ |
| | جدہ سے روانگی . | ۱۴۷ | دلائل الخیرات کی اجازت . . | ۱۶۶ |
| | کراچی میں قیام . | ۱۴۹ | | |
| | کراچی سے روانگی . | ۱۴۹ | تجدید بیعت . . . | ۱۶۷ |
| | اختتام سفر . . . | ۱۵۰ | سجادہ نشین اخوند کی نصیحت ۔ . | ۱۶۷ |
| ۸ | فقراء سے عقیدت . . | ۱۵۱ | | |
| | | | آنحضرت کی زیارت. | ۱۶۸ |
| | میلہ پھلیرا . . . . | ۱۵۱ | عالم ہویت . . . | ۱۶۸ |
| | سچا معمار . . . . | ۱۵۴ | حضرت داتا صاحبؒ | ۱۶۹ |
| | سائیں دھیان شاہ . | ۱۵۷ | قبول دعا کا مقام . | ۱۶۹ |
| | مولوی عبداللہ مجذوب ۔ . | ۱۵۸ | داتا صاحب کی ایک کرامت . | ۱۷۰ |
| | کراماتِ اولیاء . . | ۱۵۹ | لاہور میں پہلی مسجد . . | ۱۷۲ |
| | تلاشِ مرشد . . | ۱۵۹ | مزار کا گنبد اور جالیاں . . | ۱۷۲ |
| | ایک پیر سے ملاقات ۔ . . | ۱۶۰ | | |
| | | | نئی مسجد کی تعمیر . | ۱۷۳ |
| | پہلی بیعت . . . . | ۱۶۱ | قبر کے لئے جگہ . . | ۱۷۴ |

| | | |
|---|---|---|
| | میرے اعتقادات | ۱۷۵ |
| | اللہ تعالیٰ | ۱۷۵ |
| | خاتم النبیینؐ | ۱۷۶ |
| | قرآن پر ایمان | ۱۷۶ |
| | قرآن مخلوق نہیں | ۱۷۷ |
| | قرآن کا معجزہ | ۱۷۷ |
| | شریعت | ۱۷۸ |
| | تصوّف | ۱۷۹ |
| ۹ | **میری اولاد** | ۱۸۲ |
| | عبدالمجید خان | ۱۸۳ |
| | عبدالحمید خان | ۱۸۵ |
| | عبدالرشید خان | ۱۸۶ |
| | ڈاکٹر عبدالوحید | ۱۹۳ |
| | بڑی لڑکی | ۲۰۱ |
| | چھوٹی لڑکی | ۲۰۳ |
| | غلام فرید خان | ۲۰۴ |
| | شجرہ نسب | ۲۰۶ |
| ۱۰ | **رفتارِ زمانہ** | ۲۰۸ |
| | ریل گاڑی | ۲۰۸ |
| | چیفس کالج | ۲۱۰ |
| | پنجاب یونیورسٹی | ۲۱۰ |
| | ٹکسالیں | ۲۱۱ |
| | لباس | ۲۱۵ |
| | خوراک | ۲۱۷ |
| | مزدوری | ۲۱۹ |
| | تعلیم | ۲۲۰ |
| | لاہور کی آبادی | ۲۲۴ |
| | میاں سلطان | ۲۲۵ |
| | رائے بہادر میلا رام | ۲۲۶ |
| | کلکتہ کا محرّم | ۲۲۷ |
| | پنکھے | ۲۳۴ |
| | ہوائی جہاز کی ابتدا | ۲۳۵ |
| | دو عالمگیر جنگیں | ۲۳۶ |
| | ٹیکس | ۲۴۰ |
| | رشوت ستانی | ۲۴۱ |
| | چائے | ۲۴۳ |
| | ہندو اور مسلمان | ۲۴۵ |
| | میرے ہندو دوست | ۲۴۵ |
| | مسلم لیگ اور کانگرس | ۲۴۷ |
| | جداگانہ اور مخلوط انتخابات | ۲۴۹ |
| | ہندو اور مسلم اتحاد کی کوششیں | ۲۴۹ |
| | کل جماعتی کانفرنس کی تجویز | ۲۵۰ |

| | | |
|---|---|---|
| | حکومت اور میں | ۲۵۲ |
| | پریس کا ارتقاء | ۲۵۸ |
| | لوہے کے پریس | ۲۵۸ |
| | منشی گلاب سنگھ | ۲۵۹ |
| | نئی اُفتاد | ۲۶۰ |
| | اخبارات کی ابتدا | ۲۶۱ |
| | منشی نولکشور | ۲۶۱ |
| | پنجابی اخبار | ۲۶۳ |
| | پیسہ اخبار | ۲۶۴ |
| | مہاشہ کرشن اور پرتاب | ۲۶۵ |
| | ظفر علی خان اور زمیندار | ۲۶۷ |
| | سیاست | ۲۶۸ |
| | زلزلے | ۲۶۹ |
| | قحط | ۲۷۲ |
| | ہجرت کی تحریک | ۲۷۳ |
| | ترک موالات کی داستان | ۲۷۵ |
| | شاعری | ۲۷۶ |
| ۱۱ | عمائدینِ ملت | ۲۸۰ |
| | سر سید | ۲۸۰ |
| | سر فضل حسین | ۲۸۴ |
| | سر سکندر حیات خاں | ۲۹۷ |
| | علامہ اقبالؒ | ۳۰۶ |
| | صاحبزادہ سر عبدالقیوم | ۳۱۰ |
| | راجہ نریندر ناتھ | ۳۱۲ |
| | سر تیج بہادر سپرو | ۳۱۵ |
| | سر شادی لال | ۳۱۷ |
| ۱۲ | میرے احباب | ۳۱۸ |
| | سر شیخ عبدالقادر | ۳۱۸ |
| | مولوی محرم علی چشتی | ۳۲۴ |
| | خان بہادر شیخ فضل الٰہی پراچہ | ۳۳۹ |
| | مولوی فیروزالدین شاہمیری | ۳۴۰ |
| | خان بہادر حاجی رحیم بخش | ۳۴۲ |
| | منشی دین محمد | ۳۴۴ |
| | ملک خضر حیات ٹوانہ | ۳۴۶ |
| | سردار شوکت حیات خاں | ۳۴۹ |
| | نواب مظفر خاں | ۳۵۱ |
| | سر فیروز خان نون | ۳۵۳ |
| | آنریبل چودھری سر شہاب الدین | ۳۵۴ |
| | سر محمد امین شمش آبادی | ۳۵۶ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شیخ انعام علی . . . | ۳۵۸ | | ڈاکٹر خلیفہ شجاع الدین . | ۳۶۴ |
| سر راجہ دیا کشن کول . . | ۳۵۹ | | مولانا غلام بھیک نیرنگ . | ۳۶۵ |
| خان بہادر محمد قلی خاں . . | ۳۶۰ | | سر گنگا رام . . . . | ۳۶۶ |
| | | | فاطمہ بیگم . . . . | ۳۶۶ |
| نواب صاحب چھتاری . | ۳۶۱ | | ماسٹر ضیاء الدین . | ۳۶۷ |
| | | | مولانا محمد حسین آزاد . | ۳۶۹ |
| چودھری خوشی محمد ناظر . . . | ۳۶۲ | | مولوی عبدالحکیم کلانوری | ۳۷۲ |
| | | | قزلباشان لاہور . . | ۳۷۲ |
| نواب ذوالفقار علی خاں . | ۳۶۳ | | دیگر احباب . . . | ۳۷۳ |
| | | ۱۳ | حکمائے لاہور . | ۳۷۷ |




اِبتدا سازم بنامِ پاکِ آں بے ابتدا

# پیش لفظ

یہ اُس ذاتِ گرامی کی حیاتِ بابرکات کی چند جھلکیاں ہیں جو عزمِ راسخ، جہدِ مسلسل، عملِ پیہم، یقینِ محکم اور توکّل علی اللہ کی مُنہ بولتی تصویر تھی۔ جس نے دنیا میں بھی فلاح پائی اور آخرت میں بھی اور اپنے پیچھے ایک ایسی منوّر و تابناک شاہراہ چھوڑی، جس پر چل کر ہر صاحبِ عزم انسان عرُوسِ کامیابی سے ہمکنار ہو سکتا ہے۔

دنیا میں تین قسم کے بڑے لوگ گزرے ہیں۔ ایک وہ جنہیں بڑائی وراثت میں ملی ہے۔ دوسرے وہ جو اتفاقات کے ہاتھوں بڑے بن گئے اور تیسرے وہ جنہوں نے تائیدِ الٰہی کے بھروسے اور اپنے بل بوتے پر بڑائی حاصل کی۔ ان تینوں میں اولیّت و فوقیت مؤخر الذکر کو حاصل ہے۔ والد بزرگوار حضرت قبلہ و کعبہ مولوی فیروز الدّین صاحب رحمۃ اللہ علیہ اسی گروہ میں سے تھے۔

آج جو لوگ فیروز سنز کی شائع کردہ کتب سے اپنے علمی ذوق اور شوقِ کتب بینی کی تسکین کا سامان بہم پہنچا رہے ہیں۔ اگر انہیں اس حقیقت کا علم ہو کہ اس عظیم ترین پاکستانی اشاعتی ادارے کی بنیاد آج سے پون صدی قبل اسی درویش صفت مصلحِ قوم نے صرف دو سَو روپے کے حقیر سرمائے سے رکھی تھی تو وہ اس کو حقیقت سے زیادہ فسانے پر محمول کریں گے۔ لیکن —— حقیقت بہرحال حقیقت ہے چاہے اس میں کتنی ہی فسانویّت اور رومانیّت ہو۔

اَلسَّعْیُ مِنِّیْ وَالْاِتْمَامُ مِنَ اللّٰہِ۔ نیّتیں نیک ہوں اور ارادے مضبوط تو تائیدِ الٰہی ضرور شاملِ حال ہوتی ہے۔ مولوی صاحب کو اپنی نیّت کی پاکیزگی اور تائیدِ الٰہی پر مکمل اعتماد تھا۔ آپ کو قدم قدم پر دشواریوں اور دقّتوں کا سامنا کرنا پڑا۔ آپ کی راہ میں کتنی ہی سنگلاخ رکاوٹیں حائل ہوئیں۔ مگر آپ کے پائے ثبات میں لغزش نہ آئی۔ آپ نے ؏

یقیں محکم، عمل پیہم، محبت فاتحِ عالم

کو مشعلِ راہ بنایا اور مردانہ وار راہِ ترقی پر گامزن رہے۔

حضرت مولوی صاحبؒ مہاراجہ شیر سنگھ والیِ پنجاب کے متبنّیٰ کے فاضل ولائق اتالیق کے چشم و چراغ تھے۔ آپ نے ایسے ماحول میں آنکھ کھولی، جہاں علم و ادب کا چرچا تھا۔ اسی ماحول میں آپ پلے، بڑھے اور اسی میں سنِ شعور کو پہنچے۔

اس زمانہ میں سرسید احمد خان نے مسلمانوں کی تعلیمی پسماندگی کے خلاف علمِ جہاد بلند کر رکھا تھا اور وہ مسلمانوں کو جدید تعلیم کی طرف راغب کر رہے تھے۔ مولوی صاحبؒ نے بھی اس عظیم المرتبت قومی مُصلح کی آواز پر لبّیک کہی اور اپنے آپ کو ملک و ملّت کی خدمت کے لئے وقف کر دیا۔ آپ ایک تجربہ کار صحافی تھے۔ آپ نے پہلے "پنجاب پنچ" اور پھر "مشیرِ ہند" اخبار جاری کیا اور ان کے ذریعے اس اصلاحی تحریک میں سرگرم حصّہ لیا، جس کا آغاز سرسید مرحوم نے کیا تھا۔

حضرت موصوفؒ فی الحقیقت اپنی ذات میں ایک انجمن تھے۔ آپ ایک بلند پایہ ادیب بھی تھے اور ایک نغز گو شاعر بھی۔ عالمِ دین بھی تھے اور صوفیِ صافی بھی۔ قومی کارکن بھی تھے اور ایک کامیاب تاجر بھی۔ آپ نے متعدّد علمی، ادبی، درسی اور مذہبی کتب تصنیف و تالیف کیں جن کی مجموعی ضخامت پچاس ہزار صفحات کے لگ بھگ ہے۔ ان میں فیروز اللّغات اُردو، فارسی اور تاریخ دربارِ اسلام (دو جلدوں میں) کی تدوین و تالیف، الہامِ منظوم (ترجمہ مثنوی مولانا رُومؒ)، تجرید بخاری اور حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی مشہُور تصانیف کشف المحجوب اور کشف الاسرار کے تراجم قابلِ ذکر ہیں۔ آپ کی تصنیفات کو عوام النّاس نے دل کھول کر خراجِ تحسین پیش کیا اور محکمۂ تعلیم نے بھی گراں قدر انعامات سے آپ

کی حوصلہ افزائی کی۔

مولوی صاحب علیہ الرحمۃ نے نشر و اشاعت کا آغاز کیا تو آپ کے پیشِ نظر ملک و قوم کے بچّے بھی تھے۔ آپ کو اس امر کا احساس تھا کہ جب تک نونہالانِ قوم کے لئے زمانۂ حال کے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ درسی و معلوماتی کتب شائع نہ کی جائیں؛ تب تک اُن کے دل میں صحیح اسلامی و ملّی تصوّر کی بنیاد مضبوط نہیں ہو سکتی۔ اس مقصد کے حصُول کی خاطر آپ نے ابتدائی مدارس کے لئے مختلف درسی و عام معلوماتی کتب کی اشاعت کا بیڑہ اُٹھایا۔ اخلاقی و مذہبی تعلیم کے ساتھ ساتھ بچّوں کی سُوجھ بوجھ اور معلومات میں بتدریج اضافہ اس سلسلۂ کتب کا طرّۂ امتیاز تھا۔

مولوی صاحبؒ نے ایک علمی و ادبی مجلّہ "تعلیم و تربیت" بھی جاری کیا تھا۔ لیکن سنہ ۱۹۴۱ء میں اس رسالے کو خالصتاً بچّوں کے لئے وقف کر دیا گیا۔ اس وقت سے اب تک یہ ہر ماہ پابندیٔ وقت کے ساتھ شائع ہوتا ہے۔ یہ رسالہ اُردو کے دُوسرے بچگانہ رسائل سے بالکل جُدا اور منفرد حیثیّت کا مالک ہے۔ اس کی اپنی ایک مخصُوص ڈگر ہے اور اس کے اجرا کا مقصد جلبِ منفعت نہیں۔ بلکہ بچّوں کی ذہنی اور فکری تعلیم و تربیت ہے۔

مولوی صاحبؒ کی زندگی کا آخری مقدّس و متبرّک کارنامہ قرآنِ حکیم کا آسان، سلیس اور بامحاورہ ترجمہ ہے۔ جس کے حاشیے پر

تفسیر "تسہیل القرآن" ہے۔ اس کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ ہر صفحے کی تفسیر اُسی صفحے کے حاشیہ پر ختم ہو جاتی ہے۔ گویا مرحوم نے اپنی بالغ نظری سے سمندر کو کوزے میں بند کر دیا ہے۔ اس ترجمہ و تفسیر کو نہ صرف عوام نے پسند کیا، بلکہ علماء و مفسّرین نے بھی سندِ ثقاہت عطا کی۔

آپ فنِ طباعت کے اُن ماہرین میں سے تھے، جو دستی پریسوں سے طباعت کا کام لیتے تھے۔ یہ پریس ان ابتدائی پریسوں سے مختلف نہ تھے، جن کو طباعت کے موجد گیکسٹن نے ایجاد کیا تھا۔ علمی و ادبی سرگرمیوں میں اضافہ کے ساتھ مولوی صاحب علیہ الرحمۃ نے محسوس کیا آپ اپنے مقاصد میں اُس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتے، جب تک آپ کا مطبع فنِ طباعت کے جدید ترین اصولوں پر ترقی یافتہ نہ ہو۔ چنانچہ آپ نے سرکلر روڈ لاہور پر ایک عالی شان برقی پریس قائم کیا، جو طباعت سے متعلق ہر قسم کی جدید مشینری سے آراستہ ہے۔ اس پریس کا سنگِ بنیاد اس وقت کے وزیرِ تعلیم پنجاب نے رکھا تھا۔

حصولِ پاکستان کی جدّ و جہد میں بھی مولوی صاحب نے بڑی اہم اور گراں قدر خدمات سر انجام دیں۔ اس مقصدِ عزیز کے لئے آپ نے ایک انگریزی روزنامہ "ایسٹرن ٹائمز" جاری کیا تھا۔ جو اپنے وقت کا نہایت مؤثّر اور با اثر اخبار تھا۔

قیامِ پاکستان کے بعد جب مرکزی حکومت کے دفاتر کراچی میں قائم ہوئے تو حکومت کو سرکاری کام طبع کرانے میں بہت دقتیں پیش آئیں۔ دارالحکومت میں اُس وقت کوئی ایسا مطبع نہ تھا، جہاں چھپائی کا کام حُسن و خوبی سے ہو سکتا۔ اس دِقّت کو محسُوس کرتے ہوئے مولوی صاحب کی رہنمائی و نگرانی میں فیرُوز سنز نے میکلوڈ روڈ کراچی میں ایک عالی شان مطبع قائم کیا۔ جس میں جدید ترین مشینری نصب ہے۔

سابق صُوبہ سرحد بھی کسی اچھے پریس سے تہی دامن تھا۔ مولوی صاحب علیہ الرحمۃ کی ذاتی نگرانی میں یہاں بھی ایک بہت بڑا مطبع قائم کیا گیا۔

مولوی صاحب علیہ الرحمۃ پنجاب کے پہلے مسلمان تاجر تھے، جنہوں نے اغیار کے دل سے یہ وہم ہمیشہ کے لئے دُور کر دیا کہ مسلمان تجارتی میدان کے شہسوار نہیں۔ آپ ایک نہایت ہی کامیاب اور فہیم و ذکی تاجر تھے۔ مگر آپ نے کبھی دیانت و خُدا ترسی کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا۔ آپ نے اپنی تجارت کو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کے مطابق چلایا کہ

اَعْطُوا الْاَجِيْرَ اَجْرَهٗ قَبْلَ اَنْ يَّجِفَّ عَرَقُهٗ

(مزدور کو اس کی مزدوری پسینہ خشک ہونے سے پہلے دے دو)

آپ کو اپنے کاروبار پر فخر تھا۔ اکثر فرمایا کرتے کہ "خُدائے برتر د

بزرگ نے ایک ایسا ذریعۂ معاش مجھے عطا فرمایا ہے کہ جس میں مجھ سے زیادہ دوسروں کا فائدہ ہے۔

ہندوستان اور پاکستان میں بڑے بڑے دولت مند مسلمان آباد ہیں۔ لیکن اشد ترین ضرورت کے باوجود کسی نے خیراتی ہسپتال کے قیام کی طرف توجہ نہیں دی۔ آپ سرمایہ دار نہ تھے۔ مگر دل کے غنی تھے۔ سنہ ۱۹۴۴ء میں ایک باغ فروخت کیا تو دو لاکھ روپے کی خطیر رقم سے فیبز ورنزسنز ٹرسٹ کے نام سے ایک وقفِ خیریہ قائم کیا۔ مسلمانوں میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا وقف ہے، جس کا منشاء و مقصود قرآن مجید اور اسلامی مطبوعات کی ارزاں اور صحیح نشر و اشاعت ہے۔ اس ٹرسٹ کے تحت کئی سال سے لاہور، کراچی اور پشاور میں خیراتی ہسپتال نہایت کامیابی سے چل رہے ہیں۔ جس میں غربا اور نادار لوگوں کا مفت معالجہ کیا جاتا ہے۔ آپ بیوگان کی امداد اور یتیم بچیوں کی شادی کے مصارف میں بھی بڑی دلچسپی لیتے تھے۔

مولانا مرحوم ایک پاک طینت اور درویش صفت بزرگ تھے۔ آپ کی تمام زندگی ایک سچے مسلمان کی طرح اللہ اور اس کے رسولِ برحق صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کی اطاعت و فرمانبرداری میں بسر ہوئی۔ آپ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم سے اس درجہ عشق تھا کہ جب بھی حضورؐ کا نام نامی آپ کی زبان پر آتا، آب دیدہ ہو جاتے۔ آپ نے وصال سے چند ماہ پیشتر روضۂ اطہرؐ کے قریب

مدرسۂ دارالیتام مدینہ منوّرہ میں دو کمرے تعمیر کرائے تھے۔

آپ کو فقرا اور اہل اللہ سے دلی عقیدت تھی خصوصاً حضرت مخدوم علی ہجویریؒ عُرف حضرت داتا گنج بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ذاتِ بابرکات سے تو آپ کو والہانہ عشق تھا۔ یہی وجہ ہے کہ جب آپ نے تصنیف وتالیف اور طباعت و اشاعت کا کام شروع کیا تو سب سے پہلے بطور تبرّک حضرت مخدوم علی ہجویریؒ کی فارسی کتاب "کشف المحجوب" اور "کشف الاسرار" کا اُردو ترجمہ شائع کیا۔ تاکہ عام اُردو لکھے پڑھے مُسلمان داتا صاحبؒ کے ملفوظاتِ عالیہ سے مستفیض ہوسکیں۔ ہجویری صاحبؒ کی ذاتِ گرامی سے آپ کی عقیدت کا یہ عالم تھا کہ ساٹھ سال تک سوائے شدید علالت اور بیرونی سفر کے آپ نے مزار پر حاضری میں کوتاہی نہیں کی۔

حضرت صاحبؒ کے مزار مبارک پر پہنچ کر مولوی صاحبؒ کے استغراق اور توجّہ کا یہ عالم ہوتا کہ بہت سے مستقبل میں آنے والے واقعات کے متعلّق آپ کو بشارت ہو جاتی تھی۔ چنانچہ اپنی درسی اور دینی کتب کی مقبولیّت اور محکمانہ منظوری کے سلسلے میں اکثر دُعا کے دوران میں ہی ان کی کامیابی کا مژدہ سُن لیا کرتے تھے۔

اکثر دوست واحباب دنیادی کاموں میں کامیابی کے لئے حضرت مولوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے طالبِ دُعا ہؤا کرتے تھے۔ آپ مزار پر حاضر ہو کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دُعا فرماتے اور اکثر

اُسی وقت اُس کام کی کامیابی یا ناکامی کا آپ کو علم ہو جاتا اور آپ سائل کو بتا دیتے کہ وہ کام ہو سکے گا یا نہیں بعض دفعہ آپ کی دُعا سے محیرُالعقول واقعات بھی ظہور پذیر ہوئے ۔ آپ نے حضرت علی ہجویریؒ کو کئی مرتبہ خواب کے علاوہ روزانہ حاضری کے دَوران میں دُعا کے وقت توجّہ میں بھی دیکھا۔

حضرت علی ہجویریؒ سے محبّت وعقیدت کا ہی یہ نتیجہ ہے کہ آپ نے موت سے پہلے اپنی آخری آرامگاہ کے لئے اِسی خانقاہ کا قُرب پسند فرمایا ۔ مزار کی مغربی جانب مسجد کے شمالی دروازے کے باہر پہلے سے آپ کی تُربت کے لئے جگہ متعیّن ہو چکی تھی۔

مولوی صاحب قبلہ رحمۃ اللہ علیہ نے ایک تو اس لئے اس جگہ کو اپنی قبر کے لئے پسند فرمایا کہ آپ نہیں چاہتے تھے کہ مرنے کے بعد داتا صاحبؒ سے دُور رہیں ۔ دُوسرے اس لئے بھی آپ کو یہ جگہ پسند تھی کہ قریب ہی مسجد ہے، جہاں دن میں پانچ مرتبہ صدائے اذان بلند ہوتی ہے اور سرورِ کائنات فخرِ موجودات حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا ارشاد ہے کہ " جس مرنے والے کے کان میں پانچ وقت اذان کی آواز پہنچتی رہے ۔ اللہ تعالیٰ اُس کے گناہوں میں تخفیف کر دیتا ہے ۔" اللہ کے نیک وصالح بندوں کا یہی شعار رہا ہے کہ وہ ہر حالت میں خوفِ خدا سے لرزہ براندام رہتے ہیں ۔ اپنی مغفرت اور اللہ کی خوشنودی کے وسائل سوچتے رہتے ہیں اور اپنی عبادت پر کبھی غرُور وناز نہیں کرتے۔

حضرت مولانا ایک متبحر عالم تھے۔ قوتِ حافظہ کا یہ عالم تھا کہ برسوں کے گزرے ہوئے واقعات و حالات ذہن میں بعینہٖ محفوظ رہتے۔ جب کسی گزرے ہوئے واقعہ کا تذکرہ فرماتے تو تصویر کھینچ کر رکھ دیتے اور سننے والے اپنے آپ کو اسی ماحول میں پاتے — قوتِ فیصلہ بڑی تیز اور صائب تھی۔ اُلجھے ہوئے معاملات کے متعلق آپ جو فیصلہ فرما دیتے، ہمیشہ وہی دُرست ثابت ہوتا۔ آپ آخری دم تک صحیح الذہن رہے اور نہایت معقول گفتگو فرماتے رہے۔

مولانا مرحوم کی مجلس ایک خاص علمی، ادبی، سیاسی اور مذہبی مجلس ہؤا کرتی تھی۔ ہر وقت قال اللہ و قال الرسول ؐ کا ذکر رہتا۔ بات بات پر بلا تکلّف احادیث نبوی ؐ اور آیاتِ قرآنی ارشاد فرماتے سیاسی و مذہبی پیچیدہ مسائل کو نہایت عالمانہ اور فلسفیانہ طریق پر اس خوبی سے سلجھا دیتے کہ سُننے والے عش عش کر اُٹھتے۔ اُردو و فارسی اور عربی کے بیشتر شعراء کا کلام اور متعدد محاورات اور ضرب الامثال نوک بر زبان تھے۔ جب آپ حسبِ موقع کوئی پھڑکتا ہؤا شعر یا چلتا ہؤا فقرہ یا مناسب محاورہ ارشاد فرماتے تو گفتگو میں ایک خاص چاشنی اور حُسن پیدا ہو جاتا۔ اندازِ گفتگو اس قدر پیارا، دل چسپ اور جاذبِ توجہ تھا کہ مرحوم کی صحبت میں گھنٹوں بیٹھے رہنے پر بھی سیری نہ ہوتی۔

مرحوم نماز بڑی پابندی سے ادا فرماتے۔ مرتے دم تک

نماز کے علاوہ تہجّد کو بھی قائم رکھا۔ باوجُود شدید علالت اور انتہائی کمزوری کے نماز کا خیال آتے ہی آپ تڑپ اُٹھتے اور بیٹھ کر نماز میں مشغول ہو جاتے۔

وصال سے دس روز قبل متواتر کئی دفعہ فرماتے رہے کہ "سُبحان اللہ! سُبحان اللہ! کیسی خُوش گوار ہَوا ہے۔" کچھ دنوں بعد پھر اس ہوا کو یاد فرماتے رہے کہ "سُبحان اللہ! سبحان اللہ! کیسی خوش گوار ہَوا تھی۔ جب پھر آئے گی تو مجھے اپنے ساتھ لے جائے گی۔" وصال سے ایک روز قبل اپنی چارپائی کی داہنی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ "وہ گراہؤا پتّہ لے کر آ گئے ہیں۔" اور آخری دن فرمایا کہ "وہی شخص جو کل پتّہ لایا تھا، رات سے تعینات ہو گیا ہے کہ میری داہنی طرف ایک دیوار کھینچ دے۔"

وفات سے چند دن پہلے یہ بھی فرمایا کہ "مَیں نے اپنے آپ کو حوضِ کوثر کے عظیم المرتبت مقام پر کوزوں میں پانی بھر بھر کر پیتے دیکھا تو شرمندگی سے کہیں چھپنے کی کوشش کرنے لگا کہ مَیں اور یہ عالی مقام! اتنے میں ندا آئی کہ "ہم نے تمھیں حساب وکتاب کے بغیر بخش دیا ہے۔" پھر فرمایا کہ "میں یہ خواب کی باتیں نہیں کہہ رہا، بلکہ اپنی آنکھوں دیکھی کہہ رہا ہوں۔"

وصال سے تین روز قبل آپ قرآنِ حکیم کی آیت یٰۤاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِیْۤ اِلٰی رَبِّكِ رَاضِیَةً مَّرْضِیَّةً ط

(اے جان اطمینان والی! لوٹ چل اپنے رب کی طرف، تُو اُس سے راضی، وہ تجھ سے راضی) بلند آواز سے ورد فرماتے رہے۔

انتقال کے روز صبح کے وقت فرمایا کہ "میری قبر کا انتظام کیا جائے۔" عرض کیا گیا کہ "آپ تو پہلے ہی مزار حضرت علی ہجویری کے قریب جگہ مشخص فرما چکے ہیں۔" فرمانے لگے۔ "نہیں! قبر کھودنے کے لئے آدمی بھیجو۔"

موت سے کئی روز قبل فرمایا کہ میری موت ظہر اور عصر کے درمیان واقع ہو گی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور آپ ۲۔ اپریل ۱۹۴۹ء مطابق ۲۔ جمادی الثانی ۱۳۶۸ھ بروز شنبہ بوقت ۴ بجے سہ پہر کلمۂ طیبہ پڑھتے ہوئے واصل حق ہوئے۔

اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ ؕ

آپ نے وصیت فرمائی کہ انتقال کے بعد مجھے زیادہ دیر یہاں نہ رکھنا اور بہت جلد دفن کر دینا۔ چنانچہ آپ کی وصیت کے مطابق اُسی شب شام کے ساڑھے نَو بجے مزار حضرت علی ہجویری رح کے قریب آپ کو سپرد خاک کر دیا گیا۔

حضرت والد صاحب قبلہ نہایت ہی حلیم الطبع، صلح کُل اور خوش مزاج بزرگ تھے۔ جو شخص ایک دفعہ آپ کی صحبت میں بیٹھ جاتا، ہمیشہ کے لئے آپ کا گرویدہ ہو جاتا۔ آپ کو اپنے خاندان کے افراد سے بے پناہ محبت تھی۔ ہم چھوٹے سے تھے،

والدہ صاحبہ کا انتقال ہوُا۔ ان کے بعد ماں کی ممتا بھی آپ نے اپنے دامن میں سمیٹ لی اور ہمیں کبھی ماں کی کمی کا احساس نہ ہونے دیا۔

مجھے ہمیشہ اس بات پر فخر رہے گا کہ اپنے تمام بھائیوں کی نسبت مجھے آپ کی خدمت میں شرفِ حضوری کا زیادہ موقع نصیب ہوُا۔ دراصل آپ میرے والد بھی تھے، مُرشد بھی تھے اور اُستاد بھی۔ اور اب جو کچھ بھی مَیں ہوں، یہ سب حضرت صاحب مرحوم رح کے ہی کرم ہائے بے پایاں کا نتیجہ ہے۔ مَیں کاروباری یا گھریلو معاملات میں جو لائحہ عمل بھی اختیار کرتا، آپ اُسے ہمیشہ پسند فرماتے اور الحمد للہ کبھی کسی معاملے میں اختلاف رائے پیدا نہیں ہوُا۔ حتیٰ کہ وصیّت وغیرہ کے معاملے میں بھی مَیں نے آپ کا عندیہ لے کر جب بھی کوئی تجویز یا تحریر پیش کی، آپ بلا کسی تغیرّ و تبدّل کے منظور فرماتے رہے۔

مَیں یہ واقعہ کبھی نہیں بھُولوں گا۔ آپ کے آخری ایام تھے۔ میری چارپائی آپ کی چارپائی سے ملحق رہتی تھی اور جس وقت بھی آپ کھانستے، مَیں اُگال دان اُٹھا کر پیش کر دیتا۔ ایک رات ۲ بجے کے قریب مَیں نے کھانسی کی آواز سُنی تو اُگال دان پیش کیا۔ آپ نے فرمایا: "تم سوئے نہیں؟ تمہیں میری وجہ سے بہت تکلیف ہوتی ہے۔"

مَیں نے آپ کی سفید ریش مبارک آنکھوں سے لگائی اور اُسے بوسہ دے کر بولا: "آپ نے جس محبّت اور شفقت سے میری پرورش کی ہے

اگر میری عمر ہزار برس کی بھی ہو جائے تو اس کا بدلہ نہیں دے سکتا۔" یہ سن کر آپ نے مجھے پیار کیا۔ میں آپ کے دستِ شفقت کو اب بھی اپنے سر پر محسوس کرتا ہوں اور مجھے یقین کامل ہے کہ آپ کی خوشنودی میرے لئے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خوشنودی کا باعث ہوگی۔

یہ کتاب مولوی صاحب علیہ الرحمۃ کی خود نوشت سوانح حیات ہے جو آپ نے ۱۹۳۵ء میں تحریر کرائی تھی۔ حضرت قبلہ وکعبہ برجستہ بولتے جاتے اور میں یا خاندان کا کوئی اور فرد قلمبند کرتا جاتا۔ مسودہ کی تکمیل کے بعد علالت نے آپ کو اتنی فرصت نہ دی کہ آپ اس کو خود پڑھتے یا پڑھوا کر سنتے۔

حضرت صاحبؒ کی وفات کے بعد احباب نے اصرار کیا کہ آپ کی سوانح عمری طبع کرائی جائے، تاکہ اسے پڑھ کر نئی پود میں روحِ عمل پیدا ہو اور وہ یہ دیکھ سکے کہ اگر عزم راسخ ہو اور ہمت جوان تو انسان ابتلا و آزمائش کے تمام ہفت خوان طے کر لیتا ہے۔ اسی اصرار سے مجبور ہو کر میں نے اس مسودے کے مختلف عنوانات قائم کر کے کتابی شکل دے دی ہے۔ وَمَا تَوْفِيْقِيْ إِلَّا بِاللهِ ط

عبد الحمید خان

خلف حضرت مولوی فیروز الدین صاحب رحؒ

# حرفِ آغاز

خواب، سیرِ سرائے فانی ہے
زندگی کیا ہے اِک کہانی ہے (ظفر)

میں جب کبھی عندالتذکرہ پچھلے زمانے کی باتیں کیا کرتا تو میرے فرزند یہ خواہش کیا کرتے کہ میں انھیں قلمبند کردوں۔ مگر میں دو وجوہ کی بنا پر ہمیشہ ٹالتا رہا۔ ایک تو یہ کہ سوانح عمری وہ شخص لکھ سکتا ہے جو ابتدا سے ہی روزانہ واقعات قلمبند کرتا رہا ہو۔ دوسرے یہ کہ مجھ جیسے بے شمار لوگ پیدا ہو ہو کر مر گئے۔ جن کا کوئی نام تک نہیں جانتا۔ مجھ میں کیا خصوصیت ہے کہ میری سوانح عمری لوگوں کے لیے سبق آموز ہو سکے۔ مگر برخورداروں کا اِصرار بڑھتا گیا۔ چنانچہ وہ میرے پاس بیٹھ کر گھنٹہ دو گھنٹہ روزانہ جو کچھ میں لکھواتا قلمبند کرتے رہے۔ اس طرح چند ہی دنوں میں یہ مُسودہ تیار ہو گیا۔

مجھ میں کوئی خصوصیت اگر ہو سکتی ہے تو یہ کہ میں کسی دینی یا دُنیاوی کام میں خُدا سے نا اُمید نہیں ہُوا اور اگرچہ میری صورت و سیرت کسی بھی قابل نہ تھی اور نہ ہے۔ مگر اُس نے اِس توکّل کی قدردانی فرما کر جو مجھے اُس کی ذات پر ہے، ہر ایک کام میں مجھے غیبی مدد دی۔

قرآن شریف کی آیت مبارک "اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا الخ" یعنی "کیا تم نے یہ گمان کیا ہے کہ ہم نے تمہیں بے فائدہ بنایا ہے۔ اور تم ہماری طرف نہیں لوٹائے جاؤ گے" کے تحت بار بار خیال آتا کہ آخر میرے بنانے سے کیا حاصل ؎

نہ گُلم نہ برگِ سبزم نہ درختِ سایہ دارم[1]
ہمہ حیرتم کہ دہقاں بچہ کار کشت مارا

مگر اس کے راز وہی جانتا ہے۔ یہ اُس کا خاص فضل ہے کہ اس نے مجھ سے انگریزی روزنامہ ایسٹرن ٹائمز کے اجرا، کا کام لیا۔ حالانکہ میں خود اس قدر انگریزی نہیں جانتا۔ لیکن اِس قومی ضرورت کا احساس ضرور رکھتا ہوں۔ دوسرے یہ کہ قرآن شریف جو اِس سے پہلے صرف دستی لکھے جاتے تھے یا زیادہ سے زیادہ بعض حمائل شریفوں کے بلاک بنوا لیے جاتے تھے، میں نے فوٹو کے ذریعے فلم بنوا کر چھپوائے جو خدا کے فضل و کرم سے بہت مقبول ہوئے۔ اور اب اس آخری عمر میں اُس نے اِس ہیچمدان کو قرآن شریف کے ترجمے اور تفسیر کی خدمت تفویض کی اور پھر اِس کی تکمیل کے لیے اِس قدر وسعت بھی دی کہ طباعتِ قرآن اور اس کے منافع سے ہسپتال قائم کر سکوں، جس میں خلقِ خدا کا علاج و دوا مُفت ہو سکے۔ خدا تعالیٰ کی عنایات ہمیشہ میرے شاملِ حال رہی ہیں میں اس کے شکریے کے لیے الفاظ نہیں پاتا۔ لیکن بالخصوص ان وسعتوں کے لیے اللہ تعالیٰ کا بہت ہی زیر بارِ احسان ہوں۔ ایک تو یہ کہ اس نے مجھے تصنیف و تالیف اور اشاعتِ علوم کا کام عطا فرمایا۔ جس سے میری ذات کی نسبت دوسروں کا فائدہ زیادہ ہے۔ دوسرے یہ کہ ایسی اولادِ صالح عطا فرمائی، جو

---

[1] میں نہ پھول ہوں نہ سبز پتہ نہ سایہ دار درخت   میں حیران ہوں کہ کسان نے مجھے کس لیے بویا

اِس زمانے میں بہت بڑی اور قیمتی چیز ہے۔ خُدا کے فضل سے کسی کو کوئی علّت نہیں۔ سب کے سب پابندِ شریعت، نماز گزار اور مخلوقِ خُدا کے خیر طلب ہیں۔ خدا اِنھیں اور سب مسلمانوں کو ایسی ہی اولادِ صالح عطا فرمائے کہ یہی حقیقت میں خیرِ جاری ہے۔ وَمَا توفیقی اِلّا باللہ ؎

خاکسار

فیروزالدین غفرلہٗ

# خاندانی حالات

میرے والد بزرگوار راجپوت تھے۔ وہ بتاتے تھے کہ جب ہمارے مورثِ اعلیٰ نے اسلام قبول کیا تو اُن کے تمام عزیز اور رشتہ دار اُن سے ناراض ہو گئے اور طرح طرح سے تنگ کرنے لگے کہ وہ آبائی دین میں واپس آجائیں۔ لیکن اِن مستقل مزاج اور ہدایت رسیدہ بزرگ پر اُن کی دھمکیوں اور لالچ کا کوئی اثر نہ ہُوا۔ انھوں نے اِن کی ایک نہ سُنی اور خدا کی ذات پر بھروسہ رکھا۔ جب عزیزوں نے دیکھا کہ دھمکیاں اور لالچ بے اثر ثابت ہو رہے ہیں تو آخری حربہ استعمال کیا یعنی اُنھیں برادری سے خارج کر دیا۔ اُن کی اراضیات چھین لیں اور اِس قدر تنگ کیا کہ وہ ترکِ وطن پر مجبور ہو گئے۔ چُنانچہ اُنھوں نے نقلِ مکان کرکے لاہور کے مضافات میں موضع نیاز بیگ میں سکونت اختیار کرلی گو وطن اور عزیزوں کی یاد اِنھیں واپسی پر مجبور کرتی، لیکن برادرانِ یوسفؑ کا سلوک اِن کے پائے ثبات میں لغزش نہ آنے دیتا اور اِسلامی اُخوت کا رشتہ جس میں اب وہ مکمّل طور پر منسلک ہو چکے تھے۔ اُن کے دل میں کہتا ع

ہر مُلک مُلکِ ماست کہ مُلکِ خدائے ماست

ہمارا خاندان موضع نیاز بیگ میں کتنا عرصہ مُقیم رہا یہ بتانا مُشکل ہے۔ کیونکہ

اس زمانہ کے کاغذات نہ تو موجود ہیں نہ ہی اُن کا دستیاب ہونا ممکن ہے۔ تاریخ کا یہ عہد پُرامن نہ تھا۔ مُغلیہ سلطنت کا چراغ ٹمٹما رہا تھا۔ دُرّانی نے اس کا وقار ختم کر دیا تھا۔ مرہٹوں کی یلغاریں پنجاب تک پہنچ چکی تھیں اور خود لاہور کا صوبیدار سکھوں کی روز افزوں ترقی سے پریشان تھا۔ ان ایّام میں جبکہ جان کی حفاظت کا مسئلہ اہم تھا کاغذات کون سنبھالتا۔

## میرے پردادا :

والد مرحوم کے دادا جیوے خاں سے حالات کا سلسلہ شروع کرتا ہوں جو مہاراجہ رنجیت سنگھ کے عہدِ حکومت میں ایک عہدہ دار تھے۔ چونکہ مہاراجہ رنجیت سنگھ اور اُن کے عمائد اور درباری لاہور شہر میں قیام پذیر تھے اس لیے میرے پردادا جیوے خاں بھی نیاز بیگ کو خیر باد کہہ کر شہر میں مقیم ہو گئے اور اس طرح ہمارا خاندان لاہور میں آباد ہو گیا۔

## دادا :

میرے دادا کا نام میاں امام بخش تھا۔ بڑے اللہ والے بزرگ تھے۔ صوم و صلوٰۃ کے اِتنے پابند کہ مینہ ہو یا آندھی، سردی ہو یا گرمی نماز مسجد میں باجماعت ادا کرتے۔ جمعہ کا دن تو خاص اہتمام سے گزارتے۔ نماز سے پہلے وعظ بڑے شوق سے سُنتے، اور نماز ادا کرنے کے بعد دیر تک مسجد میں بیٹھے رہتے۔ اِن کا زیادہ وقت عُلماء و اہلِ طریقت کی صُحبت میں بسر ہوتا۔ ان کی دلی آرزو

تھی کہ اُن کی اولاد علم و فضل سے آراستہ ہو۔ چنانچہ انھوں نے اپنے بیٹوں کو حتی المقدور تعلیم دلوائی۔

## نانا:

میرے نانا مولوی نجم الدین صاحب بھی بہت بڑے عالم اور روشن ضمیر بزرگ تھے۔ قریشی النسل تھے۔ اندرون دروازہ شیرانوالہ محلہ نوگھرا کے بازار میں ایک چھوٹی سی مسجد ہے، اُس میں آپ امامت کے فرائض ادا کرتے تھے مسجد کے ساتھ ہی ایک مکان میں اُن کی سکونت تھی جو ایک عورت نے انھیں دے رکھا تھا۔ ایک صبح مالکہ مکان نے خواب دیکھا کہ مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ میری قبر اسی جگہ بنے جہاں میری چارپائی ہے۔ وہ جانتی تھی کہ مولوی صاحب ایک خدا رسیدہ بزرگ ہیں اور ان کا خواب میں آنا خالی از علت نہیں وہ فوراً نوگھرا والے مکان پر پہنچی۔ یہاں آکر اُسے معلوم ہوا کہ حضرت مولوی صاحب کا صبح چار بجے انتقال ہو چکا ہے۔ اُس نے اپنا خواب اہلِ محلہ کو بتلایا۔ چنانچہ مولوی صاحب اسی جگہ دفن ہوئے۔ ان کے تھوڑے عرصہ بعد میری نانی صاحبہ کا بھی انتقال ہو گیا اور وہ بھی اِن کے قریب ہی مدفون ہوئیں۔ یہ قبریں اب بھی مسجد کے ساتھ ایک پختہ چار دیواری کے اندر موجود ہیں مگر اُس مکان کا نام و نشان تک نہیں۔

## میرے والد:

میرے والد مرحوم کا نام مولوی جان محمد تھا۔ قد میانہ۔ رنگت کھُلی گندم گوں

اور ریش مبارک سفید تھی - پرانی وضع کے بزرگ تھے - سفید عمامہ باندھتے اور پشاوری شلوار پہنا کرتے تھے - اِن کا شمار اپنے زمانہ کے مشہور عالموں میں ہوتا تھا - ان کے اُستاد مشہورِ زمانہ عالم مرزا اکرم بیگ تھے -

مرزا صاحب مرحوم مسجد وزیر خاں کی ڈیوڑھی کے گنبد والے بالاخانے پر رہتے تھے - علومِ دینی میں فاضلانہ دسترس رکھنے کے علاوہ حافظِ قرآن بھی تھے - ماہِ رمضان المبارک میں لاہور، امرتسر اور قصور وغیرہ قریبی مقامات کے ممتاز مسلمان قرآن شریف کے ختمِ شبینہ کے لیے انھیں بلوایا کرتے تھے ہر ختم کے بعد سو ڈیڑھ سو روپیہ اور پچیس تیس دستاریں بطورِ ہدیہ آپ کی خدمت میں پیش کی جاتی تھیں - مرزا صاحب کی سال بھر کی یہی کمائی ہوتی تھی لیکن قلیل آمدنی میں بھی وہ اپنا گزارہ احسن طریق سے کر لیا کرتے تھے - ان کے ہاں درس و تدریس کا سلسلہ بغیر فیس یا معاوضے کے تھا - آپ اپنے شاگردوں کو نہایت خلوص اور انہماک سے تعلیم دیا کرتے تھے - بچپن میں مجھے بھی آپ کی زیارت کا اکثر موقع ملتا رہا ہے - بھرا بھرا جسم، بلند و بالا قد، رنگ سفید اور ریشِ مبارک بھی بالکل سفید تھی -

مرزا صاحب کے متعلق یہ عجیب قصہ عام طور پر مشہور تھا کہ ان کے پاس جو طالب علم پڑھا کرتے تھے ان میں ایک طالب علم عبداللہ نامی بھی تھا - یہ بڑے خلوص اور سرگرمی سے مرزا صاحب کی خدمت کرتا - دوپہر کے وقت جب مرزا صاحب آرام فرماتے تو یہ اُن کے پاؤں دباتا -

گرمیوں کا موسم تھا، ایک دن مرزا صاحب اپنی چوکھنڈی میں لیٹے ہوئے

تھے اور عبداللہ ان کے پاؤں دوا رہا تھا کہ آپ نے عبداللہ سے فرمایا۔

"بیٹا عبداللہ! سخت پیاس لگ رہی ہے۔ اس وقت حسین شاہ کے کنوئیں کا ٹھنڈا پانی لاؤ تو طبیعت کو سکون آئے۔ لیکن لانا قدرے جلدی"۔ حسین شاہ کا کنواں مسجد سے کچھ فاصلے پر تھا۔ عبداللہ نے جب اُستاد کا حکم سُنا تو وہیں بیٹھے بیٹھے ہتھیلیا اُٹھا کر ہاتھ بڑھایا اور اُس کنوئیں سے پانی بھر کر مرزا صاحب کی خدمت میں پیش کر دیا۔ یہ دیکھ کر تو مرزا صاحب کے ہوش اُڑ گئے۔ انہوں نے عبداللہ سے کہا۔ "عبداللہ سچ سچ بتاؤ تم کون ہو؟ یہ کام انسان کا نہیں"۔

عبداللہ نے کہا۔ "مولوی صاحب مَیں قومِ جنات سے ہُوں سب مجھے آپ کی قرأن خوانی پسند آئی اور میں آپ کا شاگرد بن کر آپ کی خدمت میں رہنے لگا۔ مَیں آپ کی عنایات کا بڑا ممنون ہُوں۔ آپ مجھے پڑھاتے اور کھلاتے رہے"۔ مرزا صاحب نے یہ سُن کر فرمایا۔ "عبداللہ! اب تم یہاں نہیں رہ سکتے۔ فوراً چلے جاؤ"۔ چنانچہ عبداللہ چلا گیا۔ لیکن جاتے ہوئے اتنا کہہ گیا کہ "مولوی صاحب! جس دن آپ کی لڑکی کی شادی ہوگی۔ اُس دن حاضرِ خدمت ہو کر ضرور حقِ شاگردی ادا کروں گا"۔ کہتے ہیں کہ جب مرزا صاحب کی لڑکی کی شادی ہُوئی تو کوئی شخص گیہوں، چاول، گھی اور شکر کا ایک چھکڑا بھر کر اُن کے مکان پر لایا۔ اور سب چیزیں صحن میں رکھ کر رُخصت ہو گیا۔ مرزا صاحب فرماتے تھے کہ یہ وُہی جن عبداللہ تھا۔

## درس و تدریس کی ابتداء:

مرزا اکرم بیگ جب بہت بُوڑھے ہو گئے تو اُنھوں نے ایک دن والد مرحوم

کو بلا کر فرمایا۔" جان محمد! تم جانتے ہو کہ میں نے تمام عمر دینِ الٰہی کی خدمت میں گزار دی۔ میں نے ذاتی منفعت کا کبھی خیال نہیں کیا۔ صرف اللہ کے بھروسے پر یہ کام بغیر کسی لالچ اور طمع کے کرتا رہا۔ میرے سینکڑوں شاگرد ہیں لیکن میری نظرِ انتخاب صرف تُم پر پڑی ہے۔ کیونکہ تُم ہی اس قابل نظر آتے ہو کہ میری ذمّہ داریوں کا بوجھ سنبھال سکو۔ خلوص اور نیک نیتّی سے کام کرو گے۔ تو اللہ تمھاری ضروریات پُوری کرے گا۔" والد صاحب نے جب مرزا اکرم بیگ صاحب کی یہ باتیں سُنیں تو اللہ کے بھروسے پر اس بارِ عظیم کو اپنے کندھوں پر اٹھانے کا وعدہ کر لیا۔

اِن دنوں والدِ مرحوم میاں عُمر دین کے ساتھ کتابوں کا کاروبار کرتے تھے جس میں اُن کا پندرہ سو روپیہ کا حِصّہ تھا۔ جب مرزا صاحب نے اُنھیں درس و تدریس شروع کرنے کی دعوت دی تو والدِ مرحوم نے اپنا حصّہ میاں صاحب کو بغیر مُعاوضہ دے دیا اور خود درس و تدریس میں مشغول ہو گئے۔

## اِمدادِ غیبی :

والدِ مرحوم کو دستِ غیب سے بھی کچھ اِمداد ملتی تھی۔ یعنی صُبح جب وظیفے سے فارغ ہوتے تو روزانہ ایک روپیہ مُصلّے کے نیچے سے مل جاتا۔ کچھ مُدّت تک یہ سلسلہ جاری رہا۔ لیکن کسی بے اِحتیاطی کے باعث یہ روزینہ بند ہو گیا

## ٹیوشن :

اُنھیں ایّام میں مہاراجہ شیر سنگھ والیِ پنجاب کو اپنے متبنّیٰ سردار بخشیش سنگھ کو

فارسی پڑھانے کے لیے اتالیق کی ضرورت تھی۔ والدِ مرحوم کے درس کی شُہرت سُن کر مہاراجہ نے اُن کو اس کام پر مامُور کر دیا۔ اور ایک گھنٹہ پڑھانے کے تیس روپے ماہوار ملنے لگے۔ یعنی دستِ غیب والی اِمداد اب محنت سے ملنے لگی۔

اِس کے علاوہ آپ سردار بخشیش سنگھ کے لڑکے کو بھی پندرہ روپے ماہوار پر فارسی پڑھانے لگے۔ یہ سردار صاحب چوک مسجد وزیر خاں کے جنوب کی طرف رہتے تھے۔ اسی طرح سردار بھوپ سنگھ جو کمسٹریٹ میں عُہدے دار یا شاید ٹھیکیدار تھے، وہ بھی اپنے لڑکے کو فارسی پڑھانے کے پندرہ روپے ماہوار دیتے تھے۔ علاوہ ازیں سردار گجا سنگھ مہاراجہ فرید کوٹ کے ماموں کا لڑکا سردار ٹھاکر سنگھ بھی فارسی پڑھنے حاضرِ خدمت ہوتا تھا۔

والدِ مرحوم کو جب فکرِ معاش سے نجات ملی تو آپ نے بِلامُعاوضہ دینی تعلیم دینی شروع کی۔ بلکہ اکثر غریب طلبہ کو کھانا اور کپڑا بھی والدِ مرحوم کے ہاں سے ملتا تھا۔ اُن دِنوں دینی مدرسوں میں یہ قاعدہ تھا کہ جب کوئی طالب علم قاعدہ یا کتاب ختم کرتا تو طالب علم کے والدین اپنی بساط کے مُطابق کچھ رقم بطورِ نذرانہ اُستاد کی خدمت میں پیش کرتے تھے۔ لیکن والد صاحب کا یہ طریقہ رہا کہ وہ ایسی کوئی رقم قبول نہ فرماتے۔

## میری والدہ

میری والدہ مرحومہ مولوی نجم الدین صاحب کی (جن کا ذکر میں پہلے کر چکا ہوں)

دختر نیک اختر تھیں اور بڑی پرہیزگار اور نیک سیرت خاتون تھیں۔ قرآن شریف انھوں نے اپنے والد سے پڑھا تھا۔ محلّہ کی اکثر لڑکیاں اُن سے قرآن مجید پڑھنے آیا کرتیں۔۔ یہ لڑکیاں گھر کے کام کاج میں والدہ صاحبہ کا ہاتھ بھی بٹاتیں

## میری پیدائش :

انگریزی حکومت کا ابتدائی دور تھا اور بچوں کے مدارس کی اس قدر افراط نہ تھی۔ اِس لیے تاریخ پیدائش کاغذات میں درج نہ کی جاتی تھی۔ بڑے بوڑھے صرف یہی یاد رکھتے کہ فلاں بچہ فلاں مہینہ میں پیدا ہوا۔ چاند کی تاریخ تو عموماً یاد رہتی۔ لیکن سن ہجری کا خیال نہ رکھا جاتا تھا۔ والدہ مرحومہ بتایا کرتی تھیں کہ میری پیدائش چاند کی ستائیسویں کو ہوئی۔ ساون کا مہینہ تھا۔ اس سے صحیح تاریخ پیدائش کا تعیّن تو ممکن نہیں تاہم اس کی تصدیق میرے ایک عزیز دوست اور والد صاحب کے شاگرد اور معتقد لالہ ولی رام صاحب صدر قانون گو لاہور نے کی کہ میں اگست ۱۸۶۴ء میں پیدا ہوا۔ لالہ صاحب سے ہمارے تعلقات برادرانہ تھے۔ بچپن میں میرا اُن کے گھر آنا جانا بھی تھا وہ والد صاحب مرحوم سے فارسی پڑھا کرتے تھے۔

## تعلیم :

چونکہ میرے دادا مرحوم و مغفور کو تعلیم کا بہت شوق تھا۔ اِس لیے اُنھوں نے والد صاحب قبلہ کی تعلیم پر بہت زور دیا۔ اُن دنوں خال خال افراد ہی تعلیم

سے بہرہ ور ہوتے تھے۔ عام تعلیم کا اس قدر چرچا نہ تھا۔ بچوں کو زیادہ تر
مساجد سے ملحقہ مکتبوں میں قرآن شریف پڑھایا جاتا تھا۔ کچھ بچے انہی
درس گاہوں میں فارسی کی مروجہ کتب مثلاً گلستان، بوستان، کریما اور بہارِ دانش
وغیرہ پڑھتے تھے۔

میری ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی۔ والد صاحب نے بسم اللہ کرائی۔ ابھی
کچھ شُد بُد ہی ہوئی تھی کہ اُن کا انتقال ہو گیا۔ پھر میں نے معمولی ابتدائی کتابیں
برادرِ بزرگ مولوی فتح الدین صاحب اور چچا صاحب سے پڑھیں۔ اِس طرح
فارسی زبان میں میری استعداد اچھی خاصی ہو گئی۔

## والد صاحب کا انتقال:

غالباً ۱۸۷۲،۷۳ء میں والد صاحب کا کاربنکل سے ۶۳ سال کی عمر میں انتقال
ہوا۔ یہ نامراد پھوڑا داہنے شانے کے نیچے تھا۔ مرنے سے ایک روز قبل جب
شام کو پانچ بجے کے قریب اِن کے شاگردِ خاص پنڈت ہر سہائے عیادت کو
آئے تو اس وقت کئی اور شاگرد اور دوست بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ اِن ایام
میں سردار بھوپ سنگھ کے خلاف غبن کے الزام میں مقدمہ چل رہا تھا۔ اِسی
مجلس میں کسی نے پنڈت ہر سہائے سے سردار بھوپ سنگھ کے مقدمے کا
حال دریافت کیا۔ تو جواب میں پنڈت جی نے کہا۔ "اِس مقدمے کی کل پیشی ہے"
اِس پر والد صاحب قبلہ نے لیٹے لیٹے فرمایا۔ کہ "بڑی سرکار میں کل ہماری بھی
پیشی ہے۔"

یہاں یہ ذکر بھی خالی از دلچسپی نہ ہوگا کہ وفات سے کئی ماہ پہلے جبکہ آپ بالکل تندرست تھے۔ ایک رات تہجد کے لیے اُٹھے تو میری والدہ صاحبہ سے فرمایا۔ "میرا اب وقت قریب آگیا ہے"۔ پھر میرے بڑے بھائی کا نام لے کر فرمایا۔ "وہ شوخ مزاج ہے"۔ اور میری طرف اشارہ کر کے کہا۔ کہ "یہ ابھی بہت چھوٹا ہے۔ مگر خیر سب کا خدا حافظ ہے"۔ یہ باتیں مجھے اب بھی یاد آتی ہیں تو وہ نقشہ اور وہ سماں آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے۔ اور والد صاحب کی آواز کانوں میں گونجنے لگتی ہے۔ ان کے علاوہ میں نے اپنے خاندان کے بہت سے آدمیوں کو دیکھا ہے کہ انھیں اپنی موت کا قبل از وقت علم ہو جاتا تھا۔

میرا مرحوم بیٹا محمد سعید جو صرف پندرہ سال کا تھا، مرض الموت میں چارپائی پر پڑا ہوا تھا۔ اُس کے قریب ہی ایک کرسی رکھی تھی۔ موت سے دو روز قبل میں ایک دوپہر کو اُس کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ وہ یک دم کہنے لگا۔ "وہ والدہ صاحبہ آئی ہیں۔ اُن کے لیے کرسی خالی کر دو"۔ یہ سُن کر جو شخص کرسی پر بیٹھا ہوا تھا وہ اُٹھ کھڑا ہوا۔ اور کرسی خالی کر دی۔ عام طور پر مشہور ہے کہ جب کسی انسان کی موت قریب ہوتی ہے تو اُس کے مرے ہوئے عزیز و اقارب اُس کو دکھائی دیتے ہیں۔ اِس لیے میں نے محمد سعید کے وہم کو دُور کرنے کے لیے کہا۔ "بیٹا اپنے عزیز رشتہ دار کی رُوح مرنے کے وقت ہی نہیں۔ بلکہ مریض کو اکثر دیکھنے کے لیے بھی آجاتی ہے۔ اگر تمھیں شک ہو تو اپنی والدہ صاحبہ سے پُوچھو کہ آپ مجھے لینے آئی ہیں یا دیکھنے؟"۔

محمد سعید نے میرے الفاظ دُہرائے اور کہنے لگا کہ والدہ صاحبہ فرماتی ہیں کہ "یہاں تو دو جگہیں بن چکی ہیں۔ میں کیا کر سکتی ہوں"۔ چنانچہ دوسرے یا تیسرے دن سعید کا انتقال ہو گیا۔ انہی ایام میں میرا دوسرا فرزند عبدالرشید بھی بیمار تھا۔ لیکن چند ماہ بعد اللہ نے اُس کو شفا بخش دی۔ مگر میرے بھتیجے منشی دین محمد کا بڑا لڑکا حفظ الرحمٰن میٹرک پاس کرنے کے بعد طاعون کا شکار ہو گیا اور محمد سعید کی پائینتی دفن ہُوا۔ اِس طرح یہ دونوں جگہیں پُوری ہو گئیں۔

میری خوشدامن کی والدہ بھی بیمار ہو کر سخت کمزور ہو رہی تھیں۔ اُنھوں نے بیہوشی میں ہی کسی سے کہا۔ "میں کل دو بجے جاؤں گی"۔ چنانچہ اگلے دن ٹھیک دو بجے اُن کا اِنتقال ہو گیا۔

میری اہلیہ مرحومہ نے بھی مرنے سے دو چار مہینے پہلے بیان کیا کہ میں نے ایک عالیشان کوٹھی دیکھی ہے۔ جس کے چاروں طرف وسیع باغ ہے میں اِس کوٹھی کی چھت پر کھڑی ہُوں اور نیچے اُترنا چاہتی ہُوں مگر کوئی سیڑھی نہیں ہے۔ میں نے اُوپر سے ایک بڑے روشندان سے کمرے میں جھانکا تو معلوم ہُوا کہ کوٹھی اندر سے بھی خُوب سجی ہُوئی ہے۔ میں نے پوچھا "یہ کس کی کوٹھی ہے؟" تو پاس ہی سے آواز آئی۔ "یہ تُمھاری کوٹھی ہے اور اب اِس کی صرف سیڑھی بننی باقی ہے"۔ مرنے سے پہلے بھی اُنھوں نے ایسی چیزیں دیکھیں جن سے معلوم ہونے لگا کہ اُن کا وقتِ آخر قریب ہے۔

حیرت ہوتی ہے اُن لوگوں پر جو دعوے تو بڑے بڑے کرتے ہیں لیکن دُنیا سے بے خبر اور بے اِحساس مر جاتے ہیں۔ مجھے خُوب یاد ہے کہ مرزا

غلام احمد قادیانی اپنے کرشن ہونے پر لاہور میں لیکچر دینے آئے۔ تاریخ اور وقت مقرر ہو چکا تھا۔ مگر اس سے صرف ایک رات پہلے انھیں ہیضہ ہُوا اور وفات پا گئے۔ ایسے شخص کا جو پیغمبری کا دعویٰ کرتا ہو، اپنی موت سے اتنا بے خبر ہونا نہ صرف باعثِ تعجب بلکہ قابلِ غور بھی ہے۔ ہم صرف عام مسلمان ہیں۔ ولایت یا کشف کے دعوے دار نہیں۔ لیکن جب ہمارا یہ حال ہے کہ مرنے سے پہلے کچھ نہ کچھ اشارہ ہو جاتا ہے۔ تو ایک شخص جو مسیح ہونے کا دعویٰ کرے یُوں بے خبر مر جائے۔

قبلہ والد صاحب سلسلۂ چشتیہ میں حضرت عیدو شاہ صاحب کے مُرید تھے جنھیں ایامِ غدر میں انگریزوں نے پھانسی دے دی تھی۔

## والد صاحب کے مشاغل:

والد صاحب مرحوم نمازِ شام کے بعد عشاء تک اپنے مکتب کے چوبی تخت پر بیٹھا کرتے تھے۔ لالہ ولی رام صدر قانُون گو، میاں نبی بخش صاحب والد میاں فضل الدّین صاحب وکیل، میاں حسین بخش صاحب جمعدار، سردار بخشیش سنگھ، میاں عُمر الدّین صاحب نقاش اور میاں رحیم بخش خیاط وغیرہ کئی لوگ وہاں آ بیٹھتے اور نمازِ عشاء تک یہ پُر لطف صحبت قائم رہتی۔ نمازِ عشاء پڑھ لینے کے بعد کچھ دیر آرام کرتے اور پھر دو بجے شب تہجد کے لیے بیدار ہو کر نمازِ صُبح تک مشغولِ وظائف رہتے۔ صُبح مکتب تشریف لے جاتے بڑے طلبہ کو خود سبق دے کر ۸ بجے کے قریب سردار بخشیش سنگھ سندھانوالیہ کے

ہاں چلے جاتے جہاں سے واپسی پر مکتب میں تشریف لاتے۔ دوپہر کا کھانا کھانے کے بعد گھر پر کچھ دیر آرام فرماتے اور نمازِ ظہر مسجد وزیر خاں میں ادا کر کے بدستور درس و تدریس میں مشغول ہو جاتے۔

والد صاحب کے شاگردوں میں ایک صاحب خدا یار بھی تھے۔ جو اب سب انسپکٹری کے عہدہ سے ریٹائر ہو چکے ہیں۔ اُن کا بیان ہے کہ ایک دفعہ میں گاؤں سے آیا اور آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا "خدا یار تمہارے چہرے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تمہارے بخت کھوئے گئے ہیں"۔ میں نے عرض کیا "خدا کا فضل ہے۔ میں گاؤں سے خوش و خرم آ رہا ہوں"۔ اس کے بعد کچھ دیر دوسری باتیں ہوتی رہیں۔ پھر میں واپس گاؤں چلا گیا۔ لیکن جب گاؤں پہنچا تو نقشہ دِگرگوں پایا۔ والد صاحب کو ہیضہ ہو گیا تھا۔ والدہ صاحبہ بھی اسی لپیٹ میں آ چکی تھیں۔ دو چار گھنٹوں میں ہی دونوں چل بسے۔ پھر بھائیوں اور بہنوں کی باری آئی۔ غرضیکہ چوبیس گھنٹوں میں گھر کا گھر صاف ہو گیا۔ میں سخت دل برداشتہ تھا۔ قُلوں سے فارغ ہو کر سیدھا اُن کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور گھر کی چابی نذر کر دی۔ آپ نے سارا قِصّہ سُن کر فاتحہ پڑھا۔ اظہارِ افسوس کیا۔ دلجوئی کی باتیں کیں۔ اور فرمایا "تم میری باتوں کو کچھ دھیان دے کر نہیں سُن رہے۔ بہت سراسیمہ ہو گئے ہو"۔ یہ کہہ کر انھوں نے کچھ پڑھ کر میرے سر اور چہرے پر پھونکا اور اُنگلی کو لب لگا کر میری ناف پر لفظ "اللہ" لکھ دیا۔ جس کے بعد فوراً ہی میرا سب غم و الم دُور ہو گیا اور طبیعت میں ایسی مسرت اور بشاشت ہوئی کہ گویا میں شادی کر کے آیا ہوں۔

## مہاراجگان سے تعلقات :

والد صاحب مرحوم و مغفور کے مہاراجگان فرید کوٹ اور کشمیر سے بھی بڑے اچھے تعلقات تھے۔ فرید کوٹ کے سردار گجا سنگھ کا لڑکا ٹھاکر سنگھ آپ کا شاگرد تھا۔ آپ کبھی ریاست میں تشریف لے جاتے تو میں بھی آپ کے ہمراہ ہوتا۔ اِس لیے آپ کی وفات کے بعد بھی ریاست کے حکمران خاندان سے میرے مراسم قائم رہے۔

## بدرُوحوں سے بے خوفی :

قبلہ والد صاحب کے متعلق فرید کوٹ کا ایک واقعہ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک دفعہ آپ ریاست میں گئے تو لوگوں نے بتایا کہ یہاں ایک درخت ہے جو بدرُوحوں کا مسکن ہے۔ جو شخص اُس کے نیچے سوتا ہے۔ اُسے وہ تنگ کرتی ہیں۔ یہ سُن کر آپ نے درخت کے نیچے سونے پر اصرار کیا۔ ہر چند سب نے منع کیا۔ لیکن آپ نے فرمایا۔ "یہ مخلوق مجھے کچھ نہیں کہے گی یہیں میری چارپائی بچھا دو"۔ چنانچہ خُدا کے فضل سے آپ کا بال تک بیکا نہ ہُوا البتہ جب آپ صبح کو اُٹھے تو آپ کے ہاتھ کی چھنگلی میں مہندی لگی ہُوئی تھی۔

## بڑے بھائی صاحب :

میرے بڑے بھائی مولوی فتح الدین صاحب جو انتقال فرما چکے ہیں میرے ساتھ نہایت مشفقانہ سلوک کیا کرتے تھے۔ تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ

انسپکٹر ڈاک خانہ جات مقرر ہوئے۔ لیکن اس میں یہ دقت تھی کہ اکثر اوقات دورے پر رہنا پڑتا تھا۔ اس لیے جلد ہی اکتا گئے اور استعفا دے دیا۔ پھر کچھ عرصہ اخبار "کوہِ نور" میں بھی کام کیا اور اس کے بعد مرحوم سر سکندر حیات خاں کے والد سردار محمد حیات کے سررشتہ دار مقرر ہو گئے۔ جو ان دنوں لاہور میں سیشن جج تھے۔ لیکن یہ ملازمت بھی زیادہ دیر تک انھیں راس نہ آئی اور ملازمت سے استعفا دے دیا اور اپنا ایک اخبار "اخباروں کا قبلہ گاہ" جاری کیا۔

## سردار محمد حیات خاں اور ایک عجیب واقعہ:

برادرِ مرحوم جب سردار محمد حیات کے سررشتہ دار تھے تو مجھے بھی اکثر سردار صاحب کی خدمت میں جانے کا اتفاق ہوتا رہا اور یہ سلسلہ مرحوم بھائی صاحب کی وفات کے بعد بھی جاری رہا۔ ان کے متعلق ایک واقعہ کا ذکر کر دینا بھی ضروری سمجھتا ہوں۔ سردار صاحب نے فرمایا۔ "جب دہلی میں غدر ہوا تو میں جنرل نکلسن کے ساتھ بحیثیت آرڈرلی آفیسر دہلی میں موجود تھا۔ ہمارے کیمپ شہر سے باہر لگے ہوئے تھے۔ اس کے قریب ہی ایک درویش رہتا تھا۔ ہم لوگوں کو جب کبھی فرصت ملتی۔ درویش کی قیام گاہ میں حقہ پینے چلے جاتے۔ ایک دن وہاں ایک اور درویش صورت انسان آیا، لیکن اس کا لباس بالکل انگریزوں جیسا تھا۔ جب وہ پہلے درویش کے پاس پہنچا تو اس نے ڈنڈا لے کر اسے پیٹنا شروع کر دیا اور اس قدر مارا کہ وہ غریب

بھاگنے پر مجبور ہو گیا۔ ہم سب یہ تماشا دیکھ رہے تھے۔ لیکن اِس مجذوب کے سامنے بولنے کی ہمت نہ پڑتی تھی۔

اگلے دن ہم پھر وہیں بیٹھے حُقّہ پی رہے تھے کہ وُہی شخص دوبارہ آ گیا اب پہلے درویش نے اپنا بوریا بستر سمیٹا اور ایک طرف کو چل دیا۔ ہم سب حیران تھے۔ نئے آنے والے نے بھی ہم سے کوئی بات نہ کی اور پہلا درویش بھی خاموشی سے اُٹھ کر چلا گیا۔ وہ تھوڑی دُور ہی گیا ہو گا کہ میں لپک کے اُس کے ساتھ ہو لیا اور آخر جُرأت کر کے پُوچھ ہی لیا کہ حضرت! یہ کیا ماجرا ہے۔ کل تو آپ نے اُسے مار مار کر نکال دیا اور آج بغیر کسی بات کے آپ یہاں سے چل دیے۔" اُنھوں نے جواب دیا۔" میں ہندوستان میں مُغلوں کی حکومت کا مُحافظ تھا۔ یہ شخص کل آیا اور کہا کہ انگریزوں کے لیے جگہ خالی کر دو۔ اِس پر مجھے تاؤ آ گیا اور میں نے اُسے ڈنڈے مار کر نکال دیا۔ لیکن اب اللہ میاں کا حُکم ہے کہ مُغلوں کی سلطنت کا تختہ اُلٹ دیا جائے کیوں کہ اِن میں حکومت کی اہلیت نہیں رہی اور ان کی جگہ انگریزوں کو مقرر کر دیا گیا ہے۔ کل دہلی فتح ہو جائے گی۔ اور اس کا پھل تمھیں بھی ملے گا۔" یہ کہہ کر وہ فقیر جنگل کو چلا گیا اور میں دیکھتا رہ گیا۔

سردار صاحب بیان کرتے تھے کہ اگلے دن ہی دہلی فتح ہو گئی۔ مگر اس جنگ میں ایک گولی جنرل جان نکلسن کے سینے میں لگی۔ برطانوی عَلَم انھیں کے ہاتھ میں تھا۔ اُنھوں نے جھنڈے کو اُس وقت تک سنبھالے رکھا جب تک کہ ایک دُوسرے انگریز افسر نے آ کر اُن کے ہاتھ سے نہ لے لیا

سردار صاحب جنرل موصوف کو اُٹھا کر خیمے میں لائے اور خون بند کرنے کی بہت کوشش کی مگر کامیابی نہ ہوئی۔ عین اُسی وقت جنرل نے اپنے خون سے سردار صاحب کے لیے خوشنودی کی چٹھی لکھ دی۔ اُس دن سے اُن کی عزت انگریزوں کی نظر میں بہت بڑھ گئی اور وہ تحصیلدار بنا دیے گئے۔

## اورینٹل کالج میں داخلہ:

۱۸۷۸ء میں پنجاب یونیورسٹی کے رجسٹرار ڈاکٹر لائٹنر صاحب تھے۔ برادر بزرگ مولوی فتح الدین کے ساتھ اُن کے دوستانہ تعلقات تھے۔ اُنھوں نے ایک دن بدورانِ گفتگو صاحب موصوف سے میری تعلیم کا تذکرہ چھیڑا۔ اور اُنھیں بتایا کہ انگریزی تو نہیں لیکن فارسی اچھی جانتا ہے۔ اگر ہو سکے تو اِسے اورینٹل کالج میں داخل کر لیا جائے۔ رجسٹرار صاحب مجھے کالج میں داخل کرنے پر رضامند ہو گئے۔ دُوسرے دن ہی برادرِ عزیز نے مجھے ایک تعارفی خط لکھ دیا۔ جسے لے کر میں اِن کی خدمت میں حاضر ہُوا۔ انھوں نے خط پڑھا اور مجھے مولوی عبدالحکیم صاحب کے پاس بھیج دیا۔ مولوی صاحب اورینٹل کالج میں اوّل مدرس تھے۔ اُنھوں نے میرا امتحان لیا۔ کچھ اسباق سُنے۔ اور مجھے منشی عالم کی کلاس میں داخل کر لیا۔

## ایک سبق، ایک واقعہ:

مجھے حصولِ علم کا بے حد شوق تھا۔ روزانہ کالج جانے سے پیشتر سبق تیار کر

لیتا۔ مشکل چیزیں کالج میں اُستاد صاحب سے حل کراتا۔ اس کے بعد گھر آکر دوبارہ پڑھا ہوا سبق دُہراتا جس سے اسباق نہ صرف سمجھ میں آجاتے بلکہ کتابوں کے صفحات ازبر ہو جاتے تھے۔

کالج سے اکثر اوقات "اخلاق جلالی" میں سے بعض فارسی عبارات اُردو میں ترجمہ کے لیے دی جاتی تھیں۔ میں اپنی علمی استعداد کے مُطابق اُن کا ترجمہ کر کے لے جاتا۔ ایک دن مجھے اپنے ایک ہم جماعت جان محمدؐ کا ترجمہ دیکھنے کا اِتّفاق ہُوا، اُس نے نہایت عمدہ اور بامحاورہ ترجمہ کیا تھا۔ مجھے یہ ترجمہ پڑھ کر اُس کی قابلیت پر رشک ہُوا۔ لیکن جب میں نے دریافت کیا تو اُس نے بتایا کہ اخلاقِ جلالی کا ترجمہ بازار میں چھپا ہُوا بکتا ہے۔ میں اُس سے نقل کر کے اُستاد صاحب کو دکھا دیتا ہُوں۔ مجھے اُس کی یہ ترکیب بیحد پسند آئی اور میں نے بھی "اخلاق جلالی" کا ترجمہ خرید لیا۔ مگر جب گھر آکر میں نے اُس کا مُطالعہ کیا، تو میرے دل نے فیصلہ کیا۔ کہ یہ ترجمہ تو میری لیاقت سے باہر ہے۔ اِس لیے مجھے ایسا نہ کرنا چاہیے۔ اس کے بعد میں نے اُسے ہاتھ تک نہ لگایا۔ بلکہ جیسا بھی ترجمہ خود کر سکتا تھا کرتا اور اُستاد کو دکھا دیتا۔

جن دنوں میں کالج میں تھا ان ایام میں بھائی صاحب مرحوم کے متعدد دوست خصوصاً شوکت میرٹھی، سیف الحق ادیب، میر نثار علی شہرت، مرزا عبداللہ حسرتی اور منشی نبی بخش خان جو میرے والد صاحب کے شاگرد بھی تھے۔ تقریباً ہر روز بھائی صاحب سے ملنے آیا کرتے اور کئی کئی گھنٹے یہ مجلس جمی رہتی۔ ایک دن بھائی صاحب نے منشی نبی بخش خاں صاحب سے فرمایا کہ

آپ اسے فارسی کتابوں کے سبق پڑھا دیا کریں۔ جسے انھوں نے بخوشی منظور کر لیا۔ وہ جب تشریف لاتے میں کتاب کھول کر بیٹھ جاتا اور اپنی سمجھ کے مطابق ہر شعر کا ترجمہ اور تشریح کرتا۔ منشی صاحب اگر مناسب سمجھتے تو اصلاح کر دیتے۔ ایک دفعہ قصائدِ عرفی پڑھ رہا تھا۔ جب میں اِس شعر پر پہنچا

آنجا کہ نہیبِ تو تپ لرزہ کند عام
اعمیٰ متحرک نگرد نبضِ سقیم را

تو منشی نبی بخش خاں جو بڑے زندہ دل بزرگ تھے حاضرین مجلس سے کہنے لگے کہ لڑکے کو آج آپ سبق پڑھا دیجیے۔ مگر وہ سب بغلیں جھانکنے لگے۔ پھر مجھ سے کہا تم اس شعر کے معنی بیان کرو۔ میں نے اپنی سمجھ کے مطابق اس کی تشریح کر دی تو اُنھوں نے کہا کہ آج تو یہ لڑکا ہم سب سے بازی لے گیا ہے۔

## اخباری زندگی :

۷ ستمبر ۱۸۹۵ء کو میرے برادرِ معظم مولوی فتح الدین کا انتقال ہو گیا۔ اس وقت اُن کے لڑکے دین محمدؐ کی عمر صرف چار سال کی تھی۔ اس لیے ناچار مجھے اُن کے اخبار "اخباروں کا قبلہ گاہ" کا کام سنبھالنا پڑا۔ میری عمر اُس وقت پندرہ برس کی تھی۔ اُن کے ذمّے انّیس سو روپے کے قریب قرضہ تھا۔ ایک چھوٹا سا مکان چھ سو روپے میں رہن تھا جس کا سود دو روپے سینکڑا ماہوار کے حساب سے مبلغ بارہ روپے ہر ماہ ادا کرنا پڑتا تھا۔ میں نے اِس مکان کو

فروخت کر کے اِس قرض سے نجات حاصل کی۔ باقی قرضے ایک سال کے اندر اندر ادا کر دیئے۔ کیونکہ میرا اِعتقاد ہے کہ اگر کوئی شخص قرضہ ادا کیے بغیر فوت ہو جائے تو مرنے والے کی نیکیاں قرض خواہ کو دی جائیں گی میرے لیے یہ امر تکلیف دہ تھا کہ بھائی صاحب مرحوم کے ذمے قرض رہے اور اُن کے اعمالِ حسنہ ضائع ہو جائیں۔

# تصنیف و تالیف اور اشاعتی ادارہ کا قیام

## میری پہلی کتاب :

میری سب سے پہلی کتاب جو منظرِ عام پر آئی وہ حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ عرف داتا گنج بخش کی کتاب "کشف المحجوب" کا اُردو ترجمہ تھا۔ ترجمہ کا مسودہ مَیں نے مولوی محرم علی صاحب چشتی مرحوم کے مشورہ سے حافظ انور علی صاحب سب جج امرتسر کو دیا کہ وہ اِس پر نظر ثانی کریں۔ حافظ صاحب موصوف ایک صوفی منش بزرگ تھے اور تصوّف کے متعلق چند ایک رسائل بھی شائع کر چکے تھے۔ اُنھوں نے جستہ جستہ حصص دیکھ کر اِسے پسند فرمایا اور کہا کہ چھپوا دیجیے اس کے بعد ایک دن میں رات کے دس بجے اپنے دفتر سے گھر کو جا رہا تھا کہ راستے میں مولوی کرم بخش صاحب مالک اسلامیہ سٹیم پریس مل گئے۔ انھوں نے میرے ہاتھ میں یہ ترجمہ دیکھ کر کہا کہ یہ مجھے دے دیجیے تاکہ اسے چھاپ دیا جائے۔ مولوی صاحب اِس سے پہلے بھی کئی ایک دینی کتابیں شائع کر چکے تھے اور حجۃ اللہ البالغہ کا ترجمہ بھی اُنھوں نے ہی شائع کیا تھا۔ میں نے مسودہ بغیر کسی معاوضے کے ان کے حوالے کر دیا۔ کتاب چھپ کر تیار ہُوئی تو میں نے اپنے پیر و مرشد خواجہ اللہ بخش صاحب تونسوی رحمۃ اللہ علیہ

سے ذکر کیا کہ میں اُسے آپ کے نام پر مُعنون کرنا چاہتا ہوں۔ آپ نے فرمایا کہ ہماری رائے میں اِسے سلطانُ الہند خواجہ غریب نواز حضرت معینُ الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کے نام نامی پر مُعنون کیجیے۔ کیونکہ نہ صرف انھوں نے، بلکہ اُن کے خلیفہ خواجہ قطبُ الدین بختیار کاکیؒ اور حضرت بابا فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہم نے بھی حضرت داتا صاحبؒ کے مزار پر چلّہ کشی کی ہے۔ چُنانچہ میں اِس ارادے سے اجمیر پہنچا۔ ان دنوں میر نثار احمد صاحب مُتولّیِ درگاہ تھے۔ میں نے مطبوعہ کتاب حضرت خواجہ صاحب کی نذر کے لیے پیش کی۔ میر صاحب بڑے صاحبِ ذوق تھے۔ اور حال وقال کی مجلسیں مُنعقد کرانے میں خاص اہتمام کیا کرتے تھے۔ مجھے بھی ان مجالس میں شمولیت کا موقع ملتا رہا۔ جب میں رخصت ہونے لگا تو انھوں نے فرمایا کہ "مولانا آپ کی نذر قبول ہو گئی ہے۔"

## تعلیمی کُتب کی اِشاعت :

سنہ ۱۹۰۳ء میں مَیں نے دربارِ دہلی کی ایک مبسوط تاریخ لکھی، جس میں اکثر والیانِ ریاست اور اُن کے اعلیٰ اہلکاروں کے فوٹو بھی تھے۔ اِس کتاب کی وجہ سے سررشتۂ تعلیم پنجاب کے ڈائرکٹر مسٹر ولیم بیل سی آئی ای سے میرے تعلّقات اُستوار ہوئے۔ انھوں نے کتاب کو پسند فرما کر اس کے لیے گورنمنٹ کی طرف سے دو سو روپے کا اِنعام تجویز فرمایا۔

مسٹر ولیم بیل ایک علم دوست آدمی تھے۔ اُنھوں نے ہی مجھے سررشتۂ

تعلیم میں کام کرنے کی ترغیب دی۔ اور ایک دن باتوں باتوں میں پیگچیم میپ آف دی ورلڈ اور برٹش ایمپائر آف دی ورلڈ کے بارے میں مجھ سے فرمایا کہ آپ ان کو چھاپیں، ہم بھی ان کی کاپیاں خریدیں گے اور عام طور پر بھی بہت بکری ہوگی۔ چنانچہ یہ دونوں نقشے چھاپے گئے اور ان کے ساتھ ہندوستان اور پنجاب کے نقشے بھی چھاپ دیئے گئے جس کے بعد لازمی طور پر مجھے تصنیف و تالیف کا خیال پیدا ہوا۔ اور میں نے گلستانِ سعدی کا ترجمہ نثر اور نظم کا نظم میں شائع کر کے محکمہ تعلیم میں پیش کیا۔ جس پر مجھے دو سو روپیہ انعام ملا اور یہ کتاب کچھ تغیر کے ساتھ نصاب تعلیم میں بھی داخل کر لی گئی۔ اس کے علاوہ "یادگارِ سعدی" کے نام سے بھی میں نے ایک کتاب لکھی۔ جس پر انعام کے علاوہ ٹیکسٹ بک کمیٹی نے اس کی کاپیاں بھی خریدیں۔ میں نے یہ کتاب ہز ہائی نس نواب صاحب رام پور کے نام پر معنون کی۔ جو انھوں نے بہت پسند فرمائی اور میرا سالانہ وظیفہ بھی مقرر کر دیا۔ ان کے علاوہ اور بھی کئی کتابیں لکھی گئیں جن میں پرائمری اردو کورس اور دبستانِ اخلاق کے سلسلے داخلِ نصاب ہوئے جو اب تک رائج ہیں۔ "تاریخ پنجاب" کے نام سے جو کتاب میں نے لکھی اس پر بھی تین سو روپیہ انعام دیا گیا اور اسے بطورِ سپلیمنٹری ریڈر داخلِ نصاب کر لیا گیا۔

## گلوب کی تیاری:

ایک دفعہ بیل صاحب نے فرمایا کہ ہمیں اردو گلوب کی بڑی ضرورت

ہے اگر آپ اس کام کو سرانجام دیں تو اچھا ہو۔ چنانچہ میں نے بہت سے مراحل سے گزرنے کے بعد گلوب تیار کر ہی لیا اور وہ کمیٹی میں پیش ہو گیا اسی اثنا میں میکملن کمپنی کلکتہ نے بھی ایک اُردو گلوب بھیج دیا، جو ظاہری صُورت میں میرے تیار کردہ گلوب سے بہتر تھا۔ مگر اُس میں اغلاط تھیں۔ میں نے بیل صاحب سے ان کا ذکر کیا تو اُنھوں نے فرمایا کہ دفتر میں جا کر اس کو بغور ملاحظہ کیجیے اور اُس کی اغلاط کی فہرست مُرتب کر کے مجھے دیجیے میں نے اُسے بنظرِ غائر دیکھا تو اِس میں باون اغلاط تھیں۔ جن کی فہرست میں نے بیل صاحب کی خدمت میں پیش کر دی۔ میں جس وقت اُن کی کوٹھی پر گیا، اُس وقت اُن کے پاس ٹائیڈمین صاحب بھی بیٹھے ہُوئے تھے جو گورنمنٹ کالج میں پروفیسر ہونے کے علاوہ سیکرٹری ٹیکسٹ بک کمیٹی بھی تھے۔ بیل صاحب نے وہ فہرست اُن کے حوالے کر دی اور میرے پاس جو اپنا گلوب تھا وہ بھی اُنھیں دکھایا اور کہا "کہ اب تو ظاہری شکل و صورت میں بھی انھوں نے بہت ترقی کر لی ہے۔ دُوسرے یہ ہمارے اپنے صُوبے میں تیار ہُوا ہے۔ اِس لیئے لازمی طور پر ان کی رعایت کرنی چاہیئے" ڈائرکٹر صاحب کے مُنہ سے نکلے ہُوئے الفاظ ایسے نہ تھے جو بے اثر ثابت ہوتے۔ چنانچہ وہ گلوب منظور ہُوا اور سالہا سال تک بکتا رہا۔

## مسٹر گاڈلے :

بیل صاحب کے ریٹائر ہو جانے کے بعد جے۔ سی گاڈلے سی۔ آئی۔ ای

ایچیسن کالج کے پرنسپل ڈائرکٹر مقرر ہوئے۔ ان کے وقت میں میری اکثر کتابیں پیش ہوتی رہیں۔ یہ بہت کم سخن اور باحیا انسان تھے۔ جب کوئی ملتا تو نیچی نظروں سے باتیں کرتے۔ عام طور پر ملتے بہت کم تھے۔ کیونکہ جانے والا ہر ایک غرض مند ہوتا تھا اور وہ ہر ایک کو خوش نہ کر سکتے تھے۔ مگر مجھ پر ان کا خاص التفات رہا۔

## ایچی سن کالج میں آسامی کی پیش کش:

یہ لطیفہ غالباً قابلِ ذکر ہوگا۔ ایک دفعہ ایچیسن کالج میں مصاحبت کی آسامی خالی ہوئی۔ تنخواہ ڈیڑھ سو روپیہ ماہوار تھی۔ رہنے کو مکان مفت ملتا تھا اس کے علاوہ کسی والئے ریاست کے صاحبزادے کی پچاس روپے ماہوار کی ٹیوشن بھی مصاحب صاحب کو ضرور دی جاتی۔ مزید برآں رئیس زادوں کے سامان کی خرید و فروخت بھی انھیں کے ذریعے ہوتی تھی۔

گاڈلے صاحب نے فرمایا "آپ ایک پرانی وضع کے آدمی ہیں۔ اس عہدے کے لیے آپ جیسے آدمی ہی کی ضرورت ہے۔ میرے خیال میں آپ مصاحبت قبول کریں۔ آپ اور کالج دونوں کے لیے یہ ایک اچھا انتخاب ہوگا" میں نے کہا "آٹھ دن کی مہلت دیجیے۔ سوچ کر عرض کروں گا۔"

آٹھ روز کے بعد میں ان کے پاس گیا تو کہنے لگے "کہیے کیا فیصلہ کیا؟" میں نے عرض کیا "غور و فکر کے بعد اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ میں اس ملازمت کے اہل نہیں۔ کیونکہ میرے خاندان میں آج تک کسی نے ملازمت نہیں کی۔

اس لیے مجھے آدابِ ملازمت کی کوئی خاص تربیت نہیں۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ چند روز بعد یا تو مجھے استعفا دینا پڑے گا، یا پرنسپل صاحب مجھے موقوف کر دیں گے۔"

میری اس صاف گوئی کا گاڈلے صاحب پر بہت اثر ہوا۔ اس کے بعد میں جو کتابیں پیش کرتا تو اُن پر وہ خاص التفات فرماتے۔

## پرائمری کے لیے تاریخی کتب:

ایک دفعہ میں نے گاڈلے صاحب سے کہا کہ مدارس میں جغرافیہ کی تعلیم تو پرائمری سے شروع ہو جاتی ہے۔ لیکن تاریخ کی تعلیم چھٹی جماعت سے شروع ہوتی ہے۔ اور طالب علم کو تاریخ کی مبادیات سے روشناس ہوئے بغیر ہی تاریخِ ہند رٹنا پڑتی ہے۔ یہ طریقِ کار تعلیمی نقطۂ نظر سے بالکل نامناسب ہے۔ تاریخی واقعات اور کہانیوں سے بچوں کو قدرتی لگاؤ ہوتا ہے۔ اس لیے جغرافیہ کے ساتھ تاریخ بھی پرائمری سے ہی شروع کرانی چاہیئے۔ اُنھوں نے اس تجویز کو بہت پسند فرمایا۔ اِس موضوع پر مسٹر ٹائیڈمین سے بھی میری گفتگو ہوئی تھی۔

## مضمون چور اور خیال چور:

ایک دفعہ مسٹر ٹائیڈمین نے مجھ سے مشورۃً کہا تھا کہ آپ اپنی تصانیف کے مسودے کسی اہلِ زبان کو دکھا لیا کریں تو اچھا رہے گا۔ میں نے کہا مصنفوں

میں بہت کم لوگ نئی طرز پیدا کر سکتے ہیں ۔ مَیں اس لیے نہیں دکھاتا کہ وہ میری طرز کو چُرالیں گے اور اس طرح میری محنت ضائع ہو جائے گی ۔ میں نے انھیں ایک واقعہ سُنایا کہ خلیفہ عمادُالدین صاحب نے فارسی کی پہلی کتاب لکھی اور اپنے دوستوں میں سے ایک صاحب کو دیکھنے کے لیے دی ۔ وہ صاحب فارسی کے مُدرّس تھے ۔ جب مہینہ دو مہینہ گزر گئے اور انھوں نے کتاب واپس نہ کی تو انھوں نے تقاضا کیا ۔ تقاضے کے بعد جب کتاب واپس آئی ۔ تو اُس میں اصلاح وغیرہ تو بالکل نہ تھی ۔ البتہ اُن کو محکمے سے معلوم ہوا کہ ایک فارسی کی پہلی کتاب ٹیکسٹ بُک کمیٹی کے پاس آئی ہوئی ہے ۔ خلیفہ صاحب نے اُسے دیکھا تو معلوم ہوا کہ لفظاً لفظاً اور حرفاً حرفاً انھی کی کتاب کی نقل ہے ۔

یہ بات آئی گئی ہو گئی اور میں کشمیر چلا گیا جہاں میں نے مسٹر ٹائیڈ مین کا تاریخ پنجاب کے متعلق اشتہار دیکھا ۔ چنانچہ واپس آکر تاریخ کا جو سکیچ میرے پاس موجود تھا اُس کو چھپوا کر ان کے حوالے کیا اور زبانی یہ بھی کہہ دیا کہ مجھے اس سے پہلے صرف مضمون چوروں کا اندیشہ تھا لیکن یہ اشتہار دے کر آپ نے ثابت کر دیا ہے کہ انگریزوں میں بھی خیال چور ہوتے ہیں

## میری تصانیف اور انعامی سب کمیٹی :

اتفاق سے انھی دنوں جب میں مسٹر گاڈلے ڈائرکٹر سے ملا تو انھوں نے کہا کہ پرسوں انعامی سب کمیٹی کا جلسہ ہے ۔ آپ نے بھی کوئی کتاب بھیجی ہے ؟ میں نے

کہا میری ٹانگوں میں اِتنی طاقت نہیں کہ میں کوئی کتاب بھیج سکوں۔ اُنھوں نے متعجب ہو کر پوچھا۔ "ٹانگوں سے کتاب کا کیا واسطہ؟" میں نے کہا "انعام وہ کتاب حاصل کرسکتی ہے جس کا ناشر میران ٹیکسٹ بُک کمیٹی اور حُکام کی کوٹھیوں کا طواف کرے اور یہاں نہ تو اِتنی ہمت ہے اور نہ ہی میری طبیعت اِس بات کو گوارا کرتی ہے۔ یہ جواب سُن کر وہ بہت ہنسے اور کہا "کوئی کتاب ہے تو ضرور بھیجیے"۔ میں نے کہا "اب تو بھیجنے کی تاریخ ہی گُزر گئی ہے"۔ اُنھوں نے فرمایا "پرسوں تک آجائے"۔

میں نے دُوسرے ہی دن بذریعہ ڈاک ایک چِٹھی کے ساتھ "تاریخ پنجاب" بھیج دی۔ اُن دنوں مسٹر نولٹن پرنسپل ٹریننگ کالج ٹیکسٹ بک کمیٹی کے سیکرٹری تھے۔ اِتّفاق سے وہ ڈائرکٹر صاحب کے پاس ہی بیٹھے ہُوئے تھے کہ میری کتاب پہنچی۔ جسے مسٹر گاڈلے نے دیکھ کر اُن کے حوالے کیا اور کہا کہ "انعام کے لائق جو کتابیں ہیں لوگوں کو ان کے بھیجنے کی جراَت نہیں ہوتی۔ دیکھیے یہ نیا خیال اور نئی تصنیف ہے۔ مگر آپ کی فہرست میں یہ درج ہی نہیں۔" اُنھوں نے کہا کہ یہ ان کا اپنا قصُور ہے کہ اُنھوں نے کتاب نہیں بھیجی۔ مسٹر گاڈلے نے کہا "بہر حال اس پر غور ہونا چاہیے۔ اور میرے خیال میں اس کتاب کو فرسٹ پرائز ملنا چاہیے"۔ چُنانچہ ایسا ہی ہُوا مجھے تین سو روپیہ انعام دیا گیا اور کتاب سپلیمنٹری ریڈرز کے طور پہ مدارس میں رائج کر دی گئی۔ پھر دوسرے سال "مُنتخب اُردو گلستان" پہ انعام دیا گیا اور اس کو بھی سپلیمنٹری کتابوں کی فہرست میں شامل کر لیا گیا۔ بعد ازاں "دبستانِ اخلاق"

کی باری آئی تو مسٹر گاڈلے جا چکے تھے اور مسٹر وائٹ ان کی جگہ ڈائرکٹر مقرر ہوئے تھے اس کتاب کی منظوری اور پیشی میں بہت دیر لگی۔ کیونکہ کمیٹی نے اسے خود سکول لائبریریز کے لیے منظور کیا تھا۔ میں نے باقاعدہ ڈائرکٹر صاحب کے پاس اپیل کی تو وہ بھی اس معاملے کو کھٹائی میں ڈال کر رخصت ہو گئے۔

## وزیرِ تعلیم سے اپیل :

آخرالامر مجھے وزیرِ تعلیم سے اپیل کرنی پڑی۔ جنھوں نے اس کو دیکھنے کے بعد اپنی رائے لکھی اور کمیٹی کو ہدایت کی کہ وہ اس پر دوبارہ ریویو منگوائے۔ اس طرح اس کتاب کی مشکل آسان ہوئی۔ پھر میں نے پرائمری اردو کورس لکھا۔ جو بالکل جدید طرز پر تھا۔ یہ بھی منظور ہوا۔ اس اثنا میں میں نے فیروز اللغات اردو دو جلدوں میں لکھا۔ محکمہ تعلیم کی طرف سے اس پر پانچ سو روپیہ انعام دیا گیا اور یہ سکول لائبریریز کے لیے منظور ہو گیا۔ اس کتاب کی تکمیل میں میرے فرزند دوم عبدالحمید نے میری بڑی مدد کی۔ چنانچہ یہ انعامی رقم اُس کی خاص محنت کے صلے میں اُسے انعام کے طور پر دے دی گئی۔ علیٰ ہذا وقتاً فوقتاً میں جو کتابیں چارٹ اور نقشہ جات وغیرہ پیش کرتا رہا۔ وہ بھی بفضل الٰہی منظور ہوتے رہے۔

## رشوت سے اجتناب :

میں نے کبھی کسی ڈائرکٹر انسپکٹر یا سیکرٹری ٹیکسٹ بک کمیٹی کو رشوت نہیں دی۔ البتہ کرسمس اور سالِ نو کی تقریب پر بطور کرسمس کارڈ ایک قطعہ آئینے میں جڑوا

کر ڈائرکٹر صاحب کو دے دیا کرتا تھا۔ غالباً ڈولٹن صاحب اور ٹائینڈمین صاحب کو بھی ایک دو بار ایسے قطعات دیے۔ اردو پڑھنے اور اُس سے لطف اندوز ہونے کی اُن سے کیا اُمید ہو سکتی تھی۔ مگر میری اس انوکھی پیش کش سے خوش بہت ہوتے تھے۔

## کارخانہ نہ دکھلانے کی وجوہ :

بیل صاحب ڈائرکٹر تعلیمات اور ٹائینڈمین صاحب نے بارہا چاہا کہ وہ میرے کارخانہ کو ملاحظہ فرمائیں جہاں یہ گلوب اور چارٹ تیار ہوتے ہیں مگر "ستر بی بی از بے چادری" اُن دنوں میرا مکان شہر کے اندر ایک گلی میں تھا۔ اس لیے میں ہمیشہ ٹالتا رہا۔ مگر سر فضل حسین، سر عبدالقادر اور سر مولوی رحیم بخش صاحب مختلف تقریبات کے موقع پر اس مکان پر تشریف لاتے رہے اور کبھی سُبکی محسوس نہیں کی۔

## فیروز پرنٹنگ ورکس کا سنگِ بنیاد :

جن دنوں سر فضل حسین وزیرِ تعلیم تھے۔ میں نے دیرینہ تعلقات کی بنا پر اُن سے درخواست کی کہ وہ فیروز پرنٹنگ ورکس کا سنگِ بنیاد اپنے ہاتھ سے رکھیں۔ چنانچہ انھوں نے سر چھوٹو رام اور سر فیروز خاں نون کے ساتھ تشریف لاکر اس رسم کو نہایت خیر و خوبی سے انجام دیا اور اپنی تقریر میں فرمایا کہ پریس تو روز بنتے ہی رہتے ہیں مگر میں نے مولوی صاحب کی خواہش کو

اس لیے منظور کیا ہے کہ آج تک کسی مُصنّف کا پریس قائم نہیں ہُوا۔ اس تقریب میں تقریباً دو سو حکام و روساءِ شہر شامل ہوئے۔

## ہمعصر ناشرین کا طریقِ کار:

دُوسرے ناشرین محکمۂ تعلیم کے افسران کو طرح طرح کی نقد و جنس سے خوش کرنے کی کوشش کرتے۔ لیکن میں نے کبھی کسی کو کمیشن یا رشوت نہیں دی۔ یہ خدا کی خاص مہربانی تھی کہ باوصف اس صیغے میں بالکل پھسڈی رہنے کے میرا گُزارہ چلتا رہا۔ تاہم یہ میں ضرور کہوں گا کہ افسرانِ محکمۂ تعلیم دوسرے پبلشروں سے ترجیحی سلوک کرتے تھے۔ اور یہ ایک قدرتی بات تھی۔ متعلقہ حکام میں سے چند ایک نے اشاروں کنایوں کے ذریعے مجھے بھی اس ڈھرے پر لانا چاہا اور ایک آدھ موقع پر قدیم تعلّقات کی بنا پر مجھے چند اصحاب کو کچھ تحائف پیش کرنے بھی پڑے مگر میں نے انھیں دوستانہ پیش کش ہی سمجھا رشوت متصوّر نہ کیا۔

## صُوبہ سرحد میں میری تصانیف کا اجراء:

جب میں پہلی بار صُوبہ سرحد گیا تو خان بہادر مرزا علی محمد خاں مرحُوم انسپکٹر اور خان بہادر میر کریم بخش ڈسٹرکٹ انسپکٹر مدارس تھے۔ اس صُوبے میں دوسرے ناشرین کا اثر و رسُوخ بہت زیادہ تھا۔ اور غالباً اِس رسُوخ میں کسی رشوت وغیرہ کو دخل نہ تھا۔ میرے علاوہ دیگر ناشرین بھی وہاں موجود تھے۔ جنھوں نے

ہر دو افسران کو معقول پیش کش کی مگر انھوں نے نہایت ہی حقارت سے ٹھکرا دیا۔ میری صداقت میری کامیابی کا موجب ہوئی اور وقتاً فوقتاً میری کتابیں اور نقشہ جات منظور ہوتے رہے۔ میں جب بھی جاتا دونوں صاحبان بڑے تپاک سے میری دعوتیں کرتے۔ خان بہادر میر کریم بخش کے زمانے میں میری تمام کتابیں صوبہ سرحد میں منظور ہو چکی تھیں۔

## ایک لطیفہ :

میرے ایک دوست بابو محمد دین صاحب لائل پور میں چیف گڈس کلرک تھے۔ وہ یکایک بیمار ہو گئے۔ میں اُن کو دیکھنے گیا۔ میر احمد شاہ رضوانی صاحب کا مکان راہ میں پڑتا تھا۔ میر صاحب ممبر ٹیکسٹ بک کمیٹی تھے لاہور سے تبدیل ہو کر لائل پور آ گئے تھے۔ انھوں نے مجھے آواز دے کر اوپر بلا لیا اور کہا کہ آپ کی کتاب میرے پاس ریویو کے لیے آئی ہوئی ہے۔ اِس پر بہت اچھا ریویو لکھ دوں گا۔ میں جو کہتا ہوں کمیٹی وہی کرتی ہے۔" میں نے کہا بہت اچھا۔ آپ کی بہت مہربانی مگر بعد میں معلوم ہوا کہ آپ نے اس کتاب پر تقریظ کی بجائے تنقیص لکھی تھی۔

## سفارش کا حشر :

سنہ ۱۹۰۹ء کا ذکر ہے لالہ موتی رام صاحب ایم۔ اے نے جو لالہ دلی رام آنجہانی کے تیسرے لڑکے تھے ابتدا میں میرے والد صاحب سے فارسی پڑھی تھی اور ایم۔ اے پاس کر لینے کے بعد ایل ایل بی کا امتحان پاس کیا۔

آپ وکالت کرتے تھے۔ میں روزانہ علی الصّباح موچی دروازہ سے نکل کر میونسپل باغات سے ہوتا ہُوا حضرت داتا گنج بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر فاتحہ خوانی کے لیے جایا کرتا تھا۔ لالہ موتی رام صاحب کی سیر کا بھی وہی وقت تھا۔ دُوسرے تیسرے روز راستے میں اُن سے ضرور مُلاقات ہو جاتی۔ وہ ہمیشہ کہتے کہ میرے لائق کوئی خدمت ہو تو فرمائیے۔ ان کے بار بار اصرار پر ایک دن میں نے ان سے کہا کہ میری کتاب "تاریخِ پنجاب" ٹیکسٹ بک کمیٹی میں پیش ہے، اور آپ کے دو ہندو اُستاد وہاں ممبر ہیں۔ ممکن ہو تو ان سے کہہ دیجیے کہ اس کا خیال رکھیں۔ اُنھوں نے نہایت مسرت بلکہ دعوے سے کہا کہ میں ان دونوں سے کہہ دوں گا۔ وہ میرا لحاظ بھی کرتے ہیں۔ اُمیّد ہی نہیں بلکہ یقین ہے کہ وہ درخواست ردّ نہ کریں گے۔

کچھ مدّت تو مجھے اُن سے ملنے کا اتّفاق نہ ہُوا۔ لیکن دو ایک دفعہ ملے تو آنکھ چُرا کر نکل گئے۔ ایک دن میں نے اُن کو ٹھہرا کر پوچھا۔ کہ "یا بہ این شورا شوری یا بہ این بے نمکی" کے کیا معنی ہیں؟ اُنھوں نے کہا کہ میں نے خاص اعتماد کے ساتھ آپ سے وعدہ کیا تھا۔ لیکن اس میں مجھے ناکامی ہُوئی۔ میں نے جب اپنے اُستاد سے آپ کی کتاب کے مُتعلق عرض کیا تو فرمانے لگے کہ کسی مسلمان کی مدد کرنا قومی ضابطے کے قطعاً خلاف ہے۔ اور جب میں نے زور دیا کہ میں ان کو یقین دِلا چکا ہُوں کہ آپ وہی کریں گے جو میں کہوں گا۔ تو اُنھوں نے کہا کہ اصول کے خلاف کوئی وعدہ قابلِ ایفا نہیں ہوتا۔ مگر تمھاری خاطر میں یہ کر سکتا ہوں کہ جس ایجنڈے میں اُن کا مُعاملہ پیش ہو۔ مجھے اس کی پہلے سے اطلاع دے دینا

تاکہ اس کمیٹی میں میں نہ جاؤں۔

دُوسرے صاحب کی نسبت بھی اُنھوں نے کہا کہ اُنھوں نے انکار تو نہیں کیا۔ لیکن کچھ زیادہ اُمید بھی نہیں دلائی۔ مگر خیر میں نے یہ دیکھا کہ انھوں نے اس مُعاملہ میں اور دوسرے مُعاملات میں جو ہمارے مُتعلق پیش ہوتے تھے اِس فرم کی مُخالفت نہ کی۔

اِس کے باوجود ہندو وکلا میں ایسے اصحاب بھی تھے جن میں تعصّب اِتنا زیادہ نہ تھا۔ راجہ نریندر ناتھ صاحب اور راجہ دیاکشن صاحب کول ایسی ہستیاں تھیں کہ جب بھی میں نے ان سے کسی کے لیے تعارفی چِٹھی لکھنے کو کہا اُنھوں نے فی الفور چِٹھیاں لکھ دیں۔

## محکمۂ تعلیم پنجاب کا نیا نصاب:

۱۹۳۷ء میں محکمۂ تعلیم پنجاب نے اشتہار دیا کہ کتابوں کی ایک نئی سکیم منظور کی گئی ہے۔ جو کتاب اِس سکیم کے مُطابق پُوری اُترے گی منظور کی جائیگی۔ پنجاب کے لیے صرف چند سیٹ منظور ہوں گے۔ تاکہ ہر ایک قسمت میں ایک سیٹ رائج کر دیا جائے۔ پبلشروں اور مُہتمموں کو مدرسین اور ڈسٹرکٹ انسپکٹر صاحبان یا کسی دوسرے کو رشوت دینے کی ضرورت نہ ہو گی۔ جو ٹھیکہ پہلے پانچ پانچ سال کے لیے ہُوا کرتا تھا صرف ایک سال کے لیے دیا جائے گا نئی سکیم کے مُطابق نئی کتابوں کا انتظام کیا جائے گا۔ اس کے لیے چند عہدے داران تعلیم کی ایک کمیٹی بھی بنائی گئی کہ وہ نصاب مُرتّب کرے۔ خدا

خدا کرکے سنہ ۱۹۴۱ء میں محکمہ کی طرف سے وہ نصاب شائع ہوا لیکن کتب فروشوں اور سابقہ ٹھیکیداروں کی خوش نصیبی سے جنگ چھڑ گئی اور انہی لوگوں کی طرف سے محکمے پر زور دیا گیا کہ یہ سکیم زمانۂ جنگ کے بعد تک ملتوی کر دی جائے کیونکہ آج کل کاغذ نہیں ملتا۔ بھولے بھالے افسرانِ تعلیم اِس بھرّے میں آ گئے۔

## ایک لاکھ روپے کا نقصان :

اس سکیم کی تمام کتابیں یعنی اُردو، فارسی، عربی، انگریزی، حساب، تاریخ، جغرافیہ، جیومیٹری اور سائنس وغیرہ کے سیٹ ڈاکٹر عبدالوحید کے زیرِ اہتمام نہایت کاوش سے مُرتب کیے گئے۔ مصنفین کو معقول معاوضے دینے کے علاوہ ہر ایک مضمون کی تدوین ڈاکٹر وحید نے اس اصول کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کی، جس کا خاکہ سکیم میں دیا گیا تھا۔ اور اپنے ولایت کے تجربے کو اس میں اس خوبی سے ملحوظ رکھا کہ طلبہ کے لیے یہ کتابیں زیادہ سے زیادہ مُفید ہو سکیں۔ لکھائی چھپائی کاغذ کسی امر میں کوتاہی یا بے پروائی نہیں کی گئی لیکن ۱۱ اپریل سنہ ۱۹۴۲ء جو اِن کتابوں کے داخلے کی تاریخ تھی۔ یک لخت بدل دی گئی۔ اور اختتامِ جنگ تک سکیم کو معرضِ التوا میں ڈال دیا گیا۔ ان کتابوں کا حجم بیس ہزار صفحات کے لگ بھگ تھا۔ اور اگر تصنیف، خوشنویسی، طباعت کاغذ اور تصاویر وغیرہ سب کی پانچ روپیہ فی صفحہ بھی لاگت لگائی جائے تو رقم کا ایک لاکھ روپیہ خرچ ہوا۔

---

## قرآن شریف کی طباعت :

فیروز پرنٹنگ پریس کے قائم ہونے کے کچھ عرصہ بعد لاہور کے مشہور کُتب فروش حاجی ملک دین محمد صاحب مرحوم نے پریس ہذا میں دس سال کے لیے قرآن شریف چھپوانے کا فیصلہ کیا۔ بمقابلہ دوسرے کتب فروشوں کے وہ قرآن شریف کی تصحیح اور چھپائی پر زیادہ زور دیتے تھے۔ پریس میں ان کی جتنی کاپیاں جمتی اور چھپتی تھیں ان سب کی تصحیح انہی کے ذمّے تھی۔ پانچ سات حافظ اِس پر مامور تھے کہ وہ پہلے کاپیاں اور پھر پروفوں کا معائنہ کریں اور چھپتے وقت بنے ہوئے پلیٹ بھی دیکھ لیں کہ آیا ان کے نشان زدہ مقامات دُرست ہو گئے ہیں یا نہیں۔ مگر بایں ہمہ چونکہ ان کی اُجرتیں قلیل ہوتی تھیں۔ اس لیے تمام حفاظ اور تصحیح کنندہ حضرات فی العبور برکتہٗ پر عمل کرتے تھے۔

چند سال ہوئے مزنگ کے قریب ایک انجمن قائم ہوئی۔ جس نے بازاری قرآن شریفوں کے متعلق اشتہار دیا کہ ان میں بہت سی اغلاط ہیں جن قرآن شریفوں کی فہرست انھوں نے شائع کی۔ اس میں ملک صاحب کے قرآن شریفوں کا نام بھی تھا۔ جو اس مطبع میں چھپے تھے۔ ملک صاحب تو اس کے بعد تصحیح کے معاملے میں اور محتاط ہو گئے۔ مگر مجھے یہ بات سخت ناگوار گذری۔ میں نے ارادہ کیا کہ اپنے خاص اہتمام سے قرآن شریف چھپوایا جائے ۔ بازاری قرآنوں میں کاغذ ادنےٰ درجہ کا استعمال ہوتا تھا۔ اور جلدیں اگرچہ چرمی اور پارچے کی بنوائی جاتی تھیں۔ مگر ان میں وہ نفاست

پیدا نہ ہوتی تھی۔ جو آج کل کے تعلیم یافتہ لوگوں کو مرغوب خاطر ہے۔
یہاں ایک کارخانے نے جرمنی سے بھی قرآن شریف چھوٹے سائز کا چھپوا کر منگوایا تھا۔ مگر ان کے ہدیے اس قدر گراں تھے کہ عام لوگ تو کجا خواص بھی مائل نہ ہوتے تھے۔ میں نے دو قسم کے قرآن شریف یعنی ۱۳ اور ۱۵ سطری ولایتی آرٹ کارڈ پر لکھوانے شروع کیے۔ اور اکتیس حفاظ کو ان کی تصحیح پر مقرر کیا۔ ایک امیر مُصحّح ملازم رکھا۔ جو ان سب کے پروف دیکھنے کے بعد خود بھی ایک ایک نقطے شوشے اور زیر زبر کی تصحیح کرتا تھا۔ اس کے علاوہ ایک ماہر خوشنویس اس بات پر مقرر کیا گیا کہ وہ قلمی لکھے ہوئے قرآن شریف دیکھ کر فیصلہ کیا کرے کہ اس میں کوئی سطر کھلی اور کوئی گنجان تو نہیں اور قلم ابتدا سے انتہا تک ایک ہی ہے۔ چنانچہ ۱۵ سطری قرآن مجید میں تقریباً دو سو صفحے ایسے برآمد ہوئے کہ ان کو دوبارہ لکھوانا پڑا۔ تیرہ سطری میں خوشنویس صاحب کی جلد بازی سے تقریباً تیرہ پارے تو ایک قلم سے لکھے گئے۔ اور دوسرے اس سے کسی قدر ہلکے قلم سے چنانچہ یہ تیرہ پارے دوبارہ لکھوائے گئے۔ اور اس طرح ان کی کتابت ختم ہوئی۔
اس کے بعد ایک بڑے کیمرے پر ان کی فلمیں بنوائی گئیں اور پھر فلم کے ہر صفحے پر بین السطور کی زمین کو جو سادہ رہتی تھی۔ ایک مسالحے سے کوور (COVER) کر دیا گیا۔ تاکہ کوئی داغ دھبا نہ رہنے پائے۔ پھر جب انہیں پلیٹ پر منتقل کیا گیا۔ تو دوبارہ اُن کے پروف تصحیح کے لیے بھیجے گئے تاکہ کوور (COVER) ہونے میں کوئی نقطہ، شوشہ یا زیر زبر اس خلص

رنگت کے پیچھے اگر نہ دب گیا ہو۔ اِس طرح قرآن کی صحیح طباعت کا شوق جنون کی حد تک بڑھ گیا۔ اور بحمدِ اللہ مجھے اپنے مقصد میں کامیابی ہوئی۔

## ہدیہ کا سوال :

دونوں قسم کے قرآن شریف چھپ کر تیار ہوئے تو اب یہ سوال پیدا ہوا کہ ان کا ہدیہ کیا رکھا جائے۔ میں اِس بات کا مخالف تھا۔ بلکہ اب تک محسوس کرتا ہوں کہ قرآن شریف کا ہدیہ اُس کی ظاہری خوبیوں کے مدِ نظر اتنا گراں رکھا جائے کہ لوگوں پر اُس کی خریداری گراں گذرے۔ یہ قرآن شریف تیار ہوئے تو اپنی خوبیوں اور کم ہدیہ کی وجہ سے شیرینی کی طرح بٹ گئے۔ پھر ان کی جلدیں بھی چھپوائی گئیں۔

## مترجم قرآن مجید کی مانگ :

اب ہر طرف سے یہ آواز بلند ہونی شروع ہوئی کہ مترجم قرآن مجید بھی چھاپیے۔ اِس سوال کا حل بڑا مشکل تھا۔ کیونکہ جو ترجمے چھپ چکے ہیں۔ ان میں پرانے ترجمے تو شاہ عبد القادرؒ اور مولانا شاہ رفیع الدینؒ کے ہیں۔ جن کی زبان اور طرزِ تحریر اتنی پرانی ہو چکی ہے کہ اُس کی تفہیم کے لیے بھی آج سے سو سال پہلے کے علماء کی ضرورت ہے۔ ان کے بعد مولوی نذیر احمد صاحب اور شیخ الہند مولانا محمود الحسن صاحب کے تراجم ہیں۔ مولوی نذیر احمد صاحب نے ترجمے میں تفہیم مطالب کے لیے اتنے بریکٹ (خطوط وحدانی)

بڑھا دیے ہیں کہ خالص ترجمہ قرآن مجید کے برابر ہو گیا ہے۔ شیخ الہند کا ترجمہ بہت اچھا ہے۔ مگر انھوں نے جو اس پر حاشیے لکھے ہیں وہ بہت باریک ہیں اور ہر صفحے کے حاشیے دُوسرے صفحوں پر بقیہ حاشیوں کی صُورت میں چلے گئے ہیں۔ باقی جو تراجم ہیں، وہ تقریباً انہی صاحبوں کی ذلّہ رُبائی ہے۔ ابوالکلام صاحب آزاد کا ترجمہ بیشک نئی طرز کا ہے۔ مگر عوام کے مطلب کا نہیں۔ ایک دفعہ مولوی نذیر احمد صاحب نے انجمن حمایتِ اسلام میں تقریر کرتے ہوئے سر سید کی تفسیر کے متعلق یہ کہا تھا کہ "بعض مقامات کے تراجم میں انھوں نے اس قدر دلیری کی ہے کہ غالباً جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس کے وہ معنی نہیں سمجھتے جو انھوں نے بیان فرمائے ہیں۔"

## ترجمے کی مُشکلات :

کوئی ایسا ترجمہ جس میں مترجم کی ذاتی رائے کو دخل نہ ہو۔ میری نظر سے نہیں گزرا۔ حضرت احمد رضا خاں صاحب بریلوی نے ایک خاص رنگ کا ترجمہ کیا تھا۔ میں نے ان کے خلف الرّجناب حامد رضا خاں صاحب کو لکھا کہ اگر آپ اجازت دیں تو آپ کا ترجمہ درج کر دیا جائے۔ انھوں نے اجازت دے دی۔ مگر اُس کے ایک ہفتے کے اندر اندر ہی مولوی نعیم الدین صاحب مراد آبادی کا ایک رجسٹری خط ملا کہ اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں صاحب مجھے اِس ترجمے کے چھاپنے کی اجازت دے چکے ہیں۔ اور میں نے اِس پر حواشی بھی لکھے ہیں۔ اِس لیے آپ یا کوئی اور صاحب بغیر مجھ سے تصفیہ کیے اِس ترجمے

کو چھاپ نہیں سکتے - اب اِس کے سوا کوئی چارہ نہ تھا کہ نیا ترجمہ تیار ہو
مگر وہ ترجمہ کرے تو کون ؟ مولانا احمد علی صاحب نے بھی ایک قرآن شریف
شائع کیا تھا - جس میں ترجمہ تو شاہ عبدالقادر صاحب کا تھا اور مولوی صاحب
نے اُس پر حواشی لکھے تھے جو اہتمام قرآن شریف کے بعد لگائے گئے -

میں نے مشہور عالم اور واعظ مولوی غلام مرشد صاحب سے بھی
اِستدعا کی - مگر اُنھوں نے جواب دیا کہ میں اٹھارہ برس سے قرآن شریف
کا ترجمہ پڑھا رہا ہوں اور کئی صاحبوں نے مجھ سے ترجمہ مکمّل کرنے کی خواہش
بھی کی ہے مگر میں ڈرتا ہوں اور صحیح طور پر سمجھتا ہوں کہ میں ترجمے کے لائق
نہیں - آخر ع

قرعۂ فال بنامِ منِ دیوانہ زدند

آخر الامر خداوندِ کریم نے اِس مورِ ضعیف کو بڑھاپے میں یہ جُرأت
دلائی کہ اس ترجمے کی تکمیل خود ہی کرے - مولانا حالی نے اپنے مُقدّمۂ شعر و
شاعری میں ایک تمثیل دی ہے کہ بعض لوگ یہ جان کر کہ ہم عقاب کے
برابر اُڑ نہیں سکتے - ہاتھ پاؤں توڑ بیٹھتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ
کچھ بھی نہیں کر سکتے اور بعض چڑیا کو دیکھ کر ہمت کرتے ہیں کہ یہ ننھی سی جان
بھی تو پُھدکتی پھرتی ہے - ہم بھی کوشش کریں تو کچھ نہ کچھ کر ہی لیں گے -
اس تمثیل کا میرے دل پر پہلے بھی اثر تھا اور اب تو اس کے سوا چارہ ہی نہ تھا -

## طریقِ کار :

میں نے تمام تراجم جمع کیے اور اپنے نزدیک جن عُلماء کو اس مذاق کا سمجھا

اُن کا ایک بورڈ مقرّر کر کے یہ ترکیب اختیار کی کہ پہلے ایک آیت پڑھی جاتی پھر گیارہ تراجم جو میرے پاس جمع تھے وہ پڑھے جاتے اور جہاں کہیں گنجلک ہوتی وہاں تفسیریں بھی دیکھی جائیں۔ اِس کے بعد الفاظِ ترجمہ میں لکھواتا تھا۔ اور مولوی صاحبان کو اجازت تھی کہ جہاں ذرا بھی شبہ ہو فوراً ٹوک دیں چنانچہ خُدا کے فضل و کرم سے اِس ترکیب سے کام شروع ہو گیا۔ لیکن اکثر مقامات قُرآن مجید میں ایسے ہیں کہ اُن کی شانِ نزول یا اُن سے مُتعلّق کسی قصّے کو بیان کیے بغیر تفہیم کامل نہیں ہوتی۔ اس لیے ایک تو وہ ترجمہ لکھوایا جو متن کے نیچے لفظ بلفظ ہے۔ اور دُوسرا تسہیل القُرآن کے عنوان سے اُسی صفحے پر تفسیر کے انداز میں لکھا تاکہ دیکھنے والے کو قُرآن کریم کی تفہیم میں دِقّت نہ ہو اور اس میں یہ اِلتزام بھی ملحوظ رکھا کہ ہر صفحے کا تفسیری ترجمہ اُسی صفحے پر ختم ہو جائے۔ خُدا کا بڑا شکر و احسان ہے کہ دو سال کی شب و روز محنت کے بعد یہ ترجمہ اور تفسیر تکمیل کو پہنچی۔

## کتابت کی مُشکلات :

جب یہ کام کاتب کے حوالے کیا گیا تو اُس نے کہا کہ میں عربی کا عالم نہیں۔ آیاتِ قُرآن کے نیچے ترجمہ کس طرح لکھا جائے۔ آخر الامر بڑی سوچ بچار کے بعد ایک گیارہ سطری قُرآن شریف بازار سے منگوایا اور ایک مولوی صاحب کو جو ترجمے کے بورڈ میں شامل تھے۔ اِس کام پر مامُور کیا گیا کہ وہ ہر سطر کے نیچے ترجمہ لکھ دیں۔

## تصحیح کی کاوش :

یہ منزل طے ہوئی تو اب اِس کی تصحیح کا مرحلہ پیش آیا۔ چنانچہ پھر وہی دور شروع ہوا کہ پہلے آیت اور پھر اُس کے نیچے جو ترجمہ لکھا ہوا ہے پڑھا جاتا تھا۔ اللہ تعالیٰ کے اِس احسان کا شکر یہ کس زبان سے ادا کیا جائے کہ سب مشکلات اُس نے اپنے فضل و کرم سے آسان فرما دیں اور ترجمہ قرآن مجید لکھ کر تیار ہو گیا۔

جس تقطیع کے کیمرے کی اس بڑے کام کے لیے ضرورت تھی۔ وہ لاہور تو کیا ہندوستان بھر میں ملنا مشکل تھا۔ آخر اس کے اجزاء بھی خود تیار کرانے پڑے اور جو خاص آئینے اس کام میں استعمال کیے جاتے تھے۔ وہ جرمنی سے منگوا کر اس میں لگائے گئے۔ اب رہ گئی لینز کی ضرورت جو بڑے سے بڑے سائز کا ہونا چاہیے تھا۔ خدا نے وہ مشکل بھی آسان فرما دی اور غالباً یہ کہنا مبالغہ نہیں ہو گا کہ اِتنے بڑے سائز کے کیمرے سوائے اِس مطبع کے دُوسری جگہ شاید ہی ہوں۔

## حمائل کی طباعت :

یہ سب مشکلات طے ہوئیں تو جنگ چھڑ گئی اور کاغذ کا ملنا مشکل سے مشکل تر ہو گیا۔ لاچار میں نے ارادہ کیا کہ کم سے کم ان سب قطعات اور صفحوں کو یک جا کرنے کے لیے اگر پُورے سائز کا قرآن نہیں تو حمائل ہی چھپ جائے۔ چنانچہ وہ بھی تیار ہو گئی۔ ۲۴ رجنوری ۱۹۴۳ء کو اس کے

اختتام پر ایک ختم شریف منعقد کیا گیا اور جناب الہٰی میں اس کی مقبولیت کی دُعا کی گئی۔ سب سے پہلے میں نے اِس کے چند نسخے بڑے بڑے عُلماء اور مُبصر حضرات کو بھیجے۔ خُدا کا بے شمار احسان ہے کہ اِس کو پسندیدگی سے دیکھا گیا ہے۔

## انجمن تصحیح القرآن :

یہ بھی لکھ دینا ضروری ہے کہ جب مُعرّا قُرآن شریف کے پروف نکلنے شروع ہُوئے۔ تو انجمن تصحیح القرآن" کے کارندوں سے کہا گیا کہ آپ بھی پروف دیکھیے تاکہ آپ کو بعد میں اغلاط نکالنے کی ضرورت نہ پڑے اور اس کی اُجرت دینے کو بھی کہا گیا۔ لیکن اِن لوگوں نے انکار کر دیا۔ جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ صرف اعتراض کرنا جانتے ہیں۔ تصحیح میں حصّہ لینے کو تیار نہیں۔

## دیگر تصنیفات :

کشفُ المحجوب اور کشفُ الاسرار کے ترجمے اور فیروز اللغات اُردو و فارسی کی تدوین کے علاوہ میں نے اور بھی بہت سی علمی، ادبی، درسی اور مذہبی کتب تصنیف و تالیف کیں جن میں تاریخ دربارِ اسلام اور مثنوی مولانا روم کا منظوم ترجمہ قابلِ ذکر ہے۔ تاریخ دربارِ اسلام میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مُبارک عہد سے لے کر خُلفاء راشدین تک کے مبسوط حالات نہایت تفتیش و تفحّص کے بعد درج کیے گئے ہیں۔ کتاب دو جلدوں پر مشتمل

ہے جس کی مجموعی ضخامت ایک ہزار صفحات ہے۔ اہلِ علم نے اِس کتاب کی بڑی قدر افزائی کی۔ اسی طرح مثنوی مولانا روم کے ترجمے نے بھی (جس کا نام الہامِ منظوم ہے) علمی ادبی حلقوں سے کما حقہٗ خراجِ عقیدت وصول کیا۔ میری تمام تصانیف کا حجم پچاس ہزار صفحات کے لگ بھگ ہوگا۔

## ٹرسٹ کا قیام :

مَیں نے اپنی جائداد، مکانات، مشینری، کتب خانہ اور دیگر سامان کا اندازہ کر کے اپنے پانچ لڑکوں اور دو لڑکیوں میں تقسیم کر دی ہے۔ اِس تقسیم میں زرعی زمین اور باغ وغیرہ خود میرے حصے میں آئے۔ یہ باغ تقریباً سو بیگھے میں لگا ہوا تھا اور اس کے ساتھ تقریباً پچیس بیگھے زرعی زمین بھی موجود تھی۔ جس کا سودا مسٹر جانڈا مالک بٹن فیکٹری سے ہو گیا۔ چونکہ بفضلِ الٰہی میری اولاد حریص نہیں۔ اس لیے اس کا مشورہ تھا کہ اس روپے کو کسی کارِ خیر میں لگا دیا جائے۔ صحیح اشاعتِ قرآن کا خیال مدتوں سے دل میں جاگزیں تھا۔ اس لیے میں نے دو لاکھ روپیہ اس کارِ خیر کے لیے وقف کر کے ہدایت کر دی کہ بہت کم منافع لیا جائے۔ اور اس میں سے ضروری اخراجات نکال کر جتنی سالانہ بچت ہو اُس سے ایک شفاخانہ قائم کیا جائے۔ جس میں حاجت مند مریضوں کا علاج ہو سکے۔

لاہور میں غالباً پرائیویٹ ڈاکٹروں اور دکانداروں کے علاوہ تقریباً بیس پچیس خیراتی شفاخانے ہندوؤں کی طرف سے موجود ہیں۔ جن میں مسلمان بھی

علاج کراتے ہیں اور ہندو سکھ بھی، لیکن افسوس صد افسوس کہ کسی صاحبِ استطاعت مسلمان نے شفاخانہ قائم کرنے کی طرف توجہ نہ دی۔ اُمید ہے کہ قرآنِ پاک کی تجارت کے ذریعے ایک اسلامی شفاخانہ کا قائم رہنا دشوار نہ ہوگا۔

## ایک پُرانا واقعہ :

آج سے تیس چالیس سال پہلے کی بات ہے۔ ایک دفعہ میں دفتر سے گھر گیا، تو میری بیوی نے کہا کہ لکڑیوں اور دوسرے سودے سلف کے لیے دو روپے دے دیجیے۔ اِتّفاقاً اُس وقت میری جیب خالی تھی۔ میں نے کہا آج تو کوئی پیسہ نہیں۔ یہ سُن کر اُس نے اپنی ایک پڑھنے والی لڑکی سے کہا کہ جاؤ اپنی امّی جان سے دو روپے لے آؤ کل واپس کردیں گے۔ وہ لے آئی اور جو کچھ منگوانا تھا منگوالیا۔ دُوسرے دن اس ہمسائی کے دو روپے پہنچادیے گئے۔ حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے فرمایا ہے کہ دُنیا کے رِزق کی اگر تقسیم کی جائے تو نو حصّے تجارت میں اور ایک حصّہ دُوسرے کاموں میں ہے۔ یہ ایسا صحیح اصُول ہے کہ جس کی ہمیشہ تائید ہی ہوتی چلی آئی ہے اور تو اور خود میری زندگی اس کی شاہد ہے۔ کہ کبھی وہ وقت تھا کہ میں نے کسی ضرورت کے لیے دو رُوپے قرض لیے تھے۔ اور آج اس خدائے بزرگ و برتر کی یہ نوازش ہے کہ میں دو لاکھ روپے خُدا کے نام پر وقف کر رہا ہُوں

## ایسٹرن ٹائمز کا اجراء :

اخبار آبزرور اور مسلم آؤٹ لک کے بند ہوجانے کے بعد مسلمان انگریزی خواں پبلک کے لیے کوئی انگریزی روزانہ اخبار نہ تھا۔ مسلمان وزرائے پنجاب مثلاً سر فیروز خاں نون اور سر سکندر حیات خاں مرحوم اِس فکر میں تھے کہ کوئی ٹرسٹ قائم ہوجائے۔ تاکہ انگریزی اخبار جاری کیا جاسکے۔ اُن کی مجھ سے اس موضوع پر بارہا گفتگو ہوئی۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر کوئی شخص ہمّت کر کے اخبار نکال لے تو یقین ہے کہ اس کے ٹرسٹ بنانے میں بہت کچھ مدد مل سکتی ہے۔ بدقسمتی یا خوش قسمتی سے میں نے اسے منظور کر لیا اور کچھ عرصہ بعد ایسٹرن ٹائمز انگریزی اخبار جاری کر دیا۔

## مُسلمانوں کی بے توجّہی :

سر فضل حسین فرماتے تھے کہ جو لوگ آپ کو اخبار جاری کرنے کی تحریک کرتے ہیں۔ یہ آپ کی کوئی مالی اِمداد نہ کر سکیں گے۔ آبزرور بھی نادہندگانی کے باعث بند ہوگیا اور مسلم آؤٹ لک نے جس طرح زندگی گزاری وہ بھی آپ سے پوشیدہ نہیں۔ یہ دُرست ہے کہ یہ ایک نیک اور قومی کام ہے۔ مگر اخبار کی اشاعت کے لیے جیسے چالاک اور زمانہ ساز آدمی کی ضرورت ہے۔ وہ باتیں آپ میں نہیں۔ چنانچہ اُن کا تجربہ صحیح نِکلا۔ مَیں نے کئی بڑے بڑے آدمیوں کی توجّہ اس طرف مبذول کرانے اور ان کے رسوخ سے فائدہ اُٹھانے کے لیے یہ قرار دیا کہ جو شخص دو سو روپیہ یکمشت ادا کرے۔ اُس کو

اخبار کا دائمی خریدار (لائف سبسکرائبر) تصوّر کیا جائے گا۔ اور اخبار بغیر کسی مزید معاوضے کے اس کے پاس پہنچتا رہے گا۔ لیکن سوائے سر سکندر حیات خان کے کسی شخص نے میری امداد نہ کی۔ بعض بڑے بڑے مشہور لیڈروں کے نام اخبار جاری کیا گیا اخبار تو وہ لیتے رہے، لیکن سالانہ چندے کی رقم ارسال نہ کی۔ جب دو تین سال کے بعد ان کو بل بھیجا گیا۔ تو اس کا بھی کوئی جواب نہ دیا۔ بلکہ اخبار کے نمائندوں نے جب ان سے بالمشافہ گفتگو کی۔ تو انھوں نے کہا کہ ہمارے پاس تو جتنے اخبار آتے ہیں بحیثیت لیڈری آتے ہیں ہم کسی کی قیمت ادا نہیں کرتے۔ بعض وہ احباب بھی جو اخبار نکالنے سے پہلے تقریباً روزانہ یا دوسرے تیسرے آ کر اس شوق کو ہوا دیا کرتے تھے قیمت ادا کرنے سے انکار کر گئے ؎

دوستوں کے اس قدر صدمے اٹھائے جان پر
دل سے دشمن کی عداوت کا گلہ جاتا رہا

## گورنمنٹ اور ایسٹرن ٹائمز:

گاربٹ صاحب چیف سیکرٹری سے بھی جب اجرائے اخبار سے پہلے گفتگو ہوئی۔ تو انھوں نے اعانت کا وعدہ کیا۔ لیکن جب اخبار کو نکلے ہوئے تین چار ماہ ہو گئے اور اشتہارات بھیجنے کی درخواست دی گئی۔ تو انھوں نے فرمایا اشتہار اُس اخبار کو دیے جاتے ہیں۔ جو کم از کم ایک سال سے جاری ہو اس پر میں سر ہنری کریک متعلقہ ممبر سے ملا اور چیف سیکرٹری صاحب کے اس

حکم کا ذکر کر کے اُن سے کہا کہ آپ کا یہ ضابطہ روزانہ اخبار کے لیے مُناسب نہیں۔ ہفتہ وار اخبار سال بھر میں ۵۲ دفعہ نکلتے ہیں۔ جن کو آپ فہرستِ اشتہارات میں منظور کر لیتے ہیں۔ روزانہ اخبار کے لیے صرف دو مہینے کی مُدّت کافی سمجھی جانی چاہیے۔ اس پرچے کے تو اس وقت تقریباً ڈیڑھ سو نمبر نکل چُکے ہیں۔ چنانچہ انھوں نے لکھ بھیجا کہ ان کے اخبار کا نام فہرست میں شامل کر لیا جائے۔ چنانچہ ایسٹرن ٹائمز کا نام بھی درج رجسٹر کر لیا گیا۔ گاربٹ صاحب سے میری کئی مُلاقاتیں ہُوئیں اور وہ بڑے اخلاق سے ملتے رہے۔ مگر انھوں نے اخبار کی امداد کبھی نہیں فرمائی۔

## ایسٹرن ٹائمز پر دعویٰ :

گورنمنٹ کی قدردانی کا یہ عالم تھا کہ ایک دفعہ ایسٹرن ٹائمز میں میو ہسپتال کے مُتعلق کچھ انکشافات شائع ہُوئے۔ جس پر دو ڈاکٹر صاحبان نے جن میں ایک ہندو تھا اور دُوسرا مسلمان اخبار پر ہتکِ عزّت کا دعویٰ دائر کر دیا اور فوجداری کے علاوہ دیوانی دعوے کی تیاری بھی کر لی۔ خان بہادر مولوی محرّم علی چشتی اور اور میاں عبدالحی صاحبان نے اِس مُقدّمے کی پیروی کی۔ لیکن سر ہنری کریک اور دیگر اصحاب نے صُلح کرا دی اور مُقدّمہ ختم ہو گیا۔

## اخبار سے دست برداری :

اِس مُقدّمے پر پینتیس سو روپیہ خرچ ہُوا۔ لیکن پبلک کے کان پر جُوں تک

نہ رنگی اور نہ محرکانِ اخبار نے کچھ احساس کیا جس کے بعد دل ٹوٹ گیا۔ مگر قومی ضرورت کا اِس قدر احساس تھا کہ اخبار کو بند کرنا گوارا نہ کیا۔ اب میری کوشش یہ تھی کہ مسلمانوں کا کوئی ٹرسٹ اسے اپنے ہاتھ میں لے لے۔ اِس پر خان بہادر حاجی رحیم بخش ریٹائرڈ سیشن جج صاحب نے سر فضل حسین صاحب سے مشورہ کیا۔ تو انھوں نے کہا۔ "میں جانتا ہوں کہ مولوی صاحب کو اس اخبار میں سخت خسارہ ہو رہا ہے۔ چونکہ وہ میرے دوست ہیں اس لیے ان کا یہ خسارہ میں پسند نہیں کرتا۔ بایں ہمہ یہ حقیقت ہے کہ موجودہ صورت میں وہی فردِ واحد ہیں جو اخبار چلا سکتے ہیں۔ آپ نے یا کسی اور صاحب نے اگر اخبار کا چارج لیا، تو جس کام پر وہ ایک روپیہ خرچ کر رہے ہیں کم از کم آپ کو وہاں چار روپے خرچ کرنا پڑیں گے۔ مینجری ان کے لڑکے بغیر کسی معاوضے کے کرتے ہیں اور آپ کو ایک تنخواہ دار منیجر رکھنا پڑے گا"۔ ناچار وہ بیچارے بھی رہ گئے۔ پھر میں نے مسلم آوٹ لک والوں سے کہا اگرچہ وہ خوشی سے اِس کا بیڑا اٹھانے کو تیار تھے۔ لیکن سر سکندر حیات خاں نے فرمایا کہ وہ اپنی سابقہ زندگی میں اس قدر بدنام ہو چکے ہیں کہ ان کے ہاتھ میں اخبار کا جانا خطرناک ہے۔ بعد ازاں سیّد حبیب صاحب نے اخبار لینے پر رضامندی ظاہر کی۔ مگر وہ اِس قدر نڈر ہیں کہ دوستوں نے اِن کے ہاتھ میں یہ تیز حربہ دلانے کی جرأت نہ دلائی۔

آخر الامر مسٹر عبد الحمید فرزندِ اکبر مولوی محبوب عالم صاحب مرحوم مالک پیسہ اخبار کی خواہش پر میں نے یہ اخبار اُن کے نام منتقل کر دیا۔ جس قدر لوگوں کے پیشگی چندے وصول ہو چکے تھے وہ اُن کو نقد ادا کر دیے گئے۔ اور اخبار سے متعلق جس قدر بلاک اور اسٹیشنری وغیرہ موجود تھی وہ بھی بلا معاوضہ انھیں دے دی۔

# ہندوستانی ریاستیں

## دیوان امرناتھ وزیرِ اعظم کشمیر:

اخبار کی اِدارت کے سلسلے میں میرے تعلّقات ہندوستان کے مُختلف والیانِ ریاست اور اُمراء و زمیندار سے قائم ہو چکے تھے۔ ان میں دیوان امرناتھ چیف منسٹر ریاست جموّں و کشمیر کا ذکر ضروری خیال کرتا ہوں۔ دیوان صاحب موصُوف کے دادا ایمن آباد (ضلع گوجرانوالہ) کے رہنے والے تھے۔ مگر کشمیر میں جا کر آباد ہو گئے تھے۔ آہستہ آہستہ اتنی ترقّی کی کہ ریاست کے مدارالمہام اعلیٰ بن گئے۔ اُن کے بعد اُن کے بیٹے اور پھر پوتے یعنی دیوان امرناتھ بھی اِسی عہدے پر فائز ہُوئے۔

دیوان صاحب سے میرے تعلّقات بہت اچھے تھے۔ جب میں کشمیر جاتا تو نہایت خندہ پیشانی سے پیش آتے اور ہر طرح کی اِمداد کرتے۔

## درسی کُتب کا ٹھیکہ:

میں نے ریاست کشمیر کے محکمہ تعلیم کو ایک درخواست دی تھی کہ اگر تعلیمی کُتب

کی فروخت کا ٹھیکہ مجھے دے دیا جائے تو میں جموں اور کشمیر میں اپنے ڈپو کھول دوں گا۔ جہاں اصل قیمت پر کتابیں فروخت کی جائیں گی۔ میری درخواست کے بعد ایسی ہی ایک درخواست لالہ عطر چند کپور تاجر کتب لاہور نے بھی دے دی۔ وزیر تعلیم چونکہ لالہ عطر چند کے سرپرست تھے اس لیے انھوں نے فیصلہ کیا کہ جموں کی ٹھیکیداری لالہ عطر چند کو دے دی جائے اور کشمیر کی مولوی فیروزالدین اینڈ سنز کو۔

مسل بغرض فیصلہ وزیرِ اعظم کے پاس گئی تو انھوں نے مجھے بلا کر اس فیصلہ کی اِطّلاع دی۔ میں نے اِعتراض کیا کہ لاہور سے جموں کا کرایہ بارہ آنے فی من ہے اور کشمیر کا چار روپے۔ اس لیے مجھے یہ فیصلہ منظور نہیں۔ اس پر دیوان صاحب نے کہا کہ مولوی فیروزالدین اینڈ سنز کتابوں کی فروخت پر دو آنے فی روپیہ لے سکتے ہیں۔ مگر یہ فیصلہ بھی میرے لیے ناقابلِ قبول تھا۔ جب مُعاملہ آخری تصفیہ کے لیے ریذیڈنٹ صاحب کے پاس گیا تو انھوں نے ٹھیکیداری کا سسٹم ہی منسوخ کر دیا۔

## سائیں جیون شاہ :

کتابوں کے سلسلے میں مجھے اکثر جموں جانے کا اِتّفاق ہوتا تھا۔ ایک دفعہ ایک دوست مجھے سائیں جیون شاہ کے پاس لے گئے۔ انھوں نے میری صورت دیکھتے ہی کہا کہ "آپ لوگ ریاست کو لوٹنے کیوں آتے ہیں۔ کیا علاقہ انگریزی میں رزق نہیں ؟"

اُن کی اِس بات سے اُس وقت تو مجھے بہت رنج ہُوا۔ لیکن بعد کے حالات نے ثابت کر دیا کہ سائیں صاحب سچ کہتے تھے ۔

## حکیم مولوی نُور الدّین :

کشمیر میں حکیم مولوی نُور الدین صاحب سے بھی مُلاقات ہُوئی۔ مولوی صاحب بڑے نیک اِنسان تھے ۔ شروع میں دو سو روپے ماہوار پر شاہی حکیم مُقرر ہُوئے تھے۔ مہاراجہ امر سنگھ کے زمانہ میں اِن کی تنخواہ ایک ہزار روپیہ ہوگئی۔ ان کا لباس اور طرزِ رہائش بالکل سادہ تھی ۔ ایک دفعہ "انجمن حمایت الاسلام" کے سالانہ جلسے میں تشریف لائے ۔ دورانِ گفتگو انھوں نے بتایا کہ میں حصولِ تعلیم کی غرض سے جب لکھنؤ پہنچا تو گُزارے کی کوئی صورت نہ تھی۔ ایک صاحب کے ہاں ڈیڑھ روپیہ ماہوار پہ نوکری کر لی۔ لیکن روٹی پکانا میرے بس کا روگ نہ تھا۔ جُوں تُوں کر کے پکائی تو وہ ایسی بے ڈھنگی تھی کہ میں خود شرمسار تھا ۔ خُدا سے دُعا مانگی کہ اللہ میاں کوئی اور سہارا بن جائے ۔ میری نیت علم حاصل کرنے کی ہے ۔ یہ کام میں سرانجام نہ دے سکوں گا۔ خُدائے بزرگ و برتر نے ایک نئی صُورت پیدا کر دی اور میں حصولِ تعلیم میں کامیاب ہو گیا۔

## خان بہادر شیخ غلام مُحیٌ الدّین :

خان بہادر شیخ غلام مُحیٌ الدین صاحب کا ذکر نہ کرنا یقیناً اُن کی حق تلفی ہو گی۔

میرا اُن سے نہ تعلق تھا، اور نہ ہی کوئی خاص واقفیت۔ ایک دفعہ جب میں کشمیر میں اُن سے ملا تو اُن کے ہاں کئی آدمی ٹھہرے ہوئے تھے میں نے پوچھا کہ یہ کون ہیں؟ تو فرمایا، "بتلاشِ ملازمت آئے ہوئے ہیں۔ چونکہ ان کا یہاں کوئی واقف نہیں اور سرائے وغیرہ میں رہنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ اس لیے یہیں ٹھہر گئے ہیں۔"

جموں میں پہلے اذان دینے کا دستور نہ تھا۔ یہ اذان خوانی کا سلسلہ بھی اُنہی کے وقت میں شروع ہوا۔ جب یہ خبر دربار میں پہنچی کہ مسلمانوں نے مساجد میں اذان دینی شروع کر دی ہے۔ تو تمام ہندو اور ڈوگرے سخت برافروختہ ہوئے۔ شیخ صاحب نے فرمایا کہ میں نے تعزیراتِ ہند اور "رنبیر ڈنڈ" دونوں کا مطالعہ کیا ہے۔ لیکن مجھے ان میں کوئی ایسی دفعہ نظر نہیں آئی جس کی رُو سے اذان دینا جرم ہو۔ آخر مہاراجہ صاحب اور دوسرے لوگوں کو خاموش ہونا پڑا۔ اور باقاعدہ اذان ہونے لگی۔

## طویلُ القامت رزّاقہ:

سری نگر کشمیر میں مَیں نے ایک طویلُ القامت شخص کو دیکھا جس کا نام رزّاقہ تھا۔ غالباً یہ ہانجیوں میں سے تھا۔ اُس کے والدین بھی دیکھے۔ جو عام قد و قامت کے آدمی تھے۔ مگر اس کا قد سوا آٹھ فُٹ تھا۔

راجہ سر دیا کشن صاحب کول نے اُس کا تیس روپے ماہوار وظیفہ مقرّر کر رکھا تھا۔ کیونکہ یہ شخص واقعی عجیبُ الخلقت تھا۔ میں نے اسے امیرا کدل

کی ایک دُکان پر دیکھا تو بہت تعجب ہُوا۔ مہاراجہ صاحب جب ۱۹۰۳ء کے دربار دہلی میں تشریف لے گئے تو اُس کو بطورِ نمائش ساتھ لیتے گئے۔ راجہ سروپیا کشن کول نے اِس پر یہ ستم ظریفی کی کہ اس کے لیے اُونچی ایڑی کا بُوٹ اور ایک لمبا کُلاہ بنوا دیا جس سے اس کا قد سوا نو فٹ ہو گیا تھا۔

ایک دن میں دیوان عالم چند سپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ پریس کے ہاں بیٹھا تھا کہ اُس کا ذکر آ گیا۔ اِتّفاقاً یہ بھی اُس وقت بازار میں موجود تھا۔ اُنھوں نے اُوپر بُلایا اور پُوچھا کہ "چائے پیو گے"؟ جواب ملا "مرضی ہو تو پلا دیجیے"۔ چُنانچہ اُنھوں نے دو چینکیں اور چار آنے کے کُلچے منگائے اُس زمانے میں ایک ایک پیسے کا کُلچہ بکِا کرتا تھا۔ میرے دیکھتے دیکھتے وُہ بیس کُلچے اور دو چینکیں خالی کر گیا۔ اور جب پُوچھا کہ اور؟ تو کہا کہ آپ کی مرضی۔ چُنانچہ دو آنے کے کُلچے اور دو چینکیں اور منگائی گئیں۔ جسے یہ بے تکلّف ہضم کر گیا۔

## ریاست فریدکوٹ :

جب میں پہلی دفعہ فرید کوٹ گیا تو رخصت ہونے سے ایک دن پہلے میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک سیاہ روغنی قاب میں پنج پارچہ خلعت اور اُس کے اوپر کچھ روپے رکھے ہُوئے ہیں۔ ریاست کے مدار المہام نے اپنے دفتر میں بُلا کر مجھے کہا کہ "سرکار نے آپ کے لیے یہ رخصتانہ تجویز کیا ہے"۔ میں حیران تھا کہ راجہ بکرما سنگھ صاحب جو اس وقت حُکمران تھے۔ بہت جوہر

رئیس ہیں۔ اُن کی طرف سے اِس قدر رُخصتانے کی کبھی توقع نہ ہو سکتی تھی مگر میری حیرت کی انتہا نہ رہی۔ جب اگلے دن گیارہ بجے کے قریب اُن کے بنگالی مدارُالمہام نے مجھے بُلایا تو وُہی قاب تھا۔ وہی خلعتِ پنج پارچہ اور اتنی ہی رقم جتنی کہ میں نے خواب میں دیکھی تھی۔ مدارُالمہام نے بھی وُہی الفاظ دُہرائے۔ ایسے کئی خواب میں نے اور بھی دیکھے۔ جن کی تعبیر عموماً صحیح ہوتی تھی۔

## ریاست بہاول پور:

نواب صاحب بہاول پور نے حکومتِ پنجاب سے مہدی خاں صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کی خدمات حاصل کیں۔ اور انھیں وزیرِ اعظم کے عہدے پر فائز کیا۔ مجھے بھی وہاں جانے اور اُن سے ملنے کا اتفاق ہُوا۔ خان صاحب بڑے دلیر، خود دار اور فیض رساں تھے۔ وہ ایک سال سے بھی کم عرصہ ریاست کے وزیرِ اعظم رہے۔ لیکن اس تھوڑی سی مُدت میں اُنھوں نے اپنی ذمّہ داریاں اِس خُوبی سے سرانجام دیں کہ تمام بڑے بڑے عُہدے داران اُن کے سامنے ماند پڑ گئے۔

ایک دن نواب صاحب کئی دن کے بعد شکار سے واپس آئے، تو وزیرِ اعظم اُن سے ملنے کے لئے حاضر ہُوئے۔ مگر دربان نے یہ کہہ کر روک دیا کہ اِس وقت نواب صاحب کھانا کھا رہے ہیں۔ آپ نے کہا کہ "یہ وہی کھانا ہے جو کبھی ہم اکٹھے کھاتے رہے ہیں"۔ یہ کہہ کر سیدھے اسٹیشن پر پہنچے

اور لفٹننٹ گورنر صاحب کو تار دیا کہ ہز ہائینس نے میری اہانت کی ہے اس لیے میں یہاں ایک منٹ بھی نہیں ٹھیر سکتا۔ نواب صاحب نے کئی ایک مشیر اُن کے واپس لانے کے لیے بھیجے۔ مگر وہ واپس نہ گئے اور سیدھے لاہور چلے آئے۔ اُن کا اسباب بھی اُن کے بعد آیا۔

## عجیب رسم:

بہاول پور کے مُورثانِ اعلیٰ میں نواب بہاول خاں اور نواب صادق محمد خاں دو ایسے جلیل القدر اور ہردلعزیز حکمران ہُوئے ہیں کہ اس وقت سے اب تک جو بھی حکمران ہوتا ہے اُن میں ایک کا نام بہاول خان ہوتا ہے اور دُوسرے کا صادق محمد خان۔ اس کے علاوہ پُرانی تہذیب کے مُطابق جو لوگ مُعمّر یا نواب صاحب کے مُتوسل ہوں اُن کو تعظیم بھی دی جاتی ہے۔ ریاست میں ایک انوکھی رسم یہ بھی تھی کہ شاہی خاندان کی لڑکیوں کی شادی نہ کی جاتی تھی۔ قلعہ دلاور میں اُن کو ایسا بند کیا جاتا کہ صرف اُن کی لاشیں ہی باہر نکلیں۔

خُدائے تعالیٰ نے یہ توفیق صرف موجودہ نواب صادق محمد خاں کو دی ہے کہ اُنھوں نے اپنی ہمشیرہ کی شادی کر دی ہے جو خاندانی لحاظ سے ایک بہت بڑا کام ہے۔

## مولوی محمد دین صاحب:

اہل کارانِ ریاست میں خاں صاحب مولوی محمد دین صاحب مرحوم میرے

دوست تھے۔ اُن کا اصل وطن گوجرانوالہ تھا۔ اور ریاست میں فنانس منسٹر کے عُہدہ پر فائز تھے۔ پابندِ صوم و صلوٰۃ اور تہجّد گُزار تھے۔ موجودہ نواب صاحب کے والدِ ماجد نواب بہاول خان صاحب نے ایک دفعہ اُن سے شکایتاً کہا۔ کہ جو لوگ پنجاب سے بسلسلۂ مُلازمت آتے ہیں۔ مُلازمت ختم ہوتے ہی یہاں سے چلے جاتے ہیں۔ کسی کو کبھی یہ خیال نہیں آیا کہ اِس اسلامی ریاست میں سکونت اِختیار کر لیں۔ یہ سُن کر مولوی محمد دین صاحب فنانس منسٹر اور مُنشی سراج الدین صاحب چیف جج نے کہا کہ بہت اچھا آج سے ہم بہاولپور ہی کو اپنا وطن بناتے ہیں۔ چنانچہ اُنھوں نے وہاں رہائش کے لیے مکانات بھی بنوائے اور آج تک اُن کی اولاد وہاں موجود ہے۔

## ریاست اندور:

ریاست اندور میں ایک جگہ مانڈو کے نام سے مشہور ہے۔ یہ شہر ایک جھیل کے کنارے واقع ہے۔ اور اس میں نفیس پتھروں کی عمارتیں بنی ہوئی ہیں۔ چوک اور شاہراہیں بھی ہیں۔ مگر خُدا جانے کیا اُفتاد پڑی کہ سالہا سال سے یہ ویران پڑا ہے۔ اور انسانوں کی بجائے یہاں شیر، بھیڑیے، تیندوے اور دوسرے درندوں کا بسیرا ہے۔ شروع میں شہر کے باہر ایک پولیس تھانہ بھی تھا۔ ایک دفعہ نواب یٰسین محمد خان صاحب نے مہاراجہ اندور کو لکھ کر یہ شہر دیکھنے کی اجازت چاہی۔ احکام جاری ہو گئے اور اُن کے لیے ایک چوپہیہ گاڑی بھیج دی گئی۔ اُن کا بیان ہے کہ "میں

نو بجے دن کے اس گاڑی میں سوار ہُوا۔ چاروں گھوڑوں پر چار آدمی شتربان لیے بیٹھے تھے۔ بارہ بجے کے قریب ہم شہر کے دُوسرے سرے پر پہنچے۔ جو جھیل کے کنارے واقع ہے۔ وہاں ایک کشتی سیر کے لیے موجود تھی۔ کشتی میں بیٹھ کر کھانا کھایا۔ جھیل کی پرلی طرف ایک قلعہ بنا ہُوا تھا۔ جسے بکاؤلی کا قلعہ کہتے ہیں۔ اُس کے اِردگرد کوئی آدمی نہ تھا۔ اور نہ کوئی شخص اُس کے اندر جانے کی جرأت کر سکتا تھا۔ اُس میں سے ایک دُھواں سا نکلتا رہتا ہے۔ یہ منظر دیکھ کر ہم واپس لوٹے اور گاڑی میں بیٹھ کر اُسی طرح دما دم کرتے چھ بجے شام دُوسرے سرے پر پہنچے۔ معلوم نہیں اب اس شہر کی کیا کیفیت ہے۔ اور ریاست نے اس کی آبادی کی کوئی تدبیر بھی کی ہے یا نہیں۔

## ریاست بھوپال:

ریاست بھوپال میں اُس زمانے میں گیا جب نواب شاہجہان بیگم صاحبہ والیۂ ریاست تھیں۔ سید حامد حسین کامدار (افسر ڈیوڑھیات) نے مجھ کو بلوایا تھا۔ اُن دنوں وائسرائے بھی وہاں تشریف فرما تھے۔ بھوپال تال بڑی خوبی سے سجایا گیا تھا۔ رات کو وائسرائے کو کشتی کی سیر کروائی گئی۔ ہر طرف چراغاں ہو رہا تھا اور ایک عجیب دلفریب سماں پیشِ نظر تھا۔

نواب عالمگیر محمد خان جو بیگم صاحبہ کے بھانجے تھے اور وہ ہر ہائی نس ان کا بہت لحاظ کرتی تھیں، ہمارے میزبان تھے۔ آدمی بہت بامذاق تھے اور شکاری بھی بہت اچھے تھے۔

دُوسری بار نواب شاہجہاں بیگم صاحبہ کے بعد اُن کی صاحبزادی کی مسند نشینی پر بھی مجھے بھوپال جانے کا اِتّفاق ہُوا۔ اُن کے شوہر بھی بڑے تپاک سے پیش آئے۔ ان دنوں خان بہادر مولوی عبدالجبّار صاحب سی آئی ای وزیرِ اعظم تھے۔ میں اُن سے بھی ملا۔ اگرچہ وہ عام آدمیوں کے ساتھ مِلنے جُلنے میں بڑے محتاط تھے۔ مگر مجھ پر ان کی خاص نظرِ عنایت تھی اور تقریباً ہر روز ہی ملنے کا اِتّفاق ہوتا تھا۔ مجھے وُہ اپنا روزنامچہ سُنایا کرتے تھے۔ وہ سلسلہ نقشبندیہ میں بیعت تھے اور مُجھ پر اتنے مہربان تھے کہ یُوں معلوم ہوتا تھا کہ وہ پیر اور میں مُرید یا میں پیر اور وہ مُرید ہیں۔ چُنانچہ اُنھوں نے دو ایک خاص وظائف بھی بتائے۔ جو اب تک میرے وِرد میں شامل ہیں۔

جب میں تیسری مرتبہ بھوپال گیا تو معلوم ہوا کہ نواب سلطان جہاں بیگم صاحبہ بیوہ ہو چکی ہیں۔ دربار اور ریاست کے فرائض خود ہی انجام دیا کرتی تھیں۔ وہ ریذیڈنٹ صاحب کی مُلاقات کو جا رہی تھیں کہ میں نے برسبیلِ تذکرہ مولوی عبدالجبار صاحب سے اس کا تذکرہ کر دیا۔ یہ سُن کر وہ نہایت متعجّب ہوئے اور فرمانے لگے۔ کہ "میرے صلاح اور مشورے کے بغیر وہ کس طرح تنہا تشریف لے گئیں" چنانچہ دُوسرے دن جب میں اُن سے ملا۔ تو اُنھوں نے فرمایا کہ "آپ کی اِطّلاع صحیح ہے۔ اور ہم نے اپنا اِستعفےٰ داخل کر دیا ہے۔" ہر ہائی نس بیگم صاحبہ کی طرف سے اُنھیں ٹھہرانے کی بہت کوشش کی گئی مگر وہ نہ مانے اور ریاست سے رُخصت ہو گئے۔

## ایک نابینا :

ایک دن میں سید حامد حسین کامدار کے پاس بیٹھا ہُوا تھا کہ ایک نابینا صاحب تشریف لائے۔ کامدار صاحب نے مجھ سے فرمایا کہ لیجیے آج ایک اور عجوبہ ملاحظہ فرمایئے۔ یہ کہہ کر انھوں نے جیب گھڑی اُس نابینے کے ہاتھ میں دے دی اور کہا حافظ صاحب بتایئے اب کیا وقت ہے؟ نابینا صاحب نے گھڑی کے ڈائل کے شیشے پر اُنگلی پھیری اور بالکل صحیح وقت بتا دیا۔ کہ "نو بج کر بیالیس ۴۲ منٹ"۔

## بیگم صاحبہ کی غُربا پروری :

نواب شاہ جہان بیگم صاحبہ ہر روز ۳۶ من کے قریب گندم اور چنے غُربا میں تقسیم کرتیں۔ اس کے علاوہ فی سائل دو پیسے بھی دیئے جاتے تھے۔ رمضان المبارک میں مساجد میں اِفطاری کا سامان جاتا تھا۔ شہر کی تمام مسجدوں میں حکومت کی طرف سے تنخواہ دار مؤذن اور امام مُقرر تھے۔ چھوٹی مسجدوں میں ایک آدمی دونوں کام سرانجام دیتا تھا۔ لیکن بڑی مسجدوں میں دو آدمی ہوتے تھے۔ ایک مسجد انھوں نے تاج المساجد کے نام سے بنوائی تھی۔ جس کے لیے فرانس سے آئینے کے مُصلے منگوائے گئے۔ مگر محکمہ بھوپال نے یہ آئینے لگانے سے روک دیا۔ اس لیے یہ مُصلے مسجد میں نہ لگوائے گئے۔ تاہم مسجد کا فرش نہایت دیدہ زیب تھا۔

## شاہی محل میں مینا بازار :

ہر سال شاہی محل میں مینا بازار لگتا تھا۔ جس میں بھوپال کے سوداگر دکانیں لگاتے۔ کوئی عورت یا کمسن لڑکا دکان پر متعین کر دیا جاتا تھا۔ بیگم صاحبہ بازار میں تشریف لاتیں۔ جو جو چیز پسند آتی اسے بہت افراط میں خرید فرمائیں اور رشتہ داروں اور ملازمین میں تقسیم کر دیں۔

## احمد نگر :

ایک دفعہ احمد نگر بھی جانے کا اتفاق ہوا۔ یہ ایک چھوٹا سا شہر ہے، جو جان احمد شاہ بادشاہ نے آباد کیا تھا اور یہاں چاند بی بی نے اکبر کی فوجوں کا منہ توڑ مقابلہ کیا تھا ایک دو مسجدیں اب بھی مسلمانوں کی یادگار باقی ہیں۔

یہاں جتنے مسلمان ہیں وہ قوم پٹھان سے تعلق رکھتے اور تجارت پیشہ ہیں۔ میں نے ایک مسجد میں دیکھا کہ ایک بے نماز مسلمان فقیر مسجد کی ڈیوڑھی میں ڈیرہ ڈالے ہوئے ہے۔ مسجد میں روزانہ جماعت تو نہ ہوتی تھی۔ اہلِ سنت اکا دکا آکر نماز پڑھ جاتے تھے۔ البتہ جمعہ کے دن ایک وقت سب سُنّی مسلمان جمع ہو کر نماز پڑھ لیا کرتے تھے۔ چنانچہ میری موجودگی میں جو جمعہ آیا اس کے فرائضِ امامت مسلمانوں کے اصرار پر مجھے ہی انجام دینے پڑے

## سود خور پٹھان :

احمد نگر کے قیام میں اکثر اسی مسجد میں نماز پڑھنے جاتا تھا اور عموماً ایک

نوجوان پٹھان کو پانچوں وقت وہاں موجود پاتا۔ میں نے اُس سے پوچھا کہ آپ کہاں کے رہنے والے ہیں اور یہاں آپ کا کیا کاروبار ہے؟ اُنھوں نے کہا میں غلزئی قوم کا فرد ہوں اور افغانستان کا رہنے والا۔ جب یہاں اُس کی اقامت کی وجہ پوچھی تو کہنے لگا مجھے بیان کرتے ہوئے شرم آتی ہے۔ آخر بہت کریدنے پر اُس نے بتایا کہ یہاں اُس کے بڑے بھائی فوج میں مُلازم تھے۔ جن کا انتقال ہو چکا ہے۔ میں اُس کے بونس کا دو ہزار روپیہ وصول کرنے یہاں آیا تھا۔ روپیہ لے کر اُسے سُود پر چلا رہا ہوں میں نے کہا "مسلمان اور سُود؟" کہنے لگا کہ ہمارے علماء ہندوستان کو دارالحرب قرار دیتے ہیں۔ اسی واسطے یہاں دارالاسلام جیسے احکام جاری نہیں۔ میں نے کہا "یہ آپ کی اور آپ کے علماء کی غلط فہمی ہے۔ ہندوستان اگر دارالاسلام نہیں تو دارالامن ضرور ہے۔ جہاں ہر شخص اپنے اصُول کے مُطابق زندگی بسر کر سکتا ہے۔ اِس لیے مسلمان کے لیے اس جگہ سُود لینا ایسا ہی ناجائز ہے جیسا دارالاسلام میں۔ اس کے علاوہ آپ جن لوگوں کو سُودی روپیہ دیتے ہوں گے۔ وہ بھی غریب مسلمان ہی ہوں گے۔ اور اُن سے سُود لینا تو قطعاً حرام ہے"۔ کافی دیر تک اُس سے بحث و تمحیص ہوتی رہی اور آخر وہ مان گیا کہ میں پچھلا روپیہ وصول کر کے گھر چلا جاؤں گا اور پھر سُود کا لین دین نہ کروں گا۔

## ریاست رامپور:

ریاست رام پور پہلی دفعہ ہز ہائی نس نواب حامد علی خاں صاحب مرحوم

کی مسند نشینی کے بعد جانے کا اتفاق ہوا۔ اُس وقت نواب محمد اسحاق خاں صاحب سشن ججی سے وزیرِ اعظم ریاست مقرر ہو کر آئے تھے۔ ان کی پوشاک بالکل انگریزی تھی۔ اور سر پر ہیٹ رکھا کرتے تھے۔ مگر متواتر روایتوں سے ثابت ہوا۔ کہ انھوں نے کبھی تہجد کی نماز تک بھی قضا نہ کی۔ اعلیٰ علمی مذاق رکھتے تھے۔ اور ملنے والوں کے ساتھ خندہ پیشانی سے پیش آیا کرتے تھے۔ اُن دنوں کشف المحجوب کا اُردو ترجمہ تازہ تازہ چھپ کر آیا تھا۔ میں نے ایک جلد اُن کو بھی نذر کی۔ جسے انھوں نے اوّل سے آخر تک مطالعہ فرمایا۔ جب میں ہز ہائی نس کے سامنے پیش ہوا تو مدار المہام صاحب نے فرمایا کہ میں نے اِن کی کتاب کشف المحجوب کا ترجمہ پڑھا ہے۔ میرے نزدیک یہ کتاب موتیوں سے تولنے کے قابل ہے۔

## حکیم اجمل خاں مرحوم :

یہاں ایک لطیفہ قابلِ ذکر ہے۔ میں مدار المہام صاحب کے پاس بیٹھا ہُوا تھا کہ مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب مرحوم بھی اُن کی ملاقات کو تشریف لے آئے۔ مدار المہام صاحب نے میرا اُن سے تعارف کراتے ہوئے فرمایا کہ انھوں نے سعدی پر ایک نہایت اچھی کتاب لکھی ہے اور انتخاب بھی نہایت اعلیٰ ہے۔ اِس انتخاب میں وہ مرثیہ بھی درج ہے جو سعدی نے خلیفہ مستعصم باللہ کے زوال اور بغداد کے تاخت و تاراج ہونے پر نہایت دردناک انداز میں لکھا ہے ۔

آسماں راحق بُود گر خوُں ببارد بر زمیں
بر زوالِ ملکِ مُستعصم امیر المومنین

مدار المہام صاحب نے حکیم صاحب سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ آپ اساتذۂ قدیم کے کلام میں ردّ و کد کیا کرتے ہیں۔ اِس مرثیہ کی نسبت بھی کچھ فرمائیے تو بہتر ہو۔ آپ نے جواب میں فرمایا۔ "آسماں را حق بود"۔ ایک گھٹل سی بندش ہے۔ اگر اس کی جگہ ع

آسماں را می سزد گر خوُں ببارد بر زمیں

ہوتا تو بہتر ہوتا۔

حکیم صاحب کی اس برجستہ گفتگو کا مجھ پر بہت اثر ہوا۔ اس کے بعد میں جتنے دن وہاں رہا تقریباً ہر روز اُن سے ملتا رہا۔

ہز ہائی نس نواب حامد علی خاں صاحب کے سامنے جب میں نے "یادگارِ سعدی" پیش کی۔ تو انھوں نے میرے سامنے ہی اسے جستہ جستہ مقامات سے دیکھا اور پسند فرما کر حکم دیا کہ کتب خانے کے لئے اِس کی اڑھائی سو جلدیں خرید لی جائیں۔

## مُنشی عبدالحمید خاں :

مُنشی عبدالحمید خاں مہتمم مہمان خانہ ایک بوڑھے آدمی تھے مگر بہت مُستعد۔ وہی مہمانوں کی آؤ بھگت کیا کرتے تھے۔ کھانے کے بروقت پہنچنے اور سقہ اور مہتر کی باقاعدہ حاضری کا بڑا خیال رکھا کرتے تھے۔ بڑے

دیانتدار آدمی تھے۔ سوائے میرے انھوں نے کسی مہمانِ ریاست کے ساتھ مل کر کھانا نہیں کھایا۔

انھیں جرنیل عظیم الدین کے وقت میں ایک دفعہ فوجی وردی کے لیے بانات خرید نے بمبئی بھیجا گیا تو انھوں نے بڑی دُکانوں سے دریافت کر کے تار دے دیا کہ اس رنگ اور بناوٹ کی بانات اٹھارہ روپے گز ملتی ہے۔ اِدھر سے تار پر جواب گیا کہ "خرید لو"۔ مگر انھوں نے تار کے پہنچتے پہنچتے کئی چھوٹی چھوٹی دُکانوں کو بھی چھان مارا۔ اور وہی اٹھارہ روپے گز والی بانات تین روپے تیرہ آنے گز کے حساب سے خرید لی۔ جب وہ رام پور پہنچے تو تین روپے تیرہ آنے کی شرح سے حساب کر کے باقی بیس پچیس ہزار روپیہ نقد پیش کر دیا۔ جرنیل عظیم الدین خاں نے کہا کہ ہم تو ۱۸ روپے گز کی منظوری دے چکے ہیں۔ اس میں جو بچت ہوئی وہ تمھارا حق ہے۔ انھوں نے کہا میں پچیس روپے ماہوار کا ملازم آپ کا بھیجا ہُوا گیا تھا۔ اور جس خدمت پر آپ نے مامُور فرمایا تھا اس کو انجام دے کر آیا ہوں۔ یہ روپیہ سرکار کا حق ہے نہ کہ میرا۔ اس وقت یہی قیمت بتائی گئی تھی۔ مگر تلاش کرنے پر جو میرا فرض تھا، بچت ہو گئی چُنانچہ وہ روپیہ داخلِ خزانہ ہو گیا۔ اور ان کی پانچ روپے ماہوار ترقی ہو گئی۔

## میاں عبدالباری :

رام پور کے رُوحانی بزرگوں میں میاں عبدالباری سجادہ نشین خانقاہ

اخوند صاحبؒ سے اکثر ملاقاتیں ہوتی رہتی تھیں۔ آپ رموزِ تصوّف اور علمِ شریعت کے خوب ماہر تھے۔ اسی لیے اُن کے معتقدوں کا ہر وقت تانتا بندھا رہتا تھا۔ نہایت ملنسار واقع ہوئے تھے۔ چنانچہ جب پیرانہ سالی کے باعث میں نے جانا چھوڑ دیا تو تقریباً وہ ہر سال تشریف لایا کرتے تھے۔ اب اُن کا بھی انتقال ہو چکا ہے۔ اِنّا لِلّٰہ و اِنّا اِلیہ راجعون۔

## امیر مینائی سے مُلاقات :

جب میں پہلی دفعہ رام پور گیا تو امیر مینائی صاحب سے مُلاقات کا موقع ملا۔ آپ لکھنؤ کے رہنے والے اور خاندانِ مینا سے تھے۔ منحنی جسم کے وضع دار بزرگ تھے۔ معمولی صوم و صلوٰۃ ہی نہیں، بلکہ تہجد تک کے پابند تھے۔ میں اُن کے مکان پر پہنچا تو جلیل اور چند ایک دُوسرے شاگرد موجود تھے۔ آپ زنان خانے میں تشریف رکھتے تھے۔ میری حاضری کی اطلاع ہوئی تو فوراً باہر تشریف لے آئے۔

امیر صاحب نے اپنی تصانیف میں سے اپنا ایک مطبوعہ دیوان، "زادِ امیر" وظائف کی کتاب اور محامدِ خاتم النبیین نامی ایک نعتیہ دیوان ہدیتہً پیش کیا۔ امیر صاحب صُوفی منش انسان تھے اور وظائف میں اُن کا وہی حال تھا جو سجادہ نشین صاحبان کے شایانِ شان ہوتا ہے۔ میں نے عرض کیا کہ ان تینوں کتابوں میں سے کچھ اشعار خود پڑھ کر سنایئے کیونکہ ع

تصنیف را مصنّف نیکو کند بیاں

چنانچہ اُنھوں نے اِس درخواست کو قبول فرمایا اور ہر کتاب سے چیدہ چیدہ اشعار سُنا کر محظوظ اور شکر گزار کیا - امیر صاحب نے ایک اُردو لغت بھی شروع کی تھی - لیکن صرف الف ممدودہ اور الف مقصورہ میں ہی دو جلدیں ختم ہو گئیں - جس کے چند دن بعد ہی اُن کی زندگی بھی ختم ہو گئی ع

اے بسا آرزُو کہ خاک شُدہ

آپ کے اشعار نہایت لطیف اور بامعنی ہوتے ہیں - لکھتے ہیں ؎

صبا! ان مُنہ بندھی کلیوں نے شب کو کس کی چوری کی
کہ تو نے صُبحدم ہر ایک کی گٹھڑی ٹٹولی ہے

اِن کی ایک رُباعی بھی سُن لیجیے ؎

لوگ اِسے رام پور کہتے ہیں — ہم تو آرام پور کہتے ہیں
خیر نوّاب کی مناتے ہیں — جس کا کھاتے ہیں اُس کا گاتے ہیں

دورانِ گفتگو میں مَیں نے عرض کیا کہ یُوں تو آپ کا کلام تعریف و توصیف سے بالاتر ہے - مگر ہے وُہی طرز جو قدیم سے چلی آتی ہے - آپ کو تو اللہ تعالیٰ نے قُدرتِ کلام بخشی ہے - اس کے ساتھ جو عقائد و معمولات اسلامیہ عطا فرمائے ہیں اُن کا اقتضا یہ تھا کہ آپ مثنوی مولانا روم کا منظوم ترجمہ فرماتے - جس سے زبان اور تصوّف پر بڑا احسان ہوتا - کہنے لگے " آپ کی بات تو نہایت معقُول ہے - افسوس ہے کہ پہلے آپ سے ملاقات نہ ہُوئی - اب تو ضُعفِ پیری ہے - دواؤں کے سہارے زندگی بسر کر رہا ہوں - اِس کام کی تکمیل کے لیے ایک مُدت درکار ہے - اور تقاضائے عمر اِس کی اجازت

نہیں دیتا۔ ورنہ میں ضرور اس کام کو سر انجام دیتا۔" اس کے بعد کئی بار مجھ سے یونانی دوائیں منگوائیں۔ کیونکہ وہ فی الواقع دواؤں کے عادی ہو چکے تھے۔ آپ خلد آشیاں نواب کلب علی خاں صاحب کے اُستاد تھے۔

آخری عمر میں حیدر آباد تشریف لے گئے۔ جہاں پہلے تو حضورِ نظام سے مدتوں انتظارِ ملاقات رہا۔ ملاقات ہوئی تو حضورِ نظام ان سے مل کر بہت محظوظ ہوئے اور مشہور ہے کہ بجائے حضرتِ داغ کے انھیں اپنا کلام دکھانے کا ارادہ رکھتے تھے کہ امیر صاحب کو پیغامِ اجل آن پہنچا ہز اگزالٹڈ ہائی نس نواب محبوب علی خاں بہادر نے پچاس ہزار روپیہ تعمیر مقبرہ کے لیے منظور فرمایا اور اُن کے شاگردِ رشید حضرت جلیل کو طلب فرما کر ایک ہزار روپیہ ماہوار کا منصب دیا۔ اس کے بعد اُن کے فرزندِ اکبر بھی وہیں تشریف لے گئے۔ انھیں بھی کسی معقول خدمت پر مامور کر دیا گیا۔ آپ کے دُوسرے فرزندِ ارجمند منشی محمد احمد صاحب مینائی کو مرحوم نواب حامد علی خاں صاحب نے اُن کی جگہ اپنا اُستاد مقرر کیا تھا۔ آپ اِس سے پہلے تحصیلداری کے عُہدے پر مامور تھے۔ نہایت باوضع اور پابندِ شریعت انسان تھے۔ افسوس کہ اُن کا بھی انتقال ہو چکا ہے۔

# افغانستان

## انقلابِ افغانستان :

افغانستان کا انقلاب ختم ہو چکا تھا۔ امان اللہ خاں اور ملکہ ثریا افغانستان سے نکل کر یورپ چلے گئے تھے اور جنرل نادر خاں یورپ سے آکر کابل میں فاتح کی حیثیت سے داخل ہو کر نادر شاہ کے لقب سے تختِ کابل پر متمکن ہو چکے تھے۔ اِس انقلاب کے مفصل حالات ایسٹرن ٹائمز میں شائع ہوتے رہے۔ چنانچہ جب سردار عبدالرسول خاں حکومتِ افغانستان کے پہلے سفیر بن کر ہندوستان تشریف لائے تو وہ پریس میں مجھے ملنے آئے۔ سردار عبدالرسول خاں سے پہلے بھی ملاقات تھی اور غالباً یہی وجہ تھی کہ جشنِ استقلال کے موقع پر اعلیٰ حضرت نادر شاہ کی حکومت کی طرف سے مجھے بھی اس میں شرکت کی دعوت دی گئی۔

## سفرِ کابل :

جشنِ استقلال میں شمولیت کے لیے کسی خاص تیاری کی ضرورت نہ تھی مگر میں نے فرم کی تمام مطبوعات، نقشہ جات اور گلوب کے ایک ایک دو دو

نمونے اور اس کے علاوہ نہایت ہی اعلیٰ درجہ کے آموں کے گیارہ ٹوکرے ساتھ لیے۔ ہم موٹر میں روانہ ہوئے۔ ڈاکٹر عبدالوحید، ایک خدمت گار اور ایک شوفر میرے ہمراہ تھے۔ پشاور پہنچنے پر معلوم ہوا کہ افغانستان کے لیے پاسپورٹ کی ضرورت ہے۔ چنانچہ انسپکٹر جنرل پولیس نے گورنمنٹ پنجاب کو فون کیا اور انھوں نے حکومتِ ہند کو فون کر کے بذریعہ تار پاسپورٹ دیے جانے کی سفارش کی۔ پشاور میں افغانستان کی طرف سے بھی ایک افسر مقرر ہے جو حکومتِ ہند کے پاسپورٹوں پر اپنے علاقے میں جانے کی تحریری منظوری دیتا ہے۔ جسے "ویزا" کہتے ہیں۔ اِن ویزوں کی سرحدِ افغانستان پر بھی پڑتال ہوتی ہے۔

## کابل کا راستہ :

دوسرے دن پشاور سے موٹر میں سوار ہو کر درۂ خیبر کے راستے صبح دس بجے کابل پہنچے۔ سڑک کیا ہے ایک کچا راستہ ہے۔ مگر کام چلانے کے لیے غنیمت ہے۔ جن دنوں میں افغانستان گیا ہوں اُن ایام میں دریائے کابل کے کنارے کنارے ایک نیا راستہ تجویز ہو کر زیرِ تعمیر تھا یہ مروجہ راستے سے بیس میل کم ہے۔

## افغانستان کے مکانات :

راستے میں جلال آباد وغیرہ مشہور مقامات سے گزرے۔ یہاں سوائے سرکاری

عمارات کے اکثر مکانات پتھر سے بنوا کر اُن پر مٹی کی تہ چڑھادی گئی ہے لیکن وہ ہمارے ہاں کے چُونے کے مکانات سے زیادہ پختہ اور پائیدار ہوتے ہیں۔ یہ مکانات عموماً ایک منزلہ ہیں۔ کابل میں بھی ایسے ہی مکانات ہیں۔ مگر جو عمارات نئی بنائی گئی ہیں۔ وُہ قلعہ سے باہر ہیں۔ یہ علاقہ سول سٹیشن ہے۔ اور یہاں عموماً عمارات دو منزلہ ہیں جہاں غیر مُلکی آکر قیام کرتے ہیں۔ کھانے پینے اور چائے کے علاوہ رہنے سہنے کا بھی معقول انتظام ہے۔ پٹھانوں کی خودسری کا جو نقش ہمارے دلوں پر بیٹھا ہُوا تھا۔ وہاں جاکر اِس میں بہت کچھ ترمیم کرنا پڑی۔ مُلازم سب کے سب مُستعد، محنتی بلکہ خوشامدی تھے۔ آقا یا افسر کی آواز پر قُربان! قُربان! کہتے ہُوئے دوڑے آتے اور جو کام بتایا جاتا۔ اُسے مُستعدی اور سلیقے سے انجام دیتے۔

## اعلیٰحضرت سے مُلاقات:

کابل پہنچ کر میں سیدھا لاہور کے رہنے والے ایک صاحب کے پاس جو وہاں مُدت سے رہتے ہیں۔ چلا گیا مگر اُنھوں نے اِطّلاع ملنے پر اندر ہی سے کہلا بھیجا کہ آپ ہوٹل میں ٹھیریں۔ چنانچہ ہوٹل پہنچ گئے۔ وہاں غُسل کر کے کھانا کھایا۔ شام تک ہمارے آنے کی اِطّلاع اعلیٰحضرت کو بھی ہوگئی اُنھوں نے ایک سرکاری دفتر میں دو تین کمرے خالی کرا دیئے اور ہمارے وہاں جانے سے پیشتر اُنھیں آراستہ بھی کر دیا گیا۔ آموں کو زیادہ دیر تک

دیکھنے سے اُن کے خراب ہو جانے کا اندیشہ تھا۔ اس لیے میں نے کتابیں اور آم مہتمم ہوٹل کے حوالے کیے۔ کہ وہ اعلیٰ حضرت کو پہنچا دیں۔ مہتمم روزانہ دربار میں حاضر ہوتا تھا۔ اِس لیے اُس نے یہ اشیاء اعلحضرت کے پیش کر دیں۔ رات کے نو بجے اعلحضرت کی طرف سے وہ شکریہ ادا کرنے آیا۔

ہماری رہائش گاہ سڑک پر واقع تھی۔ اس لیے میں دیکھتا رہا کہ دن میں کئی بار اعلحضرت موٹر پر سوار ہو کر بے کھٹکے آتے جاتے رہیں۔ تین دن کے بعد پغمان میں مُلاقات کا وقت مُقرر ہُوا۔ میں اور ڈاکٹر وحید وہاں گئے اعلیٰ حضرت ایک ساٹلان میں کرسی پر بیٹھے تھے۔ اُٹھ کر بڑے تپاک سے بغل گیر ہوئے۔ ہاتھ اور داڑھی چُومی اور نہایت عزّت کے ساتھ اپنے پاس کرسیوں پر بٹھایا۔ مختلف موضوعات پر گفتگو ہوتی رہی۔ تقریباً آدھ گھنٹہ مُلاقات رہی اور ہم واپس آگئے۔ واپسی میں پغمان کی مسجد اور محلّات بھی دیکھے نہایت پُر فضا مقام ہے ؎

ز فرق تا بقدم ہر کجا کہ مے نگرم
کرشمہ دامنِ دل میکشد کہ جا اینجا است

## غزنی کی سَیر:

اعلحضرت کی مُلاقات کے بعد خیال تھا کہ غزنی اور قندھار کے شہروں کی سَیر کروں۔ مگر میرے دونوں پاؤں میں تکلیف تھی۔ اس لیے صرف غزنی ہی جا سکا۔ اِس پُرانے شہر کو دیکھ کر بڑی عبرت حاصل ہوتی ہے۔ یہاں وُہ

شہر لیٹا ہوا ہے۔ جس کی چار دانگ ہند میں دھاک بندھی ہوئی تھی۔ اس کے گنبد کی تعمیر و مرمت امیر حبیب اللہ خاں مرحوم نے کرائی تھی۔ مزار پر فاتحہ خوانی کی اور اسی دن حکیم سنائی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر بھی حاضر ہوئے حکیم علیہ الرحمۃ اعلیٰ پایہ کے صوفی شاعر اور بزرگ تھے۔ جن کے کلام میں علم و عرفان کے علاوہ مزاح کی چاشنی بھی ہے۔

غزنی شہر کے پرانے دروازوں کے کھنڈرات اب تک موجود ہیں۔ جن سے پتا چلتا ہے کہ محمود غزنوی کے زمانے میں اس عروس البلاد کی کیا کیفیت ہوگی۔ حالی نے کیا خوب لکھا ہے ؎

ہم نے اِن عالی بناؤں سے کیا اکثر سوال
آشکارا جن سے اُن کے بانیوں کا تھا جلال
قوم کو اس شان و شوکت سے تمھاری کیا ملا
دو جواب اس کا اگر رکھتے ہو یارائے مقال
سرنگوں ہو کر وہ سب بولیں زبانِ حال سے
ہو سکا ہم سے نہ کچھ الانفعال الانفعال
بانیوں نے اس لیے گویا بنایا تھا ہمیں
ہم کو جب دیکھیں خلف اسلاف کو رویا کریں

## امیر عبدالرحمٰن خاں مرحوم :

دُوسرے دن کابل کے باغِ بابر میں جاکر شہنشاہ بابر کے مقبرے کی زیارت

کی تیسرے دن امیر عبدالرحمٰن خان کی قبر پہ گئے جو ایک کوٹھی کے کمرے میں ہے۔ امیر عبدالرحمٰن کی ہیبت و جلال سے کون واقف نہیں مگر اب ع

سو رہے ہیں مقبروں میں ہوں نہ ہاں کچھ بھی نہیں

## قاضی کا اِمتحان :

امیر عبدالرحمٰن صاحب کی بابت بہت سے افسانے مشہور ہیں۔ جن میں سے دو ایک کا ذکر کرنا خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔ کہتے ہیں کہ جب آپ زمانے کی نامساعدت سے تنگ آ کر رُوس کی طرف بھاگے تو نہایت بے سرو سامانی کی حالت میں تھے۔ راستے میں ایک سردار سے ملاقات ہوئی۔ آپ نے کچھ روپے کی ضرورت ظاہر فرمائی۔ اُس نے کہا میرے پاس چالیس ہزار روپیہ موجود ہے۔ جو بلا تامّل حاضر کرتا ہوں۔ چنانچہ اُس نے وُہ روپیہ آپ کو دے دیا۔ عرصے کے بعد جب بخت نے یاوری کی اور آپ شاہِ افغانستان ہو کر سریر آرائے سلطنت ہُوئے تو چند دنوں کے بعد وہ سردار صاحب بھی مُبارک باد دینے آئے۔ آپ نے انھیں نہایت عِزّت و اِحترام سے مہمان بنایا۔ اور دونوں وقت اپنے ساتھ کھانا کھلاتے رہے۔ ایک ہفتہ گُزر گیا تو سردار صاحب نے رخصت چاہی۔ آپ نے معمولی انکار و اِصرار کے بعد رضامندی کا اظہار کیا۔ لیکن سردار صاحب بڑے مُتعجّب تھے۔ کہ چلتے وقت بھی آپ نے اس روپے کا ذکر تک نہیں کیا۔ آخر دُوسرے دِن انھوں نے خود ہی عرض کیا۔ کہ "امیر صاحب وہ روپیہ بھی عطا ہو جاتا

تو بڑی نوازش ہوتی۔ آپ نے فرمایا "کیسا روپیہ؟ کہا چالیس ہزار روپیہ جو چلتی دفعہ آپ مجھ سے لے گئے تھے"۔ فرمایا "کوئی رسید یا گواہ ہے؟" کہا "میں آپ سے رسید لیتا یا گواہ بناتا اچھا لگتا تھا؟" فرمانے لگے کہ بغیر رسید یا گواہ کے روپیہ کیسے مل سکتا ہے۔ سردار نے کہا تو فرمائیں۔ اب میں کیا کروں؟ فرمایا کہ "قاضی کے پاس دعویٰ کرو"۔

اُس زمانے میں امیر صاحب کے دربار میں وزیر مستوفی اور قاضی القضاۃ حاضرِ دربار رہتے تھے۔ سردار صاحب امیر عبدالرحمٰن کے پاس سے اُٹھ کر قاضی صاحب کے سامنے جا بیٹھے۔ اور ساری داستان کہہ سُنائی۔ اُنھوں نے بھی گواہ یا رسید کا مُطالبہ کیا۔ مگر یہاں تو سوائے خُدا کے کوئی گواہ ہی نہ تھا۔ قاضی صاحب نے وہیں بیٹھے بیٹھے آواز دی۔ "امیر صاحب یہ خُدا کو گواہ بناتا ہے۔ آپ نے اگر روپیہ نہیں لیا۔ تو آ کر حلف اُٹھایئے"۔ امیر صاحب نے فرمایا۔ کہ "میں اور حلف؟" قاضی صاحب نے کہا۔ "یا تو روپیہ دیجیے یا حلف اُٹھایئے۔ یہی شرعی حکم ہے"۔ امیر صاحب نے اس پر بھی انکار کیا تو قاضی صاحب اُٹھ کھڑے ہوئے اور کہا "یہ لیجیے قلمدانِ قضاۃ آپ کے حوالے ہے۔ میں ایسی خدمت نہیں کر سکتا جس میں آپ شریعت سے گُریز کریں"۔ امیر صاحب نے اُسی وقت چالیس ہزار روپے خزانے سے منگا کر سردار صاحب کے حوالے کیے اور ایک خلعت گراں بہا منگا کر قاضی صاحب کو پہنایا اور فرمانے لگے کہ مجھے روپیہ دینے میں عُذر نہ تھا۔ مجھے تو آپ کی دیانت کا اِمتحان لینا تھا جس میں آپ پورے اُترے۔

## جھوٹی افواہوں پر سزا :

یہ واقعہ بھی مشہور ہے کہ کسی شخص نے یہ خبر اُڑا دی کہ رُوس کی فوجیں افغانستان پر حملہ کرنے والی ہیں۔ آپ نے یہ سُن کر اس کی تفتیش کرائی تو ایک اجل رسیدہ نانبائی اِس افواہ کا موجد ثابت ہُوا۔ آپ نے اُسے بُلا کر ایک آہنی پنجرے میں بند کر دیا اور شہر کے باہر ایک اُونچے درخت پر یہ پنجرہ رکھوا کر حکم دیا کہ چُونکہ تمھاری نظر بہت تیز ہے۔ اِس لیے تم دیکھتے رہو جب رُوسی آئیں تو ہمیں اطلاع دینا۔ وہ بیچارا بھُوکا پیاسا وہیں مر گیا۔

## امیر کی ذہانت :

امیر صاحب کو مٹھی چپی کرانے کی عادت تھی۔ مگر دماغ اتنا زُود رس اور ہمہ گیر واقع ہُوا تھا کہ سامنے راگ ہو رہا ہے اور جا بجا اُس پر تبصرے کیے جا رہے ہیں۔ مُٹھی چپی والے کو بھی کہا جا رہا ہے کہ ذرا اور زور سے۔ میر منشی صاحب گورنمنٹ آف انڈیا کے مُراسلے سُنا رہے ہیں اور آپ اُن کا جواب بھی لکھوا رہے ہیں۔ ایسے آدمی دُنیا میں پیدا تو ہوتے رہتے ہیں۔ مگر صدیوں اور قرنوں کے بعد۔

## نمائشِ کابل :

جن دنوں میں کابل میں تھا مصنوعات افغانستان کی ایک نمائش بھی لگی ہُوئی تھی میں بھی وہ نمائش دیکھنے گیا۔ اعلیٰ درجہ کے قالین، پردے اور

پشمینہ کا سامان قرینے سے سجا ہوا تھا۔ ایک نخود آبی کابلی دھسہ بھی پڑا تھا اس کا ٹکٹ پڑھا۔ تو اس پر ۱۲۰۰ روپیہ کابلی درج تھا۔ علیٰ ہذا ایک خوبصورت قالین جو نہایت عمدہ اور سبک بنا ہوا تھا، اس کی قیمت ۸۰۰ روپیہ کابلی لکھی ہوئی تھی۔ قراقلی کی ٹوپی کی ایک پوستین بھی دیکھی۔ جس کی قیمت ۴۵ روپے درج تھی۔ اسی طرح اور صدہا چیزیں تھیں جنھیں میں نگاہِ غلط انداز سے دیکھتا ہوا چلا آیا۔ دوسرے دن اعلیٰحضرت کی طرف سے وہی کابلی دھسہ وہی قالین اور دو ٹوپیوں کے لیے پوستین، ایک سنگِ یشب کا بڑا پیالہ اور خشک میوہ جات بطورِ رخصتانہ میری قیام گاہ میں پہنچ گئے۔ جس کے ساتھ چند کتابیں بھی تھیں۔ جن میں ایک کتاب گلستانِ سعدیؒ کا ولایتی چھپا ہوا خلاصہ تھا۔ جو غالباً اعلیٰحضرت نے مرتب کر کے چھپوایا تھا۔

## سردار ہاشم خاں:

میں جتنے دن وہاں رہا شاہی مہمان کی حیثیت سے ٹھہرا۔ ایک روز سردار عبدالرسول صاحب نے اور پھر شہزادہ احمد علی جان نے دعوت کی۔ دورانِ قیام میں سردار ہاشم خاں صاحب سے بھی ملاقات ہوئی۔ بڑے جابر طبع ہیں۔ سیاسیات میں اچھا دخل ہے۔ مگر وہ اعلیٰحضرت کی موجودگی میں بھی اس قدر مختار تھے کہ بعض احکام اعلیٰحضرت کے رہ جاتے اور اُن کے ترمیمی احکام نافذ ہو جاتے تھے۔

سردار شاہ ولی خاں اُن دنوں کابل میں تشریف نہ رکھتے تھے۔ مگر جب

دوبارہ پیرس سے آتے ہوئے لاہور سے گزرے تو ریلوے سٹیشن پر اُن سے ملاقات ہوئی۔ بہت خندہ مزاج اور سلیمُ الطبع اِنسان ہیں۔ اسی ڈبے میں سردار غلام نبی خان بھی موجود تھے، جنھیں صلاح الدین سلجوقی صاحب نے بڑے وعدے مواعید کے بعد اُن کے ساتھ کر دیا تھا۔ میں نے اُنھیں دیکھتے ہی اپنے دل میں سمجھ لیا کہ یہ بیچارے پاداشِ اعمال کے لیے جا رہے ہیں۔ چنانچہ وہاں جا کر اُن کے چند خطوط اُنھیں دکھائے گئے اور موت کی سزا دی گئی۔

# زیارتِ حرمین شریفین

## ارادۂ حج :

مُدت سے بیت اللہ شریف کی زیارت کا شوق تھا مگر نجد و حجاز پر ابن سعود کے تسلّط کے بعد وہاں کی زیارات کے اِنہدام اور وہابیوں اور غیر وہابیوں کی آویزش کے افسانے ایسے دِل خراش تھے کہ عزمِ سفر کا حوصلہ نہ ہوتا تھا اِس سلسلے میں چند ایک مولوی صاحبان سے رجوع کیا تو اُنھوں نے بھی یہی فتویٰ دیا کہ ایسے دورِ پُر آشوب میں حج کے لیے جانا ضروری نہیں۔ باین ہمہ میں نے ۱۹۳۰ء میں مُصمم ارادہ کر لیا کہ اِس سال زیارتِ بیت اللہ شریف سے ضرور مُشرف ہوں گا۔

## حاجی کا لقب :

میں نے سیّد احمد صاحب بریلوی کی سوانح عمری میں پڑھا تھا کہ جب آپ حج کو گئے تو دُعا کی کہ الٰہی میرے اور میرے ساتھیوں کے نام کے ساتھ لفظ حاجی استعمال نہ کیا جائے۔ گو حاجی کہلانے میں شرعاً کوئی قباحت نہیں تاہم میری بھی یہی تمنا تھی کہ میں بھی حاجی کے لقب سے مُخاطب نہ کیا جاؤں

کیونکہ اکثر حضرات جب فریضۂ حج سے فارغ ہو کر آتے ہیں تو اُن میں ایک طرح کی رعُونت اور احساسِ برتری پیدا ہو جاتا ہے اور وہ اپنے آپ کو جنّت کا ٹھیکہ دار سمجھنے لگتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ایسے نام نہاد حاجیوں کو لوگ کچھ اچھی نظر سے نہیں دیکھتے۔ اکثر شعراء و اُدباء نے اپنی نگارشات میں ان برخود غلط قسم کے حجّاج کرام کا تمسخر اُڑایا ہے۔ سعدیؒ نے بھی اپنی تصنیفات میں حاجیوں کو طنز کے ساتھ ہی یاد کیا ہے۔ مثلاً بوستان میں لکھتے ہیں ؎

مرا حاجیؔ شانۂ عاج داد　　　　کہ رحمت بر اخلاقِ حجّاج باد

اور گلستان میں فرماتے ہیں ؎

از من بگوئے حاجیؔ مردم گزائے را
کو پوستینِ خلق بآزار می درد
حاجی تو نیستی شُتر است از برائے آنکہ
بے چارہ خار می خورد و بار می بُرد

شاید وقتِ اجابت تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ میری دُعا قبول ہو گئی۔

## روانگی :

مَیں نے اپنے جانے کا ذکر کسی سے نہیں کیا تھا۔ گھر کے لوگ بھی اس وقت واقف ہُوئے جب برخوردار عبدالحمید پاسپورٹ بنوا کر لایا۔ کاکا عبدالصمد صاحب، جو عمر میں مجھ سے بڑے ہیں، میرے شریکِ سفر تھے۔ یہ میری مرحومہ

بیوی کے ماموں ہیں۔ اِس وقت اُن کی عمر سو برس سے مُتجاوز ہو چکی ہے ابتدائی عمر پہلوانی کے شوق میں گزُری۔ ریش و بروت کی صفائی لازمۂ پہلوانی ہے۔ شرع کے بھی کچھ ایسے پابند نہ تھے۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ خداوندِ کریم نے اُن کا حج قبول فرما لیا۔ حج کے بعد پابندِ صوم و صلوٰۃ ہو گئے اور ڈاڑھی بھی رکھ لی۔

جس دِن روانگی کا ارادہ تھا۔ میں نو بجے کے قریب دفتر میں بیٹھا باتیں کر رہا تھا کہ خان بہادر راجہ فاضل محمد خان صاحب انسپکٹر تعلیمات تشریف لائے۔ اُنھوں نے پوچھا "کہاں کی تیاری ہے"؟ میں نے جواب دیا۔ "کراچی جا رہا ہوں"۔ گاڑی کا وقت ہو رہا تھا۔ اس لیے وہ دو چار رسمی باتیں کر کے چلے گئے۔ لیکن جب میں اسٹیشن گیا تو خدا معلوم اُنھیں کیسے خبر لگ گئی کہ میں حج کو جا رہا ہوں۔ چُنانچہ وہ فوراً ہی اسٹیشن آ گئے۔ مرزا معراج الدین صاحب مرحوم سیکنڈ ماسٹر اسلامیہ ہائی سکول بھی اُن کے ساتھ تھے۔ لیکن وقت بہت کم تھا اور ابھی ہم باتیں ہی کر رہے تھے کہ گاڑی چل دی۔

## شریکِ سفر:

گاڑی میں ایک اور بڑے میاں ہمارے شریکِ حُقّہ ہو گئے۔ آدمی بڑے بے تکلّف تھے۔ اس لیے جلدی گھُل مل گئے۔ اُن کا نام دیدار بخش تھا اور قوم زرگر۔ اِتّفاق سے رہنے والے بھی اُسی محلّے کے تھے جہاں ہماری

پہلے سکونت تھی۔ میں نے زادِ سفر سے متعلق استفسار کیا تو انھوں نے بتلایا "پانچ سو روپے اور لاہور سے کراچی تک آمد و رفت کا فری پاس"۔ اتنے طویل سفر کے لیے یہ رقم میرے خیال میں ناکافی تھی۔ اس لیے میں نے اِن سے کہا کہ آپ روانگی سے لے کر واپسی تک میرے مہمان ہیں خورد و نوش وغیرہ پر جو صرف ہو گا وہ میں ادا کروں گا۔ وہ بخوشی راضی ہو گئے۔

کاکا عبدالصمد صاحب کی مالی حالت بھی کچھ زیادہ اچھی نہ تھی۔ میں چاہتا تو ان کے کرایہ وغیرہ کے اخراجات بھی خود ہی برداشت کر سکتا تھا مگر یہ سوچ کر چپ ہو رہا کہ اِس مبارک سفر میں کم از کم کرایہ کا خرچ انھیں آپ خود برداشت کرنا چاہیے۔ ورنہ وہ محض طفیلی بن کر رہ جائیں گے۔

## زادِ سفر :

اُن دنوں برخوردار عبدالرشید اور عبدالوحید ولایت میں تھے مگر عبدالمجید اور عبدالحمید لاہور ہی میں تھے۔ انھوں نے کافی روپیہ میرے ہمراہ کر دیا تھا۔ مگر میں نے صرف حسبِ ضرورت ہی لیا اور باقی انھیں واپس کر دیا کیونکہ دُور دراز کے سفر میں زیادہ رقم کی حفاظت بھی ایک مصیبت ہوتی ہے۔

کراچی میں سیٹھ عباس لوہرہ تاجرِ کتب ہمارے معاملت دار تھے۔ انھیں پہلے ہی سے مطلع کر دیا گیا تھا۔ چنانچہ وہ اسٹیشن پر پہنچ گئے۔ بڑے خلیق اور متواضع انسان تھے۔ انھوں نے مکھن خرید کر اس کا گھی بنوایا اور کئی ڈبے بھر کر ہمارے ساتھ کر دیے۔ علاوہ بریں دس بارہ مرغ،

بسکٹوں کے کئی ڈبے، ڈبل روٹیاں اور خشک دودھ بھی ہمارے ہمراہ کیا۔ میں نے تقریباً دو سو روپے کے زنانہ و مردانہ کپڑے مستحقین میں تقسیم کرنے کے لیے انھی کے ذریعے منگوائے۔ احرام باندھنے اور کفن کے لیے دو تین تھانوں کا بندوبست بھی انھوں ہی نے کیا۔ کراچی میں تین چار روز کی اقامت سیٹھ صاحب کے ہاں ہی رہی اور وہ نہایت ہی محسن اخلاق بلکہ حسنِ عقیدت سے پیش آئے۔

## ٹیکہ :

جہاز میں سوار ہونے سے پہلے لازمی طور پر ٹیکہ لگوانا پڑتا ہے۔ اگرچہ میں نے لاہور میں ہی چیچک کا ٹیکہ لگوا لیا تھا مگر کراچی میں طاعون سے حفظِ ماتقدم کا ٹیکہ بھی لگوانا پڑا۔

## حاجیوں کا جہاز :

جس جہاز میں ہمیں سفر کرنا تھا، اُس کا نام "دارا" تھا۔ اور وہ بندرگاہ سے تین میل کے فاصلے پر لنگر انداز تھا۔ میں اپنے ہمراہیوں کے ساتھ جہاز دیکھنے گیا اور اپنے لیے ایک جگہ بھی پسند کر آیا۔ مگر ایک دہلوی صاحب نے، جو کراچی میں حج کمیٹی کی طرف سے مہتمم تھے، وہ جگہ اپنے احباب و متوسلین کے لیے پہلے ہی سے محفوظ کر رکھی تھی۔ لاچار ہمیں جگہ کا انتخاب قُلیوں کی ہی صوابدید پر چھوڑنا پڑا۔ انھوں نے واٹر ٹیپ کے قریب ایک

اچھی سی جگہ منتخب کرکے ہمارے بستر لگا دیے۔ اس کا معاوضہ اُن کو پندرہ روپے ادا کیا گیا۔

کراچی سے ہم نے کینوس کی تہ ہو جانے والی چار پائیاں خریدی تھیں جو اُس زمانے میں بہت سستی مل گئیں۔ یعنی ایک چارپائی ساڑھے چار روپے میں۔ کینوس کی ایک کُرسی بھی لے لی تھی۔ ان چیزوں سے ہمیں بڑا آرام ملا۔ مگر جدہ پہنچتے پہنچتے چار پائیوں کے ٹانکے کئی جگہ سے نکل گئے۔ البتہ کُرسی بچی رہی۔ جدہ پہنچ کر یہ سب سامان وکیل صاحب کے ہاں رکھوا دیا کیونکہ جابجا ساتھ ساتھ اُٹھائے پھرنا دِقّت طلب تھا۔

## جدّہ:

جدہ پہنچ کر جہاز ساحلِ سمندر سے تقریباً تین میل دُور ہی ٹھہر جاتا ہے یہاں سے کشتیوں میں سوار ہو کر مُسافر جدہ پہنچتے ہیں۔ مُسافروں اور سامان کے لیے علٰحدہ علٰحدہ کشتیاں ہوتی ہیں۔ سامان اُٹھانے کے لیے جو قُلی متعین ہیں وہ اسباب کو گڈمڈ کر کے کشتیوں میں بار کر دیتے ہیں اگرچہ جہاز سے اُترتے اور کشتی میں سوار ہوتے وقت اِعلان کر دیا گیا تھا کہ ملاحوں کو کوئی رقم نہ دی جائے کیونکہ انھیں حکومت کی طرف سے فی کس مُقررہ اُجرت مل جاتی ہے۔ مگر یہ ملاح ایسے لالچی ہیں کہ لیے بغیر خلاصی نہیں کرتے۔ اُنھوں نے میرے سامنے ایک غریب مُسافر کو محض اِس لیے پانی میں پھینک دیا کہ اُس نے کچھ دیا نہ تھا۔ یہ ملاح مُسافروں سے سِتھمال

بالجبر کے بعد یہ کہلواتے تھے کہ یہ رقم انھیں بطورِ خیرات دی گئی ہے۔ زبردست کا ٹھینگا سر پر۔ غریب مسافر چار و ناچار یہی کہہ دیتے تھے۔

## کسٹم آفس :

جب ہم جدّہ پہنچے تو عبدالرزاق فارسی معلّم کے ایجنٹ عبدالرحمٰن ہمیں اُس وکیل کے مکان پر لے گئے جو معلّم صاحب کی طرف سے حاجیوں کی اقامت کے لیے مقرّر تھا۔ اس کا کرایہ دو رُوپے فی حاجی لیا جاتا تھا۔

کسٹم کے دفتر میں ہمارا سامان رکھا تھا۔ میں نے سامان کی پڑتال کی تو معلوم ہُوا کہ وہ صندوق ندارد ہے۔ جس میں روپیہ، کپڑے اور کتابیں تھیں۔ اُس کی جگہ کوئی اور صندوق رکھا ہُوا تھا۔ میں نے کسٹم آفیسر سے کہا کہ یہ صندوق میرا نہیں ہے۔ یہ افسر سعودی عرب کا مُلازم تھا۔ اُس نے کہا فکر نہ کیجیے ہمارے دیکھے بغیر یہاں سے ایک چیز بھی باہر نہیں جا سکتی۔ میں نے صندوق کا حُلیہ بتا دیا۔ اُس نے کہا کہ آپ جا کر آرام کیجیے۔ جب مل جائے گا تو آپ کو پہنچا دیا جائے گا۔ چنانچہ شام کے قریب ہمیں اِطّلاع ملی کہ وہ صندوق کسٹم میں پہنچ گیا ہے۔ میں گیا تو اُنھوں نے مجھ سے صندوق کے اندر کی اشیاء کے بارے میں پوچھ گچھ کی۔ میں نے تفصیل بتائی تو اُنھوں نے صندوق کھلوایا۔ چونکہ شروع ہی میں دو ایک چیزیں ایسی نکلیں جن کی نشان دہی میں نے کر دی تھی۔ اس لیے انھوں نے وہ صندوق بلا تامّل میرے حوالے کر دیا۔ افسر کسٹم ایک

بااخلاق آدمی تھا۔ اُس نے ہمارے لیے قہوہ بھی تیار کرایا۔ جو کانچ کے چھوٹے چھوٹے پیالوں میں پیش کیا گیا۔ ان کو فنجان کہتے ہیں اور عرب میں چائے نوشی کے لیے یہی استعمال ہوتے ہیں۔

## مُعلّم عبدالرّزاق فارسی :

جدّہ پہنچنے کے بعد عبدُالرّزاق فارسی بھی ہماری دیکھ بھال کے لیئے آگئے۔ آپ حضرت سلمان فارسی کی اولاد میں سے ہیں اور ایک اچھے مُنتظم اور پکّے دنیا دار ہیں۔ ایّامِ حج قریب تھے۔ اس لیئے اکثر لوگ تو مکّہ معظّمہ کو ہی روانہ ہو گئے۔ مگر چند لوگوں کی تجویز تھی کہ حج سے پہلے حج نما کی زیارت کرنی چاہیے۔ ان میں ایک میں بھی تھا۔ ہم نے معلم صاحب سے اپنے عندیہ کا ذکر کیا تو انھوں نے فوراً تین چار لاریاں اور دو موٹریں ہمارے لیے تیار کرا دیں۔ لیکن روانگی سے پہلے انھوں نے پچیس روپے آٹھ آنے فیس مُعلّمی وصول فرمالی۔ جس میں زمزمی اور مکّہ مُعظّمہ کی رہائش کا خرچ نکال کر پندرہ روپے فی کس سرکاری ٹیکس بھی شامل تھا۔

## مدینہ مُنوّرہ کو روانگی :

مدینہ مُنورہ جانے کے لیے میں نے موٹر کی سواری پسند کی جدّہ سے مدینہ منوّرہ اور پھر واپس جدّے اور یہاں سے مکّہ مُعظّمہ تک جانے کا کرایہ فی کس تین سو روپے مُقرر ہُوا۔ لاری میں ایک سو پچاسی روپے

کچھ اُنے خرچ آتے تھے ۔ تمام کرایہ روانگی سے پہلے ہی وصُول کر لیا جاتا ہے ۔ جس میں سے نصف سعُودی حکومت لے لیتی ہے ۔ وہاں دستُور ہے کہ چھ لاریوں کے ساتھ ایک ایسی لاری بھیجی جاتی ہے جس میں پیٹرول اور سامانِ مرمّت وغیرہ ہوتا ہے ۔

ہمارا قافلہ شام کے وقت روانہ ہُوا اور چُونکہ ہمیں جانے کی جلدی تھی اس لیے راستے میں سوائے تھوڑے تھوڑے وقفہ کے سفر مُسلسل جاری رہا ۔ اِس طرح ہم بُدھ کی شام کو چلے ہوئے جُمعہ کے روز دس بجے صُبح مدینہ مُنوّرہ پہنچ گئے ۔

## غُلام اِمام شہیدی :

مدینہ مُنوّرہ سے تین میل اِدھر ، یثرب کے پاس ایک پہاڑی ہے ۔ یہاں سے گُنبدِ خضرا صاف نظر آتا ہے ۔ اکثر زائرین یہیں سے درود خوانی میں مصرُوف ہو جاتے ہیں ۔ میں تو پہاڑی پر نہیں چڑھا ۔ مگر میرے ہمراہیوں میں سے جو لوگ وہاں گئے اُنھوں نے بتایا کہ پہاڑی پر غُلام امام شہیدی کی قبر ہے ۔ یہ بزرگ نعتِ رسُولؐ میں خاص درجہ رکھتے تھے اور اِن کی لکھی ہُوئی نعتیں بہت مقبول ہُوئیں ۔ قُدسی کی اِس نعت پر ؎

مرحبا سیّدِ مکّی مدنی العربی
دل و جاں باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

بہت سے شاعروں نے تضمین لکھی ہے ۔ مگر شہیدی صاحب کی تضمین

اپنے اندر ایک خاص کیف و سرور رکھتی ہے۔ کہتے ہیں کہ شہیدی صاحب جب یثرب پہنچے تو حاکمِ مدینہ کو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے حکم ہوا کہ اِس شخص کو مدینے میں نہ آنے دینا۔ چنانچہ وہ بے چارے یہیں روک لیے گئے۔ انھوں نے بہت منت سماجت کی اور کہا کہ مجھے اِس پہاڑی پر ہی سے روضۂ اطہر کی زیارت کر لینے دو۔ حاکم نے اجازت دے دی۔ آپ پہاڑی پر چڑھے اور روضۂ اطہر کی جھلک دیکھی تو بے اختیار غش کھا کر گر پڑے اور طائرِ روح قفسِ عنصری سے پرواز کر گیا۔

## مولانا جامی رح :

مولانا جامی علیہ الرحمۃ سے بھی اسی قسم کا ایک واقعہ منسوب ہے۔ مولانا حجِ بیت اللہ شریف کے لیے مکۂ معظمہ گئے تو مدینہ منورہ جانے کا شوق پیدا ہُوا۔ مگر پھر سوچا کہ حج کے ضمن میں مدینہ منورہ جانا ٹھیک نہیں۔ یہ تو وہ سرکار ہے کہ گھر سے صرف اسی کی زیارت کی نیت سے آنا چاہیے چنانچہ آپ مکے ہی سے واپس لوٹ گئے اور اگلے سال زیارتِ روضۂ رسولِ خدا ؐ کے لیے مدینے روانہ ہوئے۔ حضور پُرنورؐ نے حاکمِ مدینہ کو ان کی صورت دکھا کر ارشاد فرمایا کہ یہ شخص مدینے آئے تو اُسے خوب زدو کوب کرنا۔ حاکم سخت پریشان تھا۔ مگر حکم کی تعمیل کے سوا کوئی چارہ بھی نہ تھا۔ کہتے ہیں کہ جب مولانا نے روضۂ اطہر پر حاضر ہو کر یہ نعت پڑھی۔ ع

از وجودت شد مزین مسندِ پیغمبری

تو مسجدِ نبوی میں زلزلے کی سی کیفیت پیدا ہو گئی۔

## مفتی غلام سرور :

اس سلسلے میں مفتی غلام سرور صاحب لاہوری مرحوم کا ذکر کرنا بھی بے جا نہ ہوگا۔ مفتی صاحب رائے بہادر کنہیا لال ایگزیکٹو انجینئر پنجاب کے ہاں بطورِ منشی ملازم تھے۔ طبیعت اچھی پائی تھی۔ کئی کتابیں تصنیف کیں جو لالہ کنہیا لال کے نام سے شائع ہوئیں اور ان پر بیش قرار معاوضے ملے۔ مفتی صاحب نعت گوئے رسولِ مقبول تھے۔ اِن کا نعتیہ دیوان بھی موجود ہے۔ ہر نعت کے آخر میں یہی التجا کرتے تھے کہ میں حضور میں پہنچوں اور وہیں جاں بحق ہو جاؤں۔ آپ کی یہ آرزو پوری ہوئی۔ حجِ بیت اللہ کے بعد جب مدینہ منورہ پہنچے تو اِسہال کی بیماری سے اُن کا انتقال ہو گیا۔ مدینے میں وہ غالباً آٹھ دن زندہ رہے۔ وہاں اُنھوں نے جو نعتیں کہیں وہ حضوری نعتوں کے عنوان سے اُن کے دیوان کے آخر میں درج ہیں۔

## قابلِ رشک موت :

ہمارے ساتھ سندھیوں کی بھی ایک لاری تھی۔ اِن لوگوں میں ایک شخص بیمار تھا۔ اُس نے مدینے پہنچ کر دم دے دیا۔ جمعہ کا مبارک دن تھا۔ روضۂ اطہر کے سامنے اُس کی نمازِ جنازہ ادا ہوئی اور ہم سب کو

رشک تھا کہ اے کاش ! یہ ہم ہی ہوتے ۔

## مدینہ منوّرہ :

مدینہ ایک پُر فضا شہر ہے ۔ آب و ہوا خوش گوار ہے ۔ لوگ نہایت شائستہ اور با اخلاق ہیں ۔ یہاں پیشہ ور دھوبی نہیں ہوتے ۔ لیکن باشندے عموماً سفید پوش نظر آتے ہیں ۔ یہ لوگ اپنے گھروں ہی میں کپڑے دھو لیتے ہیں غیر ملکی زائرین کسی غریب گھرانے سے مُعاملہ کر لیتے ہیں ۔ جو اُن کے کپڑے دھو دیتا ہے ۔ مکہ مُعظمہ میں آپ کسی سائل کو ایک روپیہ دیں گے تو وہ آپ کے مُنہ کو دیکھے گا کہ یہ کیا دیا ہے ؟ مدینہ میں ایک آنہ بھی کسی کو دیں گے تو وہ دُعا کے لیئے ہاتھ اُٹھا دے گا ۔ لوگ گھُل مل کر رہتے ہیں اور دُکھ درد میں ایک دوسرے کا ہاتھ بٹاتے ہیں ۔ جب دو عورتوں یا دو مردوں میں لڑائی ہو جائے تو صُلح کرانے والے کہہ دیتے ہیں "صلّو علیہ" اس پر لڑائی فوراً بند ہو جاتی ہے ۔

## شیخ الدلائل :

مسجد نبوی میں پہلے دو شیخ الدلائل ہُوا کرتے تھے ۔ جن کی زیر نگرانی کئی درویش اور شاگرد پندرہ پندرہ ختم دلائل روزانہ کیا کرتے ۔ دلائل الخیرات میں صرف درُود شریف ہیں اور کسی درُود میں رسُولِ خدا کا رتبہ خدا سے نہیں بڑھایا گیا ہے ۔ بلکہ جا بجا یہی مذکور ہے کہ یا الٰہی ! محمد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اس قدر درود و صلوٰۃ بھیج جس قدر کہ دُنیا کے ریگستانوں میں ذرّات اور آسمان میں ستارے ہیں۔ مگر سعودی حکومت نے یہ سلسلہ اب قطعی بند کر دیا ہے۔ البتہ قرآن شریف رکھے ہوئے ہیں جس کا جی چاہے پڑھے۔

مجھے دلائل الخیرات پڑھنے کا بہت شوق تھا۔ اور میں نے چند بزرگوں (مثلاً قاری شاہ سلیمان صاحب پھلواروی، میاں چانن شاہ صاحب بھیروی اور حضرت خواجہ اللہ بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ تونسوی وغیرہ) سے اس کی اجازت بھی لے لی تھی۔ پھر بھی میری آرزو تھی کہ مدینہ منورہ کے کسی شیخ الدلائل سے بھی اجازت لے لی جائے۔ معلوم ہوا کہ ایک شیخ الدلائل عبدالفتاح سیّد محمد رضوان چوک روضۂ اطہر کی مشرقی گلی میں رہتے ہیں، اُن سے ملیے۔ چنانچہ مسجدِ نبوی میں اُن سے بوقتِ نمازِ مغرب ملاقات ہوئی۔ میں نے اظہارِ مدّعا کیا تو فرمانے لگے کہ یہاں اِس ذکر کو رہنے دیجیے۔ کسی وقت مکان پر تشریف لائیے۔ میں مکان پر پہنچا تو آپ نے فرمایا کہ ہمارے ہاں لفظاً لفظاً سُن کر اجازت دینے کا معمول ہے۔ اس لیے آپ بھی ہر روز آکر ایک ایک حرف روزانہ سُنا دیا کیجیے چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ میں اپنے آٹھ دن کے دورانِ قیام میں ہر روز اُن کے ہاں جاتا۔ انھوں نے مطبوعہ کتاب میں کہیں کہیں اعراب کی اغلاط بھی دُرست کیں اور بایں شرط اجازت دی کہ ختمِ دلائل کے بعد کی دُعا میں انھیں بھی شامل کر لیا جایا کرے۔ چنانچہ میں اب تک اِس پر کاربند ہوں

## روضۂ اطہر کی زیارت :

روضۂ اطہر کے دیدار سے قلب و رُوح کی جو حالت ہوتی ہے۔ وہ بیان سے باہر ہے۔ اکثر مُزوّر صاحبان مسجد میں ہوتے ہیں جو روضۂ اطہر کے سامنے لے جا کر صلوٰۃ وسلام کی موجودہ شرعی عبارتیں پڑھتے پڑھاتے ہیں۔ ہم لوگ جس وقت بھی حاضرِ حضور ہو کر صلوٰۃ وسلام عرض کیا کرتے تو آنکھوں سے بے اختیار آنسو جاری ہو جاتے۔ میں نے ایک دفعہ ایک نعت میں لکھا تھا ؎

یا محمّد مُصطفےٰ رُوحی فداک
کے بدرگاہت رسد ایں مُشتِ خاک

بفضلہٖ تعالیٰ میری یہ تمنا پُوری ہُوئی اور حضور پُر نور کی کشش نے اِس مُشتِ خاک کو کھینچ ہی لیا۔

## گُنبدِ خضرا :

گُنبدِ خضرا کی مغربی جالی میں تقریباً ایک ایک فٹ کے تین مُدوّر سُوراخ ہیں۔ ایک حضور پُر نور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی زیارت کے بالمُقابل، دُوسرا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، اور تیسرا حضرت عمر رضی اللہ عنہ، کی قبر کے بالمقابل ہے۔ زائرین پہلے سُوراخِ نبوی کے سامنے درود وسلام پڑھتے ہیں۔ اس کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضؓ اور حضرت عمر فاروق رضؓ کی قبروں والے سُوراخوں کے سامنے۔ لیکن شیعہ حضرات صرف سُوراخِ نبوی کے

سامنے ہی صلوٰۃ وسلام پڑھتے ہیں۔

## روضۂ نبوی کو بند کرنے کی وجہ :

کہا جاتا ہے کہ پہلے زمانے میں نہ تو یہ جالیاں تھیں اور نہ اندر جانے کی ممانعت تھی۔ ایک دفعہ دو شیطان سیرت آدمی روضۂ اطہر کے قریب کسی مکان میں آکر ٹھہرے اور اُنھوں نے خفیہ طور پر ایک سُرنگ جسمِ اطہر تک پہنچنے کے لیے بنالی۔ حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے ان بدباطنوں کے عزائم کی اطلاع خواب میں حاکمِ مدینہ کو دے دی۔ اُس نے تحقیقات کی تو واقعی ایک سُرنگ کا انکشاف ہُوا۔ اِس کے بعد وہ دونوں مردود تو کیفرِ کردار کو پہنچے اور روضۂ اطہر کے گرد زمین کھود کر اس میں سیسہ بھر دیا گیا۔

## عشقِ رسُولؐ :

ایک شخص ہر سال مکّہ مُعظّمہ سے پیدل چل کر زیارتِ رسُولِ مقبُول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مدینہ مُنوّرہ آتا تھا۔ ایک دفعہ اُسے فتق کی بیماری ہوگئی۔ بڑی دقّت سے روضہ پر حاضری دی اور رو رو کر عرض کیا کہ "یارسُول اللہؐ ! جب تک پیروں نے ساتھ دیا برابر حاضر ہوتا رہا۔ اب میرا آخری سلام قبُول ہو" کہتے ہیں کہ اُسی وقت اُس کی بیماری جاتی رہی۔ مُعلّم مدینہ مُنوّرہ نے اس شخص کا نام و پتا مجھے بتایا تھا مگر میں اُس سے مل نہ سکا۔

## مبروص شاعر:

قصیدۂ بُردہ کے شاعر کے مُتعلق بھی یہ روایت ہے کہ وہ مبُروص تھا۔ اُس نے نہایت شوق سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں ایک قصیدہ لکھا اور پھر روضۂ اقدس پر حاضر ہو کر پڑھا۔ رات کو خواب میں دیکھا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے اُس پر ایک دھاری دار چادر ڈال دی ہے۔ آنکھ کھولی تو بالکل تندرست تھا۔ عربی میں بُردہ دھاری دار چادر کو کہتے ہیں۔ اِس لیے یہ قصیدہ بُردہ کہلاتا ہے۔

## وقت کی تقسیم:

مدینہ مُنوّرہ میں گھنٹہ صُبح سے شام تک بارہ بجا دیتا ہے۔ اِسی طرح شام سے صبح تک بارہ بجتے ہیں۔ مسجد نبوی میں نو بجے شب تہجّد کی اذان ہوتی ہے۔ اس وقت ہمارے ہاں تین بجے کا وقت ہوتا ہے۔ اکثر زائرین مسجد نبوی میں جا کر نوافل تہجّد ادا کرتے ہیں۔ جن کو موقع ملتا ہے وُہ محرابِ نبوی میں سربسجود ہو جاتے ہیں۔ بعض محراب عثمانی میں اور بعض اصحاب صُفّہ کے چبوترے پر، جو عین روضۂ اطہر کی پائنتی کی جانب ہے، نوافل و وظائف ادا کرتے ہیں۔

## مساجد کی حالت:

مسجد نبوی تعمیر کے لحاظ سے ایک معمولی عمارت ہے۔ اگر شاہانِ مُغلیہ

لہ وہ جسے برص کی بیماری ہو۔

کا عمل دخل ہوتا تو وہ اِس میں سونے چاندی کی اینٹیں لگاتے۔ دُوسرے مقاماتِ مُقدسہ مثلاً مسجد نمرہ اور مسجد پیغمبراں وغیرہ بھی بڑی کسمپرسی کی حالت میں پڑے ہیں۔ غالباً ایامِ حج کے بعد ان کی صفائی وغیرہ کا مطلق انتظام نہیں ہوتا۔

## رہائشی مکانات کا فقدان :

عرب میں سرائے اور ہوٹل بالکل نہیں ہوتے۔ ریاستہائے حیدرآباد بہاولپور اور بھوپال وغیرہ نے چند مکانات بنوائے ہیں جو رباط کے نام سے مشہور ہیں۔ لیکن اِن مکانات میں والیانِ ریاست کے اہلکار اور اُن کے اعزّہ و اقارب ہی سکونت پذیر ہوتے ہیں۔ مِنیٰ اور مُزدلفے میں تو یہ رباط بھی نہیں۔ لوگوں کے اپنے ذاتی مکانات ہیں۔ پُرانی وضع کے تنگ و تاریک اور ناصاف۔ اگر مُسافر آجائیں تو ایک ہی کمرے میں ٹھہرائے جاتے ہیں۔ چارپائی کا رواج بہت ہی کم ہے۔ بعض لوگ شغدف سے چارپائی کا کام لیتے ہیں۔ (شغدف ایک قسم کا کجاوہ ہوتا ہے) کہیں چارپائی مل بھی جائے تو وہ ایسی نکمّی ہوتی ہے کہ اُس کے مُقابلے میں زمین اچھی۔ کرایہ پُوچھو تو ایک روپیہ فی شب۔

## فقیر اور چور :

مکہ معظّمہ اور مدینہ منوّرہ میں جرائم کی جتنی وارداتیں ہوتی ہیں وہ ہندوستانی

ہی کرتے ہیں۔ اِسی طرح وہاں جتنے گداگر اور دریُوزہ گر نظر آئیں گے وہ سب کے سب ہمارے ہی ہم وطن ہوں گے۔ عرب بھیک نہیں مانگتے۔

## حرمین کا راستہ :

مدینہ منوّرہ سے مکّہ معظّمہ تک دو سَو ستّر ۲۷۰ میل کی مسافت ہے۔ راستے میں دو تین مقامات پر سات سات آٹھ آٹھ میل کے ریگستانی علاقے ہیں۔ باقی مٹّی والی اور پتھریلی زمین ہے۔ اس پر موٹریں اور اُونٹ چلتے ہیں۔ باضابطہ سڑک کوئی نہیں۔

## جدّہ سے مکّہ معظّمہ کا راستہ :

جدّہ سے رابغ تک تقریباً تیس میل کا فاصلہ ایسا ہے جو ایک دریا کے ساتھ ساتھ جاتا ہے۔ مگر اس دریا کا پانی کڑوا ہونے کے باعث ناقابلِ استعمال ہے۔ اکثر زمینیں بنجر پڑی ہُوئی ہیں۔ اور پینے کے لیے پانی چشموں یا کنوؤں سے حاصل کیا جاتا ہے۔ اگر حکومت توجّہ کرے تو سمندر کے پانی کی کھار دُور کر کے اِسے پینے اور آبپاشی کے قابل بنا سکتی ہے۔ میں نے جہاز میں دیکھا تھا کہ جب کراچی کا بھرا ہُوا پانی ختم ہو گیا تو جہاز والوں نے ایک مشین کے ذریعے سمندری پانی کو صاف کر کے پینے کے قابل بنا لیا۔ اگر سعودی حکومت ہمّت کرے تو ریگستانِ عرب گلستان بن سکتا ہے۔

## کھانے کی تکلیف :

مدینہ منورہ اور مکہ معظمہ میں پکا پکایا کھانا بھی مل جاتا ہے۔ مگر وہ ہمارے مذاق کا نہیں ہوتا۔ پھر بھی اکثر زائرین کو چار و ناچار وہی کھانا پڑتا ہے اگر ہمارے ہاں کے اہلِ ثروت لوگ اِن مقاماتِ مقدسہ میں دیسی وضع کی قیام گاہیں اور طعام خانے تعمیر کرا دیں تو زائرین کی بہت بڑی دقت رفع ہو جائے۔

## ثنیات الوداع :

مدینہ منورہ سے تین چار میل اس طرف ایک چھوٹا سا گاؤں ہے جس میں غریب کاشت کار رہتے ہیں۔ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت فرمائی اور اُس مقام پر پہنچے تو یہاں کے بچوں نے وفورِ مسرت سے یہ گیت گایا ع

طَلَعَ البدرُ عَلَیْنَا من ثنیات الوداع

یعنی یہ وہ مقام ہے جہاں مدینے سے آنے اور جانے والوں کو لوگ رخصت کرنے اور لینے آیا کرتے تھے۔ اسی وجہ سے اس کو ثنیات الوداع کہتے ہیں۔

## مسجدِ قبا و مسجدِ قبلتین :

یہاں سے قریب ہی مسجد قبا ہے۔ ہجرت کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے

سب سے پہلے یہی مسجد تعمیر کرائی تھی اور اِس کی تعمیر میں خود بھی حصّہ لیا تھا۔ یہ مسجد اب تک موجود ہے اور اچھی حالت میں ہے۔ اس کے قریب ہی مسجد قبلتین موجود ہے مگر بالکل ویران نہ وہاں کوئی نماز پڑھتا ہے نہ اذان و اقامت ہوتی ہے۔ زمین پر گھاس اُگی ہوئی ہے۔ یہی وہ مسجد ہے۔ جہاں تحویلِ قبلہ سے پہلے حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام اور آپ کے متبعین مسجدِ اقصیٰ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھا کرتے تھے۔ لیکن حضورؐ کی یہ آرزو تھی کہ کعبۂ ابراہیمی قبلہ بنا دیا جائے کیوں کہ وہی سب سے پہلی عبادت گاہِ آدم ہے۔ ایک دن آپ نماز میں مشغول تھے کہ وحی نازل ہوئی اور اس کے مطابق آپ نے کعبتہُ اللہ کی طرف منہ کر لیا۔ اِن دونوں قبلوں کے چھوٹے چھوٹے محراب بنے ہوئے ہیں۔ کعبتہ اللہ کی طرف ایک مسجد بھی موجود ہے مگر اُس کے صحن میں بھی گھاس اُگی ہوئی ہے۔ غرض کہ موجودہ حکومت کے دور میں مقاماتِ مقدسہ کی شان و شوکت اور احترام کا بالکل خیال نہیں کیا جاتا۔

## ریاضُ الجنّت :

روضۂ اقدس کی شمالی جانب جو دالان ہے وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام اور صحابہ کرامؓ کے لیے بطورِ مسجد کام دیتا تھا۔ اس میں ایک محرابِ نبوی بنا ہوا ہے۔ اور اُس سے کچھ ہٹ کر شمال کی طرف ایک محرابِ عثمانی بھی ہے۔ اس دالان کے مغرب کی طرف جو حصہ مسجد کا بنا ہوا ہے

وہ بعد کا اضافہ ہے۔ اِس محراب نبوی پر حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی یہ حدیث شریف کندہ ہے "مابین بَیْتِیْ وَ مِنْبَرِی رَوْضَۃٌ مِّنْ رِّیَاضِ الْجَنَّۃِ" یعنی میرے گھر اور منبر کے درمیان جنّت کے باغوں میں سے ایک باغیچہ ہے ایک دفعہ حضور نے فرمایا تھا کہ تین مقامات کے سوا اور کسی جگہ کے لیے اُونٹوں پر کجاوے رکھنا (سفر کرنا) غیر ضروری ہے (یعنی بیت المقدس بیت اللہ اور مسجد نبوی) لیکن اس حدیث سے روضۂ اطہر کی زیارت کا اِمتناع ثابت نہیں ہوتا۔ کیونکہ اس میں ان تین مقامات کا ذکر ہے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی ظاہری زندگی میں موجود تھے۔ اس کے بعد حضور کی قبر شریف بنی اور قبر مُبارک کی نسبت بھی ایک حدیث موجود ہے۔

مَنْ زَارَ قَبْرِیْ بَعْدَ مَوْتِیْ فَکَاَنَّمَا زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ (او کما قال)

یعنی جس نے میری قبر کی زیارت میرے بعد کی اُس نے مجھے زندگی میں دیکھ لیا۔

## مکّہ مُعظّمہ کی طرف روانگی :

مدینہ مُنوّرہ میں میری اِقامت صرف آٹھ دن رہی۔ نویں دن مکّہ کی طرف روانگی عمل میں آئی۔ چالیس نمازیں مسجد نبوی میں ادا کی گئی تھیں۔ لیکن جب ہم کھانا کھا کر شہر کے پھاٹک پر پہنچے تو ابھی موٹر لاریاں نہ آئی تھیں۔ اِس لیے دو تین گھنٹے اِنتظار کرنا پڑا۔ اور اِس اِنتظار میں دروازے کے قریب ایک سرکاری عمارت میں نمازِ ظہر ادا کی۔ یہ عمارت تُرکوں نے اپنے

زمانے میں بطور ریلوے سٹیشن بنائی تھی۔ مگر کتنے افسوس کا مقام ہے کہ اس کمرے کا بھی قبلہ درست نہیں۔ ٹیڑھی صفیں بچھا کر نماز ادا کی جاتی ہے مجھے یہ دیکھ کر افسوس ہوا کہ ترکوں نے اپنے وقت میں عربوں بالخصوص سادات کی قدر تو بہت کی۔ مگر سوائے احدی بنانے اور مال خیرات کھانے کے اُنہیں کچھ اور نہیں سکھایا۔ چنانچہ اُس وقت سے یہ لوگ مفلسی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ سوائے معدودے چند تاجروں کے باقی لوگ زائرین کی خدمت پر تکیہ لگائے بیٹھے ہیں۔ اگر کسی نے کچھ دے دیا تو روزی، ورنہ روزہ۔

## یثرب میں قیام:

مدینے سے تقریباً تین بجے بعد دوپہر (یہاں کے وقت کے مطابق) روانہ ہوئے۔ اور قریباً ایک گھنٹہ بعد یثرب کا مقام آیا۔ یہاں مکان کوئی نہیں۔ البتہ دہقانوں کی جھونپڑیاں موجود ہیں۔ یہاں ہمارے قافلے والوں نے ایک چرس پر غسل کر کے اِحرام باندھا۔ اور پھر دُوسرے دن شام کو جدہ پہنچ گئے۔

## اماں حوا کی قبر:

جدے میں اماں حوا کی قبر بتائی جاتی ہے۔ لیکن اب نجدی حکومت نے اِس کے دروازے کے باہر ایک دیوار بنا دی ہے۔ میں نے تو جانا

فضول سمجھا مگر ہمراہیوں میں سے کاکا عبد الصمد صاحب مع دیگر ساتھیوں کے اُس کے گرد چکر لگا آئے۔ جدّے میں کھانا اچھا مل جاتا ہے۔ مگر جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے سکونت کا کوئی خاص اِنتظام نہیں۔ بازار میں چلے جاؤ تو ڈبل روٹی، خمیری کلچے، اور دال اور کباب کے علاوہ پُلاؤ اور دہی بھی مل جاتا ہے۔ چونکہ وقت بہت کم تھا۔ اس لیے نمازِ صُبح کے بعد ہی مکّہ مُعظّمہ روانہ ہونا پڑا اور جس قدر زائد سامان تھا یہاں وکیل مُعلّم کے پاس چھوڑ دیا۔

## مکّہ مُعظّمہ کے مکانات :

تقریباً گیارہ بجے ہمارا قافلہ مکّہ مُعظّمہ پہنچا۔ حسرت، دیاس اور لُو العجبی سب کا ہجُوم یکساں تھا۔ عمارتیں بیتُ اللہ کے ساتھ ہی ملی جُلی ہیں۔ جو جگہ صفا اور مروہ کے نام سے مشہور ہے۔ اُس کے دونوں طرف مِیلین اخضرین یعنی چھوٹے چھوٹے سبز مینار ہیں۔ ایک بازار بھی ہے جس میں دوڑنا کُچھ عجیب سا لگتا ہے۔ معلُوم نہیں یہ بازار کس بوالہوس نے بنوایا اور اس کے ساتھ بُلند ترین عمارات بنانے کا اہلِ مکّہ نے کیونکر حوصلہ کیا۔ مُناسب تو یہ تھا کہ کم سے کم اِتنا رقبہ جو لوازمِ حرم ہے، قطعی خالی چھوڑ دیا جاتا۔ تاکہ بیت اللہ سے فاصلے پر ہونے کے باعث اِس بے ادبی میں کُچھ کمی ہو جاتی۔

## نہرِ زبیدہ :

عرفات سے جدّے تک نہرِ زبیدہ کے نام سے ایک زمین دوز نہر

جاری ہے۔ جس پر اس تمام علاقے کی زندگی کا دار و مدار ہے۔ عام دنوں میں اس نہر کا پانی ایک آنہ فی کنستر مل جاتا ہے۔ اور خاص دنوں میں چار آنے فی کنستر مجھے اس نہر کو دیکھ کر بار ہا خیال آیا کہ جب یہ نہر نہ تھی تو لوگوں کا کیا حال ہوتا ہوگا۔ مکہ معظمہ میں صرف ایک چشمہ زمزم ہے جو اس آبادی کا باعث ہوا۔ وہ ملکہ کتنی نیک نصیب تھی، جس نے یہ نعمتِ عظمیٰ جاری کر کے اپنا نام ابد تک زندہ کر دیا۔ نواب کلب علی خاں والیئے رام پور جب حج و زیارتِ مدینہ منورہ کے لیے گئے تو انھوں نے اس نہر کی مرمت کے لیے ترکوں اور انگریزی حکومت سے اجازت مانگی اور اس میل ہا میل لمبی نہر کی مرمت کرائی۔ اس پر اُن کا ساڑھے تین لاکھ روپیہ صرف ہوا اگر آج کل کا زمانہ ہوتا تو شاید تین کروڑ روپیہ بھی ناکافی ہوتا۔ نہر کا پانی بہت صاف اور میٹھا ہے۔ اکثر معلموں اور آسودہ لوگوں نے گھروں میں حوض بنوا رکھے ہیں۔ جس میں کنستروں کے ذریعے پانی بھر لیتے ہیں اور بے تکلف پیتے، کپڑے دھوتے وضو اور غسل کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

## طعام و قیام کا انتظام :

مکے پہنچ کر معلموں کے ایجنٹ اڈے پر آجاتے ہیں اور اپنی اسامیوں کو اپنے گھروں یا دوسرے مکانوں میں لے جا کر اُتارتے ہیں۔ پہلے وقت کا کھانا معلم کی طرف سے دیا جاتا ہے جو بہت پُر تکلف ہوتا ہے۔ ریگستانی علاقہ ہونے کی وجہ سے تربوز کی اِفراط ہے تقریباً ہر کھانے میں تربوز ضرور

ہوتا ہے۔

جیسا کہ قبل ازیں ذکر کر چکا ہوں۔ یہاں کے مکانات میں علیحدہ کمروں کا کوئی اِنتظام نہیں۔ لوگ زمین پر بستر بچھا کر سو رہتے ہیں۔ میں نے اپنے مُعلّم عبدالرزّاق فارسی سے کہا کہ آپ کھانے کا اِنتظام کیوں نہیں کرتے اُنھوں نے جواب دیا کہ لوگ اتنے دام ادا کرنا نہیں چاہتے۔ میں نے کہا کہ اگر آپ ایک روپیہ فی آدمی مُقرّر کر دیں تو شاید کسی کو اعتراض نہ ہو۔ اُنھوں نے جواب دیا کہ حاجی صاحبان ایک روپیہ خرچ کرنا بھی گراں سمجھتے ہیں اور دو چار آنے میں ہی گزارہ کر لیتے ہیں۔

## فلسفۂ حج :

میرے خیال میں تنگ دل اور تنگ دست لوگوں کو حج کی تکلیف اُٹھانے کی ضرورت بھی نہیں۔ حج کا اُصول جو میں سمجھا ہوں یہ ہے کہ تمام اطراف و اکناف کے مُسلمان یکجا ہو کر اپنی عبادت میں یک رنگی پیدا کریں اور اسلامی بھائی چارے کو وسعت دیں۔ اگر کچھ مسائل قابلِ تحقیق پائے جائیں تو باہمی تبادلۂ خیالات سے حل ہو سکیں۔ پُرانی یادگاروں کو دیکھ کر اُن لوگوں کی پاک زندگیوں سے سبق حاصل کریں۔ اور اپنے اندر وہی صفات پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ مگر یہاں مُعلّم اور حاجی دونوں بیچارے باہمی تنافر کے مرض میں مبتلا نظر آتے ہیں۔ مُعلّم کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ حاجی سے زیادہ سے زیادہ روپیہ کھینچے، اور حاجی کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ وہ کم سے کم

روپیہ خرچ کرے۔ مُعلّموں کا نقشہ سعدیؒ نے اپنی کتاب بوستان میں یُوں کھینچا ہے ؎

شُنیدم گوسفندے را بُزرگے
رہانید از دہان و دست گرگے
شبانگہ کارد بر حلقش بمالید
روانِ گوسفند از وے بنالید
مرا از دستِ گُرگے در ربُودی
چو دیدم عاقبت خود گرگ بُودی

سُنا ہے کہ کئی مُعلّم اتنے جابر اور ظالم ہوتے ہیں کہ اپنے حاجیوں خصوصاً عورتوں کو لُوٹنے میں بھی دریغ نہیں کرتے۔ مگر بعض حاجی بھی اپنا مال اِن سے اِس طرح چھُپا کے رکھتے ہیں کہ اُنھیں ہوا تک نہیں لگتی۔

## طوافِ خانہ کعبہ :

جس دن ہم مکّہ میں پہنچے۔ اُس دن ساتویں ذی الحجہ تھی۔ تیسرے پہر کعبۃ اللہ کا طواف کرنے اور نمازِ مغرب و عشا ادا کرنے کے بعد ہم لوگ رات کو ایک معمولی مکان میں بستر بچھا کر سو رہے۔ البتہ جب دس بجے تو مُعلّم صاحب نے آبِ زمزم کی ایک صُراحی بھیج دی۔ دُوسرے دِن بھی کعبۃ اللہ کا طواف کیا۔ کعبۃ اللہ کی عمارت زمین سے تقریباً نو دس فٹ نیچے ہے چنانچہ سعدیؒ نے کہا کہ ؎

فَطُوبیٰ لِباب کبیتِ العتیق      حوالیہ مِن کُل فجٍّ عمیق

سیڑھیوں سے اُتر کر نیچے جانا پڑتا ہے۔ نیچے چاروں طرف دالان بنے ہوئے ہیں اور اُن سے نکل کر کعبۃ اللہ کے اِرد گرد دوڑنے کے لیے جو جگہ مُقرّر ہے اُسے مطاف کہا جاتا ہے۔ ایک طرف دیوارِ کعبہ میں ٹوٹا ہُوا حجرِ اسود چسپاں ہے۔ کعبۃ اللہ کا دروازہ زمین سے نو فٹ اُونچا ہے۔ یہ سب عمارت ٹھوس بنی ہُوئی ہے اور اِس کے چاروں طرف سنگِ مرمر کی دیواروں پر کچھ آیاتِ قرآنِ مجید بھی لکھی ہُوئی ہیں۔ اندر جانے کے بعد ہر چہار طرف دو دو نفل پڑھے جاتے ہیں۔ دروازۂ کعبہ کے سامنے کی طرف سنگِ مرمر کا ایک چبوترا ہے۔ جس کے اُوپر سنگِ مرمر کے ستونوں پر اِسی پتّھر سے چھتری سی بنی ہُوئی ہے۔ اِسے مُصلّٰے ابراہیم کہتے ہیں یہاں بھی کم سے کم دو نفل ادا کیے جاتے ہیں۔

## حجرِ اسود :

کعبۃ اللہ کے گرد سات بار گھُومنے کا نام طواف ہے اور ہر دفعہ جب حجرِ اسود کے سامنے سے گزرتے ہیں تو اُس کو بوسہ دیا جاتا ہے۔ مگر اس اِزدحام میں بوسہ کون دے سکتا ہے۔ اِس لیے فقُہا نے قرار دیا ہے کہ اگر بوسہ نہ دیا جا سکے تو حجرِ اسود کے سامنے کھڑے ہو کر اپنا ہاتھ اس کی طرف کرے اور ہاتھ کو ہی بوسہ دے لے۔ حجرِ اسود کو بوسہ دینے والوں کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے۔ نجدی سپاہی نظم و نسق کو قائم رکھنے کے لیے ڈنڈے مارنے سے بھی نہیں چُوکتے۔ اِس لیے جو لوگ حجرِ اسود کو بوسہ دیتے ہیں انھیں

سپاہیوں کے ڈنڈے بھی کھانے پڑتے ہیں۔ مجھ میں اتنی ہمت نہ تھی۔ اس لیے دور سے اپنے ہی ہاتھ کو چوم لیتا تھا۔ البتہ کاکا عبد الصمد صاحب ڈنڈے کھاتے ہوئے چوم آتے تھے۔

## ایک جماعت:

کعبۃ اللہ کے چاروں طرف، حکومت سعودی عرب سے پہلے، چار مصلّے ہوا کرتے تھے۔ یعنی حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی۔ ہر نماز کی جماعت اپنے اپنے مصلّے پر یکے بعد دیگرے ہوا کرتی تھی۔ جو لوگ شافعی سے رہ جاتے وہ حنبلی میں شریک ہو جاتے اور جو حنبلی سے رہ جاتے وہ مالکی میں شامل ہو جاتے تھے۔ سب سے آخر میں حنفی مصلّے پر جماعت ہوا کرتی تھی۔ اِس طرح تمام نمازی کسی نہ کسی مصلّے میں شریکِ جماعت ہو جاتے تھے۔ لیکن اب صرف ایک ہی جماعت ہوتی ہے۔ جو پہنچ گیا پہنچ گیا۔ جو رہ گیا سو رہ گیا۔

## سواریوں پر طواف:

بیمار اور ضعیف آدمیوں کو سواری پر بھی طواف کرنے کی اجازت ہے میں نے کئی شتر سوار اور گدھے سوار دیکھے۔ کئی لوگ چارپائیوں پر پڑے طواف کر رہے تھے۔ یہ نظّارہ بھی قابلِ دید ہوتا ہے۔

## حضرت عمرؓ کا واقعہ:

مرقوم ہے کہ ایک دفعہ طواف کرنے میں حضرت عمرؓ کا پاؤں کسی بوڑھے

آدمی کے پاؤں پر جا پڑا۔ اُس نے طیش میں آگر کہا "میاں اندھے ہو؟" آپ نے فرمایا "غلطی ہوگئی ہے۔ اندھا نہیں ہوں معاف کر دیجیے"۔ یہ تو حضرت عمرؓ کا حال تھا۔ جبلہ بن الہم بادشاہ غسان جب مسلمان ہو کر ساٹھ ہزار فوج کے ساتھ حج کے لیے آیا تو اُس کو بھی یہی واقعہ پیش آیا۔ کسی بُڈھے کو اُس کا دھکا لگا۔ بُوڑھا زمین پر گر پڑا۔ اور اُس کا گھٹنا زخمی ہو گیا۔ غریب بُوڑھے نے حضرت عمرؓ سے فریاد کی۔ آپؓ نے جبلہ کو بُلا کر کہا کہ یا تو اِس سے اپنا گھٹنا تڑواؤ یا مُعافی مانگو۔ اُس نے کہا ایک رات کی مُہلت دیجیے۔ میں کل اِس کا جواب دُوں گا۔ چُنانچہ وُہ راتوں رات اپنے ساٹھ ہزار ہمراہیوں کے ساتھ مُرتد ہو کر بھاگ گیا اور ہرقل قیصرِ روم کے پاس جا کر عیسائی ہو گیا۔

جدے سے مدینہ منورہ جاتے ہوئے میں نے تجویز پیش کی کہ ہر شخص کے لیے اپنے اپنے کھانے کا جُداگانہ انتظام کرنا تکلیف کا مُوجب ہوگا۔ اِس لیے یہ خدمت میرے سپرد فرمائیے۔ سردار شیر احمد خاں ساکن سرائے صالح ضلع ہزارہ ذرا منچلے تھے۔ اُنھوں نے کہا، میں اِسے اِس شرط پر منظور کرتا ہوں کہ مکے میں جتنے دن رہیں سب کی مہمانی میرے ذمے ہو۔ میں نے کچھ زیادہ اِنکار نہ کیا کیونکہ اِن کی دِل شکنی کا خیال تھا۔ علاوہ ازیں مُجھے یہ بھی بخُوبی معلوم تھا کہ وُہ کامیاب نہ ہو سکیں گے۔ چُنانچہ ایسا ہی ہُوا۔

مکے میں آ کر کچھ لوگ کسی مکان میں اور کچھ کسی دوسری جگہ ٹھہرائے گئے۔ ان کا مُطعم بھی جُدا تھا۔ البتہ یہ ضرور ہُوا۔ کہ میں تن تنہا جتنے دن مکے میں حاضر رہا

شام کے بعد ان کے ہاں چلا جاتا اور رات گزار کر نماز فجر کعبۃ اللہ میں ادا کرکے طواف سے فارغ ہو کر پھر اپنے ہمراہیوں کے پاس مکہ آجاتا تھا۔

## مُزدلفہ :

مکہ سے سہ پہر کے وقت اونٹ پر بیٹھ کر مُزدلفے روانہ ہوئے جو وہاں سے پانچ میل کے فاصلہ پر ہے۔ رات کو مُزدلفے میں ٹھیرنا ضروری ہے۔ جہاں ان دنوں ایک چھوٹا سا عارضی بازار لگ جاتا ہے۔ مکانات گرد آلود اور ٹوٹے پھوٹے سے تھے۔ زائرین ان میں زمین پر بستر بچھا کر لیٹ جاتے ہیں۔ لیکن مجھے چارپائی پر سونے کی عادت تھی۔ اس لیے بڑی تلاش کے بعد ایک کھری چارپائی جس کی قیمت غالباً ایک روپیہ سے زیادہ نہ ہوگی۔ ایک رات کے لیے ایک روپیہ کرایہ پر لی۔

## میدانِ عرفات :

مُزدلفہ سے عرفات پانچ میل دور ہے۔ نویں تاریخ کی صبح کو وہاں سے چل کر میدانِ عرفات میں اس مسجد کے قریب ڈیرہ لگایا۔ جہاں نماز ادا کی جاتی ہے۔ یہ قبلہ رُخ ایک چار دیواری ہے۔ تقریباً آٹھ نو فٹ اُونچے دالان در دالان بنے ہوئے ہیں۔ پنکھے وغیرہ کا کوئی انتظام نہیں۔ پانی کے لیے حکومت کی طرف سے مٹکے بھر دا دیے جاتے ہیں۔ مسجد کے سامنے عارضی دکانیں بھی لگ جاتی ہیں جہاں شربت پانی مل جاتا ہے۔

عرفات کا میدان بالکل چٹیل ہے۔ دھوپ سے بچنے کا کوئی انتظام نہیں لوگ اپنے خیمے ساتھ لے جاتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ کسی دولت مند مسلمان نے یہاں درخت لگانے کی اجازت مانگی تھی اور حکومت سعودی عرب نے رضامندی دے دی تھی۔ مگر پھر یہ معاملہ شاید کھٹائی میں پڑ گیا۔ غالباً اس کی وجہ یہ ہے کہ ریت میں پودا لگانا بہت مشکل ہے۔

## سفر کا کرایہ :

یہ امر بھی قابلِ ذکر ہے۔ کہ مکہ معظمہ سے عرفات جانے اور وہاں سے آنے کا کرایہ اونٹ پر بارہ روپے فی کس تھا۔ کاکا عبدالصمد صاحب نے تو کہا کہ میں پیدل ہی چلتا ہوں۔ چنانچہ وہ ہم سب سے اچھے رہے۔ مزدلفے میں ہم سے پہلے پہنچے اور نویں ذی الحجہ کو بازار عرفات میں ہمارے آگے آگے چلتے رہے۔

## حقہ نوشی کا چسکا :

صبح ہم جب مزدلفے سے روانہ ہونے لگے تو کاکا صاحب نے چارپائی کی ادوان اتار کر حقے کے لیے آگ بنانا چاہی مگر میں نے تلخ ہو کر روک دیا کہ یہ چوری ہے کم سے کم حج میں تو ہمیں چور نہ بننا چاہیے۔

ایک دفعہ جب اونٹ پر سوار تھے تو ہماری چلم مع ایک چھوٹے سے دست پناہ کے گر گئی۔ وہاں چلم کا ملنا بہت مشکل تھا۔ مگر خیر کسی نہ کسی طرح

پیدا کی گئی۔ حج سے واپس آکر جب دوبارہ مکہ معظّمہ میں حاضر ہوئے تو اہلِ قافلہ میں سے ایک نے کہا کہ غالباً یہ آپ کی چلم گر پڑی تھی اور میں نے اُٹھالی تھی یہ لے لیجیے۔ خیر یہ تو بے چارے بہت اچھے آدمی تھے جنھوں نے اس چھوٹی سی چیز کا اتنا خیال رکھا۔ مگر سُننے میں آیا ہے کہ ایسی چھوٹی چھوٹی چوریوں کو حاجی چوری نہیں سمجھتے۔ مگر اہلِ عرب پر نجدیوں کا اِتنا رُعب ہے کہ راستے میں کسی کی کوئی چیز گر پڑے تو عرب یا غیر عرب کوئی بھی ہاتھ نہیں لگا سکتا۔ وہی ایک زاید لاری جو لاریوں کے لیے سامان اور تیل لے جاتی ہے۔ اس کا ڈرائیور گری پڑی چیز اُٹھا کر اپنے پاس رکھ لیتا ہے اور اگلے پڑاؤ پر سرکاری عمّال کے حوالے کر دیتا ہے۔ اور جو شخص اس کا صحیح پتا نشان دے دے، سرکاری چوکی والے اُس کے حوالے کر دیتے ہیں۔ مکہ معظّمہ سے عرفات تک تقریباً ہر ڈھائی میل کے فاصلے پر حکومت کی طرف سے پانی کا اِنتظام موجود ہے اور شاید کوئی رہا سہا آدمی رات بھی گزار سکتا ہے۔

## حج کا دن :

عرفات میں دوپہر کے بعد کھڑے ہو کر دُعائیں مانگنا حج کہلاتا ہے۔

پہلے زمانے میں تو عرفات کی پہاڑی پر ایک چھتری سی بنی ہوئی تھی جہاں کھڑے ہو کر امام صاحب خُطبہ پڑھتے اور دُعا مانگا کرتے تھے۔ خاتمۂ دُعا پر رُومال ہلا دیا جاتا تھا اور یہ آواز دے دی جاتی تھی کہ "حاجیوں کا حج قبول"

مگر ابنِ سعود نے یہ پُرانا طریقہ ترک کر دیا ہے۔ اب وُہ پہاڑی کے نیچے ہی اُونٹ پر سوار ہو کر دُعائیں مانگتے ہیں۔ جب فارغ ہو چکتے ہیں۔ تو اُونٹنی کی مُہار خیمے کی طرف موڑ لیتے ہیں۔ جس سے لوگ سمجھ لیتے ہیں۔ کہ حج ختم ہو گیا ہے۔

## میدانِ عرفات سے روانگی :

کہتے ہیں کہ شام سے پہلے عرفات کے میدان کو خالی ہو جانا چاہیے۔ ورنہ جو شخص رہ جائے گا لُقمۂ اجل ہو جائے گا۔ اس لیے لوگ بھاگم بھاگ منٰی کی طرف روانہ ہو جاتے ہیں۔ ہم نے اپنے اُونٹوں کو بہت تلاش کیا مگر کہیں نہ ملے۔ آخر میں اور کاکا عبدالصمد صاحب پیدل ہی چل پڑے اور منٰی کے قریب سرِ راہ پڑ گئے۔ تھکے ہوئے تو تھے ہی ریت پر لیٹتے ہی سو گئے۔ کچھ عرصے بعد سردار شیر احمد خاں صاحب بھی پیدل بھاگتے ہُوئے آملے اور ان کے بعد حاجی باغ علی فیروز پوری بھی۔ یہاں ایک مسجد بھی ہے، مگر شکستہ حالت میں۔ اب صرف ایک چبوترا باقی ہے۔ لوگ وہیں آکر روٹیاں پکاتے ہیں۔ وہیں کپڑا ڈال کر سو رہتے ہیں اور وہیں نماز پڑھ لیتے ہیں۔ افسوس ہے کہ حکومت کی طرف سے حُرمت تو کجا مرمّتِ مسجد کا بھی کوئی انتظام نہیں۔ یہاں بھی اِس رات اچھا خاصا بازار لگ جاتا ہے اور کھانے پینے کی معمولی چیزیں مل جاتی ہیں۔

---

## ریل کی تجویز :

ترکوں نے شام سے براستہ مدینہ مکّہ معظّمہ پہنچنے کے لیے ریل کا انتظام کیا تھا۔ مگر یہ خیال خواب ہو کر رہ گیا اور اخیار نے اس کو بننے نہ دیا۔ اِس ریل کی ضرورت اس قدر ہے کہ ترکوں کی علیحدگی کے بعد کچھ ہندیوں کو بھی یہ خیال آیا اور انھوں نے ابنِ سعود سے اجازت چاہی۔ اجازت بھی دے دی گئی۔ مگر نہ معلوم کن سیاسی وجوہ کی بنا پر یہ تجویز ابھی تک التوا میں پڑی ہوئی ہے۔ سُنا گیا ہے کہ اس چوبیس میل کے ٹکڑے کے لیے ایک دفعہ تو حضور نظام نے بھی ارادہ کیا تھا اور دوسری دفعہ بمبئی کے ایک سیٹھ صاحب نے۔ اِن دونوں کے بعد ایک کمیٹی قائم ہوئی تھی مگر کسی کو کامیابی نہ ہوئی۔

## اِحرام :

بسبیلِ تذکرہ اِحرام کا ذکر بھی غیر مناسب نہ ہوگا۔ چاروں طرف سے مکّہ معظّمہ پہنچنے والے حاجیوں کے لیے کچھ مقامات مقرر ہیں۔ جہاں وہ اِحرام باندھتے ہیں۔ ہندوستان سے جانے والوں کے لیے یلملم ایک پہاڑی ہے۔ جو سمندر کے کنارے واقع ہے۔ جب جہاز اِس پہاڑی کی سیدھ میں پہنچتا ہے تو حاجی غسل کر کے اِحرام باندھ لیتے ہیں۔ پہاڑی اِتنی دُور ہے کہ نظر نہیں آتی۔ البتہ دُوربین سے دکھائی دیتی ہے۔ اِحرام باندھنے کے بعد دو دن میں جدّے پہنچتے ہیں۔

## مساجد کو مُقفّل کرنے کا دستور :

عرب میں یہ دستور ہے کہ نمازِ عشاء کے بعد مساجد کو مُقفّل کر دیا جاتا ہے اور پھر صُبح سے پہلے دروازے کھول دیے جاتے ہیں جن مساجد میں پانی کے حوض ہیں ۔ اُن کا استعمال شرعی نقطۂ نظر سے تو نہ جانے مگر تہذیبِ ہند کے مُوافق نہیں ۔

## مِنٰی کی مسجد :

مِنٰی میں ایک پُختہ اور فراخ مسجد موجود ہے اور وہیں نمازِ عید پڑھائی جاتی ہے ۔ مگر نمازِ عید کے لیے کسی اعلان کا اہتمام نہیں کیا جاتا جس کے باعث کئی آدمی رہ جاتے ہیں ۔

## رجمُ الشّیطان :

مِنٰی میں تین گڑھے ہیں ۔ جن کے اُوپر کا حصّہ پُختہ بنا ہُوا ہے ۔ نماز کے بعد وہاں ہر ایک حاجی کو سات سات کنکریاں رجمُ الشّیطان کے لیے مارنا پڑتی ہیں ۔ رجمُ الشّیطان کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ جب ابراہیم علیہ السّلام اپنے بیٹے کو راہِ خدا میں قُربان کرنے کے لیے جا رہے تھے تو راستے میں ایک بُوڑھے نے اُن کو سمجھایا کہ تمہارا خُون کیوں سفید ہو گیا ہے ۔ کبھی کوئی بیٹے کو بھی ذبح کرتا ہے ۔ اُنھوں نے دُھتکار دیا ۔ اِس پر اُس نے حضرت اسماعیل علیہ السّلام کو بہکانا چاہا ۔ لیکن اُنھوں نے بھی یہی جواب دیا ۔ مگر

نا اُمید ہو کر بھی اُس نے اُن کا پیچھا نہ چھوڑا۔ یہی وہ گڑھے ہیں جہاں سے حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسماعیلؑ نے کنکریاں اُٹھا کر اُس پر پھینکی تھیں کہ یہاں سے دفع ہو جاؤ۔ اِسی سُنّتِ ابراہیمی کی وجہ سے ہر حاجی کو سات سات کنکریاں مارنی پڑتی ہیں۔

## قربانی اور حجامت:

رجم کے بعد قربانی کر کے اِحرام کھول دیا جاتا ہے اور حجامت بنوائی جاتی ہے۔ کیونکہ جس دن اِحرام باندھا جائے اُس دن سے اُس وقت تک نہ تو کپڑے بدلے جاتے ہیں نہ غسل کیا جاتا ہے۔ اور اگر اِتّفاق سے کوئی جُوں پڑ گئی ہو تو اُس کو مارا بھی نہیں جاتا۔ اگر غلطی سے کوئی کسی جاندار کو مار دے تو اُس کو جان کے بدلے ایک بکرا زائد قربانی دینا پڑتا ہے عام طور پر ہر ایک حاجی دو بکرے یا دُنبے قربان کرتا ہے۔ ایک تو اپنی ذات کے لیے اور ایک اپنے اہل و عیال کی طرف سے۔ بعض لوگ اِس سے بھی زیادہ دیتے ہیں۔ چنانچہ حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے دو بکرے بھی دیے ہیں۔ اور ترسیٹھ اُونٹ بھی عمر شریف کے مطابق قربان کیے ہیں۔ اِس موقع پر حسب دستور قربانی کے بعد حضورؐ نے حجامت بنوائی تو شائقین نے ایک ایک دو دو بال بطور تبرک لے لیے تھے۔ حضرت خالدؓ سیف اللہ نے اِن بالوں کو اپنی ٹوپی میں سلوا رکھا تھا اور ان کا خیال تھا کہ خداوند تعالیٰ اُنھیں ہر جنگ میں جو فتح بخشتا ہے اِس کا باعث

انہی بالوں کی برکت ہے۔

## قربانی کا گوشت:

قربانی کا ذکر قابلِ توجہ ہے۔ تقریباً ایک لاکھ بکرے، پچیس ہزار دُنبے اور اندازاً پانسو اُونٹ اِس موقع پر منیٰ میں ذبح کیے جاتے ہیں۔ یہاں کے بکرے سنا کے پتے بھی کھاتے ہیں۔ سنا تلخ ہوتی ہے۔ اس لیے بکروں کا گوشت بھی تلخ ہو جاتا ہے۔ علاوہ ازیں برگِ سنا مُسہل بھی ہے۔ اگر ان بکروں کا گوشت کھایا جائے تو دست لگ جاتے ہیں۔ لہٰذا کوئی شخص یہ گوشت نہیں کھاتا اور قصاب انھیں ذبح کر کر کے گڑھوں میں ڈالتے جاتے ہیں، جس سے بڑی بدبو پھیلتی ہے۔ کیونکہ اوجھڑیوں کو بھی صاف نہیں کیا جاتا۔ دُنبے عام طور پہ کھاتے جاتے ہیں۔ اُن کا گوشت بھی لذیذ ہوتا ہے تعجب ہے کہ باوصف اِس وقتی ضرورت کے بکرے اور دُنبے گراں بھی نہیں ہوتے جس زمانے میں مجھے حاضری کا اتفاق ہُوا۔ ڈھائی تین روپے میں بکرا اور پانچ سات روپے تک دُنبہ مل جاتا تھا۔ لیکن ذبح کرنے والوں سے پہلے کہہ دیا جاتا ہے کہ اِس دُنبے کا گوشت ہم لیں گے۔ جو وُہ تمام و کمال مالک کے حوالے کر دیتے ہیں۔ لیکن اگر یہ نہ کہا جائے اور ذبح کرنے کے بعد مانگیں تو ہرگز نہیں دیتے۔ جس زمانے میں مجھے حاضری کا موقع ملا۔ پنجاب کے کُچھ قصاب بھی وہاں چلے گئے تھے۔ جو باقاعدہ طور پر بکروں اور دُنبوں کی کھالیں اُتار لیتے تھے۔ نامعلوم حکومت کو کیوں اِس طرف خیال نہیں آیا

ورنہ یہ ایک بڑی فائدہ مند چیز ہے۔ بکروں، دُنبوں اور اُونٹوں کا گوشت کھال اور آنتیں اور سب چیزیں نہایت کارآمد ہیں۔ بلکہ اگر ڈبوں میں بند کر کے باہر بھیجا جائے، تو کافی آمدنی ہو سکتی ہے اور اِس سے سلطنت کو لاکھوں روپے مل سکتے ہیں۔

## تحائف:

ہر حاجی مکّے سے واپسی کے وقت آبِ زمزم کا کنستر یا چھوٹی چھوٹی زمزمیاں بھروا کرلے آتا ہے۔ ایک کنستر میرے ساتھ بھی تھا اور تعجب ہے کہ سعودی محصّلوں نے اِس پر بھی تین روپے محصُول لگا لیا۔

## جدّہ سے روانگی:

جہاز پر سوار ہوتے وقت مجھے اِس قدر جلدی تھی کہ کمینوس کی چارپائیاں اسی طرح شکستہ حالت میں جہاز پر رکھوا لیں۔ حالانکہ جدّے میں ان کی مرمّت ہو سکتی تھی۔ جہاز میں ہمارے ہمراہیوں نے تختۂ جہاز پر ہی بستر جما دیا۔ میں حیران تھا کہ مجھے چارپائی پر سونے کی عادت اور یہاں چارپائی شکستہ، سفر کیونکر کٹے گا۔ مگر میں جہاز پر چڑھا ہی تھا کہ ایک شخص نے مجھ سے آکر پُوچھا کہ آپ کو چارپائی کی ضرورت ہے؟ میں نے کہا بے شک! یہ شخص جہاز پر خلاصیوں کا کام کرتا تھا۔ اُس نے کہا کیا دیجیے گا؟ میں نے کہا۔ پانچ روپے۔ اُس نے خوش ہو کر کہا کہ میرے ساتھ چلیے، جہاں کہیں بچھا دوں۔

انجن کے کمرے کے باہر کافی فراخ جگہ ہوتی ہے۔ وُہی میں نے پسند کی اور اُس نے وہاں چارپائی بچھادی۔

حج پر بہت سی کتابیں لکھی گئیں ہیں اور جس قدر تفصیل سے اِن مسائل کو بیان کیا جائے۔ اُتنا ہی مُفید ہے۔ مگر اس کتاب کا موضُوع چونکہ واقعات و مُشاہدات ہیں اِس لیے اس ذکر کو یہیں ختم کیا جاتا ہے ؎

بپایاں آمد ایں دفتر حکایت ہم چُناں باقی
بصد دفتر نشاید گُفت حسب الحال مُشتاقی

جدّے سے نویں دن کراچی پہنچنا تھا۔ آٹھویں دن صُبح ہمیں اطلاع دی گئی کہ جہاز صُبح چھ بجے کراچی پہنچے گا۔ کھانے پینے کی اشیا ہم نے ضرورت سے زیادہ غریب حاجیوں میں تقسیم کر دیں۔ لیکن اگلے دن جہاز چھ بجے کی بجائے کوئی بارہ بجے دن کراچی پہنچا۔ اِس عرصے میں بھوک بھی لگ رہی تھی۔ جہاز کے ہوٹل سے کھانا منگوایا تو معلوم ہُوا کہ سوائے دال کے کوئی چیز موجود نہیں۔ ہم سب نے اِسی کو غنیمت جانا اور قریباً گیارہ بجے کھانا کھالیا۔ دال بھی اچھی پکی ہُوئی نہ تھی اور روٹیاں بھی نیم پُختہ تھیں اس لیے بیمار ہو گئے۔ بندرگاہ کراچی پر ہمارے پُرانے میزبان سیٹھ عباس صاحب موجود تھے۔ اُن کو جدّے سے روانگی کا تار دیا تھا۔ میں یہ سمجھا کہ اسی تار پہ آئے ہیں۔ لیکن ان سے معلُوم ہُوا کہ نو دن ہو چکے ہیں لیکن تار نہیں ملا۔ اُنھوں نے جہاز کی خبر سُن کر کھانا تیار کر رکھا تھا اور ہمیں لینے چلے آئے۔ ہمارے پاس محصُول کی کوئی چیز نہ تھی۔ اِس لیے کسٹم والوں نے سرسری نظر

سے دیکھ کر ہمیں گزرنے دیا۔

## کراچی میں قیام :

اگرچہ بندرگاہ پر بھی ایک ٹرین موجود تھی تاکہ جو حاجی جانا چاہیں وہ اس میں سوار ہوکر براہِ راست چلے جائیں۔ مگر سیٹھ عباس سے وعدہ کر چکے تھے کہ ایک دو دن کراچی میں ٹھیریں گے۔ اس لیے ہم ان کے ساتھ چلے گئے۔ دوسرے دن منگا پیر پہنچے۔ جو کراچی سے پانچ میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ یہاں ایک چھوٹا سا تالاب ہے۔ جس میں بہت سے مگرمچھ ہیں۔ جن کی نسبت تصور کر لیا گیا ہے کہ یہ بابا فرید گنج شکرؒ کی گودڑی کی جوئیں ہیں۔ اس گڑھے کے قریب ہی ایک چھوٹا سا تالاب ہے۔ جہاں ایک چھوٹے سے بند کمرے میں سے پانی پہنچتا ہے اور مشہور ہے کہ اس پانی میں غسل کرنے سے جلدی بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔ ہم سب نے وہاں غسل کیا اور چائے پی کر واپس کراچی پہنچے۔

## کراچی سے روانگی :

میں نے ریلوے میں دو سیٹیں ریزرو کرائی تھیں۔ جب ہم سٹیشن پہنچے تو متعلقہ کلرک نے کہا کہ آپ کے لیے پچھلی سیٹیں ریزرو کی گئی ہیں۔ اس کے بعد وہ کچھ متمنی معلوم ہوتے تھے۔ میں نے ایک روپیہ پیش کر دیا اور وہ خوش ہو گئے۔

## اختتامِ سفر:

دوسری شام لاہور پہنچے۔ راستے میں رائے ونڈ کے سٹیشن پر میرے دونوں لڑکے اور بھتیجے منشی دین محمد صاحب مرحوم بھی موجود تھے۔ جو میرے ساتھ ہی لاہور آئے۔ اسٹیشن پر بابا دیدار بخش صاحب کے اعزّہ اور لواحقین پھولوں کے ہار لے کر آئے ہوئے تھے۔ میں نے اِس گلفشانی کے بارے میں پہلے ہی سے برخورداروں کو لکھ دیا تھا کہ کوئی انتظام نہ کیا جائے۔ مگر ان کے رشتے داروں نے ہمیں بھی ہار پہنا دیے۔ بہرحال گھر پہنچ کر خدا کا شکر ادا کیا کہ یہ مبارک سفر بخیر و خوبی ختم ہوا۔ البتہ کراچی میں جہاز کے دیر سے پہنچنے کے باعث جو ایک بخار کی سی صورت پیدا ہو گئی تھی اس سے ہفتہ عشرہ تکلیف رہی۔ مگر میں نے اسے اِس لیے غنیمت سمجھا کہ دوست احباب کی دعوتوں سے بچ گیا۔

# فقراء سے عقیدت

میرے والد مرحوم ایک عالمِ متبحر اور صوفیِ کامل بزرگ تھے۔ فقراء و اہلِ اللہ سے آپ کو دلی ارادت و عقیدت تھی۔ آپ کے حلقۂ احباب میں متعدد فقراء شامل تھے۔ جن میں سے چند ایک بزرگوں کی صحبت میں بیٹھنے کا مجھے بھی شرف حاصل ہوا۔ اور میں نے کمسنی کے باوجود ان کی صحبت میں ایک خاص قسم کا روحانی کیف و سرور اور طمانیت و تسکین محسوس کی۔ ان میں سے چند بزرگوں کا مجملاً تذکرہ خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔

## میلا پھلیرا :

والد صاحب قبلہ کے ملنے والوں میں ایک صاحب میلا پھلیرا تھے۔ بڑے خدا رسیدہ بزرگ اور نیک انسان تھے۔ ایک دفعہ اُن کے پاس حکیم غلام محمد صاحب آئے۔ حکیم صاحب کشمیر کے رہنے والے تھے اور لاہور آکر طب کا کام شروع کیا تھا۔ لیکن نو وارد ہونے کے سبب کامیاب نہ ہو سکے۔ میلا پھلیرا سے اُن کا اچھا میل جول ہو گیا تو ایک دن اُن سے کہنے لگے کہ میری خواجہ خضر علیہ السلام سے ملاقات کرا دیں۔ شاید اس طرح میری مشکلات حل ہو جائیں۔ پہلے تو میلا پھلیرا

نے انکار کیا۔ لیکن حکیم صاحب کا اصرار حد سے بڑھ گیا تو فرمایا کہ جمعہ کے دن مسجد وزیر خاں میں جا کر ہزار دفعہ درودِ خضری پڑھنا یعنی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ اور جو شخص سب سے پہلے مسجد میں داخل ہو اس سے اپنا مقصد بیان کرنا۔ حکیم صاحب نے دریافت کیا کہ اگر کسی وجہ سے پہلی دفعہ تلاش کرنے میں ناکام رہوں تو کیا کروں؟ اس پر آپ نے کہا۔ "پھر جو شخص سب سے بعد مسجد سے نکلے گا وہ تمھارا مطلب پورا کر دے گا۔"

چنانچہ حکیم صاحب جمعہ کے روز سب سے پہلے مسجد وزیر خاں پہنچ کر آنے والوں کا انتظار کرنے لگے۔ وہ یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ سب سے پہلے ایک نہایت خوش پوش پٹھان آیا ہے۔ عمر بھی کچھ زیادہ نہ تھی۔ حکیم صاحب کے ذہن میں خواجہ خضر علیہ السلام کا تصوّر ہی اور تھا۔ وہ خیال کرتے تھے کہ وہ ضعیف العمر ہوں گے۔ سفید ڈاڑھی ہوگی، سبز عمامہ اور لمبا سا چوغہ پہنے ہوں گے۔ مگر آنے والے میں ان میں سے ایک چیز بھی نہ پائی جاتی تھی۔ نتیجہ یہ ہُوا کہ حکیم صاحب اُس سے کچھ بھی نہ کہہ سکے۔ جمعہ کی نماز کے بعد جب سب نمازی چلے گئے تو وہی پٹھان مسجد میں رہ گیا۔ مگر اُنھوں نے پھر بھی اس کی طرف توجّہ نہ دی۔ آخر کار حکیم صاحب وہاں سے اٹھ کر اُس دریچہ میں جا بیٹھے جو بازار کی طرف ہے۔ تھوڑی دیر بعد وہ پٹھان بھی وہاں جا پہنچا اور سامنے کوتوالی کے چوک کی طرف نظر اُٹھا کر کہنے لگا۔ "بعض مقامات بڑے سخت ہوتے ہیں۔ اور یہ جگہ تو ہمیشہ ظلم و ستم کی آماجگاہ رہی ہے۔ اس جگہ جہاں اب کوتوالی ہے

کبھی دریا بہتا تھا۔ اور عین اس جگہ ایک خوفناک بھنور پڑا کرتا تھا جو کشتی اس کی لپیٹ میں آجاتی غرق ہو جاتی۔ دریا ہٹا تو یہاں ایک زبردست جنگل بن گیا اور اس میں ایک شیر رہنے لگا جو آنے جانے والوں کو چیر پھاڑ کر کھا جاتا تا۔ جب یہاں آبادی ہوئی تو حکومت کی طرف سے یہاں "لال لکڑا" رکھ دیا گیا۔ جس پر مجرموں کے ہاتھ پاؤں کاٹے جاتے تھے۔ اب انگریزی عملداری ہوئی تو یہی جگہ کوتوالی بنی جس میں لوگوں کو طرح طرح کی تکلیفیں دی جاتی ہیں"۔ یہ کہہ کر وہ چل دیا۔

اگلے دن حکیم صاحب پھر میلا کچیلا کے پاس پہنچے اور شکایت کی کہ "مجھے کوئی ایسا آدمی نہیں ملا۔ جس سے میں اپنا مقصد بیان کرتا۔" اُنھوں نے پوچھا کہ "کل مسجد میں تمھیں کوئی آدمی ملا ہی نہیں؟" حکیم صاحب نے بتایا۔ کہ "ایک پٹھان نما شخص ملا تھا جس نے ایسی ایسی باتیں کہیں" میلا کچیلا نے جواب دیا کہ "سب کچھ تو اُس نے بتا دیا۔ اس پر بھی تم نہ سمجھے تو تمھاری قسمت"۔ آخر حکیم صاحب بہت آزردہ اور پشیمان ہوئے۔ اُن کی آزردگی دیکھ کر اُنھوں نے کہا "آخر آپ کس غرض کے لیے خواجہ خضر علیہ السلام سے ملنا چاہتے ہیں"۔ حکیم صاحب نے اپنی حالت بیان کرتے ہوئے کہا کہ "کم از کم پانچ روپے روز کا میرا خرچ ہے۔ لیکن آمدنی اس قدر نہیں"۔ اس پر میلا کچیلا صاحب نے فرمایا "جاؤ اللہ کریم تمھارے حق میں بہتر کرے گا"۔

حکیم صاحب فرمایا کرتے تھے کہ انھی ایام میں مہاراجہ رنجیت سنگھ کی رانی

جو "بھوری سرکار" کے نام سے مشہور تھیں، بیمار ہو گئیں۔ بہت علاج معالجے کیے۔ لیکن آرام نہ آنا تھا نہ آیا۔ ہوتے ہوتے رانی کو حکیم غلام محمد صاحب کے آنے کی اطلاع ملی۔ چنانچہ طلبی ہوئی اور حکیم صاحب علاج کرنے لگے۔ خدا کی قدرت رانی بالکل تندرست ہو گئیں اور حکیم صاحب کے لیے پانچ روپے روزینہ مقرر ہو گیا۔

## سچّا معمار:

والد صاحب مرحوم کے دوستوں میں ایک صاحب میاں سچا معمار بھی تھے، جو امام غلام محمد صاحب مرحوم امام و خطیب مسجد وزیر خاں کے ہمعصر تھے۔ یہ حقہ پیا کرتے تھے اور مسجد وزیر خاں کی پرلی طرف ملحقہ حصہ میں اُن کا مکان تھا۔ جب بارہ بجے گھر کھانا کھانے آتے تو آتے جاتے قبلہ والد صاحب سے علیک سلیک ضرور ہو جاتی۔ آپ نے جب کبھی اُنھیں اِس وقت حقہ پینے کو کہا تو اُنھوں نے یہی جواب دیا کہ "میں صرف کھانا کھانے کے لیے آیا ہوں۔ اِس وقت حقہ پینے میں وقت صرف کرنا قطعی حرام ہے۔"

مولوی غلام محمد صاحب عرف گاموں امام مسجد وزیر خاں کے متعلق مشہور ہے۔ کہ وہ اولیاء اللہ میں سے تھے۔ اور اُنھیں زیادہ تر سیر کا قالب پسند تھا۔ مسجد وزیر خاں کی شمالی چوکھنڈی میں سکونت رکھتے تھے اور یہیں عبادت کرتے تھے۔ چوکھنڈی تک جانے کے لیے جو سیڑھیاں تھیں اِن

کے آگے لکڑی کا دروازہ بنا تھا۔ جس میں کُنڈی کے علاوہ ایک ہوڑا بھی لگا ہُوا تھا جو اندر باہر دونوں طرف کُھل سکتا تھا۔ ایک دفعہ میاں اللہ بخش صاحب شیشہ گر امام صاحب سے ملنے کے لیے ہوڑا کھول کر اُوپر چلے گئے۔ دیکھا کہ صحن میں شیر ببر ٹہل رہا ہے۔ میاں اللہ بخش بیہوش ہو کر گرنے کو تھے کہ شیر کے مُنہ سے آواز نکلی۔ "میاں اللہ بخش آجاؤ میں گامُوں ہُوں"۔ میاں اللہ بخش نے جب یہ قصہ میاں سچا معمار کو سُنایا تو اُنھوں نے شام کے بعد میاں گامُوں سے کہا کہ "آپ نے آج بچے کو ناحق ڈرا دیا اولیائی کو مداری کا کھیل بنا لینا کہاں تک جائز ہے"۔ امام صاحب نے فرمایا کہ "تم جاہل لوگ ان باتوں کو نہیں سمجھ سکتے"۔ اس پر دو چار دن نہ تو میاں سچا اُن کے پیچھے نماز پڑھنے گئے اور نہ ہی امام صاحب نے اس کی کچھ پروا کی۔ چوتھے پانچویں روز میاں اللہ بخش مرحوم بازار انارکلی میں سے گزر رہے تھے کہ چلتے چلتے اُن کی آنکھیں بند ہو گئیں۔ دیکھا کہ ایک سبز پوش بزرگ نے اُن کا ہاتھ پکڑ لیا اور کہنے لگے۔ کہ "امام گامُوں سے کہہ دینا کہ میاں سچا ہی سچا ہے"۔ شام کو آ کر میاں اللہ بخش نے سارا قصہ امام صاحب کو سُنایا۔ وہ فوراً اُٹھ کھڑے ہُوئے اور ان کے ساتھ میاں سچا کے گھر پہنچ کر دروازے پر بلند آواز سے پکارنے لگے "آ میاں سچا تُو سچا اور میں جھُوٹا"۔ چنانچہ میاں سچا نیچے آ گئے امام صاحب کے ساتھ مسجد میں تشریف لے گئے۔

میاں سچا کے متعلق ایک روایت اور بھی مشہور تھی۔ کہ جج کے روز وہ

یہاں لاہور ہی میں موجود ہوتے۔ بقرعید کے لیے سودا وغیرہ خرید تے دیکھے جاتے، مگر لاہور کے حاجی جب واپس آتے تو دریافت کیا کرتے۔ "حضرت آپ کب آئے۔ ہم نے آپ کو خانہ کعبہ کا طواف کرتے دیکھا تھا اور خیال کیا کہ طواف سے فارغ ہو کر آپ سے ملاقات کریں گے۔ لیکن باوجود تلاش کے آپ کہیں نہ ملے۔" کوئی آ کر بیان کرتا۔ "میدانِ عرفات میں میاں صاحب ہمارے قریب ہی تھے۔ لیکن ذرا نظر چوکی اور پھر کہیں نہ ملے۔" آپ سنتے تو فرماتے کہ "تمہیں دھوکا ہوا ہوگا۔ کوئی اور ہوگا۔ میں تو یہیں بھٹک رہا ہوں۔"

اِن کی سچائی کی ابتدا یوں بیان کی جاتی ہے کہ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے زمانے میں کرنل اوی طویلہ نے جو مہاراجہ کی فوج کا فرانسیسی سردار تھا، اپنے لیے ایک کوٹھی بنوائی۔ میاں سچا ایک کاملِ فن معمار تھے۔ اِس لیے کسی نے آپ کا نام کرنل صاحب کے پیش کر دیا۔ چنانچہ اُس نے انھیں بُلا کر کوٹھی کا نقشہ سمجھا دیا اور کہا کہ اس کا تخمینہ بتا دیجیے۔ میاں سچا نے جو رقم بتائی کرنل نے اُس کے مطابق روپیہ لا کر ان کے سپرد کر دیا۔

میاں سچا نے کام شروع کر دیا۔ جب کوٹھی مکمل ہو گئی۔ تو تخمینہ کی رقم سے تقریباً پانچ سو روپے بچ گئے۔ چونکہ نگرانی کے لیے کوئی علٰحدہ معاوضہ مقرر نہ تھا اور آپ بھی دوسرے معماروں کے ساتھ سات آٹھ آنے روز پر اینٹیں لگایا کرتے تھے۔ اس لیے آپ نے وہ روپیہ واپس کرنل صاحب کو لوٹا دیا۔ کرنل صاحب یہ دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور کہا کہ "یہ روپیہ آپ

کا حق ہے۔" آپ جوش میں آگئے۔ اور کہا۔ "میرا حق نہیں۔ اگر روپیہ گھٹ جاتا تو آپ کو دینا پڑتا۔ اب بچ گیا ہے تو آپ کو لینا پڑے گا۔" یہ کہہ کر آپ نے وہ روپیہ کرنل صاحب کی میز پر پٹک دیا اور واپس چلنے کو تھے کہ اُس نے کہا "ذرا ٹھہریے۔" اور اندر سے طلائی کڑوں کی جوڑی لا کر اُن کے ہاتھوں میں پہنا دی اور ایک دوشالہ اُن کے کندھوں پر رکھ دیا کہ "یہ ہماری طرف سے انعام ہے۔" آپ اسی طرح دوشالہ اوڑھے اور کڑے پہنے مسجد وزیر خاں میں آ گئے۔ جہاں میاں حسن دین مجاور حضرت میراں بادشاہ رحمتہ اللہ علیہ چبوترے پر بیٹھے ہوئے تھے۔ میاں حسن دین ایک خوبصورت جوان تھے اُنھوں نے کہا۔ "میاں صاحب یہ کڑے آپ کو زیب نہیں دیتے۔ یہ تو میرے جیسے جوان کو ہی سجتے ہیں۔" آپ نے کڑے اُتار کر اُنھیں پہنا دیے اور کہنے لگے "یہ دوشالہ بھی اوڑھ کر دیکھو۔" اُنھوں نے کڑے پہن کر دوشالہ اوڑھا تو کہا "بے شک یہ دونوں چیزیں تم کو سجتی ہیں۔ اب یہ تم ہی لے لو" اور خود جیسے گئے تھے ویسے ہی خالی ہاتھ گھر واپس لوٹے۔

## سائیں دھیان شاہ :

یہ بزرگ موضع نواں کوٹ (لاہور) کے باہر ایک احاطے میں رہا کرتے تھے۔ اکثر عورتیں اور مرد اُن کے پاس آتے جاتے تھے۔ عموماً خاموش رہتے مجذوب تھے۔ جب کوئی سائل اُن کے پاس جاتا تو یہ اُوپر آسمان کی طرف مُنہ کر کے کہتے۔ "آسمانی چڑیا! آجا"۔ پھر سائل کی طرف دیکھتے اور جو سوال

وُہ لاتا اُس کا اشارہ فرما دیتے ۔ نذر و نیاز سے جب کچھ روپیہ جمع ہو جاتا تو کوئی نہ کوئی چور اُن کے ہاتھ پاؤں باندھ کر روپیہ اُڑا لے جاتا ۔ میں بھی اُن سے دو تین دفعہ ملا ہوں ۔ ان کے ملنے والوں میں مولانا محمد حسین صاحب آزاد کا نام خاص طور سے قابلِ ذکر ہے ۔ آزاد کالج سے فارغ ہو کر سیدھے اُن کے پاس چلے جاتے ۔ اور دیر تک بیٹھے رہتے ۔ ریٹائر ہونے کے بعد پروفیسر آزاد کو اُن کی صحبت میں بیٹھنے کا زیادہ موقع ملنے لگا ۔ جس کا نتیجہ یہ ہُوا کہ خود پروفیسر آزاد بھی مجذوب ہو گئے ۔ قدسی نے خوب کہا ہے:

شد ہر کہ گاہے ہمدمم بے خانماں شد ہمچو من
باہر کہ بنشستم دمے چوں خویش مجنوں کردمش

## مولوی عبد اللہ مجذوب :

مولوی صاحب لاہور کے رہنے والے اور اچھے ذی علم آدمی تھے ۔ مگر خدا جانے کیا ہُوا کہ مجذوب ہو گئے ۔ اکثر ایک میلی کچیلی چادر میں رہا کرتے تھے ۔ سب کے سامنے پیشاب پاخانہ کر دیتے ۔ اور اگر کوئی کچھ پیش کرتا تو اس میں سے تھوڑا سا چکھ کر باقی زمین پر پھینک دیتے ۔ ان کی خدمت میں ایک زمیندار رہا کرتا تھا جو اُن کا بڑا معتقد تھا ۔ وہ بچا کھچا کھانا اور پھل وغیرہ اکٹھا کر کے شکم پُری کر لیا کرتا ۔ مولوی صاحب ایک دفعہ بازار میں جا رہے تھے اور ہاتھ اس طرح اُٹھایا ہُوا تھا جیسے کوئی خیرات لینے کو اُٹھاتا ہے ۔ میں نے کچھ نقدی اُن کے ہاتھ پر رکھ دی ۔ منٹ دو منٹ تو میرے چہرے کی

طرف دیکھتے رہے ۔ پھر کہا " اب کے دے دیا ہے پھر نہ دینا " میں بھی ان کی خدمت میں دو تین مرتبہ حاضر ہُوا ۔ اور میں نے دیکھا کہ جو سوال میرے دل میں ہوتا وہ بغیر پُوچھے اس کا جواب دے دیتے تھے ۔

## کراماتِ اولیاء :

میرے نزدیک یہ کوئی عجیب باتیں نہیں جن لوگوں کو باطن کی صفائی حاصل ہو جاتی ہے ۔ وُہ آنے والے واقعات کو ہماری نسبت پہلے دیکھ لیتے ہیں۔ جیسا کہ حضرت غوث الاعظمؒ نے اپنے قصیدے میں لکھا ہے کہ " جہاں پر جو سال و ماہ آتے ہیں ۔ وہ پہلے میرے پاس آتے ہیں" سال و ماہ کوئی جسمانی شے تو ہے نہیں ۔ اس کے معنی یہی ہیں کہ ان سال و ماہ میں جو واقعاتؒ و نما ہونے والے ہوتے ہیں ۔ وہ مُجھے صاف طور پر دکھائی دیتے ہیں ۔

ہمارے مُلک میں یہ باتیں افسانہ سمجھی جاتی ہیں اور ان کو ماننے والا بیوقوف ۔ کیونکہ ہماری موجودہ نسل رُوحانیت اور کراماتِ اولیاء کی قائل نہیں ۔ اِنّا لِلّٰہ و اِنّا الیہ راجعُون ۔

## تلاشِ مُرشد :

فقراء و اہلُ اللہ سے عقیدت و اِرادت مُجھے ورثہ میں ملی ہے ۔ چُنانچہ تفکّراتِ دُنیا سے قدرے اطمینان نصیب ہُوا تو ایک ایسے مُرشدِ کامل کی جستجو ہُوئی جو میری رُوحانی تشنگی کا مداوا کر سکے ۔

ابتداء۔ میں مجھے عباس علی شاہ صاحب کا پتا چلا۔ جو کھاریاں سے تقریباً دس بارہ میل پرے رہتے تھے۔ میں بڑے شوق سے ایک مُلازم کے ساتھ کھاریاں پہنچا۔ وہاں سواری کا کوئی انتظام نہ تھا۔ اس لیے پیدل ہی چل پڑا۔ شام کو وہاں سے نو دس میل کے فاصلے پر ایک گاؤں ملا۔ جہاں ایک مسجد اور مُسافر خانہ بھی بنا ہوا تھا۔ گاؤں کے ایک رسالدار صاحب بھی بسبیلِ رُخصت آئے ہوئے تھے۔ مسجد میں نمازِ شام کے بعد اُنھوں نے کہا کہ چارپائیاں تو اِس مُسافر خانے میں موجود ہیں۔ کھانا میرے ہاں سے آجائے گا۔ میں نے کہا "چارپائی پر تو میں پڑ رہوں گا۔ مگر کھانے کی آپ کیوں تکلیف کرتے ہیں"۔ اُن کا اِصرار بڑھتا گیا اور میرا اِنکار۔ آخر اُنھوں نے کہا کہ یہ لاہور نہیں ہے کہ آپ دام دے کر بازار سے کھانا منگوالیں گے۔ اِس لیے یہ بہتر ہے کہ آپ میری درخواست کو قبول کرلیں۔ چُنانچہ اُنھوں نے کھانا بھجوادیا۔ جو باعتبارِ ایک گاؤں کے بہت پُرتکلف تھا۔

## پیر سے مُلاقات :

صبح سویرے اُٹھ کر میں شیخوپورہ بیداد میں پہنچا، جو اُس بزرگ کا مسکن تھا آپ کوئی دس گیارہ بجے عبادت خانے سے برآمد ہو کر چارپائی پہ رونق افروز ہوئے۔ بہت سے زائرین پہلے سے جمع ہو چکے تھے۔ ایک سائل نے عرض کیا میں بہت مقروض ہوں۔ آپ نے دُعا فرمائی کہ اے اللہ تعالیٰ میرے اس مُرید کے قرضخواہ مر جائیں تاکہ قرضہ سے اس کی خلاصی ہو

جائے"۔ اس دعا کے سننے کے بعد میرا تو اعتقاد جاتا رہا اور سرسری ملاقات کے بعد واپس چلا آیا۔

## پہلی بیعت :

امرتسر میں میرے ایک دوست محمد خضر نامی تھے۔ جو وظائف کے بہت قائل تھے۔ دربار داتا گنج بخش صاحب میں بھی ہر جمعرات کو حاضر ہوا کرتے تھے۔ عندالتذکرہ جب انھیں میرے متعلق تلاشِ پیر کی خبر ہوئی تو انھوں نے اپنے مرشد کا نام بتایا۔ یہ حضرت احمد علی صاحب کابلی تھے۔ بہت کم خور نہایت نحیف الجثہ، ان سے ایک دو ملاقاتیں ہوئیں تو میں نے یہی سمجھا کہ وہ کسی حد تک مرشد بننے کے اہل ہیں۔ چنانچہ پہلی بیعت اُن سے ہوئی۔ پھر وہ میرے ہاں لاہور بھی تشریف لاتے رہے۔ بالکل بے نمائش اور سادہ طبیعت تھی۔ چائے بہت پیتے تھے۔ دن کے وقت آدھی باقرخانی اور رات کو تقریباً آدھ چھٹانک چاول اُن کی خوراک تھی۔ اُن پر اکثر عالمِ محویت طاری رہتا تھا۔

## ایک خواب :

محمد خضر صاحب کا نام آیا ہے تو ان کا ایک واقعہ بھی سُنیے۔ انھوں نے فرمایا کہ مجھے ایک رات ایسا نظر آیا کہ میں دربار داتا گنج بخش صاحبؒ کے دروازے پر کھڑا ہوں اور روضہ مبارک میں ایک صاحب کرسی پر جلوہ افروز ہیں۔ انھوں نے

ایک پٹھان صُورت آدمی کے ہاتھ مجھے کچھ روپے بھیجے۔ اُس نے کہا "محمد خضر کس کا نام ہے؟" میں نے بڑھ کر کہا۔ "ارشاد!" فرمایا "یہ روپے تم کو داتا صاحبؒ نے بخشے ہیں۔" میں نے عالمِ خواب میں ہی شمار کیے تو پینتیس تھے۔ دروازے کے باہر ایک مست فقیر کی بھی صُورت نظر آئی۔ جو امرتسر ہال بازار میں گھوما کرتے تھے۔ اُنھوں نے کہا۔ "لاؤ میرا حصّہ" میں نے کہا۔ یہ روپے تو مجھے داتا صاحبؒ نے بھیجے ہیں۔ اِس میں تمھارا حصّہ کیسا؟ اُس نے کہا کہ اگر میں تمھیں کھڑا ہی نہ ہونے دیتا تو یہ روپے کس طرح ملتے آخر ڈیڑھ روپیہ پر فیصلہ ہُوا۔ اُس نے کہا لاؤ۔ میں نے کہا کہ یہ روپے تو مجھے داتا صاحب نے دیے ہیں۔ گھر چل کر اپنے روپوں میں سے دُوں گا کہا بہت اچھا۔ صبح جب میں کچہری جانے لگا۔ تو ایک بند دوکان کے برامدے میں وہ مست بیٹھے ہُوئے تھے۔ میں پاس سے گزرا تو اُنھوں نے آواز دی۔ اور کہا کہ "لاؤ میرا ڈیڑھ روپیہ"۔ میں نے کہا کیسا؟ کہنے لگے یہ اعتبار کرنے کی سزا ہے۔ اِس کے بعد اُنھوں نے سارا واقعہ سُنایا اور میں نے ڈیڑھ روپیہ اُن کی نذر کر دیا۔

## نیکی کا اَجر :

اِسی طرح اُنھوں نے ایک اَور واقعہ سُنایا کہ ہمسائیوں میں سے ایک غریب بڑھیا نے مجھ سے کہا۔ کہ ہمیں آج تیسرے دن کا فاقہ ہے۔ مانگنے کی عادت نہیں۔ بچے بھُوک سے بلک رہے ہیں۔ اگر کچھ ہو سکے تو راہِ خدا

امداد کرو۔ میرے پاس اُس وقت ایک اٹھنّی تھی۔ وہ میں نے نکال کر اُس کے حوالے کر دی۔ رات کو میں نے خواب دیکھا کہ میں جہاز پر سوار جدّے جا پہنچا ہوں اور وہاں سے مکہ معظّمہ۔ یہاں میں نے باقاعدہ طواف بھی کیا۔ اِس کے بعد میری آنکھ کھُل گئی۔ صُبح میں نے آقا احمد علی صاحب سے ذِکر کیا تو اُنھوں نے پوچھا کہ تُم نے کل کیا عمل خیر کیا ہے۔ میں نے اُس بڑھیا کا واقعہ سُنایا۔ تو فرمایا کہ اِس اٹھنّی نے ہی تمھیں حج کرا دیا ہے۔ میں نے بھی ایک دو خواب دیکھے جن میں آقا صاحب کو حضرت غوث اعظم کے حضور میں حاضر پایا۔

## دُوسری بیعت :

آقا صاحب کی وفات کے کُچھ عرصے بعد لاہور کے شالامار باغ میں ایک پٹھان مولوی عبداللہ صاحب آ کر ٹھہرے۔ باغبانپورہ اور لاہور میں اُن کا بہت چرچا تھا۔ اُدھیڑ عمر کے آدمی تھے۔ میں بھی گیا اور اُن کی بیعت کر لی۔ مگر تھوڑے ہی عرصے کے بعد اُنہوں نے لاہور میں شیخ شبراتی مرحوم کی بیوی سے شادی کر لی۔ اس کے بعد اگر کوئی مُرید اُن سے ملنے جاتا تو آپ فرماتے کہ وُہ فقیری باغبانپورہ میں ہی رہ گئی۔ اُن کی بیعت کرنا ایک فعلِ عبث ثابت ہُوا۔

## پیر صاحب کی کرامت :

لاہور میں غلام مرتضیٰ نامی ایک پیر تھے وہ اپنی مجلس میں جس آدمی کے کان

میں کچھ پھونک دیتے تھے وہ تڑپنے لگ جاتا تھا۔ میں اور ڈاکٹر مولا بخش ہم اُن کے پاس بھی حاضر ہوئے۔ اور بہت سی ملاقاتیں ہوتی رہیں۔ ڈاکٹر مولا بخش تو مرید ہو گئے۔ مگر میں نے شرط لگا دی کہ میں تو ایسے شخص کا مرید ہوں گا جو مجھے حضور سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرا دے۔ جس کے لیے اُنھوں نے بہت لمبے چوڑے وظائف بتائے۔ تقریباً تین چار گھنٹے روز کی چکی تھی۔ مگر میں بطیبِ خاطر برداشت کرتا رہا۔ لیکن مدعا پورا نہ ہوا۔ اور میں مرید نہ ہوا۔ ڈاکٹر مولا بخش کو بھی اُنھوں نے اِتنی مشقت بتا دی تھی کہ وہ بیچارے پاگل ہو گئے اور اسی حالتِ جنون میں ان کا انتقال ہو گیا۔

## تیلن پیر :

میں بھوپال گیا تو وہاں بھی ایک صاحب کا پتہ ملا جو ایک پہاڑی کی ٹیکری پر رہا کرتے تھے۔ ہم وہاں پہنچے تو معلوم ہوا کہ آپ پہلے سواروں میں ملازم تھے۔ نوکری چھوڑ کر فقیری اختیار کر لی ہے۔ کسی سے مانگتے نہ تھے۔ کیونکہ ع

خُدا خود میرِ سامان است اسبابِ توکّل را

معتقدین وہیں کچھ نہ کچھ پہنچا دیتے تھے۔ غرض اُن سے بھی تسلی نہ ہوئی اور تلاشِ پیر جاری رہی۔

پونچھ جانے کا اِتّفاق ہوا تو وہاں میرے سامنے ایک جوان عمر کے آدمی

حضرت اعلیٰ پیر کی خانقاہ پر چلّہ کشی کر کے نکلے تھے۔ میں نے بھی اُن کی زیارت کی۔ مگر اپنے مرض کی دوا نہ سمجھا۔

اعوان شریف کے ایک مشہور پیر قاضی صاحب گجرات آیا کرتے تھے۔ اُن کی زیارت کو گیا۔ میں نے کہا۔ "وظائف تو بہت کیے اور کر رہا ہوں۔ مگر یہ حلق سے نیچے نہیں اترتے۔ سُنا ہے کہ آپ اس فن کے ڈاکٹر ہیں۔ اگر ان کو خون میں جذب کرنے کا کوئی نسخہ یاد ہو تو بتائیے" وہ یہ سُن کر بہت خوش ہوئے۔ فرمایا "میرے پاس لوگ یا تو مقدمات کے لیئے دعا کرانے آتے ہیں یا اولاد کے لیے یا اور کسی ضرورتِ دُنیوی کے لیئے، مگر جو سوال آپ کا ہے اس کے سائل بہت ہی کم دیکھنے میں آتے ہیں۔ آپ اپنے معمولات بیان کیجیے۔ کہ آپ کیا کیا پڑھتے ہیں"۔ میں نے معمولات بیان کیے۔ تو پوچھا "بیوی بچے بھی ہیں"۔ میں نے کہا "جی ہاں"۔ فرمایا۔ "میری رائے یہ ہے کہ ایک دیندار مسلمان کے لیے یہی صراطِ مستقیم ہے۔ اور جو کچھ آپ چاہتے ہیں۔ اُس کے لیے بے حد مشقت کی ضرورت ہے۔ جس کی وجہ سے گھر بار کو بھی چھوڑنا پڑتا ہے اور یہ گناہ ہے۔"

اسی قسم کا ذکر میں نے پیر عبدالغفار صاحب سے بھی کیا وہ کہنے لگے کہ نماز کے فوت ہو جانے سے اگر طبیعت میں کوئی افسوس نہ ہوتا ہو تو پڑھنا نہ پڑھنا برابر ہے۔ ورنہ ضرور پڑھتے رہیے۔

## پیر چانن شاہ :

علاقہ راولپنڈی کے ایک پیر چانن شاہ صاحب لاہور میں تشریف لائے

تو میں نے اُن سے عرض کی کہ اِس نفلی نماز سے کیا فائدہ جو میں ادا کر رہا ہُوں۔ فرمایا کہ ایک یہودی اپنی قوم کے سامنے حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی نماز کی نقلیں اُتارا کرتا تھا کہ یوں نیّت باندھتے اور یوں قیام، رکوع اور سجود کرتے ہیں۔ جب اُس کی موت واقع ہُوئی اور مؤکّلانِ عذاب نازل ہُوئے تو غیب سے ندا آئی کہ یہ ہمارے دوست کا نقّال ہے۔ اِس کو چھوڑ دو۔ پس جس نقلِ نماز کا ایک یہودی کو یہ فائدہ ہو سکتا ہے تو ایک مسلمان کو جو دِل سے بھی قائل ہو، کیوں فائدہ نہ ہوگا۔

## دلائل الخیرات کی اِجازت :

پیر جانن شاہ صاحب بھیروی کے لاہور میں کئی مُرید تھے۔ اور وہ ہر سال کافی عرصہ میاں نصیرُ الدّین مرحوم کے ہاں آکر ٹھیرا کرتے تھے۔ اُنھوں نے اِس خیال کی تائید کی کہ نماز حضُورِ قلب سے ہو یا نہ ہو، اُس کا پڑھ لینا فائدہ سے خالی نہیں۔ اُنھوں نے مجھے دلائل الخیرات پڑھنے کی بھی اجازت دی۔ پھر قاری شاہ سلیمان صاحب پھُلواروی سے جو انجمن حمایتِ اسلام کے جلسوں میں تشریف لایا کرتے تھے، اِس کا ذکر کیا۔ تو اُنھوں نے بھی پڑھنے کی اجازت عطا فرمائی۔ چُنانچہ تقریباً ساٹھ سال سے دلائل الخیرات میرے وظائف میں شامل ہے۔ جب مجھے مدینہ مُنوّرہ میں حاضری کا شرف حاصل ہُوا تو میں نے شیخ الدلائل عبد الفتّاح سے بھی اجازت حاصل کر لی۔

## تجدیدِ بیعت :

آخر کار میری ملاقات خواجہ اللہ بخش صاحب تونسوی رحؒ سے ہوئی اور میں نے اُن کے ہاتھ پر تجدیدِ بیعت کی۔ اُنھوں نے مجھے ہر نماز کے بعد اسمِ یا کریم اور ایک تسبیح درود شریف اور دلائل الخیرات پڑھنے کی اجازت دی اور معمولی وظائف کو بدستور جاری رکھنے کا ارشاد فرمایا۔ میں نے عرض کیا کہ میرے قلب کی حالت بہت خراب ہے۔ اُس کے صیقل کے لیے آپ نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے، وہ بہت کم ہے۔ فرمایا۔ مولوی صاحب! اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ آپ بہت بڑے گنہگار ہیں۔ تو بتائیے کہ آپ جیسے اور بے شمار گنہگار ہوں گے۔ لیکن ربِّ غفّار کا ثانی کوئی نہیں۔ اُس کی بخشش پر بھروسہ کیجیے اور لمبے چوڑے وظائف کے گرد نہ پڑیے۔ وہ نقطہ نواز اگر چاہے تو ایک ہی سجدے یا ایک ہی درود شریف کو بہانۂ بخشش بنا سکتا ہے۔

## سجادہ نشیں اخوند کی نصیحت :

اِس کے کچھ عرصے بعد میری ملاقات میاں غلام باری صاحب سجّادہ نشین حضرت اخوند صاحبؒ رام پور سے ہوئی۔ آپ شریعت اور طریقت کے رموز و غوامض کو بہت اچھی طرح سمجھتے تھے۔ اُن سے میں نے کہا کہ حضرت غوث الاعظم رحؒ کی بابت مشہور ہے کہ اُنھوں نے ایک چور کو قطب بنا دیا تھا۔ کیا یہ صحیح ہے؟ فرمایا کہ بالکل صحیح۔ ایمان و ایقان، ولایت و قطبیت وغیرہ مدارج تزکیۂ قلب اور تبدیلیِ خیال پر موقوف ہیں۔ میرے

مُریدوں میں سے کئی آدمی ہیں جو سالہا سال سے وِرد و وظائف کی چکّی پیستے چلے آتے ہیں مگر جہاں سے چلے تھے۔ اب تک وہیں ہیں۔ اور بعض ایسے بھی ہیں جو چند دنوں میں ترقّی کر جاتے ہیں۔ کیونکہ ان کا قلب توجّہ سے یکسُو ہو کر کام کرنے لگتا ہے۔ اِس طرح عین ممکن ہے کہ جو شخص حضرت غوث الاعظم کے ہاں چوری کرنے گیا تھا۔ اُس پر آپ کی تلقین کا فوری اثر ہو گیا ہو اور قلب صاف ہو کر رُتبۂ ولایت پا گیا ہو۔

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کی زیارت :

میں نے میاں غلام باری صاحب سے عرض کیا کہ مجھے دو دفعہ خواب میں حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی شبیہہ مُبارک نظر آئی ہے مگر دونوں دفعہ کی صُورت میں اختلاف تھا۔ اس کی کیا وجہ ہے۔ میں نے یہ حدیث بھی سُنی ہے کہ شیطان حضُور کی صُورت اختیار نہیں کر سکتا۔ فرمایا۔ یہ تو ٹھیک ہے مگر انسانی خیال تو صُورت بنا لیتا ہے۔ زیارت کی پُوری تسلی جب ہوتی ہے کہ انسان خواب سے بیدار ہو تو اپنے بستر اور نفس میں خوشبو محسوس کرے مُجدّدِ الفِ ثانی نے بھی یہی معیارِ زیارت مُقرّر فرمایا ہے۔ اِن کے سوا جو صُورتیں نظر آتی ہیں۔ وُہ اپنے ہی خیال کا عکس ہوتی ہیں۔ اِن کو اصل زیارت نہیں کہا جاتا۔

## عالمِ ہویت :

انھوں نے مجھے یہ بھی بتایا کہ آپ معمولی اوراد و وظائف تو کرتے ہی رہتے

ہیں۔ مگر میں ایک ترکیب بتاتا ہوں کہ روز دو بار آنکھیں بند کر کے کانوں میں اُنگلیاں دے لیا کیجیے۔ آپ کو ہُو ہُو کی آواز سُنائی دے گی۔ اِس کو علمِ ہُوئیت کہتے ہیں۔ اگر آپ اس کی مُداومت کریں گے تو یہی ذکرُ الرُّوح سمجھا جائے گا۔ میں نے جب کبھی ایسا کیا ہے اِس تدبیر کو صحیح پایا ہے۔ لیکن اِس پر مُداومت نہیں کی۔ کیونکہ دو چار منٹ بھی گراں گزرتے ہیں۔

## حضرت داتا صاحبؒ :

داتا صاحب کے دربار میں مَیں تقریباً ساٹھ برس سے روزانہ حاضر ہو رہا ہوں۔ ایک دفعہ میں ایک کتاب کی منظوری کے لیے دُعا کر رہا تھا تو میری آنکھیں خود بخود بند ہو گئیں اور مجھے یہ آواز سنائی دی کہ داتا صاحب تمہارے مطلب کے لیے رات بھر دُعا فرماتے رہے ہیں۔ مگر یہ مدّعا اگلے سال پُورا ہو گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہُوا۔ ایک دفعہ میں درود شریف پڑھنے کے بعد دُعا مانگ رہا تھا کہ میری آنکھیں بند ہو گئیں اور غالباً داتا صاحب نے فرمایا کہ درودِ تنجینا پڑھا کرو۔ چنانچہ میں نے معمول باندھ لیا کہ روز صبح شام اِس کی ایک ایک تسبیح پڑھ لیتا ہوں۔

## قبولِ دُعا کا مقام :

میرے دوست ماسٹر ضیاء الدّین صاحب چغتائی کا لڑکا ولایت میں انجینئری کی تعلیم حاصل کرتا تھا۔ جس میں وہ کامیاب ہو گیا۔ شیخ گلاب دین

صاحب وکیل کا بھی ایک لڑکا ولایت میں تھا وہ بھی کامیاب ہُوا۔ شیخ صاحب کے لڑکے کی خبر جب اخبارات میں چھپی تو ماسٹر ضیاء الدین صاحب کو بڑی تشویش ہُوئی۔ کہ ان کے لڑکے کی تقرری کیوں نہیں ہُوئی۔ مجھ سے کہا کہ "آپ بھی دربار جاکر اُس کے لیئے دُعا فرمائیں" چنانچہ میں نے آنکھیں بند کر کے حضورِ قلب سے دُعا کی۔ میری آنکھیں خود بخود بند ہوگئیں تو یہ آواز سُنائی دی۔" دونوں پاس ہو گئے ہیں اور دونوں مُقرّر بھی ہو گئے ہیں"۔ میں نے ماسٹر صاحب کو خوشخبری سُنائی تو مانتے نہ تھے۔ مگر تھوڑے دنوں کے بعد جب لڑکا واپس آیا تو معلوم ہُوا کہ پاس ہونے کے بعد اُس کی تقرری بھی وہیں سے ہو گئی تھی۔ جس کی اُس نے عمداً اُنھیں اطلاع نہیں دی تھی۔

## داتا صاحبؒ کی ایک کرامت :

حافظ ابراہیم صاحب سی۔آئی۔ڈی میں انسپکٹر تھے اور درویشانہ لباس میں مسجد کی امامت اور فاتحہ درُود پڑھا کرتے تھے۔ اُن کا بیٹا خدا بخش بھی سب انسپکٹر پولیس تھا۔ مارشل لاء کے ایام میں وہ رشوت خوری کے جُرم میں تین سال کے لیے قید ہو گیا۔ حافظ صاحب گو مجھ پر بھی وار کر چکے تھے۔ مگر غرض دیوانی ہوتی ہے۔ بیٹے کے لیے وہ بھی روز دربار جایا کرتے اور مجھ سے بھی دُعا کے لیے کہا کرتے۔ میں نے کہا" اِس میں شرم کی بات نہیں، ہم سب گنہگار ہیں۔ کسی کے گناہوں پر ستّار العیوب پردہ ڈالے رکھتا ہے اور کسی کے ظاہر ہو جاتے ہیں۔ آپ ایک اچھے دربار میں دُعا کے

کے لیے آئے ہیں۔ اُمید ہے کہ خالی نہ جائیں گے"۔ مگر شومئ قسمت سے اُنھوں نے جو اپیل کی وہ خارج ہو گئی۔ ہائیکورٹ میں بھی سزا بحال رہی اور گورنر کے ہاں رحم کی اپیل ہُوئی تو وہ بھی نامنظور ہو گئی۔ مجھ سے بلا بار کہتے تھے کہ اب کیا موقع رہ گیا ہے۔ مگر خُدا کی قدرت چند دنوں میں ولایت سے شہزادہ صاحب تشریف لائے اور اُن کی تشریف آوری کی خوشی میں جو قیدی رہا ہُوئے، اُن میں اُن کا لڑکا بھی شامل تھا۔ چند دنوں بعد وُہ مُلازمت پر بحال بھی کر دیا گیا۔ خدا تعالیٰ جب کرم فرماتا ہے تو اُس کی کوئی انتہا نہیں رہتی۔ اِس واقعہ کا حافظ صاحب کے دل پر اتنا اثر ہُوا کہ روزانہ حاضرِ دربار ہوتے۔ آخر اُنھوں نے استعفےٰ دے دیا اور دربار میں حاضر رہ کر مجاورین کو تصوّف کی کتابیں اور اخبارات پڑھ کر سُنانے لگے۔ کچھ عرصے بعد بیمار ہو کر فوت ہو گئے۔ قبرستان میانی صاحب میں قبر کھدوانے کے لیے آدمی بھیجا گیا تو مُجاورینِ درگاہ کو اطّلاع ہُوئی۔ وہ جب جنازہ میں شامل ہونے کے لیے ان کے مکان پر پہنچے تو وہ مجاور جو ایک ایک قبر کے لیے ہزار ہا روپیہ مانگتے تھے۔ خود کہنے لگے کہ یہ دربار کے بغیر اور کہیں نہیں جا سکتے۔ چنانچہ وہیں اُن کی قبر بنی۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

داتا گنج بخش صاحب مخدوم علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی ذات سے مجھے بہت بڑی عقیدت رہی ہے۔ آپ محمود غزنوی رح کے ساتھ بحیثیت علمبردار آئے تھے۔ آپ نے آ کر جہاں جھنڈا گاڑا تھا۔ وُہ جگہ آپ کے روضے کے پاس موجود ہے۔ اور اس پر سنگِ مرمر کا ایک چھوٹا سا حوض بنا ہُوا

ہے جس میں روزانہ کئی بار پانی بھرا جاتا ہے۔ زائرین چلّو بھر پانی پی لیتے ہیں اور کچھ پانی منہ آنکھوں پر بھی لگا لیتے ہیں۔

## لاہور میں پہلی مسجد:

حضرت داتا گنج بخش صاحبؒ نے یہاں جو مسجد تعمیر کرائی تھی وہ پنجاب کی پہلی مسجد تھی۔ آپ کی آمد سے پیشتر پنجاب کے وزیرِ اعظم ایک راے صاحب ہوا کرتے تھے۔ اور ان کے بھائی جوگی کی حیثیت سے بہت بڑے نامور اور صاحبِ کمال مشہور تھے۔ داتا صاحبؒ کے آنے کے بعد ان کے کئی روحانی کمالات کے مظاہرے ہوئے۔ جن سے متاثر ہو کر جوگی نے اسلام قبول کیا اور آپ کا مرید ہو گیا۔ چنانچہ جوگی کو آپ نے شیخ ہندی کا خطاب دیا تھا۔ اُس کی قبر گنبد کے اندر ایک طرف بنی ہوئی ہے۔ دُوسرے پہلو میں محمد سعید غزنوی کی قبر ہے۔ جو آپ کے مرید تھے۔ اور غزنی سے آپ کے ساتھ آئے تھے۔ ان ہی کی فرمائش پر آپ نے "کشف المحجوب" اور "کشف الاسرار" وغیرہ کتابیں لکھیں۔ جن کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی معلومات نہایت وسیع اور مطالعہ بڑا سیر حاصل تھا۔ ان دونوں کتابوں کے اُردو ترجمے کی سعادت مجھے بھی حاصل ہوئی۔

## مزار کا گنبد اور جالیاں:

آپ کے مزار پر ہشت پہلو گنبد بنا ہوا ہے جس کے ہر پہلو پر لکڑی کی

جالیاں لگی ہوئی تھیں۔ ہر سال عُرس کے وقت اِن پر اور گُنبد پر سبز رنگ کیا جاتا تھا۔

مجھے اِن جالیوں اور گُنبد کا یہ اوپرا رنگ پسند نہ تھا اور میرا خیال تھا کہ یہاں سنگِ مرمر کی جالیاں ہونی چاہییں اور گُنبد بھی پُختہ سبز رنگ کی چمکیلی ٹائیلوں کا بنوایا جائے۔ سنہ ۱۹۴۳ء میں جب میں نے آنکھیں بنوائیں تو اُس کے شکرانے پر میری بڑی لڑکی نے گُنبد کے شمالی جانب جہاں عورتیں دُعا مانگتی ہیں۔ اپنے ذاتی خرچ سے لکڑی کی جالی کی بجائے سنگِ مرمر کی جالی لگوا دی۔ اس کے بعد میں نے باقی چھ پہلوؤں پر خود جالیاں لگوائیں کیونکہ دروازے کی طرف مجھ سے پہلے کسی صاحب نے سنگِ مرمر لگوا رکھا تھا۔ گُنبد پر بھی سبز ٹائیلیں لگوا دی گئیں۔ یہ کام میاں محمد امین صاحب یکے از خادمانِ درگاہ اور ان کے ہمسائے شیخ عمر بخش صاحب ریٹائرڈ ہیڈ اسسٹنٹ پنجاب سول سیکرٹریٹ لاہور کے اہتمام سے تیار ہُوا جس پر تقریباً سات ہزار روپیہ خرچ ہُوا۔ خدا قبُول فرمائے۔

## نئی مسجد کی تعمیر:

پُرانی مسجد ایک تو بہت چھوٹی تھی۔ دوسرے بوسیدہ بھی ہو چکی تھی۔ چوہدری غلام رسُول صاحب ٹھیکیدار اور رئیس امرتسر نے مجاورانِ درگاہ کی اجازت سے اس مسجد کو کئی حصّے بڑھا کر وہ بڑی مسجد بنوائی جو اب موجود ہے۔ اُنھوں نے جس فراخ حوصلگی سے اس کام کو سرانجام دیا

خدا تعالیٰ انھیں اس کا اجر دے۔

## قبر کے لیے جگہ:

مجاورینِ درگاہ نے مسجد کی شمال کی طرف روضہ کے بالمقابل مجھے قبر کے لیے جگہ دے رکھی ہے۔ میری بڑی لڑکی کی بھی آرزو ہے کہ میری قبر کے ساتھ ہی اس کی قبر ہو۔ جس کا پورا ہونا خدا تعالیٰ کی مرضی پر موقوف ہے۔ مجھے اس جگہ تدفین کی حرص اس لیے بھی ہے کہ وہاں ہر روز قرآن خوانی ہوتی ہے۔ اور اذان کی آواز بھی آتی ہے۔ حدیث شریف کے مطابق جن اہلِ قبور کو اذان کی آواز آتی ہو۔ اللہ تعالیٰ اُن کو عذاب سے بچا لیتا ہے۔

میں نے مولوی قمرالحسن صاحب تھانوی سے یہ روایت سُنی کہ مولوی محمد قاسم صاحب بانیٔ مدرسہ دیوبند سے کسی صاحب نے پوچھا کہ لوگ بزرگوں کی قبروں کے احاطے میں دفن ہونے کی آرزو کیوں کرتے ہیں؟ جب یہ سوال پُوچھا گیا تو گرمی کا موسم تھا۔ آپ نے ایک طالب علم سے فرمایا کہ ذرا پنکھا کر دینا۔ اُس نے پنکھا ہلانا شروع کیا تو آپ نے فرمایا۔ کیا اس پنکھے کی ہوا آپ کو بھی پہنچتی ہے؟ جب اُنھوں نے اثبات میں جواب دیا۔ تو آپ نے فرمایا کہ بزرگوں کے پاس دفن ہونے کا یہی فائدہ ہے کہ اُن کے مزار پہ جو نزولِ برکات ہوتی ہیں۔ اِن سے اُن کے ہمسائے بھی مُستفیض ہو جائیں۔ میرے

نزدیک یہ جواب بہت معقول ہے۔ اور اِس لیے مجھے بھی وہاں دفن ہونے کی آرزُو ہے۔

## میرے اِعتقادات :

خُدائے تعالیٰ کا شکر و احسان ہے کہ اُس نے مجھے ایک مُسلمان گھرانے میں پیدا کیا اور گھرانہ بھی ایسا جو پابندِ شریعت تھا۔ قبلہ والد صاحب مرحوم اور دادا صاحب کو میں نے خود دیکھا ہے کہ وہ پانچوں نمازیں باجماعت مسجد میں پڑھا کرتے۔ اور تہجد کی نماز گھر میں ادا کرتے تھے۔ پڑدادا اور نگڑدادا تو میں نے دیکھے نہیں مگر قیاس ہے کہ وہ بھی پابندِ شریعت تھے۔

## اللہ تعالیٰ :

میں خُداوند تعالیٰ کی ذات کو واحد، بے مثال اور تغیراتِ زمانہ سے بالکل بلند و برتر جانتا ہوں۔ اور مجھے حق الیقین ہے۔ کہ وُہی قطرۂ آب کو زندگی بخشتا اور اُسے پروان چڑھاتا ہے۔ تمام مخلوق کے رزق، عزّت و ذلت بیماری اور شفاء، زندگی اور موت۔ کامیابی اور ناکامی، ہدایت اور گمُراہی پر وُہی ایک اکیلا قادر ہے۔ کوئی چیز، کوئی رُوح اور کوئی پیغمبر اُس کی ذات میں شریک نہیں۔ اور نہ اُس کے اختیار میں حصہ دار ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ اگر تجھے بادشاہت کی ضرورت ہے تو خُدا ہی سے مانگ اور اگر جوتا گانٹھنے کے لیے تسمے یا سوئی دھاگے کی ضرورت

ہو تو بھی اُسی سے طلب کر۔ غرضیکہ اُس کی ذات ہر بندش سے پاک اور وہم و خیال سے برتر اور ہر ایک مُراد پُوری کرنے والی ہے۔

## خاتمُ النّبیّین :

اِس کے ساتھ ہی مُجھے یقینِ کامل ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ مُبارک سید المرسلین، خاتمُ النّبیّین اور شفیع المذنبین ہے پہلے جلیل القدر سے جلیل القدر پیغمبروں کو بھی کبھی کبھی اپنی اُمّت پر غُصّہ آجاتا تھا۔ چنانچہ نُوح علیہ السّلام کی بددُعا قرآن میں مذکور ہے۔ اور حضرت موسیٰ کے واقعات میں بھی جا بجا اِس کا پتا چلتا ہے۔ مگر یہ حضُور ہی کی ذاتِ مُبارک ہے کہ جب کسی کافر نے آپؐ کے دندانِ مُبارک شہید کر دیے تو بجائے غُصّہ کے آپ نے یہی دُعا فرمائی۔ اَللّٰھُمَّ اھد قومی فاِنّھُم لایعلمُون خداوندا میری قوم کو ہدایت دے کہ یہ (مجھے) پہچانتے نہیں مجھے صرف منقُول طور پر نہیں بلکہ معقُول طور پہ دینِ اسلام کے مکمّل دین اور حضُور کی ذات کے ختم المرسلین ہونے کا یقین ہے۔ اور ایسا ہی یہ بھی یقین ہے کہ ہم ایسے خطاکاروں اور گنہگاروں کی شفاعت کے لیے آپ کی ذاتِ مُبارک ہی کام آئے گی۔

## قرآن پر ایمان :

قُرآن شریف کو میں کلامِ الٰہی یقین کرتا ہوں۔ مَیں نے انجیل، زبور، اور

توریت کو بھی جستہ جستہ دیکھا ہے۔ جن کی حیثیت بائیوگرافی سے زیادہ نہیں اُن میں خدا کی حمد و ثنا بھی ہے۔ احکامِ الٰہی کا ذکر بھی ہے۔ مگر سب کا اندازِ بیان ایسا ہے کہ اِن کا مُصنّف خدا نہیں بلکہ کوئی اور ہے۔ بخلاف اِس کے قرآن شریف میں خدا کی طرف سے خطاب ہے۔ جیسے یا ایّھاالناس یا ایّھاالمومنون، یا ایھا الکافرون اور یا ایھا النبیّ۔

## قرآن مخلوق نہیں :

میں مامونُ الرشید کی طرح قرآن کو مخلوق نہیں سمجھتا۔ بلکہ کلامِ الٰہی مانتا ہوں چنانچہ قرآن شریف میں کئی جگہ دعوے سے کہا گیا ہے کہ "اگر تم اِس کو کلامِ الٰہی نہیں مانتے تو خود ہی کوئی ایسی آیت یا سُورت پیش کرو۔ اور اپنے ادیبوں اور شاعروں کو بھی مددگار بنالو۔ ہم جانتے ہیں کہ ہرگز نہ بنا سکو گے چاہے تمھارے کتنے ہی مددگار کیوں نہ ہوں"۔ چنانچہ یہ قرآن کا معجزہ ہے۔ کہ کفّار کے بڑے بڑے عالم بھی اِس کا جواب پیش نہ کر سکے۔

## قرآن کا مُعجزہ :

ایامِ جاہلیت میں دستور تھا کہ شعرائے عرب اگر کوئی لاجواب قصیدہ لکھتے تو اُس کو خانہ کعبہ کے دروازے پر بایں غرض لٹکا دیتے کہ کوئی ایسا لکھ سکتا ہے تو لکھ کر دکھائے۔ چنانچہ سبعہ مُعلّقہ مشہور قصائد ہیں۔ حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی اولادِ ذکور نے جب وفات پائی تو کفّار کہنے

لگے کہ آپ بے اولاد ہیں۔ جس پر قرآن شریف میں یہ مختصر سی سورت نازل ہوئی۔ اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ اِنَّ شَانِئَکَ هُوَ الْاَبْتَرُ۔ "بے شک ہم نے آپ کو بے شمار ظاہری و باطنی نعمتیں عطا کی ہیں آپ خدا کی نماز اور قربانی میں مصروف رہیں۔ آپ کے دشمن ہی بے اولاد یعنی بے نام و نشان ہیں" یہ مختصر سی سورت اتنی فصیح و بلیغ ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے حضور سے اجازت چاہی کہ اِس کو بھی خانہ کعبہ کے دروازے پر لٹکا دیا جائے کہ مدعیانِ بلاغت اِس کا جواب تو لکھیں۔ چنانچہ جب لٹکائی گئی تو شعرا و اُدبائے عرب اس کو دیکھ کر سناٹے میں آ گئے۔ اور سب سے بڑے ادیبِ کامل نے یہ لکھ دیا کہ وَمَا هٰذَا کَلَامُ الْبَشَرِ۔ یعنی یہ کسی آدمی کا کلام نہیں ہے۔

## شریعت :

میرے خیال میں شریعت وہ قانون ہے جس پر چلنا ہر مسلمان کے لیے لازمی ہے۔ اس کے تمام احکام ایسے واضح اور شعبہ ہائے زندگی پر حاوی ہیں کہ انھیں کو قوانینِ دنیا کا ماخذ کہنا چاہیے۔ قرآن کریم کا حکم ہے وَکَتَبْنَا عَلَیْهِمْ فِیْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَیْنَ بِالْعَیْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ط

ترجمہ :- اور ہم نے فرض کیا کہ قاتل مرد ہو یا عورت مقتول کے بدلہ میں قتل کیا جائے۔ اور آنکھ کے بدلے میں آنکھ نکالی جائے اور کان کے بدلہ

میں کان کاٹا جائے۔ اور دانت کے بدلہ میں دانت توڑا جائے اور باقی زخموں میں برابر کا بدلہ ہے۔

انجیل کی تعلیم تو یہ ہے کہ اگر تمھارے دائیں گال پر کوئی طمانچہ مارے تو بایاں بھی آگے کر دو۔ دُنیا کے تمام قوانینِ فوجداری ہیں۔ انجیل کی تعلیم پر احکام نہیں دیے جاتے۔ بلکہ قرآن کی تعلیم ہی ان کا ماخذ ہے اگر فی الواقعہ ایسا نہ ہو تو دُنیا میں بدامنی پھیل جائے۔

## تصوّف :

لفظ تصوّف کے مختلف معانی ہیں۔ کمبل پوشی، اصحاب صُفّہ کے طریق پر چلنا اور باطن کی صفائی۔ جن بزرگوں نے اس طریق کو اختیار کیا۔ ان کی مثال ایسی ہے جیسے ایم۔اے یا ایل ایل ڈی ہونے کے بعد کوئی شخص کوئی خاص ریسرچ (تحقیق) کرے اور ظاہر ہے کہ وہ ریسرچ نہ تو عام لوگوں کی سمجھ میں آ سکتی ہے اور نہ اُس پر نکتہ چینی کی جا سکتی ہے۔

حضرت بایزید بُسطامی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک حکایت مشہور ہے کہ ایک شخص آپ کے پاس مُرید ہونے آیا تو آپ نے فرمایا کہ پانچ وقت کی نماز پڑھتے ہو؟ اُس نے کہا۔ "جی ہاں"۔ آپ نے فرمایا۔ "آج سے نماز چھوڑ دو"۔ وہ نا اُمید ہو کر چلا گیا کہ اِس حکمِ شریعت کو تو میں کسی طرح چھوڑ نہیں سکتا۔ چند دنوں کے بعد پھر حاضر ہُوا اور کہا کہ مجھے اپنے مُریدوں میں شامل فرمالیجیے۔ مگر آپ نے پھر وُہی جواب دیا اور اِس

پر مزید فرمایا کہ نماز کا حکم پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذریعے ہم تک پہنچا ہے۔ اگر وہ تمھیں فرماتے تو تم نماز چھوڑ دیتے؟ اُس نے کہا۔ "جی ہاں" فرمایا "رات کو جو بشارت ہو اُسے صبح آ کر بیان کرنا"۔ چنانچہ اگلے دن اُس نے آ کر بیان کیا کہ آپ کی توجہ سے رات حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت ہوئی تو حضورؐ نے نماز کے متعلق تو نہیں بلکہ عام طور پر فرما دیا کہ پیر کے احکام کی تعمیل کرنی چاہیئے۔ یہ جواب سُن کر آپ نے اُس کو بیعت سے مشرّف فرمایا اور کہا کہ مجھے تمہارا امتحان کرنا تھا کہ فقر اختیار کر کے تم احکامِ شریعت کو تو نہ بھول جاؤ گے۔

اِس سے صاف ظاہر ہے کہ تصوّف بغیر پابندیٔ شریعت ممکن نہیں اور صرف شریعت پر عمل کرنا بھی موجبِ رُستگاری ہو سکتا ہے۔ میں وظائف پڑھتا ہوں جو اکثر بزرگ صوفیائے کرام کی تلقین کے مطابق ہیں۔ لیکن ان کی قبور کو سجدہ کرنا یا اُن کی ذاتِ خاص سے مُراد یں مانگنا میرے معمولات میں شامل نہیں۔ میں ساٹھ برس سے روزانہ داتا گنج بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر حاضر ہوتا اور معمولی وظائف کے بعد دُعا کرتا ہُوں۔ کہ "الٰہی میں تیرے حضور میں اس دروازے سے حاضر ہُوا ہوں۔ جو آپ کے برگزیدہ بزرگ کا دروازہ کہلاتا ہے۔ بس بطفیل اپنے اِس دوست کے میری حاجات روا فرما"۔ میں قبر کو سجدہ نہیں کرتا اور نہ صاحبِ قبر کو مخاطب کر کے کوئی مُراد مانگتا ہوں۔ اور میرے نزدیک یہیں تک ہمیں شرعی اَدب اجازت دیتا ہے۔ اِسی

سے زیادہ نہیں۔ ؎

چہ شب ہا نشستم دریں سیر گم
کہ حیرت گرفت آستینم کہ قم
محیط است علمِ ملک بر بسیط
قیاسِ تو بروے نہ گردد محیط
نہ ہر جائے مرکب تواں تاختن
کہ جاہا سپر باید انداختن

# میری اولاد

## عبدالمجید خان :

میرے فرزندِ اکبر عبدالمجید خاں کو ابتدا ہی سے ریلوے کی ملازمت کا شوق تھا۔ اس لیے وہ ابھی دسویں جماعت میں ہی تھے کہ تعلیم سے بیزار ہو گئے۔ میاں محمد دین ریلوے میں چیف گڈس کلرک تھے اور میری اُن سے کوئی شناسائی بھی نہ تھی۔ عبدالمجید خاں اُن کے پاس پہنچے تو انھوں نے فرمایا کہ گڈس کلرک کی تنخواہ بیس روپے سے شروع ہوتی ہے اور تمھاری یہ معمولی پوشاک جو تم پہنے ہوئے ہو چالیس روپے سے کم کی نہیں۔ اِس لیے یہ ملازمت کر کے تم کیا کرو گے؟ تمھارے باپ کا نام میں نے بھی سُنا ہے۔ اِس لحاظ سے یہ ملازمت اور بھی گھٹیا ہے۔ مگر برخوردار نے نہ مانا۔ اِس پر انھوں نے کہا کہ میں آج تمھارے والد کے پاس جاؤں گا اگر انھوں نے اجازت دے دی تو کوشش کروں گا۔ چنانچہ وہ رات کو آئے۔ عبدالمجید نے پہلے سے مجھے سارا واقعہ سنا دیا تھا اور مجھے مجبور کر دیا تھا کہ میں اجازت دے دوں۔ لہٰذا میں نے بھی بادلِ ناخواستہ رضامندی ظاہر کر دی۔ چونکہ گڈس کلرک کا امتحان بھی ہوتا تھا۔ اِس لیے میاں صاحب نے

اُنھیں اگلے ہی دن ایک ہندو گُڈس کلرک کے ساتھ کام سیکھنے پر لگا دیا۔
اور شام کو کھانا کھانے کے بعد وہ ہمارے مکان پر آکر اُن کو ضابطہ ریکو (ٹریفک مینویل) رٹواتے رہے جو ریل والوں نے گڈس کلرکی کے لیے مُقرّر کر رکھا ہے۔ چنانچہ وہ پاس ہوکر گُڈس کلرک ہو گئے۔

تقریباً ایک سال کے بعد میاں محمد دین صاحب یہاں سے تبدیل ہو گئے۔ اِس لیے عبدالمجید خاں نے اپنی تبدیلی ٹکٹ چیک کرنے والوں میں کرالی اور اس طرح یہ ٹی۔ ٹی۔ آئی ہو گئے۔ چونکہ ان کی والدہ کا انتقال ہو چکا تھا اور گھر بلو ضروریات کے لیے بڑے ہونے کی حیثیت سے اُن کا گھر رہنا ضروری تھا۔ اِس لیے میں نے اُنھیں ملازمت چھوڑنے کے لیے کہا۔ میرا کہا اُنھوں نے مان لیا اور نوکری چھوڑ دی۔

عبدالمجید خاں کی شادی مولوی فقیر محمدؐ صاحب مرحوم مالک وایڈیٹر "سراج الاخبار" جہلم کی دُختر سوم سے مولوی صاحب کی زندگی میں ہی شرعی طریق پر انجام پائی۔ مولوی صاحب مرحوم نہ صرف مالکِ مطبع اور ایڈیٹرِ اخبار تھے، بلکہ اپنے علاقے میں بڑے عالمِ دین سمجھے جاتے تھے مرزا صاحب قادیانی کے ساتھ اُن کے بحث و مُباحثے اور مُقدّمات بھی رہے۔ اُن کا اخبار مولویانہ ٹائپ کا تھا۔ اُن کی وفات پر مَیں بھی جہلم گیا تھا۔ نمازِ جنازہ کے بعد مَیں نے لوگوں کو مُخاطب کر کے کہا کہ آنحضورؐ نے فرمایا ہے کہ جس شخص کی وفات پر چالیس مُسلمان اس کے مُسلمان ہونے کی شہادت دیں تو اللہ تعالیٰ کی رحمت پر اس کی مغفرت لازم ہو جاتی ہے

چنانچہ جتنے شاملینِ جنازہ تھے۔ سب نے بیک آواز کہا کہ "ہم گواہی دیتے ہیں کہ مولوی صاحب بڑے پختہ عقیدہ کے متقی مسلمان تھے"

مولوی صاحب کی بڑی لڑکی عبدالقادر صاحب مرحوم پرمانٹ دے انسپکٹر کے ساتھ بیاہی ہوئی تھی اور دوسری غلام نبی صاحب پرمانٹ دے انسپکٹر اور تیسری لڑکی عبدالمجید خاں سے بیاہی گئی۔ اُن کے اب خدا کے فضل و کرم سے دو لڑکیاں اور دو لڑکے ہیں۔ بڑی لڑکی سلطان جہاں میٹرک پاس کرنے کے بعد پشاور کے مشہور ڈاکٹر عبداللطیف کے ساتھ بیاہی گئیں اور دوسری مسرت جہاں ۱۹۴۵ء میں میٹرک کا امتحان دینے کے بعد جہاں قدرت کی مرضی ہو گی وہاں چلی جائے گی۔ آج کل عبدالمجید خاں اپنے گھر کا ہی انتظام کرتے ہیں۔ مزاج میں تیزی بہت ہے مگر دل کے بہت صاف اور کھرے ہیں۔ کسی کے ساتھ بُرائی نہیں کرتے۔ الحمدللہ نماز روزے اور شرعی احکام کے پابند اور ملک و ملت کا درد رکھتے ہیں۔

مولوی فقیر محمد صاحب کی دو بیویاں تھیں۔ پہلی بیوی سے جو لڑکی تھی وہ پہلے بیاہی جا چکی تھی۔ سُنا گیا ہے کہ جب دونوں بیویاں بقیدِ حیات تھیں تو مولوی صاحب کو جو آمدنی ہوتی تھی۔ کوڑی کوڑی تک نصف نصف تقسیم کر دیا کرتے تھے۔ کچھ عرصے کے بعد پہلی بیوی کا انتقال ہو گیا تو دوسری بیوی گھر کی مالک بنیں جو بڑی تہجد گزار خوش عقیدہ درود وظائف کی پابند اور فراخ دست تھیں۔ حجِ حرمین شریفین سے بھی مشرف ہو چکی تھیں۔ الحمدللہ وہ ہم سے خوش گئیں اور ہم بھی اُن سے بہت خوش رہے

یہیں لاہور میں اُن کا انتقال ہُوا۔ اور قبرستان شاہ بدر دیوان میں دفن کی گئیں۔ اُن کے دوسرے داماد عبد القادر صاحب کا جب انتقال ہُوا تو وُہ بھی اِسی قبرستان میں دفن ہوئے۔

## عبد الحمید خان :

عبد الحمید خاں جو اِس وقت پولیس اور دیگر کاموں کے جنرل مینجر کی حیثیت سے کام کر رہے ہیں، اپنی والدہ کے انتقال کے وقت غالباً اٹھارہ سال کے تھے۔ اُن کی والدہ مرحومہ ایک دفعہ بٹالے جاتے ہوئے امرتسر بھی ٹھہری تھیں۔ وہاں سے واپسی پر اُنھوں نے مجھ سے ذکر کیا کہ پہلوانوں کے خاندان میں مَیں نے ایک لڑکی دیکھی ہے، جو مجھے نہایت پسند آئی ہے۔ اس وقت یہ بات آئی گئی ہوگئی۔ مگر اُن کی وفات کے بعد جب یہ ضرورت محسوس ہُوئی کہ گھر کی آبادی کے لیے عبد الحمید خاں کا نکاح عمل میں آئے تو مَیں نے اپنی اہلیہ کے ماموں کاکا عبد الصمد صاحب سے کہا کہ میں اُس لڑکی کے ساتھ اِس کی شادی کرنا چاہتا ہوں جسے اِس کی والدہ پسند کر چکی ہیں۔ کاکا عبد الصمد صاحب نے جو ہمیشہ پہلوانوں کے اِس گھرانے کے ساتھ رہتے تھے۔ امرتسر جا کر اُن کو فوراً رضامند کر لیا اور یہ شادی بخیر و خوبی میری اہلیہ کی وفات کے چھ مہینے بعد عمل میں آئی۔ جس سے خدا کے فضل سے اس وقت تین لڑکے اور تین لڑکیاں بقیدِ حیات ہیں اور چھ سات فوت بھی ہو چکے ہیں۔ بڑے لڑکے عبد الغنی صاحب

میٹرک پاس ہیں۔ اور اپنے کام کو خوب سمجھتے ہیں۔ اُن کی شادی ۱۲ مئی ۱۹۴۲ء کو ہوئی۔ اور اب ان کے ہاں دو لڑکے بفضلِ الٰہی موجود ہیں۔ جن کا نام اقبال غنی اور افضال غنی ہے۔ عبدالحمید خاں کی بڑی لڑکی ممتاز بیگم کی شادی حمیدہ پہلوان رستمِ ہند سے ہوئی اور منجھلی امتیاز بیگم کی شادی بھی اسی خاندان میں خواجہ غلام صادق ولد خواجہ غلام جیلانی صاحب مرحوم شال مرچنٹ کے اکلوتے لڑکے سے ہوئی۔ ان کے دُوسرے لڑکے عبدالسلام کی شادی امرتسر میں میر عبداللہ صاحب مرحوم کی لڑکی سے ۱۵ اکتوبر ۱۹۴۴ء کو ہوئی۔

عبدالحمید خاں ابتداء ہی سے دُنیادی کاروبار، تجارتی اور زراعتی مُعاملات میں سب سے پیش پیش رہے ہیں اور نہایت خوش تدبیری سے کام کرتے ہیں۔ ابتداء میں تو نماز پنجگانہ سے جواب ہی تھا۔ لیکن اب دو سال ہوئے جب سے میں نے ترجمۂ قرآن شریف کا کام شروع کیا ہے یہ سب سے بڑھ کر پابندِ صوم وصلوٰۃ ہو گئے ہیں اور صرف ظاہری پابندی ہی نہیں بلکہ کوشش کرتے ہیں کہ ان کا کوئی فعل شرعی نقطۂ نگاہ سے قابلِ اعتراض نہ ہو۔ صبح چار بجے سے اُٹھ کر رات کے گیارہ بجے تک مشاغلِ دینی و دُنیوی میں مصروف رہتے ہیں اور بھائیوں میں سے کسی پر احسان نہیں دھرتے۔

## عبدالرشید خان :

میرے تیسرے فرزند عبدالرشید خاں نے جو آج کل سُپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ

پرنٹنگ اینڈ سٹیشنری پنجاب ہیں۔ ۱۹۲۲ء میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ اور کچھ عرصہ میو سکول آف آرٹس میں بھی تعلیم پائی۔ سکول سے چند طالب علم ولایت بھیجے جانے تجویز ہوئے تو میں نے بابو گپتا پرنسپل سے مل کر کہا کہ عبدالرشید کو بھی ولایت بھیج دیجیے۔ مگر انھوں نے صرف اُن چند لڑکوں کو بھیجنا منظور کیا جو اُن کے پہلے ہی زیرِ نظر تھے۔ حالانکہ اُن کے والد بابو کالی پرسن میرے ملنے والوں میں تھے اور کسی زمانے میں "ٹریبیون" کے ایڈیٹر رہ چکے تھے۔ مجھے پرنسپل کی طوطا چشمی سے بہت رنج ہوا۔ اور میں نے عبدالرشید خاں کو اپنے پریس کے کام پر لگا دیا۔

۱۹۲۹ء میں جب برخوردار وحید نے ولایت جانے کا ارادہ کیا تو میں نے سوچا کہ اگر رشید بھی وہاں جا کر پریس کے متعلق امتحان پاس کر آئے تو اپنے پریس کے لیے بہت مفید ہوگا ان دونوں کے لیے اخراجات کثیر کی ضرورت تھی۔ اور یہاں یہ حال کہ ؎

قرار در کفِ آزادگاں نگیرد مال
نہ صبر در دلِ عاشق نہ آب در غربال

مگر ایک متاعِ گراں بہا میرے پاس تھی اور وہ تھی توکّل، میں نے تین ہزار روپیہ انھیں دے کر خدا حافظ کہا۔ اور یہ بخیر و عافیت ولایت پہنچ گئے۔

لیڈز میں ایک پریس کے معاملت دار مسٹر کولنز وُوڈ صاحب کا سیاہی کا کارخانہ تھا۔ اُن کو میں نے لکھ دیا تھا کہ میرا بچہ اِس مُلک میں اجنبی ہے اس لیے اِس کے داخلے میں ضروری مشورہ اور اِمداد دیں۔ جب یہ روانہ

ہو چکے تو مسٹر کولنز وُوڈ کا تار آیا کہ پرنٹنگ کے کام کا کالج لیڈز میں ہے اگرچہ لنڈن میں بھی گلڈ انسٹی ٹیوٹ کے نام سے ایک معمولی قسم کا سلسلہ موجود ہے۔ مگر سند یہیں کی پختہ سمجھی جاتی ہے۔ لڑکے کو آپ یہیں بھیجیں۔ چنانچہ میرے تار دینے پر عبدالرشید لیڈز پہنچے اور کالج میں داخل ہو گئے یہ کام نہایت محنت سے کرتے، اس لیے پرنسپل اور اساتذہ اِن کو مافوق العادت طالب علم سمجھ کر خاص توجہ دیا کرتے اور امتحان یا کسی اور تقریب میں اگر کوئی افسر یا وزیر کالج میں آتا تو اِن سے خاص طور پر انٹرویو کرایا جاتا کہ یہ کالج کے بڑے محنتی اور ہونہار طالب علم ہیں۔ دن کو بھی کام کرتے ہیں اور رات کو بھی۔

میں نے دونوں سے کہہ دیا تھا کہ وہاں اپنی پوزیشن گھٹیا نہ رکھنا اور جس طرح مسلمان جا رہے ہو۔ اسی طرح مسلمان واپس آنا چنانچہ انھوں نے اس ہدایت کی پوری پوری تعمیل کی اور یہ جس طرح یہاں تمباکو نوشی سے ناآشنا تھے، ویسے ہی وہاں جا کر بھی بالکل ناآشنا رہے۔ دعوتوں کی بابت اِن کو ہدایت کر دی گئی تھی کہ جب کبھی باضابطہ یا بے ضابطہ دعوت ہو تو وہاں سبزی خور بن جانا۔ کیونکہ دعوت کے وقت گوشت میں اِمتیاز بڑا مشکل ہوتا ہے۔ اِس کی بھی اُنھوں نے پوری تعمیل کی بلکہ عبدالرشید نے جو دو رمضان لیڈز میں گزارے اُن میں پورے روزے رکھے۔ جس گھر میں یہ رہتے تھے۔ اُس کی مالکہ نے کہا کہ ہمارے ہاں سحری کا کوئی انتظام نہیں ہو سکتا۔ تو انھوں نے کہا بہت اچھا میں ایک ہی وقت

کھانا کھاؤں گا۔ چنانچہ سب روزے یک وقتہ خوراک پر بسر کیے۔ ذٰلِکَ
فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَاءُ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ۝

عبدالرشید تو دو سال میں پرنٹنگ کا ڈپلوما لے کر لیڈز سے لندن ہوتے ہوئے واپس آ گئے۔ عبدالوحید البتہ ان سے ایک سال بعد پہنچے۔ عبدالرشید کے آنے سے پہلے گورنمنٹ پرنٹنگ پریس الہ آباد کے لیے دو افسروں کی ضرورت تھی۔ ایک ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اور ایک اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ۔ نواب مزمل اللہ خاں ان دنوں یو۔پی کے قائم مقام وزیرِ اعظم تھے۔ اور پریس کا شعبہ انھی سے متعلق تھا۔ دفتر والوں نے اس میں سے دو درخواستیں انتخاب کیں۔ جن میں ایک عبدالرشید تھے۔ اور دوسرے ایک انگریز۔ نواب مزمل خان نے تو ان کو ڈپٹی سپرنٹنڈنٹی اور انگریز کے لیے اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹی کی رائے دی۔ مگر ہیلی صاحب گورنر تھے۔ انھوں نے انگریز کو ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اور انہیں اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کر دیا۔

عبدالرشید کی شادی ۱۹۲۵ء میں ہوئی تھی اور یہ بھی اُن کا بڑا حوصلہ تھا کہ حاملہ بیوی اور ایک ننھی لڑکی کو چھوڑ کر ولایت چلے گئے۔ لیکن اب معاملہ زیرِ غور یہ تھا کہ انھیں اپنے ساتھ بچے بھی لے جانے ہوں گے۔ اور آیا اس تنخواہ میں گزارہ بھی ہو سکے گا یا نہیں۔ اس لیے میں انھیں یو۔پی بھیجنے میں مذبذب تھا۔ مگر دوستوں نے یہ رائے دی کہ یہ ابتدا ہے۔ آخر ایک دن وہاں سپرنٹنڈنٹ بن جائیں گے اور فرم کا کام تو ان کے بغیر بھی چلتا رہے گا۔ اس لیے ان کا مستقبل خراب نہ کیجیے۔ چنانچہ میں

انھیں چھوڑنے کے لیے خود لکھنؤ گیا۔ اس سے پہلے وہاں ایک انگریز اس عہدے پر متعین تھے۔ جن کی مدّتِ ملازمت اب ختم ہو چکی تھی۔ جس سے انھوں نے جاتے ہی چارج لے لیا۔ دوسرے تیسرے دن سپرنٹنڈنٹ صاحب معائنہ کے لیے آئے۔ میں بھی پریس میں اُن سے ملا۔ آدمی بہت شریف تھے بڑی خندہ پیشانی سے ملے اور کہا فکر نہ کیجیے۔ ہم ان کو خوش رکھنے کی کوشش کریں گے۔ چنانچہ وہ جب تک سپرنٹنڈنٹ رہے۔ ان کی ہر تجویز اور ہر بات کو بلا تامّل تسلیم کرتے رہے۔

پنجاب میں ورکس مینیجر سنٹرل جیل پریس کی اسامی کے لیے اشتہار شائع ہُوا تو عبدالرشید کے علاوہ جو ان دنوں لاہور رخصت پر آئے ہُوئے تھے۔ مسٹر احمد دین ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ پرنٹنگ پنجاب نے بھی جو لیڈز میں گورنمنٹ کے خرچ پر تعلیم حاصل کیے ہُوئے تھے۔ فیڈرل پبلک سروس کمیشن میں درخواست کی۔ انٹرویو میں دونوں کو بلایا گیا۔ مسٹر ڈیوس سپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ پرنٹنگ بطور ایک ٹیکنیکل مشیر بورڈ میں موجود تھے۔ ان کی خواہش اپنے ڈپٹی مسٹر احمد دین کے تقرّر کی تھی۔ لیکن انٹرویو میں گیارہ اُمیدواروں میں سے کمیشن نے عبدالرشید ہی کو انتخاب کیا اور یہ پنجاب میں پہلے دیسی مینیجر سنٹرل جیل پریس مقرر ہُوئے۔

ڈیوس صاحب کو ان کے ساتھ ہمیشہ پرخاش رہی جس کی کئی وجوہ تھیں۔ اوّل یہ کہ سابق سپرنٹنڈنٹ مسٹر ٹامپسن میرے دوست تھے اور دوسرے یہ کہ کئی ورکس مینیجر سنٹرل جیل پریس ان کی مخالفانہ روش کے

باعث رخصت ہو چکے تھے۔ چنانچہ ابتدا میں وہ ان کے بھی مخالف رہے۔ ابھی عبدالرشید کو آٹھ ماہ ہی گزرے تھے کہ مسٹر ڈیوس کو آٹھ ماہ کی چھٹی پر ولایت جانا پڑا۔ اگرچہ دستور یہی رہا ہے کہ سپرنٹنڈنٹ کی چھٹی پر ورکس مینجر سنٹرل جیل پریس ہی سپرنٹنڈنٹی کا کام انجام دیتا ہے۔ مگر ان کی خواہش تھی کہ اس پرانے دستور کے مطابق ان کو سپرنٹنڈنٹی پر نہ لیا جائے بلکہ مسٹر احمد دین کو سپرنٹنڈنٹ کیا جائے۔ لیکن حکومت نے ان کی یہ تجویز منظور نہ کی اور لکھا کہ ضابطۂ قدیم کے مطابق کام کریں۔ چنانچہ عبدالرشید خان سپرنٹنڈنٹ ہو گئے۔ انھوں نے آٹھ ماہ کا زمانہ سپرنٹنڈنٹی اس بے تعصبی اور احتیاط سے گزارا کہ کسی کو اعتراض کی گنجائش نہ ہو سکتی تھی۔ مگر اس پر بھی ہندو اخبارات نے بہت شور مچایا اور ان کو بدنام کرنے کے لیے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ مگر ان کا معاملہ صاف تھا اس لیے ان پر کوئی الزام نہ آسکا۔ اس کے بعد بھی جب دو دفعہ ڈیوس رخصت پر گئے تو یہی سپرنٹنڈنٹ ہوتے رہے۔

ابتدا میں ایک سال گزرنے کے بعد جب ان کی مستقلی کا معاملہ پیش ہونا تھا تو ڈیوس صاحب نے ان کے خلاف رپورٹیں لکھیں۔ مگر خدا کا فضل شامل حال رہا اور ان کی مستقلی جو ایک سال کے بعد ہونی چاہیے تھی تین سال کے بعد عمل میں آئی۔ آخر وقت تک ڈیوس صاحب کی ذہنیت معاندانہ رہی۔ مگر عبدالرشید کو مردِ مومن کی طرح اپنے خدا پر بھروسہ رہے۔

ما کار ہائے خود بخداوند کردگار     بسپردہ ایم تا کرمِ او چہا کند

قاضی فضل احمد صاحب جب مختلف مقامات پر انسپکٹر پولیس رہ کر لاہور میں کورٹ انسپکٹر ہو کر آئے تو ان سے متعدد ملاقاتیں ہوتی رہیں یہ صاحب بڑے پکے مسلمان ہیں اور انھوں نے کبھی رشوت نہیں لی۔ شرعی واقفیت بدرجۂ اتم رکھتے ہیں اور اکثر مذہبی کتابوں کے مصنف بھی ہیں۔ قاضی صاحب یہاں سے تبدیل ہو کر لدھیانہ تشریف لے گئے جو گویا اُن کا ایک وطن تھا رہنے والے تو پٹھان کوٹ کے علاقے کے ہیں۔ لیکن لدھیانہ میں ان کی شادی ہوئی تھی۔ چنانچہ پھر یہیں کے ہو رہے۔ فرقۂ اہلِ سنت والجماعت سے ہیں۔ یہاں تک کہ اگر کوئی "ضالین" کو "ذالین" پڑھ دے۔ تو فوراً بگڑ جاتے ہیں۔ ایک دفعہ انھوں نے لڑکوں کی شادیوں کے متعلق دریافت کیا۔ عبدالمجید خاں اور عبدالحمید خان کی شادی ہو چکی تھی۔ اب عبدالرشید خان کا نمبر تھا۔ یہ اِس بات سے واقف تھے کہ عبدالرشید خاں پابندِ صوم وصلوٰۃ ہے۔ اِس لیے انھوں نے فرمایا کہ میرے خاندان میں ایک اچھا خاندانی اور خوب صورت رشتہ ہے۔ عبدالرشید کی والدہ کا انتقال ہو چکا تھا۔ اب ہمارے گھر میں کوئی بڑی بوڑھی نہیں تھی۔ جو دیکھ بھال کر تسلی کر لیتی۔ لہٰذا میں نے عبدالمجید کی خوش دامن کو بھیجا کہ وہ جا کے لڑکی دیکھ آئیں۔ انھوں نے بھی اِس رشتے کو پسند کیا اور قاضی صاحب کے اِصرار پر عبدالرشید خان کی شادی مشتاق احمد خاں مرحوم کی دختر نیک اختر سے دسمبر ۱۹۲۷ء میں عمل میں آئی۔ برات میں صرف رشتہ دار اور عبدالرشید خاں کے چند دوست تھے۔ خدا کے فضل سے شادی سازگار اور مبارک ثابت ہوئی

اب اِن کے ہاں چار لڑکیاں اور ایک لڑکا موجود ہے ۔ اس کے بعد ۹ فروری ۱۹۴۵ء کو مسٹر ڈیوس کے ریٹائر ہو جانے پر یہ سپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ پریس مقرر ہوئے اور للہ بفضلِ الٰہی اچھا کام کر رہے ہیں ۔

## ڈاکٹر عبدالوحید :

میرے فرزندِ چہارم ڈاکٹر عبدالوحید نے جب ۱۹۲۳ء میں میٹرک پاس کیا ۔ تو اُن کے دوستوں نے مشورہ دیا کہ اِنھیں گورنمنٹ کالج میں داخلہ لے لینا چاہیے ۔ چنانچہ میرے مشورے کے بغیر اُنھوں نے داخلے کا فارم پُر کر کے دے دیا اور دُوسرے تیسرے دن انٹرویو کے بعد ان کے کسی ہم جماعت نے مجھے خوش خبری دی کہ ان کو کالج میں لے لیا گیا ہے ۔ کیونکہ اُنھوں نے میٹرک فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا تھا ۔ میں نے کہا یہ بڑی ناحق شناسی ہے کہ جو لڑکا گورنمنٹ اور مِشن کالج میں نہ لیا جائے اُس کو بمجبوری اِسلامیہ کالج میں بھیجیں اور جو دُوسری جگہ لیا جا سکے اُس کو اِسلامیہ کالج کی ہوا تک نہ دکھائیں ۔ پس میں نے اُن کے انٹرویو کی پروا نہ کرتے ہوئے اُنھیں اسلامیہ کالج میں داخل کروا دیا ۔ جہاں اُنھوں نے ایف ۔ اے اور بی ۔ اے کے امتحانات پاس کیے ۔ لیکن بعد میں میرے واقف کار دوستوں کا یہ نظریہ صحیح ثابت ہوا کہ اسلامیہ کالج کا طریقِ تعلیم اور طرزِ بُود و ماند کچھ ایسا واقع ہوا ہے کہ اس کی فضا کسی نیک چلن اور ہونہار طالب علم کے لیے سازگار نہیں ہوتی ۔ وحید کی تو طبیعت ہی

جداگانہ بھی۔ یہ وہاں بھی سب سے الگ تھلگ رہے۔ اور کسی اُستاد سے اپنے اسباق اور دُوسرے معاملات میں کبھی کوئی مدد نہ لی۔ البتہ کئی دفعہ انھوں نے اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ مل کر اکثر اساتذہ اور پرنسپل صاحب کو پارٹیاں ضرور دیں۔

۱۹۲۶ء میں جب انھوں نے بی۔ اے (آنرز) کا امتحان پاس کیا تو سب کے مشورے سے لا، کالج میں داخل ہو گئے اور ایف ای ایل سے ترقی پا کر ایل۔ ایل۔ بی میں لے لیے گئے۔ لیکن ۱۹۲۸ء میں ایل ایل بی کا امتحان پاس کیے بغیر اپنے بھائی عبدالرشید کے ساتھ بیرسٹری اور پی۔ ایچ۔ ڈی کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے ولایت چلے گئے۔

پہلے ولایت میں لا، کالج میں داخل ہونے کے لیے کوئی معیار مقرر نہ تھا۔ مڈل پاس بیرسٹر بن کر آجاتے تھے۔ مگر عبدالوحید کالج میں پی ایچ ڈی کے لیے بھی داخل ہونا چاہتے تھے اس پر پرنسپل نے کہا کہ اس کے لیے یہاں کے کالج کی ڈگری ہونی چاہیے۔ اس لیے یہاں دوبارہ امتحان دیجیے۔ چنانچہ انھیں مجبوراً چند مہینے اس میں ضائع کرنے پڑے۔ اور خدا کے فضل سے جب یہ وہاں بھی بی اے آنرز ہو گئے تو پی۔ ایچ ڈی میں داخل ہو گئے۔ جس کا اثر اِن کے اساتذہ اور پرنسپل پر اِتنا تھا کہ تین سال کی بجائے دو سال کے بعد اِن کو امتحان دینے کی اجازت دے دی۔ میرا مشورہ یہ تھا کہ یہ آئی سی ایس کا امتحان دیں۔ مگر انھوں نے یہ لکھ بھیجا کہ آئی۔ سی۔ ایس کے طالب علموں کو جو لوگ کوچ کرتے ہیں

بدقسمتی سے اِن میں بھی ہندوستانی اور یورپین کا فرق ملحوظ رکھا گیا ہے۔ ہندوستانیوں کے کوچ الگ ہیں اور یورپینوں کے الگ۔ اور میں اس امتیاز کو گوارا نہیں کرتا۔ چنانچہ بیرسٹری میں داخل ہو گئے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی کی تو تیاری ہو گئی تھی۔ اِدھر لا۔ کالج میں بھی تعلیم جاری رکھی۔ چنانچہ پہلے سال ہی اٹھائیسویں نمبر پر آئے۔ جو میرے لیے غیر تسلی بخش نہ تھا۔ کیونکہ آٹھ سو طلبہ میں سے اٹھائیسویں نمبر پہ آنا بُرا نہ تھا۔ لیکن اِن کی تسلی نہ ہوئی اور دُوسرے سال کا اِمتحان دے کر میرے لکھنے پر واپس آ گئے کہ یہیں نتیجہ معلوم ہو جائے گا۔

عبدالوحید ولایت میں سرایڈورڈ میکلیگن اور سراوڈوائر ریٹائرڈ گورنر پنجاب سے بھی ملتے رہے۔ میکلیگن صاحب کوئی کتاب لکھ رہے تھے۔ اس میں فارسی کاغذات کا ترجمہ وہ اِنھیں سے (بلامعاوضہ) کرا لیتے تھے۔ اِسی طرح کئی دُوسرے معززین سے بھی ان کی مساویانہ ملاقات رہی۔

جب یہ دونوں بھائی ولایت جا رہے تھے تو بمبئی ٹیکسٹ بُک کمیٹی میں اُردو کُتب کا ٹھیکہ ہونے والا تھا۔ جو خُدا کے فضل سے میرے نام منظور ہُوا۔ اِس اُمید پر میں نے دونوں بھائیوں کو ولایت بھیج دیا تھا کہ خُدا اب اِن کا خود کوئی بندوبست کر دے گا۔ چنانچہ پانچ سو روپیہ ماہوار اِن کو یہاں سے بھیجے جاتے تھے۔ جن سے اِن کا گُزارہ ہو جاتا تھا۔

میری سفرِ کابل سے واپسی پر صاحب زادہ سر عبدالقیوم خاں مرحوم سے

ملاقات ہوئی۔ انھوں نے اسلامیہ کالج پشاور میں ایک انگلش کے پروفیسر کی آسامی کے لیے اشتہار دے رکھا تھا۔ میں نے ڈاکٹر وحید کا ذکر کیا تو انھوں نے کہا کہ انگلش کی پروفیسری تو کسی انگریز کے لیے ہی مخصوص ہے مگر میں اِن کو فارسی کی پروفیسری دے دُوں گا۔ اِس پر میں نے کچھ اِنکار کیا۔ مگر انھوں نے اِصرار فرمایا۔ جس پر مانتے ہی بن پڑی۔ چنانچہ چند دنوں بعد ڈاکٹر وحید اسلامیہ کالج پشاور میں پروفیسر مُقرّر ہو کر چلے گئے۔ کچھ عرصہ بعد صاحب زادہ صاحب لاہور میں نواب مظفرؒ خان صاحب کے ہاں قیام پذیر ہوئے تو میں بھی مِلا اور پُوچھا کہ ڈاکٹر کیسا کام کرتا ہے؟ آپ نے فرمایا کہ میری توقع سے بہت بڑھ کر۔ میں اپنے سارے سٹاف میں ایسا پُرجوش ورکر نہیں دیکھتا میں نے کہا مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ آپ نے ڈاکٹر کو میرے کہنے پر رکھ لیا تھا۔ الحمدللہ کہ میں اس تعارف و سفارش سے شرمندہ نہیں ہوں۔

جب ڈاکٹر وحید اسلامیہ کالج پشاور میں پروفیسر مقرر ہو گئے تو میں نے مناسب سمجھا کہ اِن کی شادی کر دی جائے۔ لہٰذا اپریل ۱۹۳۵ء میں خان بہادر میر کریم بخش صاحب ڈائرکٹر محکمہ تعلیم صُوبہ سرحد کی دُختر نیک اختر کے ساتھ یہ کارِ خیر بھی بطریقِ احسن سرانجام پایا۔

میر صاحب کی خوشی تو یہ تھی کہ میاں سر فضل حسین، سر عبدالقادر اور اور سر فیروز خاں نُون وغیرہ بھی شاملِ برات ہوں۔ مگر میں نے عرض کیا کہ اِن کی شمولیت سے سوائے اِس کے کہ انھیں تکلیف ہو۔ کوئی دینی یا دُنیاوی

فائدہ مُتصوّر نہیں۔ یہاں سے صرف رشتہ داروں کا جانا ہی کافی ہے اور باقی احباب پشاور ہی کا خاصہ مجمع ہو جائے گا۔ چنانچہ صاحب زادہ سر عبدُالقیوم خان اور خان بہادر محمد علی خان ہماری طرف سے شاملِ برات ہوئے۔ اُن کے علاوہ اور بھی کئی مُعززین نے اس تقریبِ سعید میں شرکت فرمائی۔ میں نے ڈھائی سو روپیہ میر صاحب کی خدمت میں پیش کیا کہ وُہ انجمن ہائے اسلامیہ پشاور اور دوسرے ضروری اداروں میں تقسیم فرمائیں اور اِسی قدر لاہور کی انجمنوں کو پہنچا دیا گیا۔ دعوتِ ولیمہ بصُورتِ گارڈن پارٹی دی گئی جس میں رؤسائِ شہر کے علاوہ نواب ذوالفقار علی خان مرحوم سر فضل حسین، سر فیروز خان نُون، سر سکندر حیات خاں، نواب مُظفّر خاں سر ہنری کریک (جو اُن دِنوں فنانشل کمشنر تھے) مسٹر گاربٹ چیف سیکرٹری حکومت پنجاب، راجہ نریندر ناتھ، سر راجہ دیا کشن کول، راجہ ہری کشن کول، شیخ سر عبدالقادر، مولوی سر رحیم بخش صاحب، راجہ فتح سنگھ آف شیخوپورہ، سر نواب شاہ نواز خاں والئے ممدوٹ، نواب نثار علی خان قزلباش اور ڈپٹی کمشنر لاہور بھی شریک ہُوئے۔

پنجاب میں جدید انتخابات کی کشمکش تھی اور ہر ایک صوبے کے لیے ایک علیحدہ پبلک سروس کمیشن کے تقرّر کا فیصلہ ہو چکا تھا۔ میں نے ایک یورپین دوست کو ولایت میں لکھا کہ پبلک سروس کمیشن کی ممبری کے لیے وہ ڈاکٹر وحید کا نام لارڈ ہیلی فیکس کو دے کر اُن سے پنجاب گورنمنٹ کے نام سفارش کرائیں۔ چنانچہ اُنھوں نے دو ممبران پارلیمنٹ کے ذریعے جو

لارڈ ہیلی فیکس کے دوستوں میں سے تھے۔ ڈاکٹر وحید کا نام لارڈ موصوف کو پہنچایا۔ جنھوں نے اپنے نوٹ کے ساتھ گورنر پنجاب کو بھیج دیا۔ مجھے میرے ولایتی دوست نے جب اطلاع دی تو میں نے سر سکندر حیات سے ذکر کیا اور اُن کو وہ چٹھی بھی دکھائی۔ ابھی تک انتخابات کا نتیجہ نہ نکلا تھا۔ اِس پر سر سکندر نے کہا۔ کہ اِس کمیشن کا تقرر انتخابات کے بعد ہوگا۔ اور میں اُس وقت پُوری مدد کر سکوں گا۔ پھر میں سر ایمرسن سے ملا تو انھوں نے فرمایا کہ بے شک ولایت سے چٹھی آگئی ہے۔ آپ فرمایئے ڈاکٹر وحید کی عمر کیا ہے؟ میں نے کہا تیس سال تو انھوں نے کہا ممبری کے لیے یہ عمر بہت تھوڑی ہے۔ ممبروں کی نسبت تقریباً یہ فیصلہ ہو چکا ہے کہ ایسے لوگ لیے جائیں گے۔ جو ریٹائر ہونے کے قریب اور عمر رسیدہ ہوں اِس لیے ممبر تو نہیں، البتہ سیکرٹری کا عہدہ مل سکتا ہے۔ میں نے کہا جیسے آپ کی رائے ہو۔ گورنر صاحب کی اِس ملاقات کا میں نے سر سکندر سے بھی ذکر کر دیا۔ کچھ عرصے کے بعد سر سکندر نے فرمایا کہ میرے کئی دوست کہتے ہیں کہ وحید کا سیکرٹری ہونا مُناسب نہیں۔ اِس کے بعد جب ممبران اور سیکرٹری کے نام شائع ہُوئے تو اُن میں وحید کا ذکر تک نہ تھا۔ میں نے سر ایمرسن سے مل کر پُوچھا تو بہت محجوب ہُوئے اور فرمایا کہ وزارت کی یہی رائے تھی کہ کسی آئی۔سی۔ ایس کو مُقرر کیا جائے۔ میں نے کہا کہ آپ نے سر سکندر حیات خان سے بھی دریافت فرمایا۔ اُنھوں نے کہا۔ "ہاں وُہی تو اِس کے زیادہ مُخالف تھے"۔

اِس کے بعد مَیں نے خواب میں دیکھا کہ مسٹر امیرحسن مجھ سے فرماتے ہیں کہ فی الحال مَیں نے وحید کے لیے چھ من چاندی کا انتظام کر دیا ہے۔ تھوڑے دنوں بعد لیگ آف نیشنز کی طرف سے گورنر پنجاب اور یوپی کو لکھا گیا کہ وہ لیگ کے لیے کوئی لائق آدمی نامزد کریں۔ چنانچہ سر امیرحسن نے چٹھی لکھ کر ڈاکٹر عبدالوحید کو بُلایا اور سارے واقعہ کا ذکر کر کے کہا کہ میری رائے میں آپ کو جانا چاہیے۔ اگرچہ اُنھوں نے گورنر یو۔پی کو بھی لکھا ہے مگر مُجھے یقین ہے کہ جو کچھ مَیں لکھوں گا اُسی پر عمل ہوگا۔ ڈاکٹر وحید نے جواب دیا کہ مَیں اپنے والد صاحب سے مشورہ کرنے کے بعد جواب دُوں گا۔

یہاں آکر اُنھوں نے چند دوستوں سے ذکر کیا جن میں سر عبدالقادر، خان بہادر حاجی رحیم بخش صاحب اور دوسرے مُعزّزین بھی تھے۔ ان سب کی مُتّفقہ رائے یہ تھی کہ آپ کو منظور کر لینا چاہیے۔ چنانچہ یہ چار پانچ دن کے بعد پھر گورنر صاحب کی خدمت میں حاضر ہُوئے اور کہا کہ تنخواہ قلیل ہے اور مَیں اس تنخواہ میں گُزارہ نہیں کر سکتا۔ اُنھوں نے کہا کہ آپ کے والد صاحب انشاءاللہ مدد کریں گے۔ اُنھوں نے جواب دیا کہ یہ بات میرے پرنسپل کے خلاف ہے کہ مَیں گھر سے خرچ منگوا کر گزارہ کروں۔

لیگ آف نیشنز عُمر کے لحاظ سے تنخواہ دیتی ہے۔ یعنی اٹھائیس سال کی عُمر کے ملازم کی تنخواہ سینتیس سال کی عُمر کے آدمی سے کم ہوتی ہے۔ ڈاکٹر نے کہا کہ اگر سینتیس سال کی عُمر والوں کی تنخواہ دی جائے تو مُجھے اِنکار

نہ ہوگا۔ چنانچہ اس تنخواہ پر فیصلہ ہو جانے کے بعد لیگ نے انھیں بلا لیا۔ یہ سال بھر ہی رہے تھے کہ محبتِ پدری کے باعث میں نے استعفا دینے کے لیے لکھ بھیجا۔ سعادت مند وحید نے استعفا دے دیا۔ لیکن قائدانِ محکّام لیگ نے مخالفت کی اور کہا کہ تم عنقریب مزید ترقّی حاصل کروگے جس پر یہ ٹھیر گئے۔ حکّام اِن سے ایسے خوش تھے کہ اِن کے نوٹ وغیرہ سرکلر کی صورت میں محکمے کے تمام افسر ان کو دکھائے جاتے تھے کہ نوٹ اس طرح لکھنے چاہییں۔ ایک پنجابی انگریزی خواں کے لیے یہ بہت بڑی بات تھی۔ مگر محبتِ پدری روپے کا لالچ نہ کرتی تھی۔ میں نے پھر استعفا پر زور دیا۔ اِدھر جنگ کا خدشہ بڑھ رہا تھا۔ آخر لیگ نے ڈیڑھ سال کی ملازمت کے بعد اِن کو چھ مہینے کی با تنخواہ چھٹی دے دی اور اس عرصے میں تین ماہ کے لیے انھیں بمبئی میں اپنا نمائندہ مقرر کر دیا۔ چھ مہینے گزارنے کے بعد جب پھر انھوں نے استعفے کے لیے لکھا تو حکّام لیگ نے جواب دیا کہ استعفا نہ دیجیے۔ آپ اگر گھر پر رہنا چاہتے ہیں تو بے شک رہیے۔ آپ کا بونس اور پنشن فنڈ لیگ ادا کرتی رہے گی۔ اس کے بعد جب لیگ کی زندگی دوبارہ ہوگی تو آپ کو بلا لیا جائے گا اس پر سوائے خاموشی کے چارہ نہ تھا۔ نومبر ۱۹۴۳ء میں جب ڈاکٹر وحید حکومتِ ہند کے ایک مسلمان افسر سے ملے تو انھوں نے کہا کہ ہم کو آپ کی سی استعداد کا ایک آدمی مطلوب ہے۔ تنخواہ بارہ سو روپے ماہوار ہوگی۔ اگر آپ منظور کریں تو آپ کو لے لیا جائے۔ جس پر ڈاکٹر نے

شکریہ ادا کرتے ہوئے معذوری ظاہر کی کہ ان دنوں اپنے کام میں میں اس درجہ مستغرق ہوں کہ ملازمت نہیں کرسکتا۔ چنانچہ ان کی تجویز پر ایک اور لائق آدمی کو لے لیا گیا۔ اس کے بعد جنوری ۱۹۴۵ء میں ان کو دو ہزار روپے ماہوار تنخواہ پر آنے کے لیے استفسار کیا گیا تو ان کا یہی جواب تھا کہ میں اپنے آزاد کام کو چھوڑ کر ملازمت کے جھمیلے میں آنا پسند نہیں کرتا۔

جب ڈاکٹر وحید لیگ آف نیشنز کے ممبر ہو کر جنیوا گئے تو وہاں چند بار ایمرسن صاحب سابق گورنر پنجاب بھی تشریف لے گئے۔ جنھیں ڈاکٹر صاحب دعوتِ چائے پر بلاتے رہے۔ اور وہ بھی ہمیشہ بڑی خوشی سے دعوت قبول کرتے رہے۔ کیونکہ ایک پنجابی باشندے کی طرف سے اس قسم کا اظہارِ تپاک اُن کے لیے بہت مفید تھا۔ اور اُن کی ہر دلعزیزی کا بڑا گواہ کہ جس صوبے میں یہ حکومت کر آئے ہیں، وہاں کے معززین سے ان کا کیسا اچھا سلوک رہا ہے۔ ان کے علاوہ مسلم لیگ کے نمائندے اور پنڈت جواہر لال نہرو بھی وہاں تشریف لے گئے تو انھوں نے انھیں دعوتِ چائے دی اور جنرل سیکرٹری لیگ سے ان کی ملاقات کا انتظام کر دیا۔ اسی طرح کئی معزز سیاح جب وہاں جاتے تو یہ اُن کی آؤ بھگت میں دریغ نہ کرتے۔

## بڑی لڑکی :

میری بڑی لڑکی محمودہ بیگم غالباً مئی ۱۹۱۱ء کی پیدائش ہے۔ اس سے

قبل دو لڑکیاں سردار بیگم و نواب بیگم بعمر پندرہ سال اور سات سال فوت ہو چکی تھیں۔ اِس لیے اُن کی والدہ کو لڑکیوں کی بڑی آرزو تھی۔ چنانچہ اس کی والدہ نے منت مانی کہ ہر سال لڑکی کو نُقرئی زنجیر پہنائی جائے گی۔ اور اکیس سال ہونے پر زنجیروں کو راہِ خدا میں ملند کر دیا جائے گا۔ لڑکی ابھی سات سال کی تھی کہ اُس کی والدہ کا اِنتقال ہو گیا۔ چھوٹی سی عُمر میں گھریلو ذِمہ داریوں کا بوجھ پڑ گیا۔ ابتدا سے ہی میں لڑکیوں کی زیادہ تعلیم پسند نہیں کرتا تھا۔ اب بھی میں نے پوتیوں کو میٹرک سے آگے تعلیم نہیں دلائی اِسی لیے میری لڑکی نے گھر پر ہی قرآن شریف اور اُردو نوشت و خواند کی تعلیم حاصل کی۔ اِس کی شادی ۲۵ نومبر ۱۹۳۸ء کو ایک مقامی ہائی سکول کے ہیڈ ماسٹر کے لڑکے سے عمل میں آئی۔ جو اِس وقت ایف اے میں تعلیم پا رہا تھا۔ تھوڑے ہی عرصے میں لڑکے کے والدین نے اِس کو پولیس میں بھرتی کروا دیا اور لڑکا ٹریننگ کے لیے چلا گیا۔

اِس واقعہ کو چودہ برس ہونے کو آئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہر بگاڑ میں ایک سنوار بھی پوشیدہ رکھا ہے۔ وہی لڑکی اب میرے تمام گھر کی مالکہ و منتظمہ ہے اور سوتے جاگتے میری نگہداشت کر رہی ہے۔ خدا اُسے جزائے خیر دے صوم و صلوٰۃ کی پابند اور مذہبی رنگ میں رنگی ہوئی ہے۔ تمام روپیہ پیسہ اُس کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔ جس طرح چاہے خرچ کرے۔ سوائے اپنے گھر کے سُکھ اور خوشی کے اُس کے لیے دُنیا کے تمام آرام و آسائش مُہیّا ہیں۔ یہاں آکر اُس نے معمولاتِ وظائف وغیرہ اور بھی زیادہ کر لیے ہیں

اور گھر میں اُس کی ایک خاص وقعت ہے۔ میں نے ایک مکان اُس کے نام ہبہ کر دیا ہے۔ بلکہ اِس کے ساتھ ایک اور بڑا مکان اور پانچ کوٹھیاں دونوں لڑکیوں کو دے دی ہیں۔ جس کا نصف نصف کرایہ ان کو مل جاتا ہے۔

وُہ اپنے مال کی باقاعدہ زکوٰۃ دیتی ہیں۔ اِس کے علاوہ دُوسرے امورِ خیر میں بھی حصّہ لیتی ہیں۔ امورِ خانہ داری میں سے جو وقت بچتا ہے اُسے دینی کتابوں کے مطالعہ میں صرف کرتی ہیں۔ بڑی لڑکی کو دستکاری وغیرہ کا بھی بہت شوق ہے۔ اُس نے ایک کتاب مرقعِ سوزن کاری مُرتّب کی ہے جس میں کشیدہ کاری کے مختلف نمونے مع رنگوں کے دیئے ہیں۔ یہ کتاب بہت مقبول ہُوئی۔ اب تک اِس کے دو ایڈیشن ختم ہو چکے ہیں۔ اُسے کبھی کبھی اپنی بچّی کی یاد آجایا کرتی تھی۔ مگر اب خُدا کے فضل سے اُس کی چھوٹی بہن کی دو لڑکیاں ہیں۔ جن کو وہ اپنی اولاد سمجھ کر دل بہلاتی ہے۔ بچیاں بھی ماں سے بڑھ کر خالہ سے پیار کرتی ہیں۔

## چھوٹی لڑکی :

چھوٹی لڑکی بشیرہ بیگم فروری ۱۹۱۵ء کی پیدائش ہے۔ اپنی والدہ کی وفات کے وقت یہ پونے تین سال کی تھی۔ قریباً پانچ، چھ سال تک میرے ساتھ سوتی رہی۔ دن میں بھی کافی وقت میرے پاس بیٹھی رہتی۔ اب بھی مجھ سے ویسی ہی بے تکلّف ہے۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ بچّوں کی والدہ کے فوت ہونے کے بعد میں نے دُوسری شادی نہیں کی، جس کی وجہ سے تمام

اولاد میری عاشق، فرماں بردار اور نیک چلن رہی۔ اس کی تعلیم بھی قرآن شریف اور اردو نوشت و خواند تک ہے۔ یہ بھی نماز روزہ کی پابند ہے۔

میرے فرزندِ اکبر عبدالمجید خان کے ہم زلف ایم عبدالقادر صاحب مرحوم ریٹائرڈ ڈپٹی۔ ڈبلیو۔ آئی میونسپل کمشنر و رئیس جہلم کے فرزندِ ارجمند سراج الدین ظفر کے ساتھ ۱۴ر اکتوبر ۱۹۳۷ء کو اس کا شرعی طور پر نکاح ہوا اور رخصتی عمل میں آئی۔ ظفر صاحب نے لاہور ہی میں بی۔ اے اور ایل۔ ایل۔ بی کا امتحان پاس کیا اور قصور و کوئٹہ میں کچھ عرصہ وکالت کرنے کے بعد ۱۹۴۱ء میں ملٹری کی ملازمت اختیار کر لی۔ اب وہ ہوابازی کے محکمہ میں فلائٹ لیفٹیننٹ ہیں۔ سراج الدین ظفر ایک بلند پایہ شاعر کی حیثیت سے ادبی دنیا میں کافی مقبولیت رکھتے ہیں۔ ان کی تازہ تصانیف "زمزمۂ حیات" و "آئینے" ہیں۔ ظفر صاحب جب کسی اسٹیشن پر بدلتے ہیں تو اپنے بیوی بچوں کو ہمراہ لے جاتے ہیں۔ نہیں تو لڑکی میرے پاس ہی رہتی ہے ظفر صاحب آج کل بنگال میں ہیں۔ اُن کی اللہ کے فضل سے دو لڑکیاں ہیں بڑی لڑکی ناہید ظفر۔ فروری ۱۹۴۰ء اور چھوٹی سلمیٰ ظفر مارچ ۱۹۴۲ء میں پیدا ہوئیں۔ دونوں بچیاں ماشاءاللہ کافی سمجھ دار اور ذہین ہیں۔

## غلام فرید خان:

ریاست جموں میں شیخ غلام احمد خان صاحب مہاراجہ صاحب کے پرائیویٹ حساب دان اور خزانچی تھے۔ اور میں اکثر انہی کے ہاں جا کر ٹھہرا

کرتا تھا۔ بڑے مخلص اور محبت والے انسان تھے۔ وُہ قوم کے شیخ نہیں بلکہ راجپوت تھے۔ لیکن وہاں کے افسران اُن کو بطورِ ادب شیخ صاحب کہا کرتے تھے۔ میں ایک مرتبہ ۱۹۳۴ء میں سخت بیمار ہُوا تو صرف سب سے چھوٹا لڑکا غُلام فرید خاں قابلِ شادی رہ گیا تھا۔ چنانچہ میں نے اس حالتِ بیماری میں ہی غُلام احمد صاحب مرحوم کے فرزندِ اکبر سربلند خان کو جموّں میں اپنے ارادے سے مُطلع کیا۔ اُنھوں نے فوراً بطیبِ خاطر قبول فرمایا اور جو تاریخ میں نے مُقرر کر دی تھی اُس پر صرف رشتہ داروں کی برات جموّں پہنچ گئی اور اُن کی دخترِ نیک اختر سے گیارہ بجے شب غُلام فرید کا نکاح عمل میں آیا۔ دُوسرے دِن موٹر سے برات لاہور آئی۔ اور حضرت داتا گنج بخش صاحب علی ہجویریؒ کے مزارِ پُر انوار پر حاضری دینے کے بعد شام کو گھر پہنچی۔ میرا ہمیشہ سے معمول رہا ہے کہ دُلہا دُلہن گھر پہنچنے سے پہلے حضرتؒ کی درگاہ پر فاتحہ خوانی کر کے گھر آئیں۔ خُدا کے فضل سے اِن کے بھی دو لڑکے اور ایک لڑکی زندہ سلامت ہیں۔ ایک لڑکا ایامِ شیر خواری میں ہی فوت ہو گیا تھا۔ غلام فرید خاں الشیانک بک ڈپو کے مالک ہیں اور اپنے جملہ کاروبار علیحدہ انجام دے رہے ہیں۔ میں نے تقسیمِ جائداد کے وقت "فیروز گنج" بلڈنگ انھیں دے دی تھی۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک۔

# شجرہ نسب

- رچیئے خاں
  - مولوی امام بخش صاحب
    - مولوی جان محمد صاحب
      - مولوی فیروز الدین
      - مولوی فتح الدین
        - منشی دین محمد
          - محمد عارف
          - ممتاز بیگم
    - خلیفہ نبی بخش صاحب
      - محمد بخش المعروف کالے خاں ، ذریہ سلسلہ یہیں ختم ہوگیا۔

مولوی فیروز الدین و ممتاز بیگم:

- (۱) عبدالمجید خاں
- (۲) عبدالحمید خاں
- (۳) عبدالرشید خاں
- (۴) عبدالرحیم خاں
- (۵) غلام فرید خاں
- (۶) محمودہ بیگم
- (۷) بشیرہ بیگم

(۱) عبدالمجید خاں

- محمد جاوید خاں
- محمد سعید خاں
- سلطان جہاں
- مسرت جہاں

(۲) عبدالحمید خاں

- عبدالغنی
  - اقبال غنی
  - افضال غنی
- عبدالسلام
- عبدالحی
- ممتاز بیگم
- اِمتیاز بیگم
- اِعجاز بیگم

(۳)

عبدالرشید خاں

سعیدہ خانم | حمیدہ خانم | وحیدہ خانم | فہمیدہ خانم | عبدالحلیم خاں

(۴)

عبدالوحید خاں

خالد وحید | ناصرہ وحید

(۵)

غلام فرید خاں

نُور جہاں | عبدالرؤف | عبدالقیوم

(۶)

محمودہ بیگم

×

(۷)

بشیرہ بیگم (زوجہ سراج الدین ظفر)

ناہید ظفر | سلمیٰ ظفر

اِن کے سوا میرے تین لڑکے اور دو لڑکیاں فوت ہو گئی تھیں۔ علیٰ ہٰذا عبدالمجید خان کے چار بچے اور عبدالحمید خاں کے پانچ سات بچے بھی ضائع ہوئے جن کے نام یہاں درج کرنا غیر ضروری ہے۔ البتہ میرا پندرہ سالہ مرحوم فرزند محمد سعید قابلِ ذکر ہے۔ کیونکہ یہ لڑکا اسم بامسمّٰی تھا۔ پندرہ برس کی عمر میں میٹرک کا امتحان بیماری کی حالت میں دے کر پاس ہُوا۔ اس کو ختا زیرِ معدہ ہو گئی تھی۔ بہت علاج کیا گیا مگر موت نے نہ چھوڑا۔ مرحوم کا ذکر پہلے بھی آ چکا ہے ؎

# رفتارِ زمانہ

## ریل گاڑی :

شروع میں ریل کی رفتار پندرہ بیس میل فی گھنٹہ ہوتی تھی۔ رفتہ رفتہ اس میں ترقّی ہوتی گئی اور اب تو چالیس پینتالیس میل فی گھنٹہ ہوگئی ہے۔ مجھے یاد ہے کہ جب میں پہلے پہل مارواڑ جنکشن سے جودھپور گیا۔ تو اس گاڑی کی رفتار کوئی بارہ میل فی گھنٹہ تھی۔ جنگل میں ایک بڑا سا کنواں تھا۔ جس کے قریب کوئی آبادی وغیرہ نہ تھی۔ یہ ریل گاڑی وہاں ٹھہر جاتی اور مسافر اتر کر نہا دھو لیتے۔ جس میں کوئی آدھ گھنٹہ صرف ہو جاتا تھا۔ ریل چلنے کی سیٹی بجتی تو کئی آدمی جو حوائج ضروری میں مصروف ہوتے پیچھے رہ جاتے۔ مگر پھر دوڑ کر چلتی گاڑی میں سوار ہو جاتے۔ لیکن اب تو مارواڑ جنکشن سے پھلیرا تک گاڑی پوری رفتار سے چلتی اور باقاعدہ اسٹیشنوں پر ٹھیرتی ہے۔

پہلے زمانے میں تو بارہ میل فی گھنٹہ رفتار ہی غنیمت سمجھی جاتی تھی مگر اب جو گاڑیاں بیس پچیس میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چلتی ہیں۔ ان پر بھی سوار ہونا اجیرن سمجھا جاتا ہے اور کوشش کی جاتی ہے کہ تیز سے تیز رفتار گاڑی پر سفر کیا جائے۔ پہلے زمانے میں صرف اسٹیشنوں پر پاخانے ہوا کرتے تھے۔

فرسٹ اور سیکنڈ درجہ کے سوا کسی گاڑی میں پاخانہ نہ ہوتا تھا مٹھائی اور کھانے پینے کی دوسری چیزیں بیچنے والے اسٹیشن ماسٹر کی اجازت سے اسٹیشنوں پر فروخت کیا کرتے تھے۔ مگر اب باقاعدہ لائسنس لے کر چیزیں فروخت کی جاتی ہیں۔ اِن کے نرخ ہر ایک خوانچے پر لگے ہوتے ہیں۔ ہر بڑے اسٹیشن پر چائے اور خورد و نوش کا معقول بندوبست ہے۔ اِس امر کی خاص احتیاط کی جاتی ہے کہ چیز ناقص نہ ہو۔ بلکہ صاف ستھری اور اچھی ہو۔ اِس غرض کے لیے انسپکٹر مقرر ہیں۔ جو وقتاً فوقتاً ان کی دیکھ بھال کرتے رہتے ہیں۔ میل ٹرینوں اور ایکسپریس گاڑیوں کے ساتھ ایک کھانے کی گاڑی لگی ہوتی ہے۔ جہاں سے مسافر اپنی گاڑی میں کھانا منگوا سکتے ہیں یا وہاں جا کر کھا لیتے ہیں۔ غرضیکہ اب تو نقشہ ہی بدل گیا ہے۔

میرے بچپن میں ہی ریل کا اجراء کلکتے سے امرتسر اور امرتسر سے لاہور تک ہو چکا تھا۔ سُنا ہے کہ جب پہلے پہلی امرتسر اور لاہور کے درمیان گاڑی چلی تو پندرہ دن تک لوگوں کو بلا کرایہ سفر کرایا گیا۔ لاہور سے پشاور بلکہ لنڈی کوتل تک ریلوے میرے سامنے بنی ہے۔ اور درمیانی شاخیں وزیر آباد، سیالکوٹ، جموں، لائل پور، ملتان، نارووال، پنڈی بھٹیاں وغیرہ تو کل کی باتیں معلوم ہوتی ہیں۔ امرتسر سے پٹھان کوٹ سیکشن بن کر تیار ہوا جس کا افتتاح ایجرٹن صاحب لفٹنٹ گورنر پنجاب نے کیا تھا تو اُس وقت دربار میں مَیں بھی شامل تھا۔

## چیفس کالج :

چیفس کالج کا سنگِ بُنیاد بھی میرے سامنے رکھا گیا۔ بلکہ بُنیاد رکھنے میں جو چند اخبارات چُنے گئے، اُن میں پنجاب پنچ بھی شامل تھا۔ اِن اخبارات کو بزنلوں میں بند کرکے بُنیاد میں دفن کیا گیا تھا۔ والسرائے صاحب نے سنگِ بُنیاد رکھنے کا دربار کیا تو وُہ والیانِ ریاست اور رؤسا اُن کے سامنے پیش کیے گئے جن کی ریاستوں نے کالج کی امداد کے لیے روپیہ دیا تھا۔ میں بھی پاس ہی بیٹھا ہُوا تھا۔ والیانِ ریاست کے بعد گورنر صاحب سے میرا تعارُف بھی کرایا گیا۔

## پنجاب یُونیورسٹی :

پہلے پہل اورنیٹل کالج ہی فارسی عربی کی تعلیم کے لیے قائم ہُوا تھا جو ڈاکٹر لائیٹنر صاحب کی کوششوں کا نتیجہ تھا۔ لائیٹنر صاحب گورنمنٹ کالج کے پرنسپل بھی تھے۔ اُنھوں نے کوشش کی کہ ان مجموعی کالجوں کا نام پنجاب یونیورسٹی قرار دیا جائے اور اس کو سندات دینے کا اختیار بھی ہو۔ کانگرس نے اِس کی سخت مخالفت کی۔ مگر ڈاکٹر صاحب کامیاب ہو گئے۔ اور والسرائے نے لاہور پہنچ کر ایک بڑے دربار میں پنجاب یونیورسٹی اور اِس کے اختیارات کا افتتاح فرمایا۔ اِس موقع پر میں بھی موجود تھا۔ کیونکہ ایک تو مجھے فارسی کا طالب علم ہونے کی حیثیت سے اِس کے ساتھ دلچسپی تھی اور دوسرے ڈاکٹر لائیٹنر صاحب سے میرے تعلّقات بہت اچھے تھے۔ اِس سے پہلے

ڈاکٹر لائیٹنر صاحب نے یہاں ایک "انجمنِ پنجاب" بھی قائم کی تھی اور ایک ہفتہ وار اخبار "انجمنِ پنجاب" کے نام سے جاری کیا تھا۔ اخبار کی ایڈیٹری پہلے تو سیّد محمد لطیف صاحب کرتے تھے جو اُن دنوں چیف کورٹ میں مترجم تھے۔ مگر اُن کے سب جج ہو جانے پر میر نثار علی شُہرت جو پہلے اس اخبار کے خوشنویس تھے، ایڈیٹر مقرر ہو گئے۔

کچھ عرصے بعد جب ڈاکٹر لائیٹنر ریٹائر ہو کے ولایت تشریف لے گئے تو شُہرت صاحب نے ایک نظم بھی لکھی، جس کا ایک شعر مجھے اب تک یاد ہے ؎

بغل میں داب کر تاب و تواں کو
کہاں کو اے مِرے محسن کہاں کو

ڈاکٹر صاحب کے جانے کے کچھ عرصہ بعد ع
آں ورق برگشت و دفتر گاؤ خورد

اخبار بھی بند ہو گیا اور میر نثار علی صاحب شہرت بھی دُوسرے کاموں میں مشغول ہو گئے۔

## ٹکسالیں :

اِبتدا میں گورنمنٹ کی طرف سے کلکتے میں ٹکسال قائم تھی جو اب جنگ کے باعث لاہور میں منتقل کر دی گئی ہے۔ لکھوکھا روپیہ اُس کی عمارت پر صرف کیا گیا تھا۔ اِس کے سوا ہر ایک خود مختار ریاست کے ہاں اپنی ٹکسالیں

بھی جاری تھیں۔ پٹیالہ اور کشمیر وغیرہ ریاستوں میں بھونڈے سے پیسے اور روپے بنا کرتے تھے۔ ریاست کشمیر میں دو طرح کے روپے رائج تھے۔ ایک کو کہنہ یا ہری سنگھیا کہتے تھے جس کی قیمت سات آنے تھی۔ دُوسرا چلکی تھا اُس کی قیمت دس آنے تھی۔

اودھے پور میواڑ کی بھی اپنی ٹکسال تھی اور ایک روپے کے کوئی دو سو اسّی پیسے ہوتے تھے۔ یہ بات تو ہنسی کی ہے۔ مگر عوام کو اِس سے یہ فائدہ تھا کہ ایک پیسے کی ہلدی اور ایک پیسے کی مرچ مل جاتی تھی۔

انگریزی روپے کو ضربِ چہرہ شاہی کہتے تھے۔ کیونکہ اس پر ایک طرف ملکہ وکٹوریہ کی تصویر اور دُوسری طرف سکّے کی قیمت درج تھی۔ پیسے بھی خالص تانبے کے ہوتے تھے۔ چنانچہ اب تک ادویات کے لیے پہلے انگریزی پیسوں کی تلاش ہوتی ہے۔

نانک شاہی پیسے اور روپے پنجاب میں چلتے تھے جو سکھوں کی یادگار تھے۔ نانک شاہی روپے کے ایک طرف یہ سجع درج تھا ؎

دیگ و تیغ و فتح و نصرت بے درنگ
یافت از نانک گورو گوبند سنگھ

اِن کے علاوہ مُغلوں کے وقت کے اکبر شاہی اور عالم گیری روپے بھی بہت ملتے تھے۔ جس کے ایک طرف تو بادشاہِ وقت کا کوئی سجع ہوتا تھا اور دُوسری طرف کلمۂ طیّبہ۔

تاریخ میں درج ہے کہ مُغل بادشاہوں میں جو بادشاہ تخت نشین ہوتا تھا

اُس کا سجع مختلف شعرا پیش کرتے تھے جس کا سجع منظور ہوتا اُس کو ایک لاکھ روپیہ انعام ملتا۔ جہاں گیر کے سکّے پر یہ شعر تھا ؎

بحکمِ شاہ جہاں گیر یافت صد زیور
بنامِ نورجہاں بادشاہ بیگم زر

عالم گیر نے اپنے سکّے کا سجع خود لکھ کر ایک لاکھ روپیہ بچا لیا تھا۔ اور واقعی یہ سجع بھی بہت ہی معقول ہے ؎

سکّہ زد بر جہاں چو بدرِ منیر
شاہِ اورنگ زیب عالم گیر

روپے پر بدرِ منیر اور اشرفی پر مہرِ منیر ہوتا تھا۔ یہ سکّے انگریزوں کے وقت میں بھی اچھی قیمت پہ چلتے رہے۔ رفتہ رفتہ ان کی قیمت پھر شاہی روپے سے بھی بڑھ گئی۔ کیونکہ چاندی اور سونا خالص تھا لیکن اب تو یہ چیزیں نایاب ہیں۔ بعض لوگوں نے ملاوٹی چاندی سے انھیں سکوں کی نقل بنانی شروع کر دی تھی۔ مگر اب وہ بھی مفقود ہیں۔ مسلمانوں کا خیال تھا کہ روپوں میں کلمے والا روپیہ رکھا ہو تو موجبِ برکت ہوتا ہے اس لیے وہ زیادہ قیمت دے کر بھی خرید لیتے تھے مگر اب تو علی الاعلان سلطنت کی طرف سے ملاوٹ کا اعلان ہو جاتا ہے۔ اور برکت کے اعتقادات تو پہلے ہی سے رفت گزشت ہو چکے ہیں۔

ملکہ وکٹوریہ کے روپے میں $\frac{3}{4}$ ماشے کی ملاوٹ ہوا کرتی تھی اور باقی خالص چاندی۔ ایڈورڈ ہفتم کا زمانہ آیا تو گیارہ ماشے چاندی اور ایک

ماشہ ملاوٹ اور اب تو روپے میں ملاوٹ بہت بڑھ گئی ہے۔ عام لین دین نوٹوں ہی میں ہوتا ہے۔ ایک روپے کے نوٹ عام لوگ بہ نسبت چاندی کے روپے کے زیادہ پسند کرتے ہیں۔ لیکن یار لوگوں نے جعلی نوٹ بھی بنا دیئے ہیں۔ سُنا جاتا ہے کہ ایک بنگالی نے ملکہ وکٹوریہ کے سکّے کی نقل اُتار کر اٹھارہ لاکھ روپیہ تیار کیا تھا۔ وہ ہر ایک لاکھ کے بعد ایک نُقطہ لگا دیتا تھا۔ چُنانچہ آخری نقاط جو میں نے دیکھے ہیں اٹھارہ تھے۔ میں نے تو وہ اِعلان نہیں پڑھا مگر مشہور ہے کہ اِس کے بعد اُس نے اِشتہار دے دیا تھا کہ مجھے جتنے روپے کی ضرورت تھی وُہ بنا لیے ہیں اور اب نہیں بناؤں گا۔ اُس زمانے میں چاندی کی قیمت پچاس سے ساٹھ روپے سیر ہُوا کرتی تھی۔ اِس لیے اگر بالکل انگریزی نمونے کا روپیہ بنایا جاتا۔ تو صرف آٹھ آنے چاندی پر خرچ ہوتا۔ اور آٹھ آنے جعل ساز کو بچ جاتے تھے۔ جو خاصہ مُنافع تھا اور اب تو چاندی کی قیمت بھی ایک سو بیس پچیس روپے فی سیر ہے۔ کوئی بنانے ہی کیوں لگا۔

انار کلی لاہور میں کشن سنگھ ایک بہت اچھا انگریور تھا۔ اُس نے دس دس روپے کے بہت سے نوٹ بنا کر چلا دیے۔ مگر ایک دن اُس کا لڑکا چھپتے چھپتے گیلے ہی نوٹوں کو بازار میں لے گیا۔ جن کے رنگوں کو مسلا جائے تو پھیل جاتے تھے۔ یہی اُس کی گرفتاری کا سبب ہُوا۔ ورنہ اصل اور نقل میں کوئی فرق نہ تھا۔ اِس کے بعد مولوی سلطان احمد صاحب کے نوٹ بھی جو اِس فن کے بڑے مشہور ماہر سمجھے جاتے ہیں کافی عرصہ تک

چلتے رہے۔ مگر عام داد و دہش نے اُن کو پولیس کی نظروں میں مشتبہ کر دیا اور اُس نے تحقیقات کی تو بہت سے لوگ ایسے نکل آئے جن کے پاس یہ نوٹ تھے۔ آخر مقدمہ عدالت میں گیا اور مولوی صاحب کو پانچ سال کی جیل ہو گئی۔ سُنا ہے کہ انھوں نے اِس فن سے خود کوئی فائدہ حاصل نہیں کیا بلکہ عام داد و دہش ہی فرمائی۔ کہتے ہیں کہ جب حافظِ شیرازی نے یہ شعر لکھا کہ

اگر آں تُرکِ شیرازی بدست آرد دلِ مارا

بخالِ ہندوش بخشم سمرقند و بخارا را

تو شاہ شجاع نے اُن کو بُلا کر کہا کہ تُم نے سمرقند و بخارا کو ایک خالِ ہندو پر بخش دیا، جو مَیں نے اِتنی خونریزی کے بعد فتح کیا ہے۔ تو حافظ نے کہا کہ اِنھی غلط بخشیوں نے تو مجھے اِس فقر و فاقہ تک پہنچا دیا ہے۔

## لباس :

میرے بچپن میں عام لوگوں کا لباس تہمد، کُرتا، پگڑی اور صدری ہُوا کرتا تھا۔ پڑھے لکھے لوگ شلوار اور ہندو دھوتی اور تنگ پاجامہ پہنا کرتے تھے جو سرد و گرم دونوں قسم کے ہوتے تھے۔ شوقین لوگ اُوپر ڈوری کا کام بھی کروا لیا کرتے تھے۔ اِبتدا میں مَیں بھی چوغہ پہنا کرتا تھا۔ ٹوپی کا رواج ہندوؤں میں زیادہ اور مُسلمانوں میں بہت کم تھا۔ اُس زمانے میں ایک دھاری دار کپڑا خالص ریشم کا بنا ہُوا جو گلبدن کہلاتا ہے شُرفا کی عورتوں میں پاجامے کے لیے استعمال ہوتا تھا۔ عام عورتیں ایک سُوتی

دھاری دار کپڑا جو سُوسی کہلاتا تھا شلوار کے طور پر پہنا کرتی تھیں۔ ابتدا میں مَیں نے چند ایک ایسے بُوڑھوں کو بھی دیکھا جو مرد ہو کر سُوسی کا پاجامہ پہنا کرتے تھے۔ انگرکھے کا رواج عام تھا جو گاڑھے کے بھی بنتے تھے۔ اور صاف کپڑوں کے بھی۔ انگریزی عملداری میں چوغے کی جگہ کوٹ اِستعمال ہونے لگے۔ سیاہ الپاکا کا کوٹ مُعزّز سمجھا جاتا تھا۔ پھر شلواروں کی جگہ راس پاجاموں نے لے لی۔ اِس کے بعد علی گڑھ فیشن کے پاجاموں اور شیروانی کا رواج ہُوا۔ انگریزی تعلیم کے ساتھ ساتھ انگریزی لباس بھی رواج پکڑتا گیا۔ مسلمانوں کی تُرکی ٹوپی اور ہندوؤں کی دھوتی کے بجائے کوٹ پتلون اور انگریزی ہیٹ اِستعمال ہونے لگا۔ پہلے زمانے میں اِس لباس پر قہقہے اُڑتے تھے۔ چُنانچہ ایک شاعر نے لکھا ہے ؎

آتا ہے چلا کھٹ پٹ لاحول ولا قُوّۃ
پتلون ہے اور جاکٹ لاحول ولا قُوّۃ

وُہ سُرخ کلاہ تُرکی اور اُس پہ سیاہ پُھندنا
اور کوٹ میں دو پاکٹ لاحول ولا قُوّۃ

عام طور پر سیاہ یا سُرخ کھال کے جُوتے پہنے جاتے تھے جو اچھی صفائی سے بنتے تھے۔ مگر اب وُہ چیزیں مفقُود ہیں۔ اور ان کی جگہ سینڈل، چپل، سلیپر اور بُوٹ نے لے لی ہے۔ عینک پہلے صرف کم نظروں کے لیے مخصُوص تھی اور بزرگی کی نشانی سمجھی جاتی تھی مگر اب تو چھوٹے چھوٹے بچے عینک لگائے پھرتے ہیں۔

## خوراک :

لوگوں کی عام خوراک بالکل سادہ اور بے تکلّف تھی۔ گوشت آج کل کی طرح لوازمۂ طعام نہ تھا۔ کبھی دال پک گئی اور کبھی ساگ۔ میں نے ڈیڑھ آنے سیر گوشت بِکتا دیکھا ہے۔ جس کا آج تقریباً دو روپیہ سیر نرخ ہے امیر غریب بلاتمیز گوشت کھاتے ہیں اور ہندو بھی جو پہلے گوشت سے پرہیز ہی نہیں بلکہ نفرت کیا کرتے تھے، اب گوشت خوروں میں شامل ہو گئے ہیں۔ دُودھ بھی میں نے پانچ پیسے سیر خریدا ہے۔ ہم ایک سیر دُودھ میں پیسے کے دو بڑے بتاشے ڈال لیتے تھے جن سے دُودھ خُوب میٹھا ہو جاتا تھا۔ حلوائی پانی کی آمیزش کرتے ہوں گے لیکن اس قدر عام نہیں جتنی کہ آج کل۔ کچے دُودھ سے کریم نکال کر بیچنے کا مُوجد تو یہی زمانہ ہے۔ مجھے یاد ہے ایک صاحب نے مجھے کہا کہ میں آپ کو ایک ترکیب بتا دیتا ہوں جس کے ذریعے آپ بالائی کا گھی بنا سکیں گے مگر میں نے اِس کو پسند نہ کیا۔ اگر اِس زمانے کی خبر ہوتی تو شاید سیکھ لیتا خالص بالائی اب ڈیڑھ روپیہ سیر بکتی ہے۔ اور گھی چار روپے سیر۔ غریبوں میں تیل کھانے کا رواج بہت تھا۔ لیکن اب تو وہ بھی تیل کھائیں تو کھانسی ہو جاتی ہے۔ شادی بیاہوں میں صرف پلاؤ زردہ ہوتا تھا۔ جس میں بڑھتے بڑھتے قورمہ بھی شامل ہو گیا۔ پھر فرنی کا اضافہ ہُوا۔ یہ اب تو مُرغِ بریاں اور دو چار اور لوازمات کے بغیر دعوت مزہ ہی نہیں دیتی چلئے اور پان کا رواج بہت ہی کم تھا صرف امیر گھروں کی خصُوصیت سمجھی

جاتی تھی۔ مگر اب تو مزدور اور بھک منگے بھی چائے کے بغیر نہیں رہ سکتے سارے لاہور میں پان کی دکانیں شاید دس بارہ ہوں گی مگر اب تو سینکڑوں کی تعداد تک پہنچ چکی ہیں۔

کوئی پچاس برس کی بات ہے کہ میں نے لکڑی کے ایک ٹھیکیدار سے سوختنی لکڑی کی ایک گاڑی خریدی جو ایک روپے کی تین من کے حساب سے میرے پاس بھیجی گئی اور لکڑی بھی جنڈ کی تھی، جس کے کوئلے نہایت پکے اور دیرپا ہوتے ہیں۔ آگ جلانے کے لیے ایک ایک بالشت لمبی تیلیاں مٹھوں کی شکل میں دو آنے کی سو آتی تھیں۔ جن کے ایک طرف گندھک کا مسالہ لگا ہوتا تھا۔ اور وہ اینٹ پر رگڑنے سے جلنے لگتی تھیں۔ موجودہ دیا سلائی سے اس کی موٹائی تقریباً دوگنی ہوتی تھی۔ اور یہ دو چار تیلیاں ملا کر لکڑیوں یا اپلوں کے نیچے رکھ دی جائیں تو آگ سلگ جاتی۔ رفتہ رفتہ اصلاح ہوتے ہوتے دیا سلائی کی ڈبیاں بکنے لگیں اور اب تو سیفٹی (محفوظ) ماچس بن گئی ہے۔ پہلے جو دیا سلائیاں گندھک اور فاسفورس وغیرہ سے تیار کی جاتی تھیں، وہ معمولی رگڑ اور گرمی سے جل اٹھتی تھیں۔ لیکن موجودہ ماچس ان نقائص سے پاک ہے تاہم ان کی افادیت کا یہ عالم ہے کہ دو تین لکڑیاں رکھ کر اگر ساری ڈبیہ بھی جلا دی جائے تو بھی شاید ہی آگ سلگے۔ شادی بیاہ میں جو دیگیں استعمال ہوتی ہیں ان کا کرایہ ابتدا میں دو آنے فی دیگ تھا، جس میں اٹھا کر صاحبِ دعوت کے گھر لے جانے اور پھر واپس لانے کی مزدوری

بھی شامل ہوتی تھی ۔ لیکن اب اُس کی جگہ ایک روپیہ آٹھ آنہ فی دیگ کرایہ ہے ۔ پلاؤ دیگ کی پکوائی چار آنے اور زردے کی آٹھ آنے ہُوا کرتی تھی لیکن اب پلاؤ کے تین روپے اور زردے کے چار روپے فی دیگ ہے پنجاب گورنمنٹ نے موجودہ گرانی کو دیکھتے ہوئے حکم دیا ہے کہ کسی دعوت میں پچاس سے زیادہ مہمان اور تین سے زیادہ کھانے نہ ہوں۔ میرے نزدیک یہ حکم بہت قابلِ قدر ہے ۔ گڑ روپے کا چودہ سیر پختہ ملتا تھا اور شادی بیاہ کی تقریبات میں بھی تقسیم ہوتا تھا ۔ حلوا سوہن اور میسو اعلیٰ درجہ کی مٹھائیاں جو خالص گھی سے تیار کی جاتی تھیں ، روپے کی سوا سیر ملتی تھیں ۔ چنانچہ تارا چند تارا ایک حلوائی نے جو شاعر بھی تھے ، اپنی دکان پر بورڈ لکھوا رکھا تھا ۔

نہ دھوکا دھڑی ہے نہ کچھ پھیر ہے

یہ حلوا روپے کا سوا سیر ہے

یہی مٹھائیاں اب تین چار روپے سیر ملتی ہیں اور اِس پر لطف یہ کہ اِس گرانی کے باوجود خالص گھی کی تیار نہیں ہوتیں ۔ بلکہ بناسپتی گھی استعمال ہوتا ہے تھوڑا عرصہ ہُوا کہ ڈپٹی کمشنر لاہور نے مٹھائیوں کی قیمتیں مقرر کر دی ہیں ۔ یعنی خالص گھی کی مٹھائی دو روپے فی سیر ۔ بناسپتی گھی کی سوا روپیہ سیر اور تیل کی ایک روپیہ سیر بکتی ہے ۔

**مزدوری :**

ابتداء میں جب شاہی مسجد کی مرمت ہوئی تھی تو اڑھائی آنے مزدور

کو اور پانچ چھ آنے روزانہ معمار کو ملتے تھے۔ اڑھائی آنے لے کر مزدور جتنا کام کرتا تھا اتنا آج دو روپے والا مزدور بھی نہیں کرتا۔ معمار کی اُجرت بھی تین ساڑھے تین روپے فی یوم ہے۔ اور کام صرف آٹھ گھنٹے۔ حالانکہ اس سے پہلے یہ لوگ اس تھوڑی اُجرت پر ہی بارہ گھنٹے کام کیا کرتے تھے۔ اسی طرح عام مزدوریوں کا حال ہے۔

## تعلیم :

پہلے زمانے کے مکتبوں میں کریما، مامقیماں، آمدنامہ، خالق باری، گلستان، بوستان، سکندرنامہ اور اخلاقِ جلالی وغیرہ کتب کی تعلیم ہوتی تھی۔ جن کے معنی اُستاد پنجابی زبان میں طالب علموں کے ذہن نشین کراتے تھے۔ خط و کتابت عموماً فارسی میں ہوا کرتی تھی۔ یہ فارسی چاہے کیسی مبتذل کیوں نہ ہو۔ مگر دفاتر کی زبان فارسی تھی۔ ایک دفعہ سپرنٹنڈنٹ صدر دفترِ جموں نے پنڈت نندلال کو قیمتِ اخبار کے متعلق گفتگو کرنے کے لیے بلایا۔ تو لکھا :-

"پنڈت جی صاحب! تا دفتر صدر تشریف آرند کہ سخن کردن است"

ایسا ہی میں نے ایک رقعہ (چیک) اس مضمون کا دیکھا کہ۔

"مبلغ بست و پنج روپیہ در وجہ فلاں کس بدہند کہ بر روئے سرکار جھاڑا کردہ بود"۔ جھاڑا سے محرر کا منشا جھاڑ پھونک ہے۔ لیکن جھاڑا پاخانے کو بھی کہتے ہیں۔

پنجاب کی عدالتی زبان ابتداء سے اردو رہی ہے۔ ابتدائی عدالت میں
اکثر انگریز حاکم ہی مقرر ہوا کرتے تھے۔ اس لیے اہلمد اظہار (بیان) لکھا
کرتے تھے۔ اور ان کو اظہار نویس کہا جاتا تھا۔ اظہار لکھنے کے بعد اظہار
دینے والے سے دستخط کرا لیتے اور حاکم سے بھی۔ رشوت کا بازار خوب گرم
رہتا تھا۔ گواہ کچھ کہہ رہا ہے اور وہ اپنی حسبِ منشا جو چاہتے تھے لکھ کر
دستخط کروا لیتے تھے۔ چنانچہ جن دنوں ایجرٹن صاحب ڈپٹی کمشنر لاہور تھے
اُن کے مسل خواں نے ایک مقدمے میں کسی فریق سے رقم ٹھہرالی۔ آدھی
پیشگی لے لی اور آدھی ڈگری کے بعد لینے کا فیصلہ کیا۔ مدعی اور مدعا علیہ
کے گواہوں نے جو اظہار دیے وہ انھوں نے اس طرز پر مرتب کیے کہ
جس سے خواہ مخواہ ڈگری ہو جائے۔ ایجرٹن صاحب بھی سُن رہے تھے۔
اور اُن کو اظہار کا لُبِ لباب کچھ نہ کچھ یاد رہ جاتا تھا۔ کارروائی ختم ہونے
کے بعد ایجرٹن صاحب نے تو مقدمہ خارج کر دیا۔ مگر مسل خواں صاحب
نے ڈگری دے دی۔ شام کو وہ شخص مسل خواں کے گھر پہنچا کہ اس کی پیشگی
واپس ہو۔ اِدھر یہ تقاضا رقم طلب کرتے تھے۔ آخر نتیجہ یہ ہُوا کہ اظہار نویس
نے کہا کہ ڈگری اجرا کرالو۔ اُس نے اجرا کی درخواست دے دی۔ اور
مدعا علیہ کے مکان پر جا کر ناظر نے تالا لگا دیا۔ وہ شخص روتا ہُوا ایجرٹن صاحب
کی عدالت میں حاضر ہُوا کہ حضور نے مقدمے کو خارج کر دیا تھا۔ مگر سرکاری
پیادوں نے میرے مکان پر تالا لگا دیا ہے۔ معاملہ چونکہ تازہ تھا۔ اس لیے
ایجرٹن صاحب کو بھی یاد آ گیا۔ انھوں نے مسل خواں سے کہا کہ ابھی یہ مسل منگواؤ

مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ میں نے اس مقدمے کو خارج کر دیا تھا۔ چنانچہ مسل منگوائی گئی اور فیصلہ سنا گیا جو آٹھ فل سکیپ کاغذوں پر لکھا گیا تھا۔

ایجرٹن صاحب نے مسل خواں سے کہا۔ یہ فیصلہ جو تم نے آدھ گھنٹے میں پڑھا ہے۔ میں نے کتنے گھنٹوں میں لکھوایا ہوگا۔ اس نے عرض کیا کہ آپ جو کچھ فرمائیں اس کو وضاحت سے لکھنا ہمارا کام ہے۔ اس پر ایجرٹن صاحب نے فریادی کو تو یہ کہہ دیا کہ ہم کچھ نہیں کر سکتے اور گورنمنٹ سے اس مقدمے کا حوالہ دے کر یہ تجویز پیش کی کہ ججوں اور مجسٹریٹوں کو اپنے قلم سے فیصلے لکھنے چاہییں۔ جو اردو میں لکھ سکتے ہوں وہ اردو میں لکھیں اور جو انگریزی جانتے ہوں وہ انگریزی میں لکھیں۔ چنانچہ تجویز منظور ہوئی اور اب جج اور مجسٹریٹ خود ہی بیان لکھتے ہیں۔ مگر آج کل مختصر نویس سے کارروائی عدالت اور فیصلے لکھوانے کا رواج عام ہو چکا ہے۔

پنجاب میں انگریزی طرز پر سکول قائم ہوئے تو کرنل ہال رائیڈ صاحب ڈائرکٹر محکمہ تعلیمات پنجاب اس کے رہنما تھے۔ انھوں نے مشہور اہلِ زبان حضرات سے کتابیں لکھوائیں۔ چھاپنے کے لیے سرکاری چھاپہ خانہ تھا جس میں کتابیں چھاپی جاتی تھیں۔ مصحح بھی لائق ہوتے تھے۔ اور چھاپہ بھی بہت اچھا۔ کام کی زیادتی ہوتی تو دوسرے پریسوں کو دے دیا جاتا تھا۔ کتابیں بیچنے کا کام محکمہ خود کیا کرتا تھا۔ چنانچہ منشی گلاب سنگھ یہاں سے اکثر کام لے آیا کرتے تھے۔ اور ان کی حسبِ منشا چھاپ دیا کرتے تھے یہی ان کی ترقی کا ابتدائی زینہ تھا۔ فارسی کی کتابیں کرنل ہال رائیڈ صاحب

ایک ایک فقرہ سُن کر پاس کیا کرتے تھے۔ مجھے یہ قصّہ یاد ہے کہ جب مُنتخب گلستان اُن کے سامنے آئی تو اُس میں ایک فقرہ تھا۔

دروغِ مصلحت آمیز بہ از راستیٔ فتنہ انگیز

اِس پر ہال رائیڈ صاحب نے اعتراض کیا کہ اِس سے جھوٹ کی تعلیم ہوتی ہے۔ پروفیسر آزاد نے کہا کہ غدر کا زمانہ ابھی ابھی گزرا ہے۔ جبکہ باغی تلنگے انگریزوں کو چُن چُن کر مار رہے تھے۔ اُس وقت آپ میرے گھر میں ہوتے اور آپ کی تلاش میں وہ خونخوار سپاہی بھی آتے اور مجھ سے پُوچھتے کہ یہاں ایک انگریز بھاگا ہُوا آیا ہے وُہ کہاں ہے؟ تو کیا میں آپ کو پکڑوا دیتا تو اچھا تھا، یا یہ کہہ دیتا کہ میں نے کسی انگریز کو دیکھا ہی نہیں۔ ہال رائیڈ صاحب ہنس پڑے کہ اچھا اِس فقرے کو رہنے دیجیے۔ ایسے موقعوں کے لیے جھُوٹ بولنا جائز ہے۔ اِس کے کچھ عرصہ بعد جب سکولوں کی تعلیم کا کام بڑھ گیا اور محکمے کو بذاتِ خود اِس کا اِنتظام کرنا مُشکل ہُوا تو محکمے نے تجویز کیا کہ چھپائی اور فروخت کا ٹھیکہ کسی فرم کو دے دیا جائے۔ جو خود ہی اس کے لیے کاغذ، لکھائی، صحت اور طباعت کا بندوبست کیا کرے اور خود ہی بیچا کرے۔ چُنانچہ یہ ٹھیکہ مُنشی گلاب سنگھ کو دے دیا گیا۔ کام بہت بڑا تھا اور مُنشی صاحب اتنے دولت مند نہیں تھے کہ اِس پر بیش قرار روپیہ خرچ کر سکتے۔ مگر اُنھوں نے حکمتِ عملی سے کام لے کر اِسے خُوب چلایا۔ شرط یہ قرار پائی کہ کتاب چھپ کر محکمے میں آئے اور ہر کتاب پر محکمے کی مُہر لگ جایا کرے۔ اور قیمتِ کُتب پر دس روپے سیکڑہ محکمے کو ملیں

اور باقی فروختگی وغیرہ سے اُس کو تعلق نہ ہو۔ چنانچہ کئی سال ایسا ہی ہوتا رہا۔ جب سے یہ شکایت پیدا ہوئی کہ ٹھیکیدار کے کارندے سرکاری محکموں سے مل کر زیادہ کتابوں پر مہریں لگوا لیتے ہیں اور رائیلٹی کی رقم کم دکھانے کے لیے تعدادِ کُتب پوری نہیں دکھائی جاتی، تو قرار پایا۔ کہ دس روپے سینکڑہ کے حساب سے ایک رقم مُقرر کر دی جائے۔ جو ٹھیکیدار ہر سال ادا کیا کرے۔ اس کو رائیلٹی کہا جاتا ہے۔ تقریباً اسی اصول پر رائیلٹی کی یکمشت رقم اب بھی دی جاتی ہے۔ مگر ابتداء سے یہ ٹھیکہ اسی فرم کو دیا جا رہا ہے۔ پہلے یہ رائیلٹی دس ہزار روپیہ سالانہ ہُوا کرتی تھی۔ جو بڑھتے بڑھتے ساٹھ ہزار تک پہنچ گئی تھی۔ اب گھٹتے گھٹتے پچیس ہزار تک رہ گئی ہے۔

## لاہور کی آبادی :

لاہور کی آبادی میرے دیکھتے دیکھتے نوّے ہزار سے آٹھ لاکھ تک پہنچ گئی ہے۔ آبادی عموماً شہر کے اندر تھی۔ باہر جو چند کوٹھیاں تھیں اُن میں حفاظت کے خاص اہتمام کیے جاتے تھے۔ بھارت انشورنس کمپنی کے سامنے سردار بخشیش سنگھ جس کوٹھی میں رہتے تھے، وہاں تک جاتے ہُوئے لوگ ڈرتے تھے۔ والد صاحب مرحوم سردار بخشیش سنگھ سندھیانوالیہ کو دو گھنٹے کے لیے پڑھانے جایا کرتے تھے۔ میں بھی اکثر اُن کے ساتھ چلا جاتا۔ رائے بہادر میلا رام کی مل میرے سامنے بنی ہے اور اِس کے ساتھ

جو ایک کوٹھی ہے۔ اس سے ابتدائی زمانے میں اتنا غنیمت سمجھا جاتا تھا کہ مہاراجہ رنبیر سنگھ والئے جموں و کشمیر جب کسی دربار وغیرہ کی تقریب کے سلسلے میں لاہور آتے تو اسی کوٹھی میں آ کر ٹھہرا کرتے۔

## میاں سلطان :

میرے ہوش سے پہلے یہاں کے ٹھیکیداروں میں میاں محمد سلطان ایک بہت بڑے ٹھیکیدار گزرے ہیں۔ انھوں نے نہایت سیر چشمی سے اپنا زمانہ گزارا۔ سرائے سلطان، ٹھنڈا کنواں، لنڈا بازار، اکبری دروازہ کے اندر کچھ مکانات اور موضع جلو میں بہت بڑی زمین وغیرہ خرید کر آباد کی۔ دہلی دروازہ بھی انھی کا بنایا ہوا ہے۔ اور مجھے یاد ہے کہ اس عمارت کے متعلق ان کا بل ساٹھ ہزار روپے کا تھا۔ جس پر محکمہ تعمیرات کے افسرِ اعلیٰ نے اعتراض کیا تو انھوں نے فرمایا کہ چلو یہ دروازہ میری جانب سے یادگار رہے۔ میں اس کی کوئی قیمت نہیں لیتا۔ انھوں نے اپنے بھتیجے کی شادی کی تو سنا ہے کہ تمام لاہور کے باشندوں کو آٹھ دن تک کھانا کھلوایا ایک دفعہ یہ آنریری مجسٹریٹ ہو گئے تھے۔ عدالت میں گئے تو ایک لڑکے کا مقدمہ پیش ہوا۔ جس پر آپ نے بیس روپیہ جرمانہ کر دیا۔ عدالت سے باہر نکلے تو اُس کی بوڑھی والدہ رو رو کر آپ کو بے نقط سنا رہی تھی، آپ نے حال دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ آپ ہی کا ذکرِ خیر ہے بخشی سے فرمایا کہ بیس روپے میری طرف سے داخل کر دو اور آج سے ہمارا یہاں

آنا موقوف۔

زمانے کے اُلٹ پھیر ہیں کہ یا تو میاں محمد سُلطان کا یہ اعزاز تھا اور یا یہ کیفیت ہُوئی کہ وہ مقرُوض ہونے شرُوع ہوئے اور آخرالامر اُنھوں نے اپنی تمام جائداد مہاراجہ کشمیر کے پاس تین لاکھ روپے میں رہن رکھ دی۔ اور اِس رقم سے اپنا قرضہ چکایا۔ وہ سستے کا زمانہ تھا۔ اب یہ جائداد کروڑ روپے سے کم کی نہ ہوگی۔ چُونکہ اُن کے خاندان میں کوئی شخص اِس لائق نہ ہُوا کہ مہاراجہ کشمیر کا قرضہ چُکا دیتا اس لیے اُنھوں نے کچھ برائے نام رقم اِن کے ورثا کو دے کر کُل جائیداد کی ملکیت حاصل کر لی۔ مَیں نے میاں محمد سُلطان کو اُن کے زمانۂ اِدبار میں دیکھا ہے۔ ایک دفعہ میں موضع بھُمبہ میں زرعی اراضی دیکھنے کے لیے گیا۔ یہ حضرت وہاں سر پر صافہ، گلے میں کُرتا اور تہ بند باندھے بیٹھے تھے ؎

گاہ شہاں را ز سرِ قہر بر اندازد بخت
گاہ گدا را ز سرِ مہر نشاید بر تخت

## رائے بہادر میلا رام :

رائے بہادر میلا رام بھی ایک بڑے ٹھیکیدار ہوئے ہیں۔ اُنھوں نے اپنے صاحب زادے رائے بہادر رام سرن داس کی شادی کی تو میاں سُلطان کی تقلید میں تمام شہر کو دعوت دی۔ مگر اُن میں اِس قدر سلیقہ آگیا تھا۔ کہ ایک دن ایک بازار کی اور دُوسرے دن دُوسرے بازار کی دعوت کی۔ جس دن

اہلِ مطابع کی دعوت کی تھی تو اُس میں مَیں بھی شریک تھا۔ رائے بہادر نے اس شادی کی تقریب میں مساجدِ لاہور کی بھی ایک فہرست تیار کرائی اور ہر مسجد میں ایک ایک سیر مٹھائی بانٹی۔ سُنا ہے کہ اِس فہرست میں ایک ہزار مساجد کا نام درج تھا۔

## کلکتہ کا محرّم :

میں نے جب ۱۹۱۴ء میں تاریخ دربارِ دہلی لکھی تو اُس میں چیدہ چیدہ شاملینِ دربار کی فہرست بلکہ فوٹو بھی رکھے۔ بلاک تو میسرز بسنت رام سے بنوائے گئے۔ لیکن بلاکوں کے چھاپنے کا لاہور میں کوئی اچھا انتظام نہ تھا اس لیے مجھے اِن کی چھپائی کے لیے کلکتے جانا پڑا۔ وہاں نواب شجاعت علی خان داماد بیگم صاحبہ مُرشد آباد سے مُلاقات ہُوئی۔ اُنھوں نے میری دعوت کی اور گفتگو میں لاہور کے مُحرّم کی بابت دریافت کیا۔ مَیں نے کہا ایک رسم ہے جو چلی آرہی ہے۔ حالانکہ مَیں اِس رسم کے بجالانے والوں پر بھی اس کا کوئی اثر نہیں دیکھتا۔ مثلاً جس دن مہندیاں اور گھوڑا نکلتا ہے۔ نواب فتح علی خاں بھی اس کے ساتھ جاتے ہیں۔ شاملینِ جلوس میں سینہ کوبی کرنے والوں کی کئی ٹولیاں ہوتی ہیں۔ نواب صاحب خود نہیں پیٹتے لیکن جب ماتم کرنے والی ٹولیوں کے پاس پہنچتے ہیں۔ تو ایک خاص انداز سے سینے پر ہاتھ رکھ لیتے ہیں۔ راستے میں ہندو مُسلمانوں نے شربت کی جو سبیلیں لگائی ہوتی ہیں تالیفِ قلوب کے لیے وہاں بھی ٹھیرتے ہیں۔ اور شربت کا ایک

آدھ گھونٹ پی لیتے ہیں۔ حالانکہ امامِ شہداء تو اِس وقت بھوک اور پیاس کے ستائے ہوئے تھے۔ اور جو لوگ اُن کی یاد میں اِن باتوں کے مرتکب ہوتے ہیں اُن کے کب شایانِ شان ہے کہ اِس وقت کچھ کھا پی لیں۔ نواب صاحب نے کہا کہ یہ دِن تو امامِ مظلوم کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ میں نے کہا یہ سچ ہے مگر یادگار ایسی ہونی چاہیے جس سے شریعت میں رخنہ نہ پڑے۔ ہم اہلِ سُنّت یزید کو بہت بُرا جانتے ہیں اور امامِ مظلومؓ کی یاد میں شربت پلواتے فاتحہ دِلواتے اور قرآن شریف ختم کرواتے ہیں۔ کیا یہ یادگار نہیں؟ اِس کے بعد انھوں نے فرمایا کہ فلاں دن ہمارے ہاں مجلسِ عزا منعقد ہوگی۔ (وہاں ربیع الاوّل میں ہوتی ہے) اُس میں آپ ضرور شامل ہوں۔ میں نے کہا "بہت اچھا" اگرچہ میں عدیمُ الفرصت تھا۔ تاہم میں نے اِس وجہ سے شرکت قبول کرلی کہ تنگ دِل نہ سمجھا جاؤں۔

صُبح دس بجے سے دو بجے تک مجلسِ عزا قائم رہی۔ نواب صاحب اُوپر کی منزل میں رہا کرتے تھے۔ وہیں یہ مجلس تھی۔ جس میں ایک بہت اچھا ہال اور اُس کے ساتھ دو بغلی کمرے تھے۔ ان میں داخل ہونے سے پہلے زینے کے پاس ایک کمرہ تھا۔ جس میں مکلّف فرش وفروش ہو رہا تھا۔ اور کئی ایک گاؤ تکیے رکھے ہوئے تھے۔ نواب صاحب کو جب کسی رئیس کے آنے کی اِطلاع ملتی تو سیڑھیاں اُتر کر استقبال کو جاتے۔ اُن کو ساتھ لے کر کسی گاؤ تکیے کے سہارے بٹھا دیتے اور اِملی کے شربت سے اُن کی تواضع ہوکر حُقّہ پان پیش ہوتے۔ بغلی کمروں میں مرثیہ خوانی ہو رہی تھی اور ماتم کرنے والوں

کی جماعتیں جلوہ افروز تھیں۔ ہر دس پندرہ منٹ کے بعد نواب صاحب بھی ایک چکر لگا آتے تھے اور کبھی کبھی کوئی مہمان بھی اُن کے ساتھ ہو لیتا تھا۔ جس وقت نواب صاحب جاتے تھے، سینہ کوبی کا زور ہو جاتا تھا اور جب یہ مہمانوں میں مصروف ہوتے تو انھیں سستانے کا موقع مل جاتا۔ بارہ بجے کے بعد بڑے کمرے میں کھانا شروع ہُوا۔ مَیں نے تو عُذر کر دیا کہ چونکہ میری طبیعت علیل ہے اس لیے میں مُکلّف کھانے نہیں کھا سکتا مگر اختتامِ محفل تک عمداً بیٹھا رہا۔ کیونکہ میں سمجھتا تھا کہ نواب صاحب اِس کے بعد تبادلۂ خیالات فرمائیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہُوا۔ دو بجے کے بعد اُنھوں نے مجھ سے پوچھا کہ "مولانا! اِس مجلس کی نسبت آپ کی کیا رائے ہے"؟ میں نے کہا "وہی رائے جو لاہور کی نسبت قائم کی تھی آپ ہی فرمائیے۔ کہ جس وقت آپ مہمانوں کے استقبال اور مشایعت میں مصروف ہوتے ہیں، آپ کے دل پر واقعۂ کربلا کا کوئی اثر باقی رہتا ہے؟ علیٰ ہذا یہ تو آپ نے بھی نوٹ کر لیا ہو گا کہ سینہ کوبی محض آپ کو خوش کرنے کے لیے آپ کی موجودگی میں زور پر ہوتی ہے۔ اور بعد ازاں مدھم، پھر فرمائیے کہ اِن اجیر سینہ کوبوں اور مرثیہ خوانوں کو بُلانا امامِ مظلومؑ کی کیا یاد قائم کرتا ہے۔ میں ہر سال محرم میں ایک پُورا کلام اللہ ختم کر کے امامِ مظلوم کی رُوح کو اس کا ثواب پہنچاتا ہوں۔ تعصب کو چھوڑ کر خُدا لگتی کہیئے کہ وُہ بات اچھی ہے۔ یا آپ کی "نمائشی مجلس" یہ سُن کر خاموش ہو گئے، اور فرمایا کہ "آپ نے جو رائے قائم کر دی ہے۔ اس سے آپ پھر

جاننے والے تھوڑا ہی ہیں"۔

میں نے یہ حکایت اِس لیے لکھی ہے کہ ہمارے شیعہ صاحبان ٹھنڈے دِل سے اِس پر ذرا غور کریں۔ کہ آیا ذوالجناح کے نکالنے کی نقلیں قوم اور اِمام مظلوم کو کوئی فائدہ پہنچا سکتی ہیں یا اِن کے اسمِ مبارک پر ختم کرا دینا زیادہ مفید ہے۔ قرآن مجید میں آیا ہے۔ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ

(ترجمہ:۔ جو اُمتیں (جماعتیں) گزر چکی ہیں۔ ان کے اعمال ان کے ساتھ ہیں اور تمھارے اعمال تمھارے ساتھ۔ ان کے اعمال کی نسبت تم سے سوال نہیں کیا جائے گا) اسی طرح قرآن شریف کی سورہ فتح میں آیا ہے۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا (ترجمہ:۔ محمدؐ اللہ کے رسُول اور ان کے ساتھی سخت ہیں کفار پر اور آپس میں مہربان ہیں تو انھیں رکوع و سجود میں دیکھے گا کہ اللہ کے فضل و کرم کو ڈھونڈھتے ہیں۔)

مفسرین نے لکھا ہے کہ لفظ معہ، سے مُراد حضرت ابوبکر صدیق رضؓ سے ہے۔ کیونکہ قرآن میں ایک اور جگہ یہ لفظ اُن کے لیے استعمال ہوا ہے۔ اگر عام معانی صرف ساتھی ہی لیے جائیں تو ہجرت اور غارِ ثور میں وہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھی تھے۔ اشدّ علی الکفار سے مُراد حضرت عمر فاروق رضؓ کی ذات ہے۔ جنگِ بدر میں آپ نے فرمایا تھا کہ جو کفّار پکڑے گئے ہیں ہم میں

سے جس کسی کے رشتہ دار ہوں اُن کے حوالے کر دیے جائیں۔ کہ وُہ اپنے ہاتھ سے انھیں قتل کریں۔ حالانکہ ان میں حضرت عمرِ فاروق رضؓ کے قریبی رشتہ دار بھی موجود تھے۔ حضرت ابوبکر رضؓ نے فدیہ دے کر چھوڑ دینے کی رائے دی اور حضوؐر نے اسی پر عمل کیا۔ رحماء بینھم سے مُراد حضرت عثمان غنی رضؓ ہیں جنھوں نے اپنے رشتہ داروں کو اُمورِ خلافت میں دخیل کر کے اسلام کے مستقبل کے لیے ایک آفتِ عظیم قائم کر دی۔ مروان رشتے میں اُن کا سالا لگتا تھا۔ اگرچہ لکھنے پڑھنے اور سیاست میں بہت قابل تھا۔ مگر ان تمام فتنوں کی بُنیاد وہی تھا۔ اِس شخص کو حضوؐر سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینے سے دُور رہنے کا حکم دیا تھا۔ مگر حضرت عثمان غنی رضؓ نے بُلا کر اُسے اپنا میر منشی بنا لیا۔ تراھم رُکعاً سجداً سے حضرت علی رضؓ کی ذات مُراد ہے کہ تمام اُمتِ محمدیہ میں اُن کی نماز حضوری ایسی پُرخلوص ہوتی تھی کہ دُوسروں کو وہ درجہ نصیب نہیں ہُوا۔ ایک دفعہ کچھ تیر آپ کی پشت مُبارک پر لگے۔ جنھیں صحابہ چیر کر نکالنا چاہتے تھے تو آپ نے فرمایا کہ چیرنے سے درد ہوتا ہے۔ چھوڑ دو۔ حضور سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیر نکالنے والوں کو حکم دیا کہ اس وقت چھوڑ دو۔ جب یہ نماز میں ہوں تو تیر نکال لینا۔ چنانچہ ایسا ہی ہُوا کہ انھوں نے شگاف دے کر تیر نکال لیے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کو خبر تک نہ ہُوئی۔ نماز سے فارغ ہو کر پُوچھا کہ یہ میرے گرد و پیش کیسا خُون پھیلا ہُوا ہے۔ یہ تھی محویتِ نماز۔

اگرچہ یہ تفسیر مفسرین کی ہے۔ مگر اتنی دل لگتی ہے کہ چاروں صاحبوں کے خواص اُن پر خوب صادق آتے ہیں۔ اسی طرح ایک حدیث میں سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خیر القرون قرنی الخ۔ یعنی بہترین زمانہ میرا ہے۔ اس کے بعد ان کا جو اس کے بعد آئیں اور پھر ان کا جو اُن کے بعد آئیں۔ اِس حدیث میں لفظ قرنی قابلِ غور ہے۔ جس کے معنی ہیں میرا زمانہ۔ چونکہ ہر چہار خلفاء کو آپ کے بعد آنا تھا اس لیے پوری لطافت سے آپ نے ان کے زمانے کو بھی اپنا ہی زمانہ قرار دیا ہے۔ چنانچہ لفظ قرنی کے چار حرف ہیں۔ یعنی ق، ر، ن، ی۔ اور یہ ہر ایک خلیفہ کے نام کا آخری حرف ہے۔ جس سے ترتیبِ خلافت کی بھی بہت اچھی طرح تصدیق ہو جاتی ہے۔

اگر اس اعجازِ کلام کو نہ بھی لیا جائے تو حدیث صحیح میں ہے کہ بہترین زمانہ میرا اور پھر ان کا جو اس کے بعد ہوں، اور پھر اُن کا جو اس کے بعد ہوں۔ اگر صرف حدیث پر ہی حصر کیا جائے تو کم سے کم حضرت ابوبکر صدیق رضی اور حضرت عمر فاروق رضی کی خلافت تو صریح طور پر خلافتِ راشدہ میں آجاتی ہے۔ اگرچہ ہم تو آیاتِ قرآنی کے استدلال کے مطابق چاروں خلیفوں کو برحق سمجھتے ہیں۔ دوسری طرف ایک سچا بھی خواہِ اسلام اس فتنے کو کبھی پسند نہیں کرتا جو مدح صحابہ کے نام سے لکھنؤ میں سُنی علماء نے جاری کر رکھا ہے۔ یہ مدحیں گو اُن کے اوصاف کے مطابق ہوں مگر عبادت میں داخل نہیں اور ۱۳۳۸ھ سے پہلے کہیں ان کا وجود نہ تھا۔ یہ بعض علماء

کی دُکان داری ہے کہ اُنھوں نے یہ بدعت کھڑی کر کے کئی لوگوں کی سر پھٹول کرادی۔ اور کئی کو جیل بھجوا دیا۔

قرآن شریف کا منشاء تو خُدا کی وحدانیت اور رسُولؐ کی رسالت کا اقرار، قرآن شریف اور اُس سے پہلے پیغمبروں پر نزولِ وحی کو برحق جاننا اور نماز اور زکوٰۃ کی پابندی کے ساتھ قیامت کے دن پر یقین رکھنا ہے کہ وُہ جزا و سزا کا دِن ہوگا جو سب پر آئے گا۔ حدیث میں بھی آیا ہے کہ حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی خدمت میں ایک بدوی نے حاضر ہو کر پوچھا "یا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایمان کیا چیز ہے؟" آپؐ نے فرمایا۔ "خدا کو واحد لاشریک اور مجھے رسُول برحق جاننا۔ دن رات میں پانچ بار نماز پڑھنی۔ ایک مہینے کے روزے رکھنا۔ اور خدا نے جو مال دیا ہو۔ اس کی زکوٰۃ دینا۔ یہ اسلام ہے۔" اس نے عرض کیا "یا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ایسا ہی کروں گا۔ نہ اس میں کوئی کمی ہوگی نہ بیشی۔" یہ کہہ کر وُہ اُٹھ کر چلا گیا۔ حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے صحابہ سے فرمایا کہ اگر یہ شخص اس اقرار پر قائم رہے تو دیکھ لو کہ جنتی کی یہی پہچان ہے۔ ایک تو اسلام کی وہ ہمہ گیری کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مُنافق تک کی نماز جنازہ پڑھا دی۔ اور یا اب یہ سختی کہ ذرا ذرا سے معمولی اختلافات پر کُفر کے فتوے جاری ہوتے ہیں ؎

اُمّت کو چھانٹ ڈالا کافر بنا بنا کر
اِسلام پر فقیہو! احسان ہے تُمھارا

## پنکھے :

ابتدا میں دیسی پنکھوں کا رواج تھا۔ کھجور کے پنکھے پیسے کے دو اور پشاوری پنکھا ایک آنہ میں ملتا تھا۔ اُمراء کے ہاں بڑے سائز کے پنکھے ہُوا کرتے تھے جس کی دستی درمیان میں ہوتی تھی۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ، مہاراجہ شیر سنگھ جب کبھی دربارِ عام کرتے تو فراش وُہی پرانی طرز کے پنکھے درمیانی دستی پکڑ کر ہلایا کرتے تھے۔ خاتمۂ دربار پر اُن کو پچاس پچاس روپے بالنعام دیا جاتا تھا۔ رفتہ رفتہ لکڑی کے پنکھے بنا کر ان پر کپڑا اور جھالر لگا کر چھت میں لٹکانے کا دستور ہُوا۔ جنھیں ایک قُلی کھینچا کرتا تھا۔ اس کے بعد اعلیٰ انگریزی طبقے میں ایک قسم کے گول چوبی پنکھوں کا رواج ہُوا جن کے اندر ایک چوڑا پہیّا لگا ہوتا تھا۔ اور ایک طرف سے ہوا کے خارج ہونے کا راستہ بنا ہوتا تھا۔ اُس کے اِردگرد خس لپیٹ دی جاتی تھی۔ جسے پانی سے تر رکھا جاتا تھا۔ قُلی باہر بیٹھ کر اس پنکھے کی دستی چلایا کرتا تھا۔ جس سے خاصی ہوا کمرے میں پہنچتی، جو کمرے کو ٹھنڈا رکھتی تھی۔ اُمراء کے ہاں خس کی ٹٹیوں کا بھی رواج تھا۔ جنھیں ہر وقت تر رکھا جاتا تھا۔ اُن سے کمرے میں بھینی بھینی خوشبو پہنچتی رہتی تھی۔ اِس کے بعد ایک اور قسم کے لوہے کے پنکھے تیار ہوئے جو کوئلے یا مٹی کے تیل کے زور سے چلتے تھے۔ ازاں بعد بجلی کے پنکھوں کا رواج ہُوا جو اب ہر جگہ مُروّج ہو چکے ہیں۔

## ہوائی جہاز کی ابتداء :

اگرچہ یورپ میں بیلون تیار ہو چکے تھے مگر ہندوستان میں سب سے پہلے ایک بنگالی نے بیلون پر کلکتہ میں پرواز کا سلسلہ شروع کیا۔ یہ ایک بہت بڑا غبارہ ہوتا تھا جب کبھی یہ غبارہ ہوا میں اُڑتا تو ہزاروں آدمی دیکھنے کے لیے جاتے اور خوشی خوشی ٹکٹ بھی خرید لیا کرتے تھے۔ مجھے یاد ہے کہ لارڈ ڈفرن کے زمانے میں جب یہ غبارہ اُڑایا گیا تو اُس کے دیکھنے والوں میں والسرائے بھی شریک تھے مگر اُڑنے کے بعد دو تین دن تک پتا نہ چلا کہ وہ غبارہ کہاں گیا ہے۔ جس پر "امرت بازار پترکا" یا کسی اور اخبار نے لکھا کہ والسرائے ایک خودکشی کے مظاہرے میں شامل ہوئے تھے۔ لیکن تیسرے دن اُس کا پتا چل گیا کہ وہ پانڈی چری میں کسی مکان پر اتر گیا تھا۔ سائنس دان معلوم کر چکے تھے کہ ہوا گرم ہو کر ہلکی ہو جاتی ہے۔ چنانچہ بیلون کی ہوا کو گرم رکھنے کے لیئے اِس کے نیچے انگیٹھیاں جلائی جاتی تھیں۔ اس کے بعد ایک ایسی گیس معلوم کی گئی جو عام ہوا سے تقریباً چودہ گنا ہلکی ہوتی ہے۔ اِس سے غباروں کے اُڑانے کا کام لیا جانے لگا۔ لیکن اِس میں یہ مشکل تھی کہ ہوا جدھر چاہتی انہیں اُڑائے پھرتی تھی اور اِس طرح کئی حادثات پیش آتے تھے۔ آخر مُوجدین نے پیٹرول سے چلنے والے ہوائی جہاز تیار کیے۔ جو آج ہوا میں پرواز کرتے نظر آتے ہیں اور اِن میں اس قدر ترقی ہوئی ہے کہ دُنیا کے بہت سے کام اِنہی کے ذریعے ہو رہے ہیں۔ موجودہ جنگ میں ہوائی

جہازوں نے بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا ہے۔ وہ ایک جگہ سے پرواز کر کے کئی سو میل دُور دشمن کے علاقے پر بمباری کر کے پھر اپنے اڈّے پر واپس آجاتے ہیں۔ ہوائی جہازوں سے جہاں ملک املاک اور اِنسانی جانوں کی بربادی کا کام لیا جاتا ہے۔ وہاں یہ کئی مُفید کام بھی انجام دے رہا ہے۔ مثلاً اِس کی اِیجاد سے دُور کی منزل کا قضیّہ ختم ہو گیا۔ اگلے وقتوں میں ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانے کے لیے ہفتوں نہیں مہینوں لگ جاتے تھے اور بیرونی ملکوں میں تو جانے کا کوئی نام تک نہ لیتا تھا۔ مگر آج یہ حال ہے کہ ہوائی جہاز کے ذریعے مہینوں کا سفر دِنوں میں کٹ رہا ہے۔

علاوہ ازیں ہوائی جہاز کی اِیجاد نے تجارتی دُنیا میں بھی ایک اِنقلاب پیدا کر دیا ہے۔ ایک ملک کی پیداوار دُوسرے ملک میں اِس کے ذریعے لے جاتے ہیں۔ ہوائی جہاز کی پرواز کے لیے ایک وسیع میدان کی ضرورت ہوتی ہے لیکن اب سُنا ہے کہ ایسے ہوائی جہاز بھی تیار ہو گئے ہیں جو کسی مکان کی چھت سے پرواز کر سکیں گے۔ لیکن جنگ کے چھڑ جانے کے باعث ایسے ہوائی جہازوں کی اِیجاد رُک گئی ہے۔

## دو عالمگیر جنگیں:

میری عُمر میں دو عالم گیر جنگیں ہُوئی ہیں۔ ان میں ایک سنہ ۱۹۱۴ء کی وہ جنگِ عظیم ہے، جو جرمنی نے انگریزوں اور اُن کے ساتھیوں کے خلاف شُروع کی تھی۔ اِس میں تُرکی جرمنی کا طرفدار تھا اور رُوس کو انگریز اپنی طرف

مائل کر رہے تھے۔ چنانچہ سونے سے بھرا ہوا ایک جہاز لے کر لارڈ کچنر روس جا رہے تھے کہ روس کو لالچ دے کر اپنے ساتھ ملا لیا جائے۔ مگر جہاز راستے میں ہی غرق ہو گیا۔ میں نے اِس موقع پہ دیوانِ حافظ سے فال نکالی کہ لارڈ کچنر اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے یا نہیں، تو یہ شعر نکلا۔

خیالِ حوصلۂ بحر می پزم ہیہات
چہاست در سرِ ایں قطرۂ محال اندیش
ز کوئے میکدہ دوشش بدوش می بردند
امامِ شہر کہ سجّادہ می کشید بدوش

مُدعا یہ کہ لارڈ کچنر کامیاب نہیں ہوں گے :۔

جرمنی مع اپنے ساتھیوں کے بڑے جوش و خروش پر تھا۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ اُس کی نیت اچھی نہ تھی۔ چنانچہ آخری وقت میں جبکہ جرمن فوج پچھلے حملوں میں کامیابی حاصل کر کے ایک بہت بڑے حملے کے لیے تیار کھڑی تھی کہ خدا نے ان پر انفلوئنزا کی وبا مسلّط کر دی اور جرمنوں کو نہایت ذِلّت سے شکست کھا کر صلح کرنی پڑی۔ قیصرِ جرمنی کو معزول کر کے ہالینڈ میں نظر بند کر دیا گیا۔ اُس کے جرنیل وان ہنڈن برگ نے جمہوریت کے اصول پر حکومت قائم کی، جس کا یہ پریذیڈنٹ چُنا گیا۔ انگریزوں، امریکیوں، فرانس اور دوسری طاقتوں کا کروڑہا روپیہ بطورِ تاوان جرمنی پر ڈالا گیا اور افریقہ وغیرہ میں جرمنی کی جو نوآبادیات تھیں اُنھیں اِن حکومتوں میں بانٹ دیا گیا اور خاص جرمنی کا ایک علاقہ لیگ آف

نیشنز کی نگرانی میں دے دیا گیا کہ وہ اپنا اپنا تاوان وصول کرتے وقت اہلِ ملک کی رائے لیں۔ اور اگر سب کی یہی رائے ہو کہ یہ علاقہ جرمنی کو واپس کر دیا جائے تو اُس کے حوالے کر دیا جائے۔

دوسری بڑی جنگ کے اسباب بھی قریب قریب وہی تھے جو پہلی جنگ کے تھے۔ وان ہینڈن برگ کے بعد ہٹلر کا عروج ہوا اور یہ وہاں کی پارلیمنٹ (ریشاغ) کا پریذیڈنٹ قرار پایا۔ اُس نے دُوسری طاقتوں کا جو تاوان باقی تھا۔ منّت سماجت کر کے چھڑا لیا۔ اِس کے دل میں اِنتقام اور کینے کی آگ بھڑک رہی تھی۔ اِس لیے اُس نے خفیہ خفیہ اسلحہ جنگ بنانے اور فوج کی تعداد بڑھانے کا کام جاری رکھا۔ حالانکہ شرائطِ صلح کے مطابق نہ تو جرمن زیادہ اسلحہ تیّار کر سکتے تھے اور نہ ہی فوج کی تعداد بڑھا سکتے تھے۔

ہٹلر نے جرمنوں کو سبز باغ دکھا کر اُن کے یہ ذہن نشین کر دیا کہ صِرف جرمنی ہی تمام دُنیا اور قوموں پر حکومت کرنے کے قابل ہے۔ چنانچہ وُہ ہٹلر کے ہمنوا ہو گئے۔ پہلے تو جو علاقے جرمنی کے ہاتھ سے نکل چکے تھے۔ رائے شُماری سے واپس لیے۔ پھر ۱۹۳۹ء میں پولینڈ پر حملہ کر دیا۔ جو ایک معمولی سی ریاست ہے۔ پول بڑی بہادری سے لڑے۔ مگر ایک طرف سے جرمن اور دُوسری طرف سے رُوس کے حملے نے اُنھیں تہس نہس کر کے رکھ دیا۔ جرمنی نے اُس پر قبضہ کر لیا۔ پھر جرمنی نے رُوس پر دوستی کے ڈورے ڈالنے شروع کیے۔ رُوس کا ڈکٹیٹر سٹالن بڑا چالاک ہے۔ وہ جرمنی کے پھندے میں نہ پھنسا اور اُس نے انگریزوں کے ساتھ ایک

دُوسرے کی مدد اور اسلحہ دینے کا مُعاہدہ کر لیا۔ جرمنی سے جو سب سے بڑی غلطی ہُوئی وہ یہ تھی کہ اُس نے پہلے رُوس پر ہی غُصّہ نکالنا چاہا اور جنگ شروع ہو گئی۔

رُوس کی بہت بڑی طاقت تھی۔ مگر جرمنی نے پہلے پہل یک لخت حملہ کر کے اُسے ایسا رگیدا کہ اکثر علاقے اُس کو جرمنی کے لیے خالی کر دینے پڑے۔ مگر تین سال کی شکست پر شکست کھانے کے بعد رُوسی فوج کی نئی تنظیم کی گئی اور رُوسیوں نے سال بھر میں نہ صِرف اپنے علاقے واپس لے لیے بلکہ خاص جرمنی پر کامیاب یلغار کر کے برلن پر بھی قبضہ کر لیا۔

جرمنی کے ساتھیوں میں ایک اٹلی بھی تھا۔ جس نے نہایت دھوکے سے صرف دو گھنٹے کا الٹی میٹم دے کر یُونان پر حملہ کر دیا اور جرمنوں کی اِمداد سے اُسے فتح کر کے یُونان وغیرہ ممالک پر قبضہ جما لیا۔ مگر اُدھر تو جرمنی فتوحات میں مصرُوف تھا اِدھر انگریزوں نے اُس کے خلاف جنگ چھیڑ دی اور بہت تھوڑے عرصے میں باوجود بہت بڑی جرمن فوجی اِمداد کے اِٹلی اور اُس کے افریقی مقبوضات کو فتح کر لیا۔

جرمنی کا دُوسرا حلیف جاپان بنا۔ جس نے ایک طرف تو اپنا قائمقام امریکہ سے تجارتی معاہدہ کرنے کے لیے بھیج دیا اور دُوسری طرف خاموشی سے آسٹریلیا، نیوگنی، جزائر سلیمان اور جزائر غرب الہند پر دھاوا بول دیا۔ اِسی دوران میں امریکہ کی بندرگاہ پرل ہاربر پر بمباری شروع کر دی لیکن اب یہ بھی کوئی دم کا مہمان ہے۔

قیصرِ جرمنی پہلی جنگ کا مجرم تھا تو موجودہ جنگ کا مجرم ہٹلر ہے۔ جس نے ایک کروڑ سے زائد آدمی اِس جنگ میں ہلاک اور کروڑوں خاندانوں کو مصیبت میں مبتلا کر دیا ہے۔ اِس لیے میرے دل میں ہٹلر کے لیے سخت نفرت وحقارت ہے۔ ایک پرانا ٹوٹکا چلا آتا ہے کہ باری کے بخار کے لیے فرعون، نمرود، شدّاد، ہامان اور شیطان یہ پانچوں نام لکھ کر اُس پہ سات گرہیں لگائی جائیں اور دائیں پاؤں کے انگوٹھے کے نیچے اِس کاغذ کو باندھ دیا جائے تو نوبتی بخار جاتا رہتا ہے۔ اکثر لوگ مجھ سے یہ نقش لے جاتے ہیں میرے خیال میں فرعون، نمرود، اور شدّاد وغیرہ کی خونریزیاں ہٹلر کے برابر نہیں ہوں گی۔ اِسی لیے میں اِس نقش میں اُس کا نام بھی درج کر دیتا ہوں۔

## ٹیکس:

بعہد لارڈ لٹن جب افغانستان کی جنگ ہوئی تو اس کے مصارف پورا کرنے کے لیئے ہندوستان پر سب سے پہلے ٹیکس لگایا گیا۔ اور یہ قرار دیا گیا کہ صرف پینتیس کروڑ روپیہ وصول ہونے تک یہ ٹیکس رہے گا۔ تشخیصِ ٹیکس کا کام تحصیلداروں کے سپرد ہوا۔ کیونکہ یہ عہدے دار ہی تحصیل کے صاحبِ حیثیت لوگوں کو اچھی طرح جانتے تھے اور ٹیکس کی مقدار بھی بہت تھوڑی یعنی دس روپے فی ہزار سالانہ تھی۔ ٹیکس کا کوئی الگ محکمہ نہ تھا تحصیلدار تشخیص کر کے وصول کر لیا کرتے تھے۔ ہر ضلع کا کلکٹر اُس کا افسر ہوتا تھا اور اُس کے پاس اگر ضرورت ہوتی تو اپیل بھی کیا جاتا تھا۔

ٹیکس کی شرح اتنی کم تھی کہ لوگوں کو کچھ ناگوار نہ گزرتا۔ بعض لوگ معمولی ٹیکس لگنے کو عزت خیال کرتے تھے۔ چنانچہ مجھے انبالے کے دو ہندو بھائیوں کا قصہ یاد ہے کہ دونوں الگ الگ دکانیں کرتے تھے۔ ایک پر تیس روپے سالانہ ٹیکس لگ گیا تو دوسرا بھائی ڈالی لے کر ڈپٹی کمشنر کے پاس پہنچا کہ صاحب مجھ پہ کیوں ٹیکس نہیں لگایا گیا۔ چنانچہ انھوں نے اس پر بھی دس روپے ٹیکس لگا کر اسے خوش کر دیا۔

اب یہ محکمہ ہی بالکل جدا ہے۔ انسپکٹر انکم ٹیکس آفیسر اسسٹنٹ کمشنر اور کمشنر ہیں۔ اور انہیں کے پاس یکے بعد دیگرے اپیل بھی ہو سکتا ہے۔ ٹیکس کی شرح کئی گنا زیادہ بڑھ چکی ہے۔ اور اب یہ کیفیت ہے کہ سارے ہندوستان سے ۳۵ کروڑ روپے سے بھی زیادہ سالانہ ٹیکس وصول ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ شہروں میں اور بھی معمولی معمولی دکانوں، خوانچہ فروشوں ٹانگوں، موٹروں، چھکڑوں، سبزی اور لکڑی پر ٹیکس لگا ہوا ہے۔ پھر ہر پیشے کے لیے ایک علیحدہ لائسنس ضروری ہے۔ غرض ع

تا آنکہ نظر کار کند عالم ٹیکس است

## رشوت ستانی :

محکمہ پولیس کی رشوت ستانی قدیم زمانے سے ضرب المثل چلی آتی ہے جس کا تدارک سرکار نے یہ سوچا کہ عہدے داروں کی تنخواہیں بڑھا دی جائیں اور تعلیم یافتہ گریجوایٹ افسر مقرر کیے جائیں۔ میرے ایک بہت دور کے

رِشتہ دار پولیس سے ریٹائر ہُوئے۔ مَیں نے اُن سے پُوچھا: "اب تو رِشوت کی وہ حالت نہ ہو گی۔ کیونکہ لکھے پڑھے ذمّہ دار لوگ عُہدیدار مُقرّر ہوتے ہیں۔" اُنھوں نے کہا: "پہلے جس بات کے لیے لوگ دو روپے نذرانہ پیش کیا کرتے تھے۔ آج کل کے عُہدے داران پچیس روپے پر بھی رضامند نہیں ہوتے۔"

عدالتوں اور دوسرے دفاتر میں بھی یہی کیفیت ہے۔ سرکار نے ایک خاص محکمہ اِنسدادِ رشوت ستانی کے لیے قائم کر رکھا ہے۔ مگر یہ عادت کچھ ایسی سرایت کر چکی ہے کہ چُھٹنے میں ہی نہیں آتی بلکہ بڑھتی ہی جا رہی ہے۔ شاذ و نادر ایسا بھی دیکھا جاتا ہے کہ بعض بڑے عُہدیداروں کو رِشوت پیش کی جائے تو وہ چالان کر دیتے ہیں۔ میرے ایک تجربہ کار دوست شیخ نبی بخش صاحب وکیل سے ذکر آیا تو اُنھوں نے کہا۔ کہ ایسے واقعات رِشوت دینے والوں کی نافہمی سے پیدا ہوتے ہیں۔ ہر شخص کی دیانتداری کی ایک خاص قیمت ہوتی ہے۔ اگر اس قیمت سے کم پر پیش کش کی جائے تو وہ سزا دِلوا دیتے ہیں۔" واقعی تجربہ نے بتا دیا ہے کہ شیخ صاحب کا مقُولہ بہت معقُول ہے۔ ایک صاحب یہاں چیف جج مُقرّر ہو کر آئے۔ تو اُنھوں نے اِنسدادِ رشوت ستانی کے لیے بہت کچھ طمطراق دکھایا۔ مگر خود اُن کی بابت جو غلط یا صحیح روایتیں مشہور ہیں۔ اُنھیں سُن کر حیرت ہوتی ہے۔ اور بے اختیار سعدیؒ کے یہ اشعار یاد آ جاتے ہیں:

شنیدم گوسفندے را بزرگے

رہانید از دہان و دستِ گرگے
شبانگاہ کارد بر حلقش بمالید
روانِ گوسفند از وے بنالید
مرا از دستِ گرگے در ربودی
چو دیدم عاقبت خود گرگ بودی

## چائے :

پنجاب میں سب سے پہلے چائے پینے کی رسم کشمیر اور افغانستان سے آئی تھی اور اچھے متموّل لوگ ہی اِس کا استعمال کیا کرتے تھے۔ سبز چائے کو پکا کر اور اُس کا رس نکال کر اُس میں دُودھ اور نمک ملا کر پینا تو کشمیر کا تحفہ تھا۔ افغانستان سے صِرف سبز چائے بمنزلہ قہوہ یا میٹھا ملا کر پینے کا رواج شروع ہُوا۔ اوّل اوّل تو اِس کا رواج کھانا کھانے کے بعد صُبح یا شب تھا۔ پھر رفتہ رفتہ ناشتہ صُبح گاہی اور عصریہ نے اِس کا عُہدہ سنبھال لیا۔ اب تو یہ اِس قدر رِشتہ ضروریہ میں شامِل ہو گئی ہے کہ حُکّام کو یا دُور سے آئے ہُوئے مُعزّز مہمانوں کو نہایت تکلُّف سے ٹی پارٹیاں (یعنی دعوتِ چائے) دی جاتی ہیں جن میں صرف چائے ہی نہیں ہوتی بلکہ دیسی اور انگریزی مٹھائیاں، انگور، نارنگی، سنگترے، سیب اور اعلیٰ درجے کے لوازمات بلکہ گرمیوں میں آئس کریم بھی لازمۂ دعوتِ چائے ہوتی ہے۔ اکثر اچھے اچھے ہوٹلوں میں یہ دعوتیں دی جاتی ہیں۔ جن پر فی کس ڈیڑھ روپے سے تین چار روپے تک بِل ادا کرنا پڑتا ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ ہمارے

دیسی بھائیوں کو ہوٹلوں میں چائے کی دعوت دینے کا شوق کیوں پیدا ہو گیا ہے - ہوٹل تو معزز مسافروں کی مہمان سرائے کا جدید نام ہے اور چونکہ وہ اس ملک کے رہنے والے نہیں اور یہاں شاید سو میں سے پانچ کو ٹھیال بھی انگریزوں کی اپنی بنائی ہوئی نہ ہوں اس لیے وہ اگر ہوٹل میں انتظام کریں تو مضائقہ نہیں - لیکن ہم لوگ اُن کی تقلید کے کسی طرح بھی مستحق نہیں میرے ہاں گورنروں، وزرار، کمشنر اور ڈپٹی کمشنروں کی ایسی دعوتیں ہوتی رہی ہیں مگر وہ سب کی سب یا تو پولیس کے احاطہ میں ہوئیں یا پریس کے سامنے جو باغ ہے اُس میں کمیٹی کی اجازت لے کر خیمہ و خرگاہ کا انتظام کر لیا گیا - اگرچہ اس میں بعض ایسی چیزوں کے لیے بھی کافی رقم خرچ کرنی پڑی جو عام طور پر ہوٹلوں کے معمولات میں شامل ہے مثلاً بینڈ وغیرہ مگر پھر بھی خرچ کی مقدار تین روپے فی کس سے زیادہ نہ پڑتی تھی اور اگر اس فعل عبث میں کوئی عزت مقصود ہو تو وہ بھی اپنے ہی گھر زیادہ موزوں معلوم ہوتی ہے - خدا کے فضل سے اب تو میں ان فضولیات سے بالکل مجتنب ہو گیا ہوں - دوستوں کی چھوٹی چھوٹی پارٹیاں ہوتی ہی رہتی ہیں - مگر اُن کے لیے نہ تو اتنے اہتمام کی ضرورت ہے اور نہ اتنے اخراجات کی حاجت - میرا خیال ہے کہ اس مسئلہ پر میرے دوسرے دعوت باز دوستوں کو بھی توجہ دینی چاہیے -

ہندو صاحبان نے ان دعوتوں میں جیسن کے پکوڑوں کو بھی شامل کر لیا ہے - اُن کی مسلمان بھی تقلید کرنے لگے ہیں - تعجب ہے کہ اب تک

گول گپتوں کو اِس میں کیوں شامل نہیں کیا گیا۔

## ہندو اور مُسلمان :

ہندو اور مُسلمانوں میں اِفتراق نہ صرف میرے لیے بلکہ ہر مُحبِ وطن کے لیے سخت تکلیف دِہ ہے۔ مَیں نے وہ زمانہ بھی دیکھا جب ہندو مُسلم فسادات کے نام سے کوئی واقف تک نہ تھا۔ ہندو مُسلمان بھائی بھائی کی طرح رہتے تھے۔ ایک دُوسرے کے رنج و راحت میں اِس طرح شریک ہوتے جیسے حقیقی بھائی۔ میرے والد صاحب مرحُوم کے مُسلمانوں کے علاوہ ہندُو اور سِکھ شاگرد بھی تھے اور بچپن سے ہی میرا اُن کے ہاں آنا جانا تھا۔ اِسی طرح وہ ہمارے ہاں بھی آیا جایا کرتے تھے ۔

## میرے ہندو دوست :

اپنے ایامِ جوانی میں جب کبھی مجھے باہر جانے کا اِتفاق ہوتا تو بے تکلُف اپنے ہندُو دوستوں کے پاس ہی ٹھہرتا۔ وہ میری ایسی نگہداشت کرتے تھے جیسے میں اُن کا حقیقی دوست ہوں۔ جودھ پور میں پنڈت دیبی پرشاد مُورّخ راجپوتانہ کے ہاں اکثر ٹھہرا کرتا تھا۔ جو وہاں کے ایک مُعزّز عُہدے دار بھی تھے۔ وہ کھانے کی چوکی لگا کر میرے سامنے آ بیٹھتے اور ہر ایک کھانے میں سے لقمہ اُٹھانے پر مجبُور کرتے۔

سردار رُوپ سنگھ گورنر کشمیر سے میرے گہرے تعلّقات تھے اور مَیں

کشمیر میں اُنھی کے ہاں ٹھیرا کرتا تھا۔ اب دُوسرا واقعہ سُنیئے کہ پنڈت بدری ناتھ راز دان ریٹائرڈ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر پنجاب ریاست کشمیر میں مہاراجہ رنبیر سنگھ کے زمانے میں پانچ سو روپیہ ماہوار پر افسر بقایا بنائے گئے جنھوں نے لکھوکھا روپیہ نکال تو دیا۔ مگر وہ کیسے وصُول ہو؟ پنڈت جی نے کہا کہ میرے نام حکم لکھ دیجیے کہ میں جس سے جس طرح چاہوں وصُول کر لُوں دیکھ لیجیے گا کہ میں ایک ہفتہ کے اندر اندر کُل روپیہ وصُول کر کے داخلِ خزانہ کر دُوں گا۔ مہاراجہ صاحب نے پُوچھا کہ آپ کیا کریں گے؟ تو اُنھوں نے کہا کہ میں تمام بقایا دار اہل کاروں کے نام حکم جاری کر دُوں گا کہ جب تک ان کا روپیہ داخلِ خزانہ نہ ہو۔ وہ دربار میں حاضر نہیں ہو سکتے۔ اُس وقت تو یہ بات ہنسی میں آگئی ہو گئی۔ لیکن اُن اہل کاروں نے۔ جو پہلے ہی سے نعل در آتش ہو رہے تھے۔ آخر اُن کی مُلازمت ختم کروا دی اور یہ گھر واپس آگئے۔

اِس کے کئی برس بعد مہاراجہ پرتاپ سنگھ کے زمانے میں پھر اُن کی یاد آئی اور اُن کو پانسو روپیہ ماہوار پر بُلا لیا گیا۔ یہ یہاں بھی میرے ہمسایہ تھے اور اکثر مُلاقاتیں ہوتی رہتی تھیں۔ صوفیانہ خیال کے آدمی تھے۔ دیوانِ حافظ اُنھوں نے غالباً کئی سو بار پڑھ لیا ہو گا۔ اُن کی موجودگی کشمیر میں مجھے سری نگر جانے کا اِتّفاق ہُوا تو میں اُنھی کے ہاں ٹھیر گیا۔ مجھے دیکھ کر وہ اِس قدر خوش ہُوئے کہ گویا ان کا کوئی بڑا گہرا دوست آ پہنچا ہے۔ شام کو میں ہوا خوری کے لیے نکلا اور دیر سے واپس پہنچا تو فرمایا کہ۔ بھئی میں

تمہارے انتظار میں بیٹھا بیٹھا لاچار ہو گیا ہوں۔ کہہ کر تو جاتا تھا کہ کب آؤ گے بات یہ ہے کہ میں آج کل چوبیس گھنٹوں میں صرف ایک دفعہ کھانا کھاتا ہوں جو تمہارے انتظار میں اب تک نہیں کھایا۔" خیر میں نے معذرت کر دی۔ اور وقت گزر گیا۔ میں تقریباً ایک ہفتے کے بعد وہاں سے لوٹنے لگا تو اُن سے عرض کیا کہ میں کل جانے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ یہ سُن کر وہ بیچارے اِس قدر گھبرائے کہ پانچ بجے شام اُٹھ کر راجہ امر سنگھ کے ہاں چلے گئے اور جا کر عرض کیا کہ میں یہاں کئی مہینوں سے بیکار پڑا ہوں۔ آپ نے اب تک کوئی کام مجھے نہیں دیا۔ شرما شرمی میں تنخواہ دی جا رہی ہے اب مولوی فیروز الدین لاہور جا رہے ہیں۔ ساتھ بہت اچھا ہے۔ مجھے اجازت دیجیے تو میں بھی اِن کے ساتھ ہی واپس چلا جاؤں۔ اِس پر دربار میں بڑا قہقہہ پڑا کہ آپ ساتھ کے لیے پانچ سو روپے ماہوار کی ملازمت چھوڑ رہے ہیں۔ اب اِس واقعہ کو آج کل کی حالت سے ملا کر دیکھیے کہ ع

ببیں تفاوتِ رہ از کُجاست تا بکُجا

## مُسلم لیگ اور کانگرس :

ہندوستان میں مُسلمان اگرچہ اقلیّت میں ہیں۔ لیکن وہ ایسی اقلیّت نہیں جسے نظر انداز کیا جا سکے۔ اِس لیے اس وقت تک کوئی آئین ہندوستان میں قابلِ عمل نہیں ہو سکتا جب تک مُسلمانوں کو راضی نہ کر لیا جائے۔ اور

اِس کی آسان صُورت یہ ہے کہ اکثریت اقلیت کے دل میں اپنے لیے اعتماد پیدا کرے۔ غیر ممالک میں ہمیشہ اکثریت رکھنے والی اقوام کم سے کم اقلیت کو بھی نظر انداز کرنے کی جُرأت نہیں کرتیں۔ اور اِسی کا نتیجہ ہے کہ وہ ہمیشہ اپنے سیاسی مقاصد میں کامیاب ہوتی ہیں۔

ہنڈو اور مُسلمانوں کی دو الگ الگ جماعتیں ہیں مُسلمان مُسلم لیگ سے مُتعلق ہیں۔ اور ہندو کانگرس سے۔ برائے نام چند ایک مُسلمان کانگرس میں شامل ہیں۔ لیکن اُن کو کوئی سیاسی اہمیت نہیں دی جا سکتی۔ میں اپنے اخبار "ایسٹرن ٹائمز" میں مُسلم لیگ کی حمایت کرتا رہا ہُوں اور میں نے پچھلی دفعہ مسٹر جناح کی اپیل پر ایک ہزار روپیہ نقد بھی دیا۔ حالانکہ یہ حقیقت ہے کہ میں نہ تو کبھی کانگرس میں شامل ہُوا اور نہ مُسلم لیگ میں۔

میرا خیال ہے کہ لیگ کی اگر حمایت کی جائے تو شاید گاندھی جی مُسلمانوں کو اتنا ویٹیج (زائد حقوق) دے دیں کہ وُہ اپنے آپ کو اقلیت میں نہ سمجھیں۔ لیکن افسوس ہے کہ گاندھی جی جن کو میں ہندوؤں کا ایک مخلص رہنما سمجھتا ہُوں۔ بار بار اِس امر کا اِعادہ کرنے کے باوجود کہ میں سادہ چیک دینے کو تیار ہُوں تاکہ مُسلمان اپنی مرضی سے جو چاہیں اِس پر لکھ لیں مُسلمانوں کو مُطمئن نہ کر سکے۔

گاندھی جی اگر مُسلمانوں کے مطالبات مان لیتے تو آج تک نہ اِتنے فسادات ہوتے، نہ ہزاروں آدمی جیلوں میں جاتے۔ مُسلمانوں کی سلطنت ہندوستان میں سب سے آخر میں گئی ہے۔ اُن کے دِل و دماغ میں ابھی

تک اُس حکمرانی کے اثرات موجود ہیں۔ اِس لیے یہ زمانہ ناشناس قوم ایسے معاملوں پر ٹھنڈے دل سے غور کرنے کی عادی نہیں۔

## جُداگانہ اور مخلوط انتخابات :

جُداگانہ اور مخلوط انتخابات کے معاملے پر سر فضل حسین اور سر سکندر مرحوم سے بھی میری بارہا گفتگو ہوئی۔ مگر اُن کی اِس بات کا میرے پاس صحیح جواب نہ تھا کہ آپ اپنے ممبر زیادہ بھی لے جائیں گے تو کیا ہوگا۔ دُوسری قوم اِتنی نبض شناس اور زُود رس ہے کہ آپ کے ممبروں کو عیاشی، روپیہ اور دُوسری ایسی باتوں سے خرید لے گی کہ وہ آپ کے کسی کام نہ آئیں گے جس مُلک میں نوکریوں کے لیے لڑائی ہو اور اخبارات میں شور مچایا جائے اُس ملک میں یہ توقع رکھنا کہ ہر قوم اور ہر ایک اِنسان اپنی حدُود اور حقُوق کا سوچ سمجھ کر مُطالبہ کرے گا، ایک خام خیال ہے۔ جب تک اِس صحیح اصُول کو ہندُو مُسلمان اور سکھ وغیرہ سمجھ نہ لیں، اُس وقت تک یقینی طور پر اجنبی حکومت اُن پر حاکم رہے گی۔

## ہندُو مُسلم اِتّحاد کی کوششیں :

خُدا خُدا کر کے ستمبر ۱۹۴۴ء میں مسٹر راج گوپال اچاریہ نے ہندُو مُسلم اِتّحاد کے لیے ایک فارمولا (طریق کار) مُرتّب کیا۔ جسے گاندھی جی نے پسند فرما کر مسٹر جناح سے مُلاقات کرنے کا اِرادہ کیا۔ چُنانچہ ان دونوں

رہنمایانِ قوم میں کئی ملاقاتیں ہوئیں ۔ روزانہ پاکستان کے موضوع پر بحث ہوتی رہی ۔ تمام ہندو اخبارات اور ہندو سبھائیں اس بات پر زور دے رہی تھیں کہ گاندھی جی پاکستان کو ہرگز قبول نہ فرمائیں ۔ بڑے بڑے ہندو اخبارات نے تو یہاں تک لکھ دیا کہ گاندھی جی کو مسٹر جناح سے ملنے اور پاکستان کے متعلق بات چیت کرنے کا کوئی حق نہیں ۔ گاندھی جی کے خلاف کہیں مظاہرے بھی ہوتے اور اُن سے یہاں تک کہہ دیا گیا کہ اگر آپ پاکستان کی حمایت کا وعدہ کریں گے تو ہندو قوم اس کی ہرگز پابند نہ ہوگی ۔

آخر ہندو اخبارات اور لیڈروں کی رائے غالب آئی اور گاندھی جی نے پاکستان کے راستے میں ایسی مشکلات پیدا کر دیں جو مسٹر جناح کے مطالبے کو بالکل پورا نہ کر سکتی تھیں ۔ گاندھی جی اس بات کو نہ مانتے تھے ۔ کہ مسلمان علیحدہ قوم ہیں ۔ اُن کے نزدیک مذہب کے بدل جانے سے قومیت نہیں بدل جاتی ۔ حالانکہ یہ بات تجربہ اور اصول دونوں کے خلاف ہے ۔ تاریخ کو اٹھا کر دیکھیے ۔ مذہب بدلنے کے بعد انفرادی اور مجموعی حیثیت سے کلچر بھی بدل جاتا ہے ۔

## کُل جماعتی کانفرنس کی تجویز :

اس کے بعد سر تیج بہادر سپرو نے آل پارٹیز کانفرنس کے نام سے ایک جلسہ بلانے کا فیصلہ کیا ۔ جس کے بائیس ممبروں میں سے صرف چار

مُسلمان ہیں اور وہ بھی کانگرسی۔ خیال تو بہت اچھا ہے مگر ابتدا ہی سے
مُسلمانوں کی کمی اِس کانفرنس کو بھی مقبُول نہ کر سکی۔ سر تیج بہادر سپرو
بہت اچھے دل و دماغ کے اِنسان ہیں۔ اور فی الواقع ہر ایک سے انصاف
کرنا چاہتے ہیں۔ مگر یہ موٹی بات اُن کے خیال میں نہیں آئی کہ چار کانگرسی
مُسلمان مُسلم حقوق کی کیا حفاظت کر سکیں گے۔ نتیجہ وہی ڈھاک کے تین
پات۔ بھولا بھائی ڈیسائی نے وائسرائے سے مصالحت کی گفتگو شروع
کی جس کی بابت یہ چھپا کہ مرکز میں چالیس فی صدی ہندو اور چالیس
فیصدی مُسلمان اور بیس فی صدی دیگر اقوام ہوں گی۔ اِس پر وائسرائے
نے ۴ ر دسمبر کو مسٹر جناح سے بھی ایک گھنٹہ تک بات چیت کی۔ جو
اب تک صیغہ راز میں ہے۔ بایں ہمہ میری تو یہ دُعا ہے کہ یہ اِختلافات
دُور ہو کر کوئی صحیح راہِ عمل پیدا ہو جائے۔ میرے خیال میں مُسلمانوں
کا نقطہ نظر پیش کرنے اور سمجھنے کے لیے مسٹر جناح ہی ایک ایسے
شخص ہیں کہ اگر کچھ نرم ہو جائیں تو مصالحت ممکن ہے۔ آگے جو خُدا کو منظور۔
اگر مسٹر جناح اور گاندھی جی آپس میں سمجھوتہ کر لیتے تو انگریز کی سیاست دانی
دھری کی دھری رہ جاتی۔ مگر مُشکل تو یہ ہے کہ اتنے بڑے سیاست دان
ہونے پر بھی ہمارے رہنماؤں کی نظر معمولی حدِ نگاہ سے آگے نہیں بڑھتی
جس پہ اصلی بہی خواہانِ وطن کو سوائے رنج و افسوس کے چارہ نہیں۔
سوا نحمرُمی کا اِس بحث سے کیا واسطہ مگر ؂

ہر کہ آدر دے رسد لاچار گوید ہائے ہائے

مسلم لیگ، کے مسلمان مخالفین میں احرار اور خاکسار دونوں اپنی الگ الگ ڈفلی بجا رہے ہیں۔ مگر ہندوؤں میں نہ صرف کانگرس اور ہندو سبھا بلکہ آریہ سماج، سناتن دھرم، برہمو سماج اور دوسری سب چھوٹی چھوٹی صوبجاتی اور مرکزی جماعتیں نظریاتی اعتبار سے ایک ہیں۔ چنانچہ صوبہ پنجاب کے اوجِ رواں سر چوہدری چھوٹو رام صاحب نے علی الاعلان فرما دیا تھا کہ ہم بھی وہی چاہتے ہیں جو کانگرس چاہتی ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ ہم عدم تعاون نہیں چاہتے۔ ورنہ ہم بھی پکے کانگرسی ہیں۔

ہندو اور سکھ اب گورنمنٹ کی امداد سے بے نیاز ہو چکے ہیں۔ اُن کے اپنے ہسپتال، اپنے کالج اور اپنے انجینئر اور ڈاکٹر موجود ہیں اور ان کی قوم میں اتنے بڑے سرمایہ دار ہیں کہ وہ ایسے لوگوں کو معقول تنخواہیں دے سکتے ہیں۔ جب تک مسلمان دولت قابلیت اور خدمتِ خلق میں اُن کی برابری حاصل نہ کریں گے، خدا جانے یہ کہاں سے کہاں جا پہنچیں گے۔ ؎

تا تو من مے رسی من بخدا می رسم

میں تو اپنے دوستوں سے یہی اپیل کروں گا۔ کہ ؎

درختِ دشمنی بر کن | کہ رنجِ بے شمار آرد
نہالِ دوستی بنشاں | کہ محنت برگ و بار آرد

## حکومت اور میں :

خدا کا احسان ہے کہ میں ابتدائے شعور سے نہ تو گورنمنٹ کا خوشامدی

رہا ہوں اور نہ مخالف، محکمہ تعلیم میں کام کرنے کے باعث ہم ایسے آدمیوں کو ڈائرکٹر صاحب، وزرائے حکومت اور دوسرے افسرانِ اعلیٰ کی چوکھٹ پر جبہ سائی لازمی ہے اور میں روزانہ دیکھتا ہوں کہ یہ رسم نئے نئے انداز میں ادا ہو رہی ہے۔ لیکن میں ڈائرکٹر صاحبان سے بھی کبھی برس یا ششماہی میں ایک بار چند منٹوں کے لیے ملتا رہا۔ گورنر صاحبان سے بھی گاہ گاہ اتفاقِ ملاقات ہوتا رہا۔ لیکن جب کبھی بھی ملا۔ نہایت سادہ طور پر اظہارِ مُدّعا کر دیا۔ کبھی سعی و سفارش نہیں کرائی۔

سر فضل حسین، سر فیروز خاں نُون اور میاں عبدالحی صاحب سے میری اپنی پُرانی ذاتی واقفیت ہے۔ پھر بھی مَیں کبھی ان کا خوشامدی نہیں بنا۔ میاں صاحب جب سے منسٹر ہوئے ہیں۔ شاید سال بھر میں مَیں نے ایک آدھ ملاقات کی ہو۔ اور وہ بھی وضعداری سے۔ وہ میری تقریباتِ خانگی میں شریک ہوتے رہے ہیں اور بس۔ گورنروں سے ملا تو اُن سے بھی ایسی گفتگو کرتا رہا۔ جیسے میں اپنے ہم جنسوں سے کرنے کا عادی ہوں اور میں نے یہ محسوس کیا ہے کہ وہ بھی میری صاف بیانی بہت پسند کرتے تھے۔

اِجرائے اخبار کے وقت سرڈی مونٹ مورلنسی جیفرے گورنر پنجاب نے مجھے مُسلمانوں کی اِس ضرورت کا احساس دلایا اور گورنمنٹ کی اِمداد کا وعدہ بھی کیا۔ لیکن میں اَب تک نہیں سمجھا کہ ان کا کیسی امداد کی طرف اشارہ تھا اور میرا منتہائے مقصود کیا تھا۔ میرا مُدّعا تو یہ تھا کہ راؤنڈ کی طرف سے

خبریں سرکاری افسروں کو دی جاتی ہیں کہ اُن کی ایک نقل اخبار کو امداد کے طور پر دے دی جائے۔ اور وہ شاید یہ امداد سمجھتے تھے کہ اخبار کی کچھ کاپیاں خرید کر لوگوں کو بھیج دی جایا کریں۔ پس نہ کبھی گورنمنٹ نے اِس سلسلہ خبررسانی کا بندوبست کیا اور نہ میں نے اخبار کی کاپیوں کی خریداری کے لیے دستِ سوال دراز کیا۔ البتہ مجھے یہ ناکامیاں ضرور ہوئی ہیں کہ میں نے ایک دو معمولی اراضیات قیمتاً خریدنے کی درخواست کی کہ اِس پر پریس قائم ہو سکے مگر کبھی ایڈمنسٹریٹر صاحب نے اِس کی مخالفت کر دی اور کبھی ڈپٹی کمشنر نے۔ دوسری ناکامی یہ ہوئی کہ جس زمانے میں سردار سکندر حیات خاں مرحوم ریونیو منسٹر تھے ان دنوں ڈسٹرکٹ بورڈوں اور میونسپل کمیٹیوں کے انگریزی فارموں کے لیے حسبِ معمول برائے نام ٹنڈر طلب ہوئے۔ جس طرح گلاب سنگھ اینڈ سنز کے لیے تعلیمی کُتب کے اب تک ہوتے چلے آئے ہیں کہ ٹھیکہ سابقہ ٹھیکیداروں کو ہی دیا جاتا ہے۔ سول ملٹری پریس کے مقابل جب ہماری فرم نے ٹنڈر دیا تو اِس میں بمقابلہ سول ملٹری ہمارا ٹینڈر چھبیس ہزار سالانہ کم کا تھا۔ اِس کا جواب اور تو کچھ نہ ہو سکتا تھا۔ ڈیوس صاحب سپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ پرنٹنگ نے اپنا یہ نوٹ لکھ کر بھیج دیا کہ اِن کا اُردو کام تو ہمیشہ تسلی بخش رہا ہے لیکن انگریزی کام کبھی اِن سے نہیں لیا گیا۔ سول اینڈ ملٹری پریس پچاس سال سے اِس کام کو کر رہا ہے۔ اُن کے پاس چھپا ہوا سٹاک بھی بہت موجود ہے۔ اِس لیے یہ ٹھیکہ انہی

کو دینا چاہیے۔ مسٹر پکل چیف سیکرٹری نے بھی اِس رائے سے اِتّفاق کر کے منظوری کے لیے کاغذات منسٹر کو بھیج دیے۔ چونکہ میں نے منسٹر صاحب کو یہ معاملہ اچھی طرح سمجھا دیا تھا اِس لیے اُنھوں نے سپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ پرنٹنگ اور چیف سیکرٹری کی رائے سے اِتّفاق نہ کیا اور ایک پُر زور نوٹ میں لکھا کہ جب ایک معقول فرم چھتّیس ہزار روپیہ کم پر ٹھیکہ لیتی ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ سابقہ ٹھیکیدار کو ہی ٹھیکہ دیا جائے۔ اُس وقت قاعدہ یہ تھا کہ سیکرٹری اور منسٹر میں اِتّفاق رائے نہ ہو تو معاملہ گورنر کے پیش ہوتا تھا۔ سردار سکندر حیات خاں اِس مِسل کو مع اپنے نوٹ کے حسبِ قاعدہ گورنر کے پاس لے گئے اور زبانی بھی معاملہ کو سمجھا دیا۔ جس پر ہز ایکسی لنسی صاحب نے فرمایا کہ اِس کو چھوڑ جائیے۔ مَیں خود دیکھ کر لکھوں گا مگر وہ لکھتے کیا۔ نتیجہ یہ ہُوا کہ فروری کی گئی ہُوئی مِسل اپریل کے آخر تک گورنر صاحب کے ہاں سے واپس نہ آئی اور آئی تو اُس پر لکھا تھا کہ اب ٹھیکہ شروع ہونے کا وقت گزر چکا ہے اِس لیے اب تو سابقہ ٹھیکیدار کے پاس ہی ٹھیکہ رہے اور آیندہ گورنمنٹ پریس خود اِن فارموں کی چھپائی کا اِنتظام کیا کرے۔ اب تک صرف برائے نام چند فارم تو گورنمنٹ پریس میں چھپتے ہیں اور باقی تمام و کمال سول ملٹری پریس میں۔ یہ ہیں گورنمنٹ کی مجھ پر عنایتیں۔

پنشن یا وظیفہ نہ میں نے کبھی مانگا اور نہ گورنمنٹ اتنی بیوقوف ہے کہ وہ بے مانگے اور بے سجدہ کرائے کسی کو کچھ دے دے۔ البتہ خانصاحب

کا ایک خطاب مجھ کو دے دیا گیا ہے۔ جس کے ملنے سے ممکن ہے میرے چند سرکاری دوست خوش ہو گئے ہوں۔ مگر جن لوگوں میں اس خطاب کے باعث میں گورنمنٹ کے خوشامدیوں کی فہرست میں درج ہو کر مخلص بہی خواہوں کی فہرست سے خارج کر دیا گیا ہوں اُن کی تعداد اِن سرکاری دوستوں سے بہت زیادہ ہوگی۔ یہ خطاب بھی خود بخود مجھ پر نازل ہُوا تھا۔ میں نے سر سکندر حیات خاں سے کہا کہ جس طرح آپ اپنے نام کے ساتھ سکندر حیات ہی لکھتے ہیں اور خان نہیں لکھتے۔ حالانکہ قومی حیثیت سے آپ سکندر حیات خاں ہیں اِسی طرح ایک راجپوت قوم کا فرد ہونے کی حیثیت سے میں بھی فیروز الدین خاں ہُوں۔ مگر آپ کی طرح خود خان نہیں لکھتا۔ پس گورنمنٹ کی یہ عنایت میرا وقار کیا بڑھائے گی۔ اس لیے بہتر ہو کہ میں اُسے واپس ہی کر دوں تاکہ گورنمنٹ کسی اور کو خوش کر سکے۔ اُنھوں نے کہا بات تو صحیح ہے۔ مگر گورنمنٹ اِس کو بُرا سمجھے گی۔ چونکہ سرکاری افسروں سے آپ کو واسطہ پڑتا رہتا ہے اِس لیے شاید کچھ نقصان ہی پہنچے۔ پس۔ ع

رضینا بقضاءِ اللہ تعالےٰ

میں خاموش ہو گیا۔ لیکن اِس کے بعد مَیں نے اپنی تمام تصنیفات اور ترجمہ قرآن میں بھی اِس طُرّۂ اِمتیاز کو اپنے نام کا جُزو نہیں بنایا۔

اِسی طرح ایک دفعہ مجھے لاہور میونسپل کمیٹی کا نامزد ممبر بھی بنایا گیا۔ اِس میں بھی میری اپنی کوشش کو کوئی دخل نہیں تھا۔ ایک دفعہ جب میں مسٹر

رائیس ڈپٹی کمشنر لاہور سے ملا تو لبسبیل تذکرہ میں نے کہا کہ پہلے زمانے میں بڑے بڑے مُعمّر آدمی "کلانِ محلہ" اور "کلانِ دِہ" ہُوا کرتے تھے جنھیں انگریزی میں اب سِٹی فادر کہا جاتا ہے۔ لیکن مَیں دیکھتا ہُوں کہ جو ممبر کمیٹی میں جاتے ہیں وہ سِٹی فادر تو نہیں البتہ سِٹی سن ضرور ہوتے ہیں۔ میری اِس بات کا ڈپٹی کمشنر پر یہ اثر ہُوا کہ اُنھوں نے میری اِستدعا کے بغیر مجھے لاہور میونسپل کمیٹی کا نامزد ممبر مُقرّر کر دیا اور مَیں اپنی علالت کے باعث کمیٹی کے اکثر جلسوں میں شرکت نہ کر سکا۔ چنانچہ جب مسٹر رائیس یہاں سے تبدیل ہو گئے اور اُن کی جگہ نئے ڈپٹی کمشنر آئے تو مَیں نے اُن سے مل کر کہا کہ میرا اِستعفےٰ منظور کر لیجیے۔ اُنھوں نے کہا کہ آپ کی جگہ کس کو نامزد کیا جائے۔ اِس پر مَیں نے مولوی محرم علی صاحب چشتی کا نام پیش کیا لیکن چند دِنوں کے بعد جب میں پھر اُن سے ملا تو اُنھوں نے کہا کہ جب تک کمیٹی کی میعاد ختم نہیں ہوتی آپ ممبری سے علاحدہ نہیں ہو سکتے۔ میں خداوند کریم کا شکر ادا کرتا ہُوں کہ اِن چیزوں سے میرا دامن ہمیشہ پاک رہا ع

نہ بر اُشترے سوارم نہ چو شُتر زیرِ بارم
نہ خلیفۂ رعیّت نہ غُلامِ شہر یارم۔

## پریس کا ارتقا :

شروع میں کتابیں، اخبارات اور فارم وغیرہ لکڑی کے پریس اور ولایتی مسالے کے بنے ہوئے پتھروں پر چھپا کرتے تھے۔ چھپائی کی تقطیع ۱۸×۲۲ اور ۲۲×۲۹ یا ۲۰×۲۶ کا نصف ہوا کرتی تھی۔ عام طور پر نقشہ جات چھپتے ہی نہ تھے۔ لیکن اگر کوئی بڑا نقشہ چھپتا تو اُس کے کئی ٹکڑے چھاپ کر جوڑنے پڑتے تھے اور دن بھر میں ایک پریس کی کارگزاری سات سو تک ہوا کرتی تھی۔ جو لوگ ایک ہزار چھاپ سکتے۔ بڑے بہادر سمجھے جاتے تھے اور اُن کو زائد وقت کا کچھ معاوضہ بھی مل جاتا تھا۔ پتھروں کی یہ کیفیت تھی کہ ذرا داب سخت ہوتی تو ٹوٹ جاتے۔ پھر نئے سرے سے کاپی لکھوا کر دوسرے پتھر پر جانا پڑتی۔ پتھر کو گرم کر کے اُس پر ایک خاص مصنوعی پتھر سے پالش کی جاتی تھی اور اِس پر متواتر پچاس ساٹھ دابیں دینے کے بعد کاپی کے حروف پتھر پر آتے تھے۔

## لوہے کے پریس :

اِس کے بعد یہ ترقی ہوئی کہ پریس بجائے لکڑی کے لوہے کے بننے شروع ہوئے اور رفتہ رفتہ اُنھوں نے مشینی صورت اختیار کر لی۔ اور اب تو یہ کیفیت ہے۔ کہ ۴۴ × ۵۸ سائز کا کاغذ مشین پر بے تکلف چھپ جاتا ہے۔ معمولی مشینوں کی جگہ روٹری مشینوں نے لے لی ہے اور پتھر کی جگہ پلیٹ استعمال ہونے لگے ہیں۔ اِس سے بھی آگے جانے کی ضرورت

محسوس ہوئی تو آفسٹ مشینیں جاری ہوئیں، جن کے پلیٹوں پر کاپی کا عکس لیا جاتا ہے۔ چھپائی بہ نسبت روٹری مشینوں کے نہایت خوبی اور صفائی سے آتی ہے۔ ابھی یہ سلسلہ جاری ہے اور اُمید ہے کہ کچھ عرصہ تک کئی اور ترقیات بھی رُونما ہو جائیں گی۔ خُدا کے فضل سے میرے پریس میں انگریزی اُردو اور دیگر زبانوں کے لیے لیٹر پریس لیتھو روٹری اور آفسٹ مشینیں بھی موجود ہیں۔ اِس کے سوا عکسی اور بلاک سازی کا کام بھی بڑے پیمانے پر جاری ہے۔ بعض شائقین پریس دیکھنے آتے ہیں اور اتنا بڑا عکسی سامان دیکھ کر حیرت میں رہ جاتے ہیں۔
ذَالِكَ فَضْلُ اللهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ وَاللهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ٭

## مُنشی گلاب سنگھ :

جن دِنوں برادرِ مرحوم نے اپنا پریس جاری کیا تھا اُنھی دنوں مُنشی گلاب سنگھ آنجہانی نے بھی کشمیری بازار کے کونے پر کُتب فروشی کی ایک چھوٹی سی دُکان کھولی تھی اور محلہ سید مٹھا میں ایک جگہ اپنا پریس بھی جاری کر رکھا تھا۔ کچھ عرصہ بعد بندوبست کا کام شروع ہُوا تو محکمہ نے تمام پریسوں سے ٹنڈر طلب کیے۔ اُن دنوں یہ رواج نہ تھا کہ کاتب صاحبان خود ہی رول کشی کیا کریں۔ بلکہ جب کاپیاں لکھی جائیں تو وہ میاں میراں بخش صاحب نقاش کے پاس بھیج دی جائیں کہ وہ اِن پر رُول کر دیں۔
مُنشی گلاب سنگھ صاحب نے یہ چال چلی کہ میاں میراں بخش کو اپنے

ہاں بُلا کر بہت خاطر و مدارات سے پیش آئے اور پُوچھا کہ آپ روزانہ کتنا کما لیتے ہیں۔ اُنھوں نے کہا دو تین روپے۔ آپ نے پانچ روپے اُن کی نذر کیے اور کہا کہ آج یہیں رہیں۔ کھانا بھی یہیں سے پیش ہو جائے گا کل دِن کو اپنی دُکان پر نہ جایئے گا۔ نتیجہ یہ ہُوا کہ تاریخ مُقررّہ پر دُوسروں کے نمونہ جات ٹنڈر کے ساتھ شامل نہ ہو سکے۔ البتہ ہمارے نمونے شامل تھے۔

## نئی اُفتاد:

مہدی خاں صاحب افسر مال جنھوں نے ٹینڈروں کا فیصلہ کرنا تھا آدمی تو بہت اچھے تھے مگر اتّفاق کی بات ہے کہ مولوی فضل الدین صاحب پلیڈر جو میرے والد صاحب کے شاگردِ رشید اور برادرِ معظّم کے خاص دوستوں میں سے تھے، روز کچہری سے فارغ ہو کر شام سے دس گیارہ بجے شب تک برادرِ معظّم کے ساتھ ہم نوالہ و ہم پیالہ رہتے تھے ایک دن بجائے شام کے رات کے نو بجے آئے۔ تاخیر کا سبب دریافت کرنے پر فرمانے لگے کہ مہدی خاں صاحب کی عدالت میں ایک مُقدّمہ چار پانچ بجے تک کیا اور پھر اب پیشی کر کے آ رہا ہوں۔ اُنھوں نے دُوسرے دِن اخبار میں لکھ دیا کہ یہ بڑی بے قاعدگی ہے۔ جس سے مُوکلّوں کو بڑا نُقصان اور تکلیف ہوتی ہے۔ ٹنڈر سے پہلے یہ پرچہ مہدی خاں صاحب کے پاس پہنچ گیا تھا۔ چُنانچہ اُنھوں نے

بھائی صاحب والا ٹینڈر تو نامنظور کر دیا اور منشی گلاب سنگھ کو کام مل گیا یہی کام تھا جو اُن کے عروج کا باعث ہوا۔ اِس کے بعد منشی صاحب نے کچھ اور پریس لگائے اور حکام کے ہاں آمد و رفت کا سلسلہ شروع کر دیا۔

## اخبارات کی ابتدا :

پنجاب میں سب سے پہلے منشی ہرسکھ رائے صاحب نے الہ آباد سے آکر "کوہِ نور" کے نام سے پریس جاری کیا تھا اُس وقت لکڑی کے پریس اور ولایتی مسالے کے پتھر ہوتے تھے۔ پریس جاری کرنے کے کچھ عرصہ بعد انھوں نے اِس نام سے ایک اخبار بھی جاری کر دیا جو کبھی ہفتہ وار اور کبھی سہ روزہ چھپتا۔ کوہِ نور کو پنجاب کے اخباروں کا باوا آدم کہنا چاہیے۔ منشی نول کشور اُن کے جنرل مینیجر تھے۔

## منشی نولکشور :

منشی ہرسکھ رائے کسی مقدمۂ اغوا میں پھنس گئے تو منشی نولکشور نے اُن کا کام اِس خوبی سے سرانجام دیا کہ منشی صاحب کی غیر حاضری محسوس نہ ہوئی۔ منشی ہرسکھ رائے نے جیل میں تسہیل التعلیم کے نام سے ایک کتاب لکھی۔ اِس پر اُن کی سزا میں چھ مہینے کی تخفیف ہو گئی۔ جب باقی ایام گزار کر وہ واپس تشریف لائے تو پریس کا سب کام درست اور ٹھیک

بٹاک تھا۔ جس پر غالباً اُنھوں نے اظہارِ خوشنودی ہی کیا ہوگا۔ مگر اُن کی بگھی کا گھوڑا اُن دنوں کچھ دُبلا ہو رہا تھا۔ اُس کو دیکھ کر اُنھوں نے کہا کہ مُنشی صاحب آپ نے میرا گھوڑا دُبلا کر دیا ہے۔ اِس پر مُنشی نولکشور کا دل ٹوٹ گیا اور اُنھوں نے کچھ عرصہ بعد استعفیٰ دے دیا۔ اور واپس لکھنؤ چلے گئے اور اپنے کسی مُتموّل رشتہ دار سے اِمداد لے کر لکھنؤ میں اپنا پریس جاری کر دیا۔ جس نے اِس قدر ترقّی پائی کہ اُردو، فارسی، عربی کی کتابیں تو کسی گھر میں مُنشی نولکشور کی کتابوں کے سوا نہ دیکھی جاتی تھیں۔ دُشمن کے ہاتھ میں دیکھیے تو مُنشی نولکشور کی کتاب اور دوست کے ہاتھ میں دیکھیے تو ان کی کتابیں۔

مُنشی صاحب نے اس فراخ حوصلگی سے اِشاعتِ علم کا کام کیا کہ تفسیر کبیر مُصنّفہ مولانا فخرالدین رازی جو تیس جلدوں میں ہے، اُس کی مکمّل ایک جلد اوّل اُنھوں نے ہی چھاپی۔ ارزانی کے زمانے میں بھی اُس کی قیمت تیس روپے کم تھی۔ ذرا اِس اولوالعزمی کو دیکھیے کہ صرف چند خاص عُلماء کے دیکھنے والی اِتنی ضخیم کتاب چھاپنے کی جُراٴت کی تو مُنشی نولکشور نے ہی کی۔ طوطا، مینا اور دُوسری کہانیوں کے علاوہ جب اس طرف آئے تو داستانِ امیر حمزہ وغیرہ ضخیم کتابیں بھی اُنھی کی مطبوعہ ہیں گورنمنٹ کی طرف سے اُن کو راجہ کا خطاب ملا تھا۔ اور یہ بھی سُنا گیا ہے کہ مہاراجہ جے پور نے اپنی وزارتِ عظمیٰ ان کو پیش کی مگر اُنھوں نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ میں یہیں سے آپ کا دُعاگو اچھا ہوں۔

مگر اِس ترقّی کے باوجود اُن کا سلوک مُنشی ہرسکھ رائے سے ایسا ہی تھا کہ گویا اب بھی اُن کے مُلازم ہیں۔ ۱۸۸۰ء میں مہاراجہ پرتاپ سنگھ کی مسند نشینی پر تمام ہندوستان میں سے کُل بارہ اخبارات والوں کو مدعُو کیا گیا تھا۔ جن میں سے ایک میں بھی تھا۔ ایڈیٹروں کے لیے ایک کیمپ لگایا گیا تھا۔ جہاں مُنشی ہرسکھ رائے اور مُنشی نول کشور کے کیمپ بالکل مُتصل تھے۔ مُنشی نول کشور صاحب اپنا اکثر وقت مُنشی ہرسکھ رائے صاحب کی مُصاحبت میں ہی گزارا کرتے تھے۔ ایک دو دفعہ میں بھی گیا تو مَیں نے دیکھا کہ مُنشی ہرسکھ رائے صاحب مسند پر تکیہ لگائے بیٹھے ہیں اور اُن کے سامنے مسند سے نیچے مُنشی نولکشو مُؤدب بیٹھے ہیں۔ علیٰ ہذا سواری کا بھی یہی حال تھا۔ ہاتھی، گھوڑا۔ بگھی ریاست کی طرف سے ہر روز آتے تھے۔ مگر جب تک مُنشی ہرسکھ رائے سوار نہ ہوجاتے یہ اپنی سواری پر نہ بیٹھتے۔ ع

کجا بُود مرکب کجُا تاختم

# پنجابی اخبار:

"کوہِ نُور" کے بعد سیّد محمد عظیم صاحب نے "پنجابی اخبار" کے نام سے ایک اخبار اور مطبع جاری کیا۔ اُن کا اِبتدائی زمانہ تو مَیں نے دیکھا نہیں مگر آخری زمانے میں ایک شخص حافظ عمر دراز صاحب المتخلص بہ فائز اُن کے ہاں ایڈیٹری اور خوشنویسی ہر دو فرائض انجام دیتے تھے۔ حافظ صاحب

فقیدالمثل فاضل تھے۔ کشمیری دروازے کے باہر تکیہ فضل شاہ میں اُن کی جائے رہائش تھی۔ صُبح کو اخبار شروع کر دیتے اور چار بجے ختم کر کے پریس کے حوالے کر دیتے۔ مضمون کا مُسوّدہ کبھی نہیں لکھا کاپی کی سیاہی بنا کر اُس سے سرورق سے لے کر اخیر تک لکھ ڈالتے اور قصّہ ختم۔

سیّد محمد عظیم صاحب کے اّیامِ پیری میں پنجابی پریس بند ہو گیا۔ اُن کے صاحب زادوں میں سیّد محمد لطیف اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر سے ترقّی پا کر سشن ججی پر ریٹائر ہُوئے۔ دُوسرے صاحبزادے سیّد سراج الدّین ریاست بہاول پور کی چیف ججی سے ریٹائر ہو کر وہیں مُقیم ہو گئے۔

## پیسہ اخبار:

ارزاں اور ضخیم اخبار و رسائل چھاپنے میں اوّلیت پیسہ اخبار کو حاصل رہی۔ جس کے مالک اور مُہتمم مولوی محبُوب عالم صاحب مرحُوم تھے۔ انگریزی، اُردو، فارسی، بلکہ عربی کے بھی اچھے ماہر تھے۔ دو دفعہ یورپ کی سیر بھی کر چُکے تھے۔ اُن کے لکھے ہُوئے سفر نامے بھی چھپ چُکے ہیں۔ مولوی صاحب بہت نیک دل انسان تھے۔ اور دل میں قومی درد رکھتے تھے۔ اُنھوں نے میری ہی طرح چھوٹے پیمانے سے کام شرُوع کر کے اِتنی ترقّی کی۔ اُنھی کے صاحب زادے مسٹر عبدالمجید صاحب نے مجھ سے اخبار ایسٹرن ٹائمز لیا ہے۔ مولوی صاحب نے

خاصی جائداد چھوڑی ہے اور اُن کا ذاتی کتب خانہ بھی بہت بڑا اور قابلِ قدر تھا معلوم نہیں کہ اب اُس کی کیا حالت ہے۔ پیسہ اخبار کے علاوہ ایک ہفتہ وار اخبار "انتخابِ لاجواب" بھی نکلتا تھا۔ مگر مولوی صاحب کے زمانے کا رنگ کچھ اور تھا اور اب کچھ اور ہے۔

## پرتاپ اور مہاشہ کرشن :

مہاشہ کرشن پروپرائٹر "روزنامہ پرتاپ" وزیر آباد کے رہنے والے ہیں۔ اُن کے والد ایک صاحبِ جائداد و صُوفی منش بزرگ تھے۔ وہاں سے اِمتحان انٹرنس پاس کرنے کے بعد یہ لاہور تشریف لائے۔ اُن کے ساتھ اُن کے ایک ہم عُمر عبدالستار بھی تھے جو ڈاکٹر عثمان غنی کے صاحب زادے تھے۔ سُنا گیا ہے کہ ڈاکٹر عثمان غنی نے مہاشہ کرشن کے بُخار کا عِلاج کیا تھا۔ اُن کے نزدیک یہ ہڈی کا بُخار تھا۔ اِس علاج سے یہ تندرست ہو گئے۔ جب سے اُن کے صاحبزادے بھی مہاشہ کرشن کے ساتھ نتھی ہو گئے اور لاہور میں رہنے لگے۔ یہ میرے بھتیجے منشی دین محمد صاحب مرحُوم کے ہم عُمر تھے۔ دونوں خوب گھُل مِل گئے۔ اور تقریباً ہر روز ہمارے ہاں آنے جانے لگے۔ مجھ سے اُنھی دنوں اُن کی مُلاقات ہوئی۔ میں نے نام پُوچھا تو اُنھوں نے کہا کہ میرا نام رادھا کرشن ہے۔ کرشن ہندوؤں کے ایک اوتار ہوئے ہیں اور رادھا اُن کی بیوی کا نام تھا۔ اِس پر میں نے کہا کہ آپ کے نام میں اُن کی بیوی کا نام کیسے شامل

ہو گیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ اِس بات نے اثر کیا اور اِس کے بعد اُنھوں نے رادھا کا نام اُڑا دیا اور صِرف کرشن رہ گئے۔

کرشن صاحب اِبتدا ہی سے اچھے خیالات اور اعلیٰ نظریات کے حامل تھے۔ مُلکی مُعاملات پر برجستہ بولا کرتے تھے اور مجھے یقین تھا کہ یہ لڑکا ایک دن بہت بڑا مرتبہ پائے گا۔ غالباً اِس وقت اُن کی قوم میں جو عزّت ہے وہ سرکار کے کسی بڑے سے بڑے عُہدے دار سے کم نہیں ہے۔ جب سے اُنھوں نے اخبار نکالا ہے۔ اُس وقت سے عدیمُ الفُرصتی کے باعث مُلاقات کم ہوتے ہوتے اب کہیں سالانہ ہی رہ گئی ہے۔ بہر حال میرے دل میں اُن کی عزّت ہے اور وہ میرا اب تک ادب کرتے ہیں۔ مگر تعجبُّب ہے کہ ایسے فراخ دل اِنسان کا اخبار بھی مُسلم لیگ اور مُسلمانوں کی ہر تحریک کے ہمیشہ خلاف لکھتا ہے

مہاشہ کرشن آریہ سماجی ہیں۔ اور یہ بھی اُن کے تہذیب یافتہ خیالات کا بہترین ثبوت ہے کہ بظاہر نیشنل کانگرس کے ممبر تک نہیں لیکن نیشنل کانگرس اور مہاتما گاندھی وغیرہ ہندو مذہب کے رہنماؤں کے ہمیشہ مُؤیّد اور ثنا خواں رہے ہیں۔ مُسلمان کوئی بھی معقول تجویز پیش کریں تو یہ اس کی وہ دُرگت بناتے ہیں کہ توبہ ہی بھلی۔ پرتاپ میں مضامین عموماً نہایت آزادی سے لکھے جاتے ہیں۔ ان کے صاحبزادے بھی اُنھی کے رنگ میں رنگے ہوئے ہیں اور بہت اچھا کام کرتے ہیں میرے خیال میں مہاشہ کرشن اگر ہندو مُسلم ملاپ کے لیے کوشش کرتے

تو عام شہریوں کی نسبت زیادہ کامیاب رہتے۔ مگر افسوس کہ یہ مخالف سمت پر چل پڑے۔ بہر حال اپنے خیالات میں راسخ اور اپنی مجوزہ سکیموں میں ثابت قدم ہیں۔ اب تو یہاں تک ترقی کی ہے کہ پرتاپ بنک کے نام سے ایک بنک بھی جاری ہو چکا ہے۔

## ظفر علی خاں اور زمیندار:

مسلمان اخبارات میں اب انقلاب، احسان، شہباز، زمیندار اور نوائے وقت روزانہ اخبارات ہیں۔ زمیندار سب سے پرانا اخبار ہے مولانا ظفر علی خاں خود چونکہ قابل ترین ہستی ہیں اس لیے انھوں نے اس اخبار کو بہت ترقی دی۔ اور مسلمانوں کی بے حد خدمت کی۔ مولوی صاحب پہلے ریاست حیدر آباد میں ملازم تھے۔ جہاں انھوں نے سب سے پہلے لارڈ کرزن کے سفر نامے کا ترجمہ کیا اور بعد میں خود بھی کئی اچھی اچھی کتابیں لکھیں۔ سیاسی رموز و غوامض کے سمجھنے میں ان کی مسلمہ قابلیت اخبار کی کامیابی کا باعث ہوئی، وہ نہ صرف ایڈیٹر و مالکِ اخبار ہیں بلکہ لیڈروں میں بھی شامل ہو گئے ہیں اور اب مرکزی اسمبلی میں پنجاب کے ایک حلقے کی نیابت بھی کر رہے ہیں اور بہت اچھا بولتے ہیں۔ ریاست حیدر آباد سے آنے کے بعد حضور نظام نے ان کی پنشن ضبط کر لی تھی۔ مگر ریاست کی خیر سگالی کے باعث اب نہ صرف پنشن جاری کر دی ہے بلکہ ضبطی سے اب تک کا زرِ واجب الادا

بھی عطا فرما کر مولوی صاحب کی عزّت افزائی فرمائی ہے ۔

مولوی صاحب نغز گو شاعر ہیں اور عموماً ہنگامی معاملات پر اُن کی نظمیں چھپتی رہتی ہیں اور خُوب مزے دار ہوتی ہیں ۔ اِن کی نظموں کا مجموعہ "بہارستان" کے نام سے چھپ چکا ہے ۔ آج کل لیگ کی خُوب پیٹھ ٹھونک رہے ہیں ۔ اور مُخالفین کے پراپیگنڈے کے بخیے اُدھیڑ رہے ہیں ۔ اِنھوں نے زمیندار میں یہ بھی لکھا تھا کہ گورنمنٹ کی طرف سے مجھے دس ہزار روپیہ نقد پیش ہُوا تھا جسے میں نے ٹھکرا دیا ہے اب پبلک کو چاہیے کہ وہ زمیندار کے خریدار بڑھا کر اِس کمی کو پُورا کرے

## سیاست :

سیّد حبیب شاہ نے یہ اخبار جاری کیا جس میں مُلکی اور قومی مُعاملات کی نسبت ایسے مضامین چھپتے رہے جو غالباً کسی دُوسرے اخبار میں نہیں چھپے ۔ سیّد صاحب جس کے دوست ہوں ، بہترین دوستی کا نمونہ پیش کرتے ہیں اور جس کے مُخالف ہوں اُس کے بدترین مُخالف سیّد صاحب کے تعلّقات افغانستان سے بھی تھے ۔ اور کچھ امداد بھی ملتی تھی ۔ مگر سردار ہاشم خاں وزیرِ اعظم افغانستان کے ساتھ تعلّقات خراب ہو جانے پر اِنھوں نے قید بھی بُھگتی اور وہ امداد بھی بند ہو گئی چونکہ بد اِتّفاقی سے یہ سر سکندر کے خلاف بھی رہے ہیں ۔ اِس لیے حکومتِ پنجاب نے بھی اِن کے خلاف کارروائی کی ۔ سیّد صاحب نے

سر سکندر کے خلاف مضامین بھی لکھے تھے۔ مجھے ان کی صحت اور غلطی پر تبصرہ کرنا مقصود نہیں۔ مگر پبلک نے انھیں پسند نہیں کیا۔ رہائی کے بعد۔ ان کو اخبار نکالنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ جس کی اس زمانے میں بڑی ضرورت تھی۔

## زلزلے :

زلزلوں کے لیے جاپان کا ملک مشہور ہے اور چند عرصے سے ترکی بھی اس مصیبت میں مبتلا ہے۔ ہندوستان میں کشمیر اور کوہستان کانگڑہ وغیرہ کا علاقہ عموماً زلزلوں کی آماجگاہ رہا ہے۔

گلاب نامہ مصنفہ دیوان کرپا رام صاحب وزیر اعظم کشمیر میں لکھا ہے کہ ایک دفعہ کشمیر میں ایسا زلزلہ آیا کہ حسن پور اور حسین پورہ کے نام کے دو گاؤں جو دریا کے کنارے آباد تھے انھوں نے اپنی جگہ بدل دی۔ اس کے بعد بھی کشمیر میں بڑے بڑے زلزلے آتے رہے۔ ایک دفعہ جب کہ ۹۲-۱۸۹۰ء میں میں کشمیر میں تھا۔ ایک مہیب زلزلہ آیا۔ جس کے اثرات پنجاب تک پہنچے۔ رات کے وقت میں اپنی چارپائی پر جو کھڑکی کے ساتھ بچھائی گئی تھی پڑا سو رہا تھا کہ زلزلے کی حرکت محسوس ہوئی۔ یہ منزل تقریباً دس بارہ فٹ بلند ہوگی۔ زلزلے میں مجھے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اگر میں چاہوں تو سڑک کو ہاتھ لگا سکتا ہوں۔ اس زلزلے سے کئی مکانات گر گئے۔ کیونکہ اس وقت کشمیر میں

مکانات عموماً لکڑی کے ہی ہوا کرتے تھے۔ جن کا زلزلہ کی جنبش سے گر جانا مشکل نہ تھا

پنجاب میں ۱۹۰۵ء میں جو شدید زلزلہ آیا وہ ابھی تک نہیں بھولا یہ زلزلہ کوہ کانگڑہ سے شروع ہوا۔ لاہور کے بھی کئی مکانات اس سے گر گئے۔ مگر قدرتِ خدا ہے کہ گمٹی بازار کے سرے پہ ایک پرانا مکان جو ٹیڑھا ہو گیا تھا، اِس زلزلے کی حرکت سے سیدھا ہو گیا۔

پرانے افسانوں کے مطابق زمین کا گولا ایک بیل نے اپنے سینگوں پر اُٹھا رکھا ہے۔ جب وہ ایک سینگ سے دوسرا سینگ بدلتا ہے تو زلزلہ آتا ہے۔ لیکن آج کل سائنس نے ثابت کر دیا ہے کہ نہ تو زمین کا گولا کسی بیل نے اُٹھایا ہوا ہے اور نہ کوئی اور دھکا لگتا ہے۔ بلکہ زمین کے گولے کی موٹائی میں بہت سے شوریدہ مادّے موجود ہیں جو کسی وجہ سے پھٹتے ہیں تو زمین متزلزل ہو جاتی ہے۔ کچھ مواد بھی اِس سے خارج ہوتا ہے جس کو لاوا کہتے ہیں۔ بعض جگہ بغیر مواد خارج ہونے کے بھی زلزلہ آجاتا ہے۔ چنانچہ ۱۹۳۵ء میں جو تباہ کُن زلزلہ کوئٹہ میں آیا۔ اُس نے پنجاب کے پچھلے ۱۹۰۵ء والے زلزلے کو بھی بھُلا دیا۔ کوئٹے کی تقریباً تمام عمارات اِس زلزلے کے باعث تباہ و برباد ہو گئیں۔ ہزاروں جانیں اِن کے نیچے دب کر ضائع ہو گئیں اور جس قدر لاشیں اِن کے نیچے رہیں اُن کے نکالنے کے لیے بھی اِتنی جدوجہد کرنی پڑی کہ معمولی آدمی اِس کا انتظام نہ کر سکتے تھے۔ سرکار نے مزدور اور فوجی لگائے۔ کئی حصے

تک ملبے کی کھدائی ہوتی رہی اور گلی سڑی لاشیں برآمد ہوتی رہیں۔ اخبار میں خبر چھپی تھی کہ ایک مکان جس کے نیچے ایک حلوائی کی دُکان تھی وہ گر کر زمین دوز ہو گیا۔ مگر کسی نہ کسی طرح وہ حلوائی کسی کونے میں بیٹھا ہُوا بچ گیا۔ اور پندرہ دن کے بعد برآمد ہُوا۔ اُس نے بتایا کہ میرے پاس جو مٹھائیاں وغیرہ تھیں وہ کھا لیتا تھا اور جو پیشاب آتا تھا وہ پی لیتا تھا کوئٹہ اِس زلزلے سے اِس قدر برباد ہُوا کہ اب تک اصلی حالت پر نہیں پہنچ سکا۔ ۳۳ء میں بہار میں بھی ایک ایسا شدید زلزلہ آیا تھا کہ سینکڑوں عمارتیں برباد اور ہزاروں جانیں تلف ہو گئیں۔ جا بجا مُخیّر لوگوں نے اِن مُصیبت زدگان کی امداد کے لیے اِمدادی کیمپ کھولے۔ سرکار نے بھی فنڈ جاری کیا۔ جس میں مَیں نے بھی حسب استطاعت ڈیڑھ سو جوڑے سلوا کر قاری شاہ سُلیمان صاحب کو بھیجے کہ مُستحقین میں تقسیم کر دیے جائیں۔

یہ تو بڑے بڑے زلزلوں کا ذکر ہے جو تاریخی حیثیت رکھتے ہیں لیکن عام طور پر بھی کبھی کبھی ایسے زلزلے آجاتے ہیں جو کم سے کم اُس وقت تو ہر ایک قابل اور سائنس داں کو بھی لرزا دیتے ہیں۔ قرآن شریف نے زلزلے کو ایک مُہیب واقعہ تعبیر فرمایا ہے۔ اور قیامت کو بڑا زلزلہ قرار دیا ہے۔ جو ازرُوئے عقل و نقل بالکل صحیح ہے۔ خُدا محفوظ رکھے۔

اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا مِنْ جَمِیْعِ بَلَاءِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ۔

## قحط :

قحط کہتے ہیں غلّے کی نایابی کو اور اگر کسی نہ کسی قیمت پر مل سکے تو اس کو گرانی کہہ سکتے ہیں۔ ہندوستان میں آئے دن جو قحط پڑتے رہے ہیں، وہ اِن دونوں اصطلاحات کے مرکّب ہیں۔ دیہات اور دُور دراز مقامات میں غلہ ملتا ہی نہیں۔ قصبات میں ملتا ہے۔ مگر گرانی کے ساتھ میرے ہوش سے پہلے کسی زمانے میں ایسا قحط پڑا ہوگا جو چو سیرا قحط مشہور ہے یعنی ایک روپے کا چار سیر آٹا کچھ دِن بکا ہوگا۔ لیکن میرے ہوش کے زمانے میں گیہوں کا نرخ ایک روپیہ فی من تھا۔ غالباً ۹۶-۱۸۹۵ء میں قحط شروع ہُوا اور گیہوں کی قیمت سترہ اٹھارہ سیر فی روپیہ ہو گئی۔ ایک شام میں نے امام محمد بخش صاحب مرحوم خطیب مسجد وزیر خاں سے کہا کہ "آج تو شام کی نماز میں بڑی رونق تھی"۔ جواب ملا۔ "رونق کیوں نہ ہو۔ روپے کے اٹھارہ سیر گیہوں بکنے لگے ہیں"۔ امام صاحب زندہ ہوتے تو اب دیکھتے کہ تین سیر روپے کا آٹا ملتا ہے۔ اس پر بھی لوگ نماز بہت کم پڑھتے ہیں۔ مادیات کا اِس قدر زور ہے کہ اب خُدا کی طرف دِل رجوع نہیں ہوتا ؎

رقیبوں نے رپٹ لکھوائی ہے جاجا کے تھانے میں
کہ اکبر نام لیتا ہے خُدا کا اِس زمانے میں

آج کل گیہوں کا نرخ پنجاب میں گیارہ روپے فی من ہے۔ ڈیڑھ روپے سیر گوشت، دو آنے انڈا، آٹھ آنے سیر دُودھ وغیرہ۔ پہلے زمانے میں بھی

یہ گرانی ہوا کرتی تھی مگر سال دو سال۔ لیکن اب تو شاید جنگ کے خاتمے کے بعد بھی چیزوں کی قیمتیں اصلی شرح پر آنی ناممکن ہیں۔ میرا قیاس ہے کہ آج سے پانچ سال پہلے جو گیہوں دو روپے من بکتا تھا۔ زمانۂ ارزانی میں پانچ روپے من سے کسی طرح کم نہ ہوگا۔ علیٰ ہذا دودھ، گوشت، انڈے وغیرہ بھی نصف سے کم نہ گریں گے۔ اِس پر مصیبت یہ ہے کہ اب مزدور سے لے کر بڑے آدمیوں تک سب کا مذاقِ معیشت اعلیٰ ہوگیا ہے۔ تیل جو روپے کا چار پانچ سیر بکا کرتا تھا۔ اب ایک روپے سیر بکتا ہے اور یقیناً مزدور بھی اب تیل نہیں کھاتا۔ سرکار نے نرخوں پر کنٹرول شروع کر دیا ہے مگر جس چیز پر کنٹرول ہوتا ہے، وہ بازار سے مفقود ہو جاتی ہے۔ اب تو جس مصیبت سے لوگوں کو گزارا کرنا پڑتا ہے، کریں گے لیکن بعد میں بھی ہندوستان کو وہ خوش حالی نصیب نہیں ہوسکتی جو اِس سے پہلے تھی۔

## ہجرت کی تحریک:

مسلمانوں کی قوم باوصف مفلس و قلاش ہونے کے دینی معاملات میں اپنے بوتے سے بڑھ کر قدم مارتی رہی ہے۔ مجھے یاد ہے۔ کہ ۷۷-۱۸۷۶ء میں جب کہ روس اور روم کی جنگ میں انگریز ٹرکی کے معاون تھے۔ اُن کے لیے ہندوستان نے چندہ دیا۔ غریب عورتوں نے اپنے ہاتھوں کی چوڑیاں اور کانوں کی بالیاں تک پیش کر دیں، جس میں سے خدا جانے کتنے

رقوم تو محصلوں کی نذر ہو گئی ہوں گی۔ مگر سرکاری حلقوں پر جو روپیہ مسلمانانِ ہند کی طرف سے گیا وہ چھ اسی لاکھ تھا۔ اسی طرح جنگِ طرابلس اور دوسرے واقعات پر "زمیندار" اور "وطن" نے بطورِ خود چندے جمع کرکے وہاں بھیجنے شروع کیے۔ حجاز ریلوے کے لیے چندہ جمع ہوا اور ہمیشہ مسلمانوں نے دل کھول کر چندہ دیا۔ اسی طرح تحریکِ خلافت کے لیے بھی بہت سا روپیہ جمع ہوا۔ حتیٰ کہ معمولی معمولی تحریکات پر بھی چندے شروع ہو گئے اور خوب ہوئے۔ ایک دفعہ میرے ایک دوست نے ایک احرار لیڈر سے کہا کہ آپ نے فلاں تحریک جو شروع کی ہے اصولاً وہ آپ کے حلقۂ اثر میں نہیں آسکتی تو اُنھوں نے بے تکلفی سے جواب دیا۔ "اور کوئی میدان بھی تو نہیں سوجھتا"۔ جب خاکسار تحریک شروع ہوئی تو ہزاروں لاکھوں روپے غریب مسلمانوں کی جیب سے جمع ہوئے۔ مگر اُن سب کا کیا حشر ہوا، خدا ہی بہتر جانتا ہے۔

اِسی طرح مسلمان لیڈروں نے تحریکِ ہجرت شروع کر کے اپنی خفیف الحرکتی کا جو ثبوت دیا۔ وہ نہایت دل شکن اور قابلِ افسوس ہے ہزارہا مسلمان اپنے لیڈروں اور مولویوں کے وعظ و تبلیغ سے متاثر ہو کر اپنے گھر بار اور ساز و سامان اونے پونے بیچ کر افغانستان کی طرف چل دیے اور پھر کس مپرسی کے بعد نقد و جنس برباد کر کے واپس لوٹے۔ اِس تحریک میں گاندھی صاحب نے مسلمانوں کی پیٹھ ٹھونکی تھی۔ اگر مسلمان جا کر واپس نہ آتے تو کم از کم اِتنا فائدہ ہوتا کہ اِن کی آبادی کم ہو جاتی، مگر وہ بھی نہ

ہُوا۔ اور سب سے بڑا تعجب یہ ہے کہ اکثر ہجرت کے بانی مبانی یہیں بیٹھے بیٹھے ملاحی کا کام کرتے رہے کہ جو آیا اُسے آگے کر دیا۔ اِن تلخ تجربات کے بعد بھی اُمید نہیں کہ مسلمانوں کو اتنی عقل آئی ہو کہ وہ ہر ایک تحریک کے ماحصل کو سمجھ لیا کریں۔ خُدا رحم فرمائے اور ہم کو راہِ راست پر لائے۔

## ترکِ موالات کی داستان :

گاندھی جی نے حکومتِ انگریزی سے مایوس ہو کر سب سے پہلے کپڑے کی تجارت پر قبضہ کرنا چاہا کہ ولایتی کپڑا نہ خریدا جائے اور اس کی جگہ دیسی کپڑا استعمال ہو۔ اقتصادی طور پر یہ مُہم ہندوستان کے لیے بہت مُفید ہو سکتی تھی۔ بشرطیکہ ولایتی کپڑے پر بائیکاٹ کا اُصول اخلاقی طور پر رہتا اور دُکانوں پر جا کر خریداروں کو روکنے کی کوشش نہ کی جاتی۔ اس کے بعد بارڈولی میں محاصلِ زمین نہ دینے کی مُہم شروع ہُوئی اور پھر درجہ بدرجہ سرکاری کالجوں اور مُلازمتوں کو چھوڑنے کی تحریک نے سر اُٹھایا اور اِن سب کا حشر مُسلمانوں کی بربادی پر ہُوا۔ کیونکہ ہندوؤں کے تو اپنے کالج اور یُونیورسٹیاں موجود ہیں۔ مُسلمان بیچارے کے پاس کیا ہے۔ نوکریوں میں اِن کا وجُود پہلے ہی کوئی نمایاں حیثیت نہیں رکھتا تھا اگر چند اشخاص نے نوکری چھوڑ دی تو اپنا ہی نقصان کیا۔ ہندو بھائی اِن کی جگہ کام کرنے کو تیار تھے۔ ہندو گورنمنٹ کی نوکریاں کرتے تھے اور

اپنے گزارے کے بعد جو کچھ بچتا تھا، اُس میں سے کسی نہ کسی بہانے کانگرس کی امداد کرتے تھے۔ مسٹر پٹیل صدر اسمبلی کا بھی یہی عالم تھا۔ کہ خرچ نکال کر باقی رقم قومی مفاد کی نذر کر دیتے اور ہماری حکومتِ پنجاب کے کرتا دھرتا سر چوہدری چھوٹو رام کا بھی یہی حال تھا کہ وہ اپنے اخراجات نکال کر جو کچھ بچتا قومی مفاد میں دے دیتے۔ مُسلمانوں کو بھی اِن ہستیوں کی تقلید کرنی چاہیے۔ مگر ہمارے ہاں تو صِرف زور شور کی تقریر بازی ہے چندہ کشی ہے اور بس۔ سعدیؔ کہتا ہے ؎

قدم باید اندر طریقت نہ دم
کہ اصلے نہ دارد دمِ بے قدم

## شاعری :

میرے ابتدائی زمانے میں میر نثار علی شہرتؔ۔ محمد حسن صاحب شوکتؔ میرٹھی۔ میر امیر علی صاحب امیرؔ فرخ آبادی۔ الٰہی بخش صاحب رفیقؔ۔ خاورؔ صاحب (نام یاد نہیں رہا) ہُماؔ صاحب (نام یاد نہیں رہا) مشہور شاعر تھے۔ کبھی کبھی مسجد وزیر خاں میں نعتیہ مُشاعرہ ہُوا کرتا تھا۔ شوکتؔ صاحب فرماتے ہیں ؎

یوں انبیا ہیں میرے پیمبر کے سامنے
تارے ہوں جس طرح مہِ انور کے سامنے

شوکتؔ صاحب بہت اچھے شاعر تھے۔ اور "کوہِ نُور" کے ایڈیٹر تھے۔ اِس

کے بعد اُنھوں نے میرٹھ سے اپنا اخبار "شحنۂ ہند" نکالا۔ شوکت صاحب خود جو کچھ ہوں مگر اُنھوں نے جو اخبار نکالا وہ اہلِ حدیث کا مُؤید تھا۔ ایک دفعہ اُنھوں نے لکھا ؎

صفحات تو سپہر ہیں آئینہ دارِ قوم
مٹتا نہیں مِٹا ہُوا نقش و نگارِ قوم

اس پر آگے چل کر یہ بھی لکھا کہ ع

تقلید کے رسن میں ہے جو ہے حمارِ قوم

حافظ عبدالقدوس صاحب قُدسی اُن دنوں "صحیفۂ قُدسی" کے نام سے ایک اخبار نکالا کرتے تھے اور نظم و نثر میں دستگاہ کامل رکھتے تھے۔ اُنھوں نے اِس نظم کا جواب نظم میں لکھا۔ پُوری نظم تو یاد نہیں۔ ایک دو شعر سُننے کے قابل ہیں ؎

میرٹھ سے تم نے بھیجا ہے جو چوبدارِ قوم
گزرا ہے اُس کا آنا بہت ناگوارِ قوم
گرتا ہے ذاتیات پہ اور بے اَدب ہے وہ
یا رب نہ ہووے ایسا کوئی اہلکارِ قوم
شوکت تمھیں خُدا کی قسم تُم نے کیا لکھا
تقلید کی رسن میں ہے جو ہے حمارِ قوم

لاہور میں اکثر مُشاعرے ہوتے تھے۔ میرے بھتیجے مُنشی دین محمد صاحب کے ہاں بھی اکثر محفلیں جما کرتیں۔ شاعر صاحبان عمُوماً فنِ شاعری کے واقف

اور عالم ہُوا کرتے تھے۔ میر امیر علی صاحب امیرؔ فرماتے ہیں ؎

وصل کے ارماں پسِ مُردن بھی تو دل میں رہے
غرق ہوتے پر بھی ہم اُمّیدِ ساحل میں رہے
دیکھو کیا مدِّ نظر تھی دید اپنے قتل کی
چشم جوہر بن گئے اور تیغِ قاتل میں رہے
دَیر کو جس دم چلا، تھا مجھ کو کعبے کا خیال
اور جو کعبے کو گیا تو بُت مِرے دل میں رہے

الٰہی بخش صاحب رفیقؔ کُنجڑے تھے۔ نوگزے کی قبر کے پاس اُن کی دُکان تھی۔ اُن کی غیر حاضری میں ان کی والدہ دُکان چلاتی تھیں۔ ایک دفعہ اُنھوں نے مثنوی دریا باد لکھی۔ جو اخبار "پنجاب پنچ" میں چھپ چکی ہے اُن کے شاگردوں میں تارا چند تاراؔ ایک شیشہ فروش تھے۔ وہ بھی فکرِ سخن کیا کرتے تھے۔ بلکہ مجھے یاد ہے اُنھوں نے اپنا دیوان بھی چھپوایا تھا۔ امیر علی صاحب امیرؔ نے اُن کے اور اُن کے اُستاد کی بابت کہا ہے کہ ؎

شاعری تنگ سے ہے گھبرائی ہے
کوئی کُنجڑا کوئی حلوائی ہے

خاورؔ صاحب کا ایک شعر یاد ہے ؎

تُم اگر شہرِ خموشاں کی طرف جا نکلے
مُردے اُٹھ اُٹھ کے پکاریں کہ ہمیں مار چلے

یہ صاحب ایک اچھے ادیب بھی تھے۔ مہاراجہ مہندر سنگھ والیٔ پٹیالہ نے اُن کو تین سو روپے ماہوار پر بلایا اور فرمائش کی کہ بدرِ مُنیر کا ترجمہ فارسی میں کر دو۔ خاور صاحب موجی قسم کے آدمی تھے طبیعت موزوں ہُوئی تو کام کیا ورنہ نہیں۔ مہینوں گزر گئے، مگر ترجمہ ختم نہ ہو سکا۔ اُس زمانے میں مُفتی امام بخش صاحب ساکن بٹالہ نے ایک فارسی ترجمہ کر کے مع اصل شعر بہ شعر شائع کر دیا جس کے کُل اخراجات شیخ غلام محبُوب سُبحانی صاحب رئیس لاہور نے ادا فرمائے۔ ترجمہ تو ٹھیک تھا۔ مگر اس میں شعریت نام کو نہ تھی۔ بہرحال اس ترجمے کا یہ اثر ہُوا کہ خاور صاحب پٹیالہ سے رخصت کر دیئے گئے۔

ہُما صاحب نے کربلا کی ایک نظم لکھی تھی، جو بہت اچھی تھی۔ ویسے اکثر نعتیہ کلام کہا کرتے تھے۔ اِن کا حُلیہ عجیب تھا۔ فقیرانہ صُورت گیروے کپڑے ہاتھ میں عصا اور پیچھے پیچھے دو نوجوان بیٹے۔ خود تو شاعری کے ہی بکھیڑے میں رہے۔ مگر لڑکے پڑھ لکھ کر دفتروں میں مُلازم ہو گئے۔

# عمائدینِ ملک

## سرسیّد :

۱۸۸۱ء میں جب سرسید احمد خاں ایجوکیشنل کانفرنس کے سلسلے میں مہاراجہ کپور تھلہ کی کوٹھی میں قیام پذیر ہوئے تو میں بھی اُن سے ملنے گیا۔ ابتدائی گفتگو کے بعد اُن سے عرض کیا کہ آپ ایک وقت کا کھانا میرے ہاں تناول فرمائیں۔ اُنھوں نے کہا کہ "میں نے اعلان کر دیا ہے کہ جو صاحب میری دعوت کرنا چاہیں۔ وہ دعوتانہ نقد بھیج دیں۔" میں نے کہا "میں نے بھی وہ اعلان دیکھا ہے۔ اس میں اکثر لوگوں نے دو دو روپے اور بعض نے پانچ پانچ روپے دیے ہیں۔ یہ رقم کھانا کھانے کے بعد میں بھی آپ کو پیش کر دوں گا" اُنھوں نے منظور فرما لیا اور دُوسرے دن شام کو نواب محسن الملک بہادر، خواجہ الطاف حسین حالی۔ مولانا شبلی اُن کے پنجابی میزبان سردار محمد حیات خاں اور ڈپٹی برکت علی صاحب غریب خانہ پر تشریف لائے۔ جہاں مُناسب ماحضر سے اُن کی تواضُع کی گئی۔ اور چلتے وقت پچاس روپے نقد پیش کیے گئے۔ اِس پر سرسید فرمانے لگے کہ آپ نے پہلے ہی دن کیوں نہ بتا دیا میں

روز کھانا بھی کھا جاتا اور پچاس روپے بھی لے جاتا۔

دعوتانے کے سلسلے میں چند رنڈیوں نے بھی کچھ رقوم دیں۔ بعض لوگوں نے اس پر اعتراض کیا تو آپ نے فرمایا کہ اس روپے سے مسجد نہیں بنے گی بلکہ پاخانے اور غسل خانے بنیں گے۔ سعدی کہتا ہے ؎

قالوا عجین الکلس لیس بطاہر
قلنا نسدّ بہٖ شقوق المبرزی

(ترجمہ) کہتے ہیں چونے کا خمیر ناپاک ہے۔ ہم نے کہا کیا بُرائی ہے۔ ہم اِس سے پاخانے کے سُوراخ بند کر دیں گے

سر سید بڑے وسیع القلب انسان تھے۔ اُن کے لیے ہمارے مولویوں نے بیت اللہ تک سے کُفر کے فتوے منگوائے۔ مگر یہ شخص ٹس سے مس نہ ہُوا۔ یہ واقعہ اُنھوں نے خود مجھ سے بیان فرمایا کہ میں ایک جگہ تن تنہا عصر کے وقت پہنچا اور قریب کی مسجد میں جا کر نماز ادا کی۔ تو امام مسجد نے میرا نام پُوچھ کر کہا۔ "آپ نے تو قرآن کی تفسیر بھی لکھی ہے"۔ مَیں نے کہا "لکھی تو ہے مگر مکمل نہیں ہُوئی۔ تاہم اُس کا بہت سا حصّہ چھپ چکا ہے"۔ امام صاحب نے درخواست کی کہ ایک جلد مجھے بھی بھیج دیں۔ مَیں نے کہا وہ تفسیر آپ ایسے پُرانے مولویوں کے لیے نہیں لکھی گئی۔ بلکہ وہ تو نو خیز انگریزی خوانوں کے لیے ہے۔ جو مذہب کو بھی انگریزی رُوپ میں دیکھنا چاہتے ہیں۔ میرے اپنے ذاتی عقائد بھی تقریباً وہی ہیں جو آپ کے ہیں۔ مگر سائنس کے اس چکا چوند کر دینے والے زمانے میں اگر اِن انگریزی خوانوں پر

اِسلام کی حقّانیت عملی طور پر ثابت نہ کی گئی تو یہ اپنا ایمان کھو بیٹھیں گے۔ سر سیّد کے اِس قول کی تصدیق اِس سے بھی ہوتی ہے کہ میر مُمتاز علی صاحب مہتمم دارالاشاعت پنجاب نے انجمن حمایتِ اسلام کے ایک اجلاس شبینہ میں جو لیکچر پڑھا تھا اُس میں اِس بات کا اِقرار کیا تھا۔ کہ میں اپنی بیوی بچّوں سمیت عیسائی ہونے کو تیار تھا کہ سر سیّد کی تفسیر میری نظروں سے گزری۔ جس نے مجھے پھر مُسلمان بنا دیا۔

• بخشی جلیشی رام صاحب وکیل چیف کورٹ (والد بخشی ٹیک چند) نے سُنایا کہ ایک دفعہ سر سیّد، مَیں اور چند دُوسرے لیڈر کسی ہوٹل میں مُقیم تھے۔ رات کو ایک بجے کے بعد مَیں نے ایک ایسی آواز سُنی جیسے بلّی کی آواز ہوتی ہے۔ مَیں نے اِدھر اُدھر دیکھا کوئی بِلّی نظر نہ آئی۔ اِتّفاقاً سر سیّد کے کمرے کی طرف نگاہ پڑی تو دیکھا کہ آپ رو رو کر دُعائیں کر رہے ہیں "خُداوندا! میری قوم مُفلس اور جاہل ہے اِن کو اِس کے اعمال پر نہ چھوڑ بلکہ اپنی رحمت سے اِس کا بیڑا پار کر دے۔" مَیں نے یہ واقعہ دیکھ کر چند ہندُو دوستوں کو اُٹھایا اور سر سیّد کے کمرے کی طرف لے جا کر کہا کہ "دیکھو یہ شخص کیا کہہ رہا ہے۔ مجھے پورا یقین ہے کہ یہ اپنی دُھن میں کامیاب ہو جائے گا۔"

سر سیّد کے اعمال و اِعتقادات سے مجھے بھی اِختلاف رہا ہے۔ مثلاً یہ کہ اُنھوں نے مشن کالج لاہور میں لیکچر دیتے ہُوئے کہا تھا کہ "مُسلمان طالب علموں کو اوّل تو پانچ ہی نمازیں پڑھنی چاہئیں۔ ورنہ صُبح و شام کی تو ضرور پڑھ لیا کریں۔" علیٰ ہٰذا القیاس فرعون کی غرقابی کے واقعہ کے مُتعلق اُنھوں

نے لکھا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کے پایاب گزر جانے کے بعد جب فرعون کا لشکر دریائے نیل میں اترا تو اُس وقت جوار بھاٹا آ گیا تھا۔ حالانکہ موسیٰ علیہ السلام کے اس پتھر کو جس سے انھوں نے اپنے بارہ گروہوں کے لیے الگ الگ گھاٹ مقرر کر دیے تھے، بقول عبد اللہ یوسف علی صاحب انگریزوں نے بھی دیکھا اور اس کی تصدیق کی ہے۔ ایسا ہی امام حسین علیہ السلام اور یزید، حضرت امیر معاویہ اور حضرت علی کی جنگ کو انھوں نے پولیٹیکل جنگ کہا ہے۔ حالانکہ وہ خالص مذہبی جنگ تھی۔ جسٹس امیر علی نے بھی اپنی تاریخ میں باوصف شیعہ ہونے کے سر سید کی تقلید کی ہے۔

یہاں ایک لطیفہ قابلِ ذکر ہے۔ سر سید مرحوم ایک دفعہ ریل میں سفر کر رہے تھے۔ قاضی اِحتشام الدین صاحب مرادآبادی بھی اسی ڈبے میں بیٹھے ہوئے تھے۔ وجودِ شیطان کی ماہیت کا ذکر آ گیا تو سید صاحب نے فرمایا کہ "شیطان کی صورت دکھائیے"۔ قاضی صاحب نے اپنے بیگ میں سے شیشہ نکال کر سامنے کر دیا اور کہا کہ "اپنا شیطان دیکھ لیجیے"۔ حدیث میں آیا ہے کہ "شیطان کی ذُرّیت میں سے ہر ایک کا شیطان جُدا جُدا ہوتا ہے۔" سر سید ہنس کر خاموش ہو گئے۔

یہ بھی لطیفہ بے محل نہ ہوگا کہ ایک دفعہ آپ فرسٹ یا سیکنڈ کلاس میں سوار ہوئے۔ آپ نے اپنا اسباب گاڑی کے ڈبے میں رکھوا دیا۔ اور خود پلیٹ فارم پر دوستوں سے باتیں کرنے لگے۔ اِتنے میں ایک

یورپین صاحب بھی اِسی گاڑی میں سوار ہو گئے۔ اور تحکّم سے فرمایا کہ یہ کس کا سامان ہے؟ قلی نے اُن کی تصویر دکھائی تو اگرچہ یہ کوٹ پتلون پہنے ہُوئے تھے۔ مگر سفید ڈاڑھی دیکھ کر اُس نے کہا سامان باہر نکالو۔ قُلی نے سامان اُٹھا کر پلیٹ فارم پر رکھ دیا۔ سیّد صاحب نے جب یہ دیکھا تو قُلی سے کہا۔ "اِس کو گاڑی میں رکھو۔ یہ کس بے وقُوف نے نکلوایا ہے" قُلی نے سامان پھر گاڑی میں رکھ دیا اور گاڑی روانہ ہو گئی۔ صاحب بہادر نے تیوری چڑھا کر کہا۔ "جانتے نہیں مَیں ہائی کورٹ کا جسٹس ہوں"۔ آپ نے فرمایا "میں ہائی کورٹ کے جسٹس کا باپ ہُوں"۔ اِختتامِ سفر تک دونوں مُنہ بنائے خاموش بیٹھے رہے۔ لیکن جب سیّد صاحب منزلِ مقصُود پر پہنچے تو اُن کی پیشوائی کے لیے بہت سے رؤسا جمع تھے انگریز جسٹس نے پُوچھا کہ "یہ کون ہے؟" جس پر اُنھیں بتایا گیا کہ یہ "سر سیّد احمد خاں سیّد محمود جسٹس ہائی کورٹ کے باپ ہیں"۔ یہ سُن کر وُہ بہت شرمندہ ہُوا اور اُس نے گاڑی سے اُتر کر سر سیّد سے مُعافی چاہی۔

## سر فضل حُسین:

سر فضل حُسین بٹالے کے رہنے والے خان بہادر میاں حسین بخش صاحب ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ سیشن جج کے فرزندِ ارجمند تھے۔ انھوں نے ولایت جا کر بیرسٹری پاس کی۔ اگرچہ اُن کے والد صاحب بھی ریٹائر ہونے کے بعد قومی کاموں میں بہت حصّہ لیتے تھے لیکن سر فضل حسین کا دل اور دماغ

کچھ اور ہی تھا۔ انھوں نے پہلے سیالکوٹ میں پریکٹس شروع کی اور تین چار سال کے ہی عرصہ میں خاصی کامیابی حاصل کر لی۔ پھر لاہور چلے آئے اور چیف کورٹ میں کام کرنے لگے۔ انجمن حمایت اسلام لاہور کے بھی بہت بڑے ممد و معاون تھے۔ چندہ بھی دیتے اور کاروبار میں بھی پورا پورا حصّہ لیتے۔ چنانچہ وہ انجمن کے لائف پریذیڈنٹ بنا دیے گئے۔ ایک دفعہ چھ مہینے کے لیے کالج میں آنریری پرنسپل کی حیثیت سے بھی کام کرتے رہے۔

آپ پندرہ برس کالج کمیٹی کے سیکرٹری رہے۔ آپ کی تجویز تھی کہ اسلامیہ کالج بجائے لاہور کے شاہدرہ میں ہونا چاہیے اور اس کے لیے وہ اپنی زرخیز زمین مفت دینے کو تیار تھے اور یہ بھی اُمید دلاتے تھے کہ اس کو ریذیڈنشل بنانے کے لیے غالباً ہم مقبرہ جہانگیر کا بیرونی حصّہ اور مقبرہ آصف جاہ بھی حاصل کر لیں گے۔ مگر انجمن کے ممبرانِ کونسل اس پر رضامند نہ ہوئے۔ ورنہ اِس وقت ریذیڈنشل سسٹم میں اسلامیہ کالج ایک خاص نمونہ ہوتا۔

علامہ عبداللہ یوسف علی لاہور تشریف لائے تو ممبرانِ کونسل اُن کے پرنسپل بنائے جانے پر زور دینے لگے۔ سر فضل حسین نے فرمایا کہ عبداللہ یوسف علی قابل تو بہت ہیں۔ مگر مزاج ایسا پایا ہے کہ آپ لوگ جو اِس وقت اِن کی تقرّری کے لیے زور دے رہے ہیں۔ برس چھ مہینے کے اندر اندر اِن کی علیحدگی کے لیے زور دیں گے" چنانچہ ایسا ہی ہُوا۔ علامہ صاحب

کی پرنسپلی کو تھوڑا ہی عرصہ ہوا تھا کہ عہدیداران اور ممبرانِ کونسل ان کی علٰحدگی کے لیے منتیں ماننے لگے۔ اِس بے وقوفی کا میں بھی مرتکب ہو چکا ہوں۔ جب وہ دُوسری دفعہ لاہور تشریف لائے تو میں نے ارکانِ انجمن کو سمجھا بجھا کر انھیں دوبارہ پرنسپل بنائے جانے پر آمادہ کرلیا۔ مگر نتیجہ وہی نکلا کہ سال بھر کے اندر اندر مُستعفی ہو گئے۔

سر فضل حُسین ایک تجربہ کار انسان تھے اور عوام اور خواص کی کمزوریوں کو خوب جانتے تھے۔ اُنھیں حیدر آباد دکن میں پانچ ہزار روپیہ ماہوار پر بُلایا گیا مگر وہ نہ گئے۔ حالانکہ اِتنی آمدنی اِن دنوں یہاں نہ تھی۔ پنجاب کی سیاست اور خاص کر مُسلمانوں کی بہبُودی اور تنظیم سے آپ کو بہت دلچسپی تھی۔ آپ نے ۱۹۰۵ء میں لاہور میں مُسلم لیگ کی شاخ قائم کی۔ مگر اسی عرصہ میں سر محمد شفیع نے مُسلم ایسوسی ایشن کی بنا ڈالی اور ۱۹۰۷ء میں آل انڈیا مُسلم لیگ نے اُس کو پنجاب کی لیگ قرار دے دیا۔ چونکہ یہ صِرف سرکار پرست لوگوں کی انجمن تھی۔ اِس لیے نہ تو اِس کی پبلک میں وقعت تھی اور نہ سرکار میں۔ سر فضل حُسین نے خلافت کے زمانہ میں پنجاب میں ایک نئی لیگ بنائی۔ جو سر شفیع کی لیگ سے بہت زیادہ باوقعت و بارسوخ تھی۔ کیونکہ اُس نے فی الواقع مُسلمانوں کے حقُوق کے تحفّظ کے لیے تھوڑی بہت آواز بلند کی۔ میاں صاحب کچھ عرصہ نیشنل کانگرس میں بھی رہے۔

میرے برادر زادہ مرحوم مُنشی دین محمد صاحب بھی اِبتدا میں انجمن

حمایتِ اسلام کے رُکن تھے۔ بعد میں میاں صاحب کے ساتھیوں میں شامل ہو گئے۔ اور اُنھوں نے ہی میاں صاحب سے میری مُلاقات کرائی میاں صاحب مرحوم کی یہ سعادت مندی تھی کہ میرے جیسے کس مپرسس آدمی کے لیے اپنے دل میں ایک خاص جگہ رکھتے اور کبرسنی کے باعث میری عزّت کرتے تھے۔ ابتدا میں وہ پنجاب ٹیکسٹ بک کمیٹی کے ممبر بھی ہو گئے تھے۔ اِس لیے مجھے اُن سے کئی دفعہ ملنے کا اِتّفاق ہوا۔ اور وہ ہمیشہ میرے کاروبار کے متعلّق خاص دلچسپی لیتے رہے۔ وزیرِ تعلیم ہو کر اُنھوں نے مجھ سے فرمایا کہ میں ٹیکسٹ بک کمیٹی سے تو مُستعفی ہو چکا ہوں۔ مگر غالباً خلیفہ شجاعُ الدین میری جگہ آپ کو ایک اچھے رفیق مل جائیں گے۔

میں نے اپنی کتاب دبستانِ اخلاق کے متعلّق اُن سے کہا کہ "کمیٹی نے اِسے صرف سکول لائبریریوں کے لیے منظور کر کے میری حق تلفی کی ہے اِس لیے یا تو آپ ڈائرکٹر صاحب کو ہدایت کر دیں کہ میری حق رسی کریں یا پھر مجھے اجازت دیں کہ میں آپ کی خدمت میں اپیل کروں"۔ اُنھوں نے فرمایا۔ "میں نے آپ کا یہ سلسلہ دیکھا ہے اور میری رائے میں وہ نصاب میں داخل ہونا چاہیے۔ لیکن ڈائرکٹر صاحب میرے سیکرٹری ہیں۔ اُن سے کوئی سفارش کرنا میری پوزیشن کے خلاف ہے۔ آپ میرے پاس اپیل کر دیں"۔ چنانچہ میں نے اپیل کی۔ کچھ عرصہ بعد اُنھوں نے اس کتاب کو ٹیکسٹ بک کمیٹی کے پاس واپس کر دیا کہ اس پر دوبارہ غور ہونا چاہیے۔

میری رائے میں یہ اپنی وضع کا ایک نیا سلسلہ ہے - اور غالباً مناسب لوگوں نے اس پر ریویو نہیں کیے - اس لیے یہ ماہرینِ تعلیم کے پاس بھیجنا چاہیے - چنانچہ وہ کتاب دوبارہ کمیٹی کے زیرِ غور آئی اور اسے سپلیمنٹری ریڈر کے طور پر منظور کر لیا گیا - جواب تک جاری ہے -

میں کہیں لکھ چکا ہوں کہ میں نے فیروزُ اللغات اردو لکھی تو مسٹر فضل حسین کے پاس اس استدعا سے بھیجی کہ اسے سر ایڈورڈ میکلیگن گورنر پنجاب کے نام پر معنون کرنے کی اجازت دی جائے تو انھوں نے نہ صرف گورنر صاحب سے اجازت ہی لے دی - بلکہ اس کے لیے پانچ سو روپیہ انعام بھی منظور فرمایا -

ایک دفعہ جب اردو پنجاب گزٹ اور اردو پولیس گزٹ کی چھپائی کے لیے ٹنڈر طلب ہوئے تو میاں صاحب نے اس کے لیے میری فرم کا نام انتخاب کیا اور کئی سال تک وہ ٹھیکہ اس فرم کے نام رہا - اس کے علاوہ اور بھی کئی محکمہ جات کا کام بھجواتے رہے -

میاں صاحب میری اکثر تقریبات میں شامل ہوا کرتے تھے - موجودہ پریس کا بنیادی پتھر ۲۴ دسمبر ۱۹۲۴ء کو انھوں نے ہی اپنے ہاتھ سے رکھا - جب کبھی آتے تو اسے دیکھ کر یہ ضرور کہتے کہ ماشاء اللہ آپ نے خوب ترقی کی ہے اور ساتھ ہی اس خیال سے کہ اس فقرے کو بیا اپنی تحقیر نہ سمجھیں یہ بھی کہتے کہ میں نے بھی بہت ترقی کی ہے - مگر آپ بھی مجھ سے کم نہیں رہے - ایسی کئی مثالیں اور بھی ہیں کہ وہ اپنے قابل دوستوں

کو فراموش نہ کرتے تھے۔ اُن کے پُرانے دوستوں میں ایک بیرسٹر صاحب نے کونسل کی ممبری کے لیے کھڑے ہونے کا اعلان کیا۔ اور اُن سے امداد مانگی تو انھوں نے کہا "میر صاحب! آپ ممبر نہیں ہو سکتے۔ آپ کا زرِ ضمانت ضبط ہو گا۔ اِس لیے میں یہ اڑھائی سو روپیہ پیش کرتا ہوں کہ آپ کی بجائے میرے روپے ضائع ہو جائیں" چنانچہ ایسا ہی ہُوا۔

میاں نظام الدّین صاحب فرزند میاں کریم بخش صاحب کے خاندان سے بھی اُنھیں خاص اِلتفات تھا۔ میاں امین الدّین صاحب کو اُنھوں نے ہی سرکاری خرچ پر سول سروس کے لیے ولایت بھجوایا۔ جہاں سے واپس آ کر وہ ڈپٹی کمشنر اور سیکرٹری گورنمنٹ پنجاب ہُوئے۔ خان بہادر میاں امیر الدّین صاحب کو بھی اُنھوں نے ہی سب رجسٹرار لاہور مُقرر کرایا اور دُوسرے کئی دوستوں کی بھی اسی طرح اِمداد کرتے رہے۔

میاں صاحب بہت دیر میں آشنا بنتے تھے۔ مگر اس آشنائی کو ہمیشہ ملحوظِ خاطر رکھتے۔ میرا لڑکا ڈاکٹر وحید جب ولایت سے آیا تو میرے ساتھ اُن سے ملنے گیا۔ وہ ہر ایک چھوٹی بڑی بات کے متعلق اُس سے گھُل مل کر ایسے سوالات کرتے رہے جیسے اُن کا کوئی اپنا عزیز آیا ہے۔ یہ اُنھی کی فراست تھی کہ اُنھوں نے فرمایا "مولانا! اِنھیں بیرسٹری کے دھندے میں نہ ڈالیے۔ یہاں جن پاپڑوں کے بیلنے کی ضرورت پڑتی ہے وہ ان سے نہ بیلے جائیں گے" چنانچہ صاحب زادہ سر عبدالقیوم خاں مرحوم نے جب ڈاکٹر عبدالوحید کو اسلامیہ کالج کی پروفیسری پر لگانا چاہا۔ اور اس

کے ساتھ ہی سر جارج کننگھم موجودہ گورنر صاحب نے (جو اُن دنوں فنانس منسٹر تھے) بھی مجھے لکھا کہ آپ اِس عہدے کو منظور کر لیں تو میں نے میاں صاحب سے مشورہ کیا۔ اُنھوں نے لکھا کہ فوراً منظور کر لیجیے۔ پیسوں کی خاطر نہیں بلکہ اس لحاظ سے کہ یہ ایک علمی کام ہے۔ جو آپ کا خاندانی ورثہ ہے۔

پھر جب ڈاکٹر وحید وہاں سے واپس آگئے تو اتفاق سے اُنہیں دنوں انجمن حمایتِ اسلام کے عہدے داروں کا انتخاب ہونے والا تھا۔ اُنھوں نے خود بخود اپنے چند دوست ممبروں سے یہ ذکر کیا کہ ڈاکٹر وحید کو کالج کمیٹی کا سیکرٹری بنانا چاہیے۔ دو ایک ممبروں نے ان کی کم عمری پر اعتراض کیا تو کہا کہ "بزرگی بعقل است نہ بسال" یہ سب سے اچھا کام کرے گا بالفرض اگر ہمارے سامنے دو پیالے آئیں۔ جن میں سے ایک میں زہر اور دوسرے میں پانی ہو تو عقل مندی یہی ہے کہ ہم پانی پئیں اور میٹھے زہر کو ترک کر دیں۔ اس کے بعد مجھ سے ملاقات ہوئی تو فرمایا کہ انجمن کے کاموں میں اتنی دشواریاں ہیں کہ ڈاکٹر صاحب جیسا خوددار آدمی انہیں برداشت نہیں کر سکتا۔ یہاں وہی کامیاب ہو سکتا ہے۔ جو بطور ایک تنخواہ دار عہدے دار کے اپنا فرض سمجھ کر تمام دشواریوں کو روندتا ہوا چلا جائے۔ اور گالیاں دینے اور گالیاں کھانے میں دریغ نہ کرے۔ وحید سے پوچھ لیجیے۔ اگر وہ اس کام کے لیے تیار ہو تو آج ہی سیکرٹری ہو سکتا ہے۔ میں نے کہا۔ "میں نے آج تک نہ کسی کو گالی دی ہے نہ کھائی ہے اس لیے وہ کب آمادہ ہوگا۔"

سر فضل حسین میری چٹھی کا فوراً جواب دیا کرتے تھے۔ وہ گورنمنٹ آف انڈیا میں ممبر ہو کر گئے۔ اور میں دہلی میں اُن سے ملا۔ تو اُن کے سیکرٹری خان بہادر نادو نے کہا "میاں صاحب کے پاس بہت سے دوستوں کی چٹھیاں آتی ہیں جن کا وہ بہت کم جواب دیتے ہیں اور اکثر جوابات مجھ سے ہی لکھواتے ہیں۔ لیکن آپ کی چٹھی کا جواب وہ خود اپنے قلم سے لکھتے ہیں"۔ میں نے کہا۔ یہ صرف اس لیے کہ میں انگریزی نہیں جانتا۔ انگریزی خواں دوستوں کے لیے آپ ہی سے لکھوانا مناسب ہے اور مجھے خود لکھنا۔

سر سکندر حیات خاں مرحوم جب ریزرو بنک کے ڈپٹی گورنر ہو کر بمبئی گئے اور اتفاق سے ڈاکٹر وحید بھی اُن کے ہم سفر ہوئے اور اُنھی کے ہاں ٹھہرے تو اُنھوں نے کہا کہ تمھیں اسمبلی میں آنا چاہیئے۔ وحید نے کہا کہ یہ تو والد صاحب کی مرضی پر ہے۔ جہاں لگا دیں گے کام کرنے کو تیار ہوں۔ چنانچہ اس کے بعد جب لاہور تشریف لائے اور حسبِ معمول دعوت پر غریب خانے میں رونق افروز ہوئے تو مجھ سے بھی یہی فرمایا کہ وحید کو اسمبلی بھیجیے۔ غالباً نواب مظفر خاں اور احمد یار خاں دولتانہ بھی اس دعوت میں شریک تھے۔ سردار صاحب نے فرمایا کہ اس انتخاب میں انہیں ضرور اسمبلی میں جانا چاہیے۔ میں نے میاں سر فضل حسین سے ذکر کیا تو اُنھوں نے بھی اس کی تائید کی۔ مگر ساتھ ہی فرمایا کہ اب کے تو کامیابی مشکل ہے۔ غالباً آئندہ انتخاب تک لوگوں کو لائق آدمیوں کی طرف توجہ

ہو جائے گی اور اُس وقت ہماری رائے ان کے مُتعلق رائیگاں نہ جائیگی بہرحال کوشش شرط ہے۔ موقع ملے تو ضرور کوشش کیجیے اور مجھے مُطلع کہتے رہیے۔ لیکن خدا کی قدرت کہ انتخاب سے پہلے ہی میاں صاحب فوت ہو گئے اور سر سکندر حیات خاں مرحوم کے ایما سے ڈاکٹر وحید نے جس جگہ کے لیے درخواست دی ہوئی تھی۔ اُنھیں اُسکے ایما سے واپس لینی پڑی۔ سر سکندر حیات نے اِس جگہ کے لیے ایک اپنی درخواست دی ہوئی تھی۔ اُن کا خیال تھا کہ جب ان کا نام آجائے گا تو دوسرے لوگوں کو جرأت نہ ہوگی اور وُہ آخر وقت درخواست واپس لے لیں گے۔ مگر وہاں کئی دعوے دار پیدا ہو گئے۔ جن کے ساتھ سر سکندر کو بھی اپنا خیال بدلنا پڑا۔ اُنھوں نے ڈاکٹر وحید کی درخواست بھی واپس کرائی اور اپنی بھی واپس لے لی۔

میاں سر فضل حسین دل میں قومی درد رکھتے تھے۔ گورنمنٹ کالج میں بلالحاظِ مذہب وملت عموماً وُہی لڑکے لیے جاتے تھے جو اعلیٰ نمبروں سے پاس ہوئے ہوں اور مُسلمان اتنے اعلیٰ نمبر لینے والے کہاں؟ علاوہ ازیں والدین کے سرکاری مُلازمت میں ہونے کی بھی شرط تھی۔ چونکہ مُسلمان سرکاری مُلازمت میں کم ہیں اِس لیے مُسلمان طالب علموں کا لیا جانا مُشکل تھا یہ اسی شخص کی ہمت تھی کہ اُس نے وہاں بھی فرقہ وارانہ تناسب مُقرر کرکے کم سے کم تینتیس ۳۳ فی صدی مُسلمانوں کا داخلہ لازمی قرار دے دیا۔ اس پر پرنسپل صاحب مُستعفی ہو گئے۔ مگر یہ شیر اپنی بات پر ڈٹا رہا۔

اور یہ اُنہی کے فیض سے ہے کہ تھرڈ ڈویژن میں پاس ہونے والے مُسلمان بھی گورنمنٹ کالج میں لے لیے جاتے ہیں۔

اِسی طرح گورنمنٹ کے دفاتر میں مُسلمانوں کی تعداد بہت قلیل ہُوا کرتی تھی۔ میاں صاحب جب گورنمنٹ آف انڈیا میں گئے تو اُنھوں نے سوال اُٹھایا کہ آخر مُسلمانوں کو کس تناسب سے یہاں لیا جاتا ہے۔ اِس کی ایک تعداد مُقرر ہونی چاہیے۔ میاں صاحب کا مُطالبہ تینتیس ۳۳ فی صدی کا تھا لیکن دیگر ممبران اور لارڈ ولنگڈن وائسرائے ہند کی مصلحت نے پچیس ۲۵ فی صدی کا اعلان کیا۔ میاں صاحب اِس پر خُوش نہ ہُوئے اور اُن کے ایما سے "ایسٹرن ٹائمز" میں اس قلیل تعداد کی مُخالفت کی گئی۔ جہاں تک قیاس ہے سرکلر تو وہی پچیس فی صدی کا ہے مگر وائسرائے صاحب اور دیگر ممبران نے یُوں کہہ دیا کہ اِس مطالبے کو مدِّ نظر رکھیں گے۔ اِس جدّ و جہد کا نتیجہ یہ ہُوا کہ سر محمد ظفر اللہ خاں نے اِس سے فائدہ اُٹھا کر اپنی جماعت کے کئی مُسلمانوں کو گورنمنٹ آف انڈیا میں جگہ دِلوائی۔

یہ بھی قابلِ تذکرہ ہے کہ اگرچہ عام ہندوؤں نے میاں صاحب کو ایک ہوّا بنا رکھا تھا اور جس تجویز سے بھی اُنھیں اختلاف ہوتا تھا وہ میاں صاحب ہی کے سر تھوپ دیتے تھے۔ لیکن باخبر اصحاب جانتے ہیں کہ گاندھی اِروِن پیکٹ میاں صاحب کی ہی کوششوں کا نتیجہ تھا۔ اِسی طرح جب لاہور ہائی کورٹ کی چیف ججی کے لیے ٹیک چند صاحب کی افواہ اُڑنے لگی تو اُنھوں نے مجھ سے کہا کہ یہ منصوبہ بخشی ٹیک چند کو

چیف ججی سے محروم کرنے کے لیے تراشا گیا ہے۔ حالانکہ وُہ قابل بھی ہیں اور حق دار بھی۔ اور سر شادی لال کا زمانہ ایک نظیر ہے کہ دیسی کس قابلیت سے کام چلا سکتے ہیں۔ گو جو کچھ گورنمنٹ فیصلہ کر چکی ہے اس میں تغیر و تبدیل کی اُمید تو نہیں۔ مگر آپ کو اس پر زور دینا چاہیے کہ الہ آباد سے کسی انگریز کو بُلا کر چیف جج بنانا نہ صرف بخشی ٹیک چند کی حق تلفی ہے بلکہ پنجابیوں کی ہتک بھی ہے۔

جب پنجاب میں پہلی دفعہ وزارت مُرتب ہُوئی اور سر ایڈورڈ میکلیگن گورنر پنجاب نے میاں صاحب کو بُلا کر قلمدانِ وزارت تفویض کرنا چاہا تو اُنھوں نے فرمایا کہ وزارت سوائے لائق آدمیوں کے نہیں چل سکتی اور میں اس پیش کش کو اسی صورت میں منظور کر سکتا ہوں کہ آپ لالہ ہرکشن لال کو بھی وزارت میں لے لیں۔ چُنانچہ ایسا ہی ہُوا۔ اس کے بعد سر چودھری چھوٹو رام صاحب کو وزارت میں لینے کا اقدام بھی انھی کی وجہ سے ہُوا۔ ورنہ اُن کے ساتھ تو چار ممبر تھے۔

میاں صاحب نے مجھ سے خود فرمایا کہ میں لگی لپٹی نہیں رکھتا۔ اگر کسی عُہدے کے لیے میرے پاس ہندو، مُسلمان، انگریز ایک ہی قابلیت کے لوگوں کی تین درخواستیں ہوں تو میں اُن میں سے مُسلمان کو ترجیح دوں گا کہ اس قوم کو مُدت سے اپنا حصّہ نہ ملنے کی شکایت ہے۔ اگر صرف انگریز اور ہندو ہو تو میں ہندو کو ترجیح دیتا ہوں کہ یہ اپنے مُلک کی خدمت کا زیادہ حق دار ہے۔ اُنھوں نے فرمایا میرے ہاں سے جو کاغذات مکمل ہو کر

گورنر صاحب کے پاس اطلاعاً جایا کرتے ہیں، اگر کبھی گورنر صاحب دُوسرے ارکانِ وزارت کی طرح ان میں بھی کچھ ردّ و بدل کرتے ہیں تو میں اس کی مطلق پروا نہیں کرتا۔ مثلاً انھوں نے ایک دفعہ لکھا کہ یہ جو تین اُمیدوار تھے اگر میں ہوتا تو فلاں شخص مقرّر کرتا۔ میں نے سُن تو لیا مگر اپنے ہی احکام جاری کر دیے۔ دُوسری دفعہ بھی ایسا ہی ہوا۔ اِس کے بعد اُن کو جُراَت نہ ہوئی کہ میرے کام میں کچھ رخنہ اندازی فرمائیں۔

ایک انگریز چیف انجینئر صاحب کے الاؤنس کا بل میاں صاحب کے پاس آیا۔ قصّہ یہ تھا کہ چیف انجینئر صاحب نے بند کے مقام سے پانچ میل پرے اپنا خیمہ لگوایا ہوا تھا۔ وہ روز وہاں سے آکر بند کا مُلاحظہ فرمایا کرتے تھے۔ بل میں اِس کا الاؤنس شامل کر کے جب ان کے پاس پہنچا تو اُنھوں نے لکھا کہ چیف انجینئر صاحب کو پانچ میل پرے جا کر خیمہ لگانے کی کیا ضرورت ہے۔ بند پر کئی اور افسر موجود ہیں اِس لیے اِن کو بھی وہیں اپنا خیمہ لگانا چاہیے۔ یہ زائد الاؤنس نہیں دیا جا سکتا۔ اِتفاقاً یہ خود بھی بند مُلاحظہ کرنے گئے تو اُسی وقت گورنر صاحب بھی جا پہنچے چیف انجینئر تو موجود ہی تھے۔ گورنر صاحب نے رات کو میاں صاحب اور چیف انجینئر کو ڈنر پر بُلایا اور میاں صاحب سے کہا کہ اِن کا کوئی بل ہے جس کی بابت یہ چاہتے ہیں کہ اُس پر مزید غور کیا جائے۔ اُنھوں نے اُسی وقت یادداشت لکھ کر اُن کی مسل طلب فرمائی اور پھر اس پر ریمارک لکھ کر بدستور واپس بھیج دی کہ میں اپنے پہلے احکام میں ردّ و بدل کرنے کی کوئی

وجہ نہیں دیکھتا۔ ایسی ہی اور بھی بہت سی باتیں ہیں جن میں اُن کی جرأت ملکی خیر خواہی اور اسلامی رواداری کا بیّن ثبوت ملتا ہے جس کی اس مختصر کتاب میں گنجائش نہیں۔

ایک دفعہ ٹائیڈمین صاحب ڈائرکٹر سررشتۂ تعلیم شملہ سے واپس آئے تو میں نے میاں صاحب کی خیر خیریت پوچھی۔ انھوں نے فرمایا کہ میاں صاحب صحت یاب نہیں ہو سکتے۔ ان کو ہر کاغذ خود پڑھنے اور اُس پر نوٹ لکھنے کا مرض ہے۔ حالانکہ مریض کے لیے آرام کی ضرورت ہے۔ وہ اپنی عادت نہ چھوڑیں گے اور مرض اپنا کام نہ چھوڑے گا۔

یہ واقعہ بھی قابلِ ذکر ہے کہ میاں صاحب پنجاب میں دوبارہ وزیرِ تعلیم مقرر ہوئے تو اُس وقت بھی بیمار تھے۔ مگر اپنا کام تندرستوں سے بھی زیادہ کیا کرتے تھے۔ وہ گرمیاں گزارنے کے لیے ڈلہوزی گئے تو خلافِ معمول بٹالے میں اُتر کر اپنے خاندانی قبرستان اور اس کی ملحقہ مسجد کی مرمت بھی کرا دی اور مرتے وقت یہ بھی فرمایا کہ مجھے بٹالے میں دفن کرنا۔ اور لڑکی کی شادی کی جو تاریخ مقرر ہو چکی ہے اُس میں میری وفات کے باعث ردّ و بدل نہ کرنا۔ جائداد کی تقسیم بھی وہ خود ہی کر گئے کیونکہ ناتقسیم شدہ جائداد کے لیے اُن کا اپنے بھائیوں کے ساتھ مقدمہ ہو چکا تھا۔ اور وہ نہ چاہتے تھے کہ اُن کے بعد پھر اس کا اعادہ ہو۔ بڑے فیاض آدمی تھے۔ انجمن حمایتِ اسلام، علی گڑھ کالج اور دوسرے اسلامی اداروں کی بھی کافی امداد کیا کرتے تھے۔ ۹ جولائی ۱۹۳۶ء بمقام

لاہور اپنی کوٹھی میں اُن کا اِنتقال ہُوا۔ جنازے میں ہزاروں آدمی شامل تھے احراری بھی موجود تھے مگر انھوں نے اِن کی نمازِ جنازہ نہ پڑھی۔ جنازہ بذریعہ موٹر لاری بٹالہ لے جایا گیا ؎

نظیرِ خویشتن نہ گزاشت بگذاشت جہاں
خُدائے عزّ و جل بخشد شش نعیمِ جناں

## سر سکندر حیات خاں:

آپ نواب محمد حیات خان صاحب مرحُوم کے فرزندِ سوم تھے جن جن دنوں وہ ملتان میں سیشن جج تھے۔ اُنھی دنوں ۱۸۹۲ء میں سر سکندر اُس کوٹھی میں پیدا ہوئے جہاں احمد شاہ ابدالی نے ملتان میں جا کر قیام کیا تھا اور اب وہاں سردار محمد حیات خاں رہتے تھے۔ اِن کے والد انگریزی اور ایشیائی تہذیب کے معجُونِ مُرکّب تھے۔ اور اس لحاظ سے انگریزوں اور دیسیوں میں ان کی بڑی قدر و منزلت تھی۔ اُنھوں نے اپنے لڑکے کی تعلیم و تربیت میں بھی ایشیائیت اور یورپینی طرز کو مدِّ نظر رکھا۔ پہلے کہیں ذکر آچکا ہے کہ میرے برادرِ مرحُوم نواب محمد حیات خاں صاحب کے مسل خواں رہ چکے تھے اور نواب صاحب اُن کی زُود نویسی کے باعث اُن کے بہت بڑے قدر دان تھے نواب صاحب تو مختلف مقامات پر مُلازمت کے سلسلے میں تبدیل ہوتے رہے۔ اور بھائی صاحب مرحوم نے اُن کے سرحدی کمیشن پر جانے کے بعد مسل خوانی سے استعفا دے دیا اور

کچھ عرصہ بعد اخبار "پنجاب پنچ" جاری کر لیا۔ نواب صاحب مرحوم اس اخبار کے خریدار تھے۔ مجھے برادرِ مرحوم کی زندگی میں ہی اُن سے ایک دوبار سلام و نیاز کا موقع مل چکا تھا۔ سرحدی کمیشن سے واپس آنے پر اُن پر مقدمہ چلایا گیا تو موکلان سے مشورہ وغیرہ کرنے کے لیے وہ لاہور آ کر مقیم ہو گئے۔ اُن کی بیٹھک اخبار کے دفتر سے قریب ہی تھی۔ اس لیے مجھے اُن سے بارہا ملنے کا اتفاق ہوتا رہا۔ مقدمے سے باعزت بری ہونے کے بعد مختلف اضلاع میں سیشن ججی کرتے رہے اور پھر ریاست کشمیر کی وزارت پر نامزد کیے گئے۔ چونکہ میرا بھی وہاں آنا جانا تھا۔ اس لیے میں وہاں بھی اُن سے ملتا رہا۔ سر سکندر کو میں نے وہیں پہلی مرتبہ کھیلتے دیکھا۔

نواب صاحب نے اپنے بڑے لڑکے اسلم حیات کو بھی ابتدائی تعلیم کے بعد علی گڑھ میں داخل کرایا۔ جہاں سے آ کر وہ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر مقرر ہوئے۔ اور اُن کے ساتھ میاں نظام الدین مرحوم وزیرِ اعظم پونچھ کی دختر نیک اختر کی شادی عمل میں آئی۔ میں بھی اِس شادی میں موجود تھا۔ مجھے یاد ہے کہ نکاح خواں نے جب میاں نظام الدین صاحب سے پوچھا کہ کیا مہر مقرر کیا جائے؟ تو آپ نے فرمایا دو سیر کھجوریں۔ مگر نواب محمد حیات خان صاحب نے کہا، میں میاں صاحب کی اِسلامی سپرٹ کا تو بہت قائل ہوں۔ مگر یہ نہیں چاہتا کہ آج کل کے نوجوانوں کو جو ناکتخدا بھیجے ہوتے ہیں، اِتنی آزادی دے دی جائے۔ اِس لیے کم سے کم گیارہ ہزار

روپیہ مہر باندھے ۔ چنانچہ اسی پر نکاح پڑھا گیا ۔ اس کے بعد سر سکندر کو علی گڑھ میں داخل کرا دیا گیا ۔ یہ بہت پھرتیلے اور کرکٹ کے شوقین تھے ۔ اس لیے یہ وہاں کرکٹ ٹیم کے کپتان مقرر ہو گئے اور کچھ عرصہ بعد مزید تعلیم حاصل کرنے کے لیے ولایت چلے گئے ۔ اسی اثنا میں سردار صاحب کا انتقال ہو گیا ۔ اور اسلم حیات خان صاحب بھی جوانی میں ہی رحلت فرما گئے ۔

ولایت سے واپسی کے بعد سر سکندر کو ملازمت کی تلاش ہوئی اور انھوں نے تحصیلداری حاصل کرنے کی کوشش کی ۔ اس ضرورت کے لیے گارنٹ صاحب کمشنر کی کوٹھی پر کئی دفعہ جاتے رہے ۔ کیونکہ ابتدائی رپورٹیں کمشنر ہی کے ذریعے ہی ہوتی ہیں ۔ مگر خدا کو انھیں اس ذلت سے بچانا تھا ۔ اس لیے یہ تحصیلداری میں بھرتی ہونے کی بجائے واہ کی سیمنٹ کمپنی کے حصہ دار بن گئے ۔ سمجھداری اور موقع شناسی کے باعث بہت جلد کئی دوسری تجارتی کمپنیوں اور بنکوں کے ڈائرکٹر ہو گئے ۔ اپنے ضلع کیمبل پور کے ڈسٹرکٹ بورڈ کے صدر بھی رہے ۔ اور اس خوبی سے کام کیا کہ ہندو مسلم سکھ عیسائی سب ان کے ثنا خواں تھے ۔

۱۹۱۹ء کی اصلاحات کے بعد جب پنجاب میں صوبائی کونسل قائم ہوئی تو سر سکندر اپنے ضلع کی طرف سے اس کے ممبر منتخب ہو گئے ۔ طبیعت چونکہ بہت اچھی پائی تھی اور میل ملاقات کے بھی بہت قائل تھے ۔ اس لیے گورنر صاحب نے ان کو وزارتِ بہاول پور کے لیے کہا

تو انھوں نے کچھ سوچ سمجھ کر منظور کر لیا۔ اُس وقت وزیرِ بہاول پور کی تنخواہ دو ہزار روپیہ قرار دی گئی تھی۔ اور ریاست سے ایک مُعاہدہ ہُوا تھا کہ پانچ سال کے اندر اگر ریاست اِن کو علٰحدہ کر دے تو یہ پانچ سال کی تنخواہ یکمُشت لینے کے حق دار ہوں گے۔ بہاول پور میں اُن دِنوں مولوی غلام حسین صاحب کا طوطی بول رہا تھا۔ جو پہلے زمانے میں نواب صاحب کے اتالیق رہ چکے تھے اور اب ریاست کے سیاہ و سفید کے مالک تھے سر سکندر کو دیانت و امانت سے کام کرنے والا دیکھ کر اُنھیں فکر پیدا ہُوئی اور اُنھوں نے نواب صاحب کو مشورہ دیا کہ ریاست بہاول پور پر جو نہر کے اِجرا کے متعلّق گورنمنٹ کا قرضہ ہے۔ اُس کے سُود کو گھٹانے یا بالکل مُعاف کرنے کے لیے سر سکندر کو ولایت بھیج دیا جائے۔ سر سکندر فرماتے تھے کہ اِس کام کے لیے ہز ہائی نس نے مجھے پچاس ہزار روپے پیش کیے۔ مگر میں نے کہا کہ اس مُعاملے کے لیے انگلستان جانے کی ضرورت ہی کیا ہے۔ جو کچھ ہو گا گورنمنٹ آف انڈیا کی سفارش سے ہو گا۔ اور وہ یہیں سے میل مُلاقات اور خط و کتابت سے طے ہو سکتا ہے۔ چنانچہ اُنھوں نے روپیہ نہ لیا۔ اور یہیں سے اِس مُعاملے کے متعلّق خط و کتابت کرتے رہے

مولوی صاحب چُونکہ اُن کے وجود کو کانٹا خیال کرتے تھے۔ اِس لیے وہ کچھ ایسی تدبیریں کرتے رہے کہ آخرالامر اُنھیں الگ ہو جانا پڑا۔ مُعاہدہ کے مُطابق ریاست کی طرف سے پنج سالہ تنخواہ کا چیک بھی اُن کو دیا گیا۔ مگر اُنھوں نے واپس کر دیا۔ جب سر سائمن ہندوستان میں تحقیقات کرنے کے

لیے دَورہ کرتے ہوئے پنجاب میں آئے تو سر سکندر کی اُن سے ملاقات ہوئی سر سائمن نے گورنر صاحب سے کہہ کر ان کو بھی اپنے ساتھ شاملِ تحقیقات کرلیا۔ اس پر جو رپورٹ انھوں نے لکھی وہ سر سکندر رپورٹ کے نام سے شائع ہوئی۔ جس کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ باوصف سرکاری تعلقات کے اُن کو ملکی بہبود اور قومی حقوق کا کتنا احساس تھا۔

قانون ۱۹۳۵ء کے مطابق جب صوبجات میں خود مختار اسمبلیاں قائم ہوئیں تو متفقہ طور پر سر سکندر ہی پنجاب کے پہلے وزیرِ اعظم مقرر ہوئے۔ اور انھوں نے سر چودھری چھوٹو رام، ملک خضر حیات خاں، سر منوہر لال سر سُندر سنگھ مجیٹھہ اور میاں عبدالحی کو اپنی وزارت میں شامل کرکے نہایت کامیابی سے وزارت کے کام کو چلایا۔ سر سُندر سنگھ سر سکندر کی زندگی میں ہی انتقال کر گئے۔ ان کی جگہ پہلے سردار سوندھا سنگھ وزیر مقرر ہوئے اور پھر سردار بلدیو سنگھ صاحب، جو آج کل وزیر ترقیات ہیں۔ سر سکندر کی موت کے بعد ملک خضر حیات خاں ٹوانہ اُن کے جانشین بنے اور چودھری سر چھوٹو رام اُن کے دستِ راست۔ لیکن موت نے چودھری صاحب کو بھی مہلت نہ دی اور وہ جنوری ۱۹۴۵ء میں انتقال کر گئے۔

سر چودھری چھوٹو رام غیر معمولی قابلیت اور دل و دماغ کے مالک تھے سیاسیات میں اُن کو بہت دخل تھا اور یہ فن انھوں نے سر میاں فضل حسین مرحوم کی شاگردی میں حاصل کیا تھا۔ میاں صاحب مرحوم کے زمانے میں تو ان کو کوئی خاص اہمیت حاصل نہ تھی۔ سر سکندر کے زمانۂ وزارت میں

انھوں نے پر پرزے نکالے مگر خضر حیات خاں صاحب کی وزارت میں تو یہ کیبینٹ پر چھائے ہوئے تھے۔ اجتماعی حیثیت سے انھوں نے زمینداروں کی بہت خدمات انجام دیں۔ جن سے مسلمانوں کو بھی فائدہ پہنچا۔ لیکن انفرادی حیثیت سے وہ مسلمانوں کے خیر خواہ نہ تھے۔

پنجاب کونسل میں جو تقریریں سر سکندر کی مختلف رپورٹوں میں چھپی ہوئی موجود ہیں۔ اُن سے پتا چلتا ہے کہ باوجود سرکاری تعلقات کے وہ کس قدر آزاد خیال اور ترقیِ ملک کے حامی تھے۔ پنجاب کونسل میں آتے ہی میری اُن سے تجدیدِ ملاقات ہوئی اور وہ اپنی عادت کے مطابق بہت جلد مجھ سے گھل مل گئے۔ اِس بات کا بھی اُن کو خیال رہا کہ یہ میرے باپ کے ملنے والے ہیں۔ میں نے اگرچہ اُنھیں ذاتی مفاد کے لیے بہت ہی کم کہا ہے لیکن انھوں نے میری کسی بات کو رائیگاں نہیں جانے دیا۔

جب اسمبلی کے ووٹروں کی فہرستیں چھپنی شروع ہوئیں تو یہ کام غالباً سر چودھری چھوٹو رام صاحب کے سپرد تھا۔ یہ فہرستیں تین پریسوں یعنی گلاب سنگھ، عطر چند اور فیروز سنز کو دی گئیں۔ جس پر میں نے سر سکندر کو لکھا کہ یہ انصاف نہیں ہے۔ تیسرے دن سر چھوٹو رام کا تار الیکشن کمشنر کے دفتر میں آیا کہ لاہور امرت سر کی فہرستیں بھی فیروز سنز کو دے دی جائیں۔ یہ تبدیلی سر سکندر ہی کی وجہ سے عمل میں آئی تھی۔

مرنے سے تقریباً ایک ماہ پہلے حسبِ معمول میرے ہاں تشریف لائے تو ترجمے والا قرآن مجید دیکھ کر بے حد مسرور ہوئے اور کہا جتنی جلدی ہو اِس

کو چھاپیے۔ اِس کی بڑی ضرورت ہے۔ مَیں نے کہا کہ چھاپنے کو تو میں ہر وقت تیار ہُوں۔ لیکن کاغذ کی کمیابی ہے۔ جس پر اُنھوں نے فوراً قلم دوات لے کر بتاپرصاحب مالک جگادھری پیپر ملز کے نام ایک چٹھی لکھ دی کہ اِن کو سوٹن کاغذ ضرور دے دیا جائے۔ لیکن اُنھوں نے کہا کہ "میں مجبور ہُوں گورنمنٹ کی فرمائشیں ہی پوری نہیں ہوتیں تو مُلک کی ضروریات کو کس طرح پُورا کیا جائے"۔ حمائل چھپنے پر میاں عبدالحی صاحب موجودہ وزیرِ تعلیم نے بھی اُنھیں کاغذ دینے کے لیے چٹھی لکھی مگر اُنھوں نے انکار کر دیا۔

سر سکندر غریب خانے پر تقریباً سال میں دو تین بار تشریف لایا کرتے آپ میری دعوت پر کئی بار محمود بُوٹی کے اُس باغ میں بھی تشریف لے گئے جس کی فروخت کے روپے سے اب میں نے ایک ٹرسٹ قائم کر دیا ہے تاکہ اِس روپے کو عکسی قرآن مجید مُترجم و معرّا (ہر سائز) پر لگایا جائے اور اِس سے جو منفعت ہو اُسے خیراتی ہسپتال پر خرچ کیا جائے۔ چُنانچہ یہ ٹرسٹ عدالت سب رجسٹرار لاہور میں مورخہ ۱۳ر جنوری ۱۹۴۲ء کو رجسٹری ہو چکا ہے اور ڈاکٹر وحید اس کے ٹرسٹی مُقرّر ہوئے ہیں۔

سر سکندر ۲۶ر دسمبر ۱۹۴۲ء کو اپنے بیٹوں شوکت حیات خاں۔ عظمت حیات خاں اور صاحبزادی کی شادی سے فارغ ہو کر ساڑھے نو بجے شب پلنگ پر لیٹ گئے اور کہنے لگے کہ مُجھے پیٹ میں درد معلوم ہوتا ہے۔ قیاس ہے کہ میں نے شاید کچھ زیادہ کھا لیا ہے۔ چُنانچہ دلیسی

گھریلو علاج کیا گیا اور احتیاطاً ڈاکٹر کے بلانے کو بھی آدمی بھیجا گیا، مگر جب گیارہ بجے شب ڈاکٹر آپ کو دیکھنے آیا اور آپ کی بیگم آپ کو دیکھنے کے لیے کمرے میں داخل ہوئیں تو دیکھا کہ مُرغِ رُوح قفسِ عنصری سے پرواز کر چکا ہے۔ صبح ریڈیو نے اُن کی وفات کی خبر سُنائی تو اکثر لوگوں کو یقین نہ آیا۔ میرے لڑکوں میں سے ڈاکٹر وحید اور حمید بھی شریکِ دعوت تھے۔ فراغت کے بعد جب اُنھوں نے رُخصت چاہی تو کہا کہ ذرا ٹھہریے آپ بھی عام لوگوں کی طرح جا رہے ہیں۔ چنانچہ اُن کو بضد ہو کر کچھ دیر اور ٹھہرایا۔

دُوسرے دن تین بجے بعد دوپہر فوجی تزک و احتشام کے ساتھ اُن کا جنازہ اُٹھا اور شاہی مسجد کی سیڑھیوں کے وائیں طرف بوقتِ شام سپردِ خاک کیا گیا۔ شاملینِ جنازہ کی تعداد لاکھ سے بھی زیادہ بتائی جاتی ہے اِس کے علاوہ سڑکوں اور بازاروں کے دو رویہ مخلوقِ خُدا اُن کے جنازے کو دیکھنے کے لیے جمع تھی۔ رؤسا اور اُمرا کا تو کیا ذکر خود گورنر صاحب پہلے اُن کے مکان پر اور پھر دفن کے وقت قبر پر موجود تھے۔

مر سکندر حیات خاں نے ایک مرتبہ مجھ سے کہا کہ آپ کو اِس جنگ میں ٹھیکہ لینا چاہیے۔ مَیں نے کہا کہ میں نے اپنی ساری عُمر میں یہ فن کبھی نہیں سیکھا۔ اُنھوں نے کہا کہ موقع سے فائدہ نہ اُٹھانا بد قسمتی کی دلیل ہے۔ اگر میں اِس عُہدے پر مُقرّر نہ ہوتا تو ضرور ٹھیکہ لیتا اور دو کروڑ روپیہ کما لیتا چنانچہ اُن کے ہمّت بڑھانے پر اس کام کی طرف توجّہ کی گئی اور خُدا کے

فضل سے لاکھوں روپے کے ٹھیکے دیئے گئے۔

شاہی مسجد عرصے سے مرمت طلب ہو رہی تھی۔ مگر اس کے لیے لاکھوں روپے کی ضرورت کو کون پورا کر سکتا تھا۔ خدا نے سر سکندر کو یہ توفیق بخشی اور انھوں نے حکومت سے یہ قانون منظور کرا لیا کہ مسلمان زمیندارانِ پنجاب سے مالیہ کے ساتھ دو پیسہ فی روپیہ مرمتِ مسجد کے لیے وصول کر کے اس کام پر لگایا جائے اور اتنا ہی روپیہ گورنمنٹ بطورِ امداد دے۔ یہ بہت بڑا کارنامہ ہے۔ مرمت شروع ہوئی تو پیمائش سے معلوم ہوا کہ مسجد کے مینار ڈیڑھ ڈیڑھ فٹ ٹیڑھے ہو چکے ہیں جن کا سیدھا کرنا بڑا وقت طلب کام ہے۔ مگر اس بندۂ خدا نے ہمت نہ ہاری۔ دو تو صحیح ہو چکے ہیں۔ دو جو باقی ہیں وہ بھی انشاء اللہ درست ہو جائیں گے۔

زمینداروں کے لیے جو قوانین منظور ہوئے ہیں۔ وہ بھی اُن کی بہترین یادگار ہیں۔ جس کے باعث غریبوں کی ہزاروں زمینیں واگزار ہو گئیں۔ اور اب تو تقریباً ہر ضلع میں مصالحتی بورڈ مقرر ہو گئے ہیں جو زمینداروں کے قرضوں کا تصفیہ کر دیتے ہیں۔

اس کے ساتھ ہی یہ امر افسوس ناک ہے کہ اُن کے وقت میں خاکساروں کے ساتھ حکومت کا تصادم ہو گیا جس میں کئی خاکسار جان سے مارے گئے اور ایک دو پولیس افسر بھی جاں بحق ہوئے۔ پولیس والوں کو تو گورنمنٹ نے معاوضہ دے دیا۔ لیکن خاکساروں کا خون بے دیت جوں کا توں رہا بلکہ کئی لوگ قید و بند میں بھی جکڑے گئے۔

## علامہ اقبالؒ :

جن دنوں میرے بھتیجے منشی دین محمد مرحوم کو مشاعرے کا شوق تھا تو اُس میں علامہ اقبال، سر عبدالقادر، اور لالہ ہرکشن لال بھی تشریف لایا کرتے تھے اِنھی دنوں میری اُن سے ملاقات ہوئی اور میں نے دیکھ لیا کہ ایک دن یہ شخص بڑا نام پائے گا اور اعلیٰ مرتبہ پر پہنچے گا۔ علامہ موصوف کو طالب علمی کے زمانے ہی سے شعروشاعری کا ذوق رہا ہے۔ فارغ التحصیل ہو کر وہ اِس کی طرف پوری تندہی سے متوجہ ہوئے۔ اور انجمن حمایت اسلام کے جلسوں میں بھی اپنی نظمیں پڑھنے لگے۔ پنجاب میں نظموں کو ترنم کے ساتھ پڑھنا اِنھی کی ایجاد ہے۔ ان نظموں میں چونکہ سوز و گداز کوٹ کوٹ کر بھرا ہُوا تھا۔ اِس لیے وہ عوام و خواص سب میں مقبول ہوئیں۔ اور علامہ اقبال گُنجِ عزلت سے نِکل کر دوشِ شہرت پر سوار ہو گئے۔

پُرانے خیال کے شاعروں نے لوگوں کو راضی برضا، اور قناعت گزیں ہونے کی تلقین کی ہے لیکن اقبال نے اِس کی مخالفت کی اور لوگوں کو سمجھایا کہ تم اگر غفلت اور سستی چھوڑ کر توسنِ ہمت پر سوار ہو جاؤ۔ تو دُنیا تمھارے زیرِ نگیں ہو سکتی ہے۔ حافظِ شیراز اُن قنوطی شعرا میں سے تھے جو صبر و قناعت کی تلقین اور شرابِ ناب کی تحسین کرتے رہے ہیں عام لوگوں کو اُن کی شیرینی کلام کے باعث اُن کے متعلق بزرگانہ حسنِ ظن پیدا ہو چکا ہے۔ اِس لیے موجودہ زمانے کے بعض شعراء اور علماء نے اقبال کے نظریئے کی تحقیر کی۔ مگر یہ دُھن کا پکّا اپنے کام میں برابر لگا رہا۔ ان کی

کتاب "اسرار خودی" کا ترجمہ یورپی زبانوں میں ہو چکا ہے۔ بلکہ جرمنی کے نصابِ تعلیم میں بھی شامل ہے۔ کیونکہ مشہور فلسفی گوئٹے کا نظریہ ان سے بہت کچھ ملتا جلتا ہے۔ یہ اسی شہرت اور مقبولیت کا اثر تھا کہ انگلستان کے اربابِ حل و عقد نے گورنمنٹ ہند کو انہیں سر کا خطاب دینے کی تحریک کی۔ اس زمانے میں سر ایڈورڈ میکلیگن گورنر پنجاب تھے۔ انھوں نے اُن کو بلایا اور اُن کی تحریر و تقریر سے اس قدر متاثر ہوئے کہ ان کو "سر" کا خطاب دینے کے ساتھ یہ بھی پوچھا کہ اور بھی ایسا کوئی قابل آدمی آپ کی نگاہ میں ہو تو بتائیے۔ انھوں نے مولوی سید میر حسن صاحب کا نام لیا جو اُن کے سیالکوٹ میں فارسی کے اُستاد تھے۔ چنانچہ اسی سال یا اِس کے دُوسرے برس ہی انھیں شمس العلماء کا خطاب دیا گیا اِس کے علاوہ آپ نے اور بھی بہت سی کتابیں رموزِ بے خودی۔ بالِ جبریل بانگِ درا اور پیامِ مشرق وغیرہ لکھیں۔ جن کے ذریعہ قوم کو زندگی کا پیام دیا اور یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اُن کے کلام نے مُسلمانوں میں ایک نئی رُوح پیدا کر دی ہے۔

علامہ موصوف ۱۸۷۶ء میں سیالکوٹ کے ایک متوسط گھرانے میں پیدا ہوئے۔ خُدا داد ذہانت پائی تھی۔ ہر جماعت میں ہمیشہ اوّل رہے انٹرنس پاس کرنے کے بعد مرے کالج سیالکوٹ میں داخل ہوئے۔ اور پھر لاہور کے گورنمنٹ کالج سے ایم۔ اے کا امتحان پاس کیا۔ اس کے بعد کچھ عرصہ تک اوریئنٹل کالج لاہور میں فارسی کے پروفیسر رہے

اور پھر گورنمنٹ کالج میں انگریزی کے پروفیسر مقرر ہو گئے۔ ۱۹۰۵ء میں انگلستان تشریف لے گئے اور وہاں قانون اور فلسفہ کی تعلیم حاصل کی انگلستان سے آپ جرمنی گئے۔ جہاں "فلسفۂ ایران" کے نام سے ایک کتاب لکھی۔ اس کتاب کی خوبیاں دیکھ کر میونخ یونیورسٹی نے آپ کو پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری دی۔

انگلستان سے واپسی پر آپ نے بیرسٹری شروع کی۔ اس زمانے میں بھی میری اُن سے کئی ایک ملاقاتیں ہوئیں۔ ان دنوں آپ پنجاب ٹیکسٹ بک کمیٹی کے ممبر تھے۔ چنانچہ بغیر میرے کچھ کہے سُنے آپ میری کتابوں کی منظوری میں امداد دیتے رہے۔ ایک دفعہ "تاریخ پنجاب" پیش تھی۔ جس دن کمیٹی کا جلسہ تھا۔ اُسی دن ایک میونسپل انجینئر کے ریٹائر ہونے پر دعوت چائے بھی تھی۔ لہٰذا علامہ اقبال، سر فضل حسین اور اکثر دوسرے مسلمان ممبران ایجنڈے کو اُدھورا چھوڑ کر چلے گئے اور مخالفوں نے اِس کتاب کے متعلق غلط ریمارکس پاس کرا دیئے۔ میں نے اُن سے ذکر کیا تو بہت محجوب ہوئے۔ اور پھر آئندہ اجلاسوں میں جب بھی اِس کتاب کا معاملہ پیش ہُوا، تو اپنی اس بے پروائی کی کافی تلافی فرماتے رہے۔ یہ تو میں جانتا نہیں کہ آپ نماز روزے کے کس قدر پابند تھے۔ مگر عاشقِ رسُول ضرور تھے۔ سُنا ہے کہ جب آپ گول میز کانفرنس میں شریک ہونے کے لیے لندن گئے اور راہ میں وہ مقام آیا جہاں سے حجاز کو راستہ جاتا ہے، تو بے اختیار رو دیئے۔

اقبال کے مزاج میں نمود و نمائش بالکل نہ تھی۔ سادہ کپڑے پہنتے اور سادہ خوراک کھاتے۔ کھچڑی اُن کی مرغوب غذا تھی، جس میں گھی وافر پڑا ہوتا تھا۔ میرے یہاں بھی کئی دفعہ تشریف لائے۔ جب افغانستان پر نادر خان کا قبضہ ہُوا تو علامہ صاحب نے افغانستان کی امداد کے لیے چندے کی تحریک چلائی اور اِس سلسلے میں میرے ہاں بھی تشریف لائے۔ میں نے سو روپیہ پیش کیا تو کہا اس پر کچھ اور بڑھایئے۔ میں نے پچاس روپے اضافہ کر دیئے۔ جنھیں لے کر کہا "یہ بہت مناسب ہے۔"

میں نے گلستان کا نثر کا نثر میں اور نظم کا نظم میں اُردو ترجمہ کیا تو اس کے کچھ مسوّدات اُن کو بھی سُنائے۔ انھوں نے "خطائے بزرگاں گرفتن خطا است" کہہ کے کئی جگہ اصلاح کا مشورہ دیا۔

پنجاب کونسل کا ممبر ہو جانا اُن کی ہر دلعزیزی کو دیکھتے ہوئے ایک بالکل معمولی بات تھی۔ چنانچہ ۱۹۲۶ء میں وہ کونسل کے ممبر ہو گئے لیکن کونسل میں اپنے حسبِ منشاء قوانین و ضوابط پیش نہ کر سکے۔ اگر آپ چاہتے تو وزارت میں بھی لے لیے جاتے مگر اس بات کے لیے جس قدر تملّق اور ظاہرداری کی ضرورت تھی، وہ آپ کے مزاج میں نہ تھی۔

آپ کو تاریخ اسلام پر بہت عبور تھا۔ کسی کے یہاں بہت کم آتے جاتے تھے۔ لیکن اُن کی کوٹھی پر ملنے والوں کا تانتا لگا رہتا تھا ہر موضوع پر نہایت بے تکلفی سے گفتگو فرماتے اور بعض اوقات تو

گھنٹوں ایک ہی موضوع پر اظہارِ خیالات فرماتے چلے جاتے۔

۲۱ر اپریل ۱۹۳۸ء کو آپ کا انتقال ہُوا۔ بیمار تو بہت مُدت تک رہے اور نواب صاحب بھوپال نے اپنے ہاں بُلا کر علاج مُعالجہ بھی کرایا۔ لیکن آخر مرض جان لے کر ہی ٹلا۔ آپ کو شاہی مسجد کی سیڑھیوں کے پاس دفن کیا گیا۔

مرنے کے بعد اب معلوم ہُوا کہ اقبال کیا کام کر گیا۔ اب ہر سال "اقبال ڈے" منائے جاتے ہیں۔ زندگی میں بھی اقبال کی جو قدر ہوئی وہ بہت کم شاعروں کو نصیب ہوئی ہوگی۔ مرنے سے ایک سال پہلے تقریباً تمام دُنیا میں یومِ اقبال منایا گیا اور مرحوم نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا کہ عوام کو اُن سے کس قدر عقیدت ہے۔ ع

حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

## صاحبزادہ سر عبدالقیوم :

صاحبزادہ صاحب موضع ٹوپی کے ایک مُعزز گھرانے کے فرد تھے تعلیم پا کر مُلازمتِ سرکار میں داخل ہُوئے اور رفتہ رفتہ پولیٹیکل ایجنٹ کے عُہدے پر مامُور ہو گئے۔ تمام عُمر اُنھوں نے اپنے فرائضِ عہدیداری نہایت تندہی سے انجام دیے۔ پولیٹیکل محکمہ میں ہونے کے باعث اکثر علماء و مشائخ اُن کے شکار ہُوئے۔ اُن کی خدمات سے حُکّامِ انگریزی بہت خوش تھے۔ ان کے لیے پولیٹیکل پنشن اس مقدار میں مُقرر ہُوئی کہ سوائے انگریزوں کے کسی کو نہیں ملی۔ ریٹائر ہونے کے بعد کچھ عرصہ خانہ نشین

رہے ۔ مگر ملکی معاملات میں بھی اُن کی خدمات بیش از بیش ہیں ۔ اسلامیہ کالج پشاور اُن کے حُسنِ کارکردگی کی ایک زندہ مثال ہے ۔ جس میں اُنھوں نے اپنے رسُوخ کے باعث گورنمنٹ سے بھی معقول امداد لی ۔ اور خوانین اور معززینِ صُوبہ سرحد کو بھی دل کھول کر عطیات دینے پر مجبور کیا ۔ اس وقت یہ کالج ہندوستان کے کسی ممتاز کالج سے کم نہیں ۔

میری اُن سے پہلی ملاقات لاہور میں سید حاکم شاہ صاحب کے ہاں ہوئی ۔ جنھوں نے اُن کی دعوت کی تھی اور میں بھی مدعو تھا ۔ اس کے بعد کئی دفعہ پشاور میں بھی ملاقاتیں ہوئیں مگر میں نے اُنھیں کبھی کسی ذاتی کام کے لیے نہیں کہا ۔

جب آپ گول میز کانفرنس میں صُوبہ سرحد کی نمائندگی کرنے گئے تو آپ نے اپنی تقریر میں کہا کہ صُوبہ سرحد عظیم الشان گورنمنٹ انگریزی کے مقابل ایک مچھر سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا ۔ مگر جب یہ مچھر کسی صاحب بہادر کی نتھنوں میں جا گھستا ہے تو بے چین کر ڈالتا ہے ۔ اُن دنوں صُوبہ سرحد کی طرف سے علٰحدگی کا مُطالبہ کیا جا رہا تھا ۔ لندن سے واپسی پر اُن کا یہ مُطالبہ پُورا کر دیا گیا ۔ وہاں ایک قانونی کونسل قائم ہُوئی اور آپ سب سے پہلے وزیرِ اعظم مُقرر ہوئے تھے ۔ ذاتی اور عہدے داری کے لحاظ سے آپ فیاض نہ تھے مگر بے انصافی بھی نہ کرتے تھے ۔

صاحب زادہ صاحب سے جب میں اُن کی وفات سے تین چار ماہ پہلے ملا تو میں نے کہا کہ اِس میں تو کوئی کلام نہیں کہ آپ سرحد والوں

کے لیے فرشتۂ رحمت ہیں۔ مگر پنجاب اور دُوسرے علاقوں کے لوگوں کے لیے آپ کی پالیسی بدترین لعنت ہے۔ آپ کی مُلازمتوں کے اشتہار میں اگر چپراسی کی جگہ بھی خالی ہوتی ہے تو اُس میں بھی صُوبہ سرحد کے لوگوں کی تخصیص ہوتی ہے۔ حالانکہ شرعاً یہ اصُول غلط ہے۔ حدیث میں آیا ہے کہ "کُلُّ مُؤمِنٍ اِخوَۃٌ" اگر پہلے مُدبر بھی ایسا ہی کرتے تو چین، افریقہ وغیرہ ممالک میں مُسلمانوں کا وجود تک نظر نہ آتا۔ آپ نے فرمایا کہ یہ تو ہم نے بہانہ بنا رکھا ہے۔ ورنہ جس کو جس لائق سمجھتے ہیں وہ کام دے دیتے ہیں۔ دیکھیے سکندر مرزا کو ڈپٹی کمشنر بنا دیا ہے۔ ایسی ہی اور بھی کئی مثالیں اُنھوں نے بیان فرمائیں۔

۱۹۳۷ء کے انتخابات میں ہندوستان کی ہوا بدل چکی تھی۔ اِس لیے ڈاکٹر خان صاحب کامیاب اور صاحبزادہ صاحب ناکام رہے معلوم ہوتا ہے کہ دُنیا کی اِس طوطا چشمی کا ان پر بہت اثر ہُوا۔ بیمار پڑے تو پھر اُٹھ نہ سکے۔ اور جلد ہی وفات پا گئے۔ ع

خُدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں

## راجہ نریندر ناتھ:

راجہ نریندر ناتھ ایک خاص اَدبی مذاق کے مالک تھے اور اگرچہ میدانِ سیاست میں اکثر ہندو دوستوں نے اُنھیں بھی اپنے رنگ میں رنگ لیا تھا تاہم یہ بات قابلِ تعریف ہے کہ پہلے پہل ان کے تمام

ملازم مسلمان تھے۔ اور ان کو راجہ صاحب کے مزاج میں بہت دخل تھا اِس لحاظ سے وہ اُن کی قدر بھی کرتے تھے کہ یہ اُن کے قدیمی خدمت گذار ہیں جب تک وہ مر نہیں گئے انھوں نے کوئی نیا ملازم نہیں رکھا۔ ان کے کرایہ دار بھی اکثر مسلمان ہی تھے جن کو وہ خاص مراعات دینے میں دریغ نہ فرماتے۔

جیسا کہ میں نے اُوپر ذکر کیا ہے۔ راجہ صاحب کو ادب سے بھی ایک خاص لگاؤ تھا۔ میرے بیٹے محمد سعید کی وفات پر اظہارِ تعزیت کے لیے آئے تو یہ رُباعی پڑھی ؎

نے آنکہ دوا ہیچ نہ دارد اثرے
نے زندگی موقوف بہ ہر برگ و برے
موقوف بشرطِ این و آں نیست کہ ہست
مرگ و مرض و شفا بدستِ دگرے

میں نے فی البدیہ اس فارسی رُباعی کا ترجمہ ذیل کی رُباعی میں کر کے راجہ صاحب کی خدمت میں پیش کر دیا ؎

یہ بھی نہیں صحیح کہ دوائیں ہیں بے اثر
یہ بھی غلط کہ ہر جڑی بوٹی ہے کارگر
سچ تو یہ ہے کہ خالقِ اکبر کے ہاتھ ہے
موت و حیات، درد و شفا جملہ خیر و شر

راجہ صاحب رُباعی سُن کر پھڑک اُٹھے اور دیر تک داد دیتے رہے۔

گلستانِ سعدی کا جو ترجمہ میں نے کیا تھا، اُس کی بھی بہت تعریف فرماتے تھے۔ گلستاں کے اشعار کا ترجمہ اصل فارسی بحر میں کر دینا وہ ایک مافوق العادت کامیابی سمجھتے تھے۔ اِس کے علاوہ جب کبھی اُن سے کوئی امداد چاہی تو اُنھوں نے کبھی دریغ نہیں کیا۔ جس کے نام کی چٹھی مانگی دے دی۔ زبانی کہنے کو کہا تو کہہ دیا۔ اُن کا ادبی رُجحان اِس سے ظاہر ہے کہ میں جب کبھی اُن سے ملا تو اس مجلس میں کسی نہ کسی ادبی مسئلے کا ذکر ضرور رہا۔ یہ چند دنوں کے لیے کمشنر ہو گئے تھے مگر پھر ڈپٹی کمشنری پر واپس کر دیے گئے۔ جس پر انھوں نے استعفا دے دیا۔ میں نے عرض کیا کہ آپ نے استعفا دینے میں جلد بازی کی ہے۔ فرمایا کہ اب نوکری میں کچھ عزت نہیں رہی۔ پہلے تو یہ زمانہ تھا کہ جس بازار یا گلی سے گزر جاتے تھے۔ لوگ اُٹھ کر سلام کرنا فخر جانتے تھے۔ اب ہزار دفعہ پھرو کوئی پُوچھتا تک نہیں۔ اِس کے سوا میں دیکھتا ہوں کہ نوکری کے باعث زمینداری اور دُوسری جائداد کے انتظام کے لیے مجھے وقت نہیں ملتا۔ اُمید ہے مُلازمت چھوڑ کر میں گھاٹے میں نہ رہوں گا اور بہتر معقول انتظام کی وجہ سے تنخواہ کی کمی پُوری ہو جائے گی۔ ان کے صاحبزادے پروفیسر انند کمار نے بھی باپ کی سی طبیعت پائی ہے۔ مگر راجہ صاحب نے انھیں پہلے ہی سے تعلیمی کام میں لگا دیا۔ کہ اختیار داری کا جوش انھیں اِنسانیت سے خارج نہ کر دے۔ یہ امر بھی قابلِ ذکر ہے کہ میٹرک تک کی تعلیم اُنھوں نے صاحبزادے کو گھر پر ہی دلوائی۔ میں نے سبب

پوچھا تو کہا کہ مدرسوں میں صحبت بہت خراب ہے۔ یہ اعتراض بالکل صحیح ہے مگر ہر شخص اِتنی مقدرت نہیں رکھتا کہ وہ اپنے بیٹے کے لیے کئی کئی تنخواہ دار اُستاد مقرر کرے۔ مختصر یہ کہ آپ اپنے رنگ کے بے نظیر شخص تھے۔

راجہ صاحب جن دنوں ملتان کے ڈپٹی کمشنر تھے۔ مجھے بھی ملتان جانے کا اِتّفاق ہُوا۔ اور میں اِنہی کی کوٹھی پر ٹھہرا۔ اتّفاق سے مجھے بخار کی شکایت ہوگئی۔ آپ نے اُسی وقت ڈاکٹر کو بُلوایا اور دوائی منگوا کر دی۔ معمولی بُخار تھا۔ اگلے ہی دِن آرام آگیا۔ دو تین دن تک اُن کا ہی مہمان رہا یہ وہ دن تھے کہ مالی بھالی ختم ہونے میں چند دن باقی تھے۔ قاعدہ یہ ہے کہ کسی مد میں اگر منظور شدہ رقم اِختتامِ سال تک ختم نہ ہو جائے تو باقی رقم ضبط ہو جاتی ہے۔ اور ڈسٹرکٹ انسپکٹروں کا یہ حال تھا کہ جب تک نذرانہ نہ دیا جائے کام نہ بنتا تھا چنانچہ راجہ صاحب نے بہ حیثیت چیئرمین ڈسٹرکٹ بورڈ خود ہی آرڈر دے دیا اور یہ بھی حکم دے دیا کہ چونکہ یہ ایک باوقار فرم ہے۔ اِس لیے کتابوں کی قیمت پیشگی دے دی جائے۔ راجہ صاحب اپریل ۴۵ء کو یکایک حرکتِ قلب بند ہو جانے سے تقریباً اسی سال کی عُمر میں انتقال فرما گئے۔

## سر تیج بہادر سپرو:

آپ یُو۔ پی کے بہت مشہور بیرسٹر ہیں اور ہندو مُسلم اِتّحاد کے بڑے حامی۔ اُردو سے آپ کو خاص محبت ہے۔ اور اس کو ہندوستان کی ملکی زبان

سمجھتے ہیں۔ پچھلے دنوں جب آپ اپنے صاحبزادے کے علاج مُعالجے کے لیے کشمیر تشریف لے گئے تھے۔ تو میں نے اُنھیں لکھا کہ ہندو مُسلم مفاہمت میں آپ کا وجود بہت کارآمد چیز ہے۔ میں جانتا ہوں کہ اس میں بے شمار مُشکلات ہوں گی۔ پھر بھی میرا یقین ہے کہ اگر آپ کمر ہمّت باندھ لیں تو یہ معاملہ بآسانی نپٹ سکتا ہے۔ مسلم لیگ اور نیشنل کانگرس کا نُقطۂ نگاہ ایک کرنے کے لیے آپ ایسے ہی کُشادہ دل انسان کی ضرورت ہے جس پر اُنھوں نے مجھ کو تو کوئی خط نہیں لکھا مگر شکر ہے کہ آپ نے میری اِس تجویز پر اِس گورکھ دھندے کو سُلجھانے کے لیے بڑی ہمّت فرمائی اور ایک مُصالحتی کمیٹی مُقرر کر کے اُس کی بہت سی سب کمیٹیاں بنا دی گئیں۔ کانگرس اور مُسلم لیگ نے اِن سے تعاوُن کرنے سے انکار کر دیا پھر بھی اُنھوں نے اپنی تجاویز عوام اور حکومت کے روبرو پیش کر دیں یہ تو معلوم نہیں ہو سکا کہ حکومت نے اِن تجاویز کو کس نظر سے دیکھا ہے مگر ہم ہاؤس کو ملک کی عام رائے اور ہمدردی حاصل نہ ہو سکی۔ بہرحال ایسے لوگوں کا وجود بہت غنیمت ہے۔ میرے داماد ظہیر الدّین ظفر جب الٰہ آباد میں تھے تو اُنھیں ان سے کئی دفعہ ملنے کا اتّفاق ہُوا۔ اور ہفتہ وار مجلسِ مُشاعرہ میں جو ان کے دولت خانے پر منعقد ہوتی تھی۔ اُنھیں اپنا کلام سُنانے کا موقع ملا۔ ظفر صاحب کی رائے ہے کہ جس قدر یہ دُنیاوی اعزاز کے لحاظ سے بہت بڑی حیثیّت رکھتے ہیں۔ ویسے ہی علمی اعتبار سے بھی بہت بلند پایہ ہیں۔

## سر شادی لال :

آپ پنجاب کے ایک نامور بیرسٹر تھے۔ جنھیں ان کی قابلیت کے لحاظ سے ہائی کورٹ کی ججی دی گئی اور کچھ عرصہ بعد چیف جج بنا دیئے گئے۔ ان کے زمانے میں مسلمانوں کو شکایت رہی کہ اُن کے حقوق نظرانداز کیے جاتے رہیں۔ انھوں نے ہندو نوازی سے زیادہ کام لیا۔ مگر بایں ہمہ یہاں سے فراغت پانے کے بعد پریوی کونسل کے بنچ میں شامل کر لیے گئے۔ مگر انگلستان کی آب و ہوا نے اُن کی صحت پر اچھا اثر نہ ڈالا۔ اور وہاں سے واپس تشریف لے آئے۔ بہت اچھا دماغ پایا تھا۔ ضابطے اور قوانین کے پابند تھے۔ پنجاب اور ہندوستان کی کئی ملوں میں اُن کے حصے تھے میری اِن سے کئی ملاقاتیں ہوئیں۔ ملنے جلنے میں نہایت خوش اخلاق تھے۔

آپ اپریل ۱۹۴۵ء میں دہلی میں اپنی جائے رہائش پر فوت ہوئے۔ اُنھی دنوں میں امریکہ کے صدر جمہوریہ روزویلٹ اور لاہور کے کانگرسی لیڈر دولہ دُنی چند کا اِنتقال ہوا تھا۔

# میرے احباب

## سر شیخ عبدُالقادر :

شیخ صاحب سے میری مُلاقات اخبار "آبزرور" میں اُن کے زمانہ اسسٹنٹ ایڈیٹری سے شروع ہوئی۔ اُن دنوں میرے بھتیجے منشی دین محمد صاحب مرحوم کی خواہش سے ایک مجلسِ مُشاعرہ ہماری بیٹھک میں ہوا کرتی تھی۔ جس کا صحن خاصہ وسیع تھا۔ شیخ صاحب بھی چونکہ شعر وسخن کا شوق رکھتے تھے۔ اِس لیے وہ بھی تشریف لانے لگے۔ وہیں ان سے میری مُلاقات ہوئی اور انھیں ایک سلامت رو، سمجھدار اور قابل ترین نوجوان دیکھ کر مجھے اُن سے محبّت ہو گئی۔

شیخ صاحب غالباً ۱۸۷۵ء میں قصُور کے ایک شریف گھرانے میں پیدا ہُوئے۔ اُن کے والد شیخ فتح الدین محکمۂ مال میں مُلازم تھے۔ پندرہ سال کی عُمر میں والد کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ لیکن اِس باہمت نوجوان نے اپنی تعلیم کو جاری رکھا۔ بالآخر قصُور سے انٹرنس کا امتحان اِمتیازی حیثیت سے پاس کیا۔ اور مشن کالج لاہور میں داخل ہو گئے۔ وہاں سے بی۔ اے کی

ڈگری حاصل کی۔ پھر آپ "آبزرور" کے اسسٹنٹ ایڈیٹر مقرر ہوئے اور اپنی قابلیت کے باعث تھوڑے ہی عرصے میں اُس کے چیف ایڈیٹر بن گئے۔

شیخ صاحب کی شخصیت بہت سحر انگیز تھی۔ کیا سکول کیا کالج اور کیا پبلک جلسے ہر جگہ اُن کو عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا۔ اردو سے انہیں خاص دلچسپی تھی اور ہے۔ سنہ ۱۹۰۱ء میں "مخزن" جاری کیا۔ اِس نام کی تجویز میں مَیں بھی شامل تھا۔ میں نے "مخزنِ اُردو" تجویز کیا تھا۔ مگر انھوں نے صرف "مخزن" پر ہی اکتفا کیا۔ ڈاکٹر اقبال کو اِس رسالے سے ایک خاص اُنس تھا۔ اور بڑے بڑے اہلِ قلم اس کے قلمی معاون تھے۔ اس لیے رسالہ چند ہی دنوں میں بہت مقبول ہو گیا۔ سنہ ۱۹۰۴ء میں شیخ صاحب بیرسٹری کے لیئے انگلستان چلے گئے۔ جس کے بعد "آبزرور" کی حالت روز بروز گرتی چلی گئی۔ گو کچھ عرصہ خان بہادر شیخ عبدالعزیز مرحوم نے اس کی عنانِ ادارت ہاتھ میں لی مگر اخبار کی حالت پھر بھی نہ سنبھل سکی۔ اور آخر خواجہ عبدالاحد صاحب نے نقصان اُٹھانے کے بعد اِسے بند کر دیا۔ بعینہٖ یہی حال ہمارے "ایسٹرن ٹائمز" کا ہُوا۔ مُسلمانوں میں اُبھارنے والے تو بہت ہوتے ہیں لیکن مُستقل امداد کرنے والے اِلّا ماشاء اللہ۔ خواجہ عبدالاحد صاحب نے کئی سال یہ اخبار چلایا اور ہزاروں روپے کا نقصان برداشت کیا۔ میں اُن کی دل سے تعریف کرتا ہوں۔

شیخ صاحب نے بیرسٹری کا امتحان پاس کرنے کے بعد یورپ کے

دوسرے ملکوں اور ترکی کی بھی سیاحت کی اور وطن واپس آکر اپنا سفرنامہ "مقامِ خلافت" کے نام سے شائع کیا جو بہت مقبول ہوا۔

اسی اثناء میں آپ پنجاب ٹیکسٹ بک کمیٹی کے ممبر مقرر ہوئے۔ مجھے یاد ہے کہ جب یہ ممبر تھے اور میں نے ان سے ذکر کیا کہ پچاس سال سے یہ ٹھیکہ ایک ہی ہندو فرم کے نام چلا آتا ہے۔ جس میں مسلمانانِ پنجاب کی سخت حق تلفی ہے تو انھوں نے فرمایا کہ میں تو آپ کے خیال کی تائید کرتا ہوں اور کمیٹی میں بھی کروں گا۔ مگر ممبران کی اکثریت ہندو ہے اور مسلمانوں میں جتنے ممبر ہیں، اُن کی رائے خرید لی جاتی ہے۔ اس لیے کامیابی کی اُمید نہیں۔ چنانچہ مجھے یاد ہے کہ ایک اور مسلمان ممبر صاحب کو جب میں نے تمام واقعات سُنا کر اس بات پر آمادہ کرنا چاہا کہ بشرطِ گنجائش ہمارے لیے زور دیں تو انھوں نے ایک خط کے ذریعے مجھ سے دو ہزار روپیہ قرض مانگا۔ کہ تا زندہ ایم۔ بندہ ایم۔ بہرحال شیخ صاحب اپنی بات پر بغیر کچھ لینے دینے کے قائم رہے۔ جس شام ٹیکسٹ بک کمیٹی کی جنرل میٹنگ کا جلسہ تھا۔ اتفاق سے اُسی دن کسی مقدمے کے سلسلے میں انھیں جہلم میں پیش ہونا تھا۔ چنانچہ یہ گئے اور واپسی پر دعائیں مانگتے رہے کہ میں بروقت میٹنگ پر پہنچ جاؤں۔ اتفاقاً راستے میں موٹر خراب ہوگئی۔ دو گھنٹے اُس نے ضائع کر دیے۔ یہ تھکے تھکائے بجائے گھر جانے کے شام کے وقت سیدھے کمیٹی کے دفتر میں پہنچے اور یہ رائے ظاہر کی کہ اول تو یہ ٹھیکہ اتنا عرصہ دراز تک ہندو فرم کے پاس

رہنے کے بعد کسی مسلمان فرم کو دینا چاہیے کیونکہ پنجاب میں مسلمانوں کی اکثریت ہے اور اگر کسی طرح کمیٹی اس دلیل کو قبول نہ کرے تو کم سے کم ٹھیکے کے دو حصے کر دینے چاہئیں۔ ایک حصہ مسلمان فرم کو اور دوسرا ہندو فرم کو دے دیا جائے۔ اتفاق سے گلاب سنگھ اینڈ سنز کا ٹینڈر ساٹھ ہزار اور ہمارا اٹھاون ہزار اور عطر چند کپور کا پینسٹھ ہزار کا تھا۔ مگر کمیٹی نے یہی فیصلہ کیا کہ گلاب سنگھ اینڈ سنز کو چونکہ کافی تجربہ ہے اس لیے اسی کو ساٹھ ہزار پر یہ ٹھیکہ مل جانا چاہیے۔ سنا گیا ہے کہ گورنمنٹ کے ایک بہت بڑے معزز عہدے دار کمیٹی کے دفتر کے باہر اپنی کار میں تشریف فرما تھے اور ممبروں کو گلاب سنگھ اینڈ سنز کی پاسداری کی تلقین فرما رہے تھے۔

اس پر میں نے پنجاب کونسل میں تحریکِ التوا کی تجویز بعض مسلمان ممبروں کے سامنے پیش کی۔ جو ملک محمد امین صاحب کی طرف سے ریزولیوشن کی صورت میں پیش ہوئی۔ تحریکِ التوا میں قاعدہ ہے کہ بیس ممبر کھڑے ہو کر اس کی تائید کریں تو اس پر بحث کی جا سکتی ہے۔ چنانچہ سر عبدالقادر سر سکندر، جسٹس دین محمد اور کئی دوسرے صاحبان کھڑے ہو گئے۔ سر سکندر کو بھی میں نے اگرچہ کہہ رکھا تھا مگر میں اس بات سے واقف نہ تھا کہ ملک صاحب سے اُن کی اندرونی چشمک ہے۔ بایں ہمہ سر سکندر کھڑے ہوئے اور بحث شروع ہوئی تو ڈاکٹر عالم نے بھی بہت جلی کٹی سنائیں۔ لیکن وہاں نقار خانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے

تحریک گر گئی۔ شیخ صاحب بھی اُس وقت پنجاب کونسل کے ممبر تھے۔

خیر یہ تو بات میں بات پیدا ہو گئی تھی۔ شیخ صاحب پہلے سرکاری وکیل اور پھر ہائی کورٹ کے جج مقرر ہوئے تو وہاں بھی نہایت تندہی سے کام کرتے رہے۔ اور جب ان کی مستقلی کا وقت آیا تو سر شادی لال نے اُن کے خلاف رپورٹ کی۔ مگر اس کے بعد جب سر میاں فضل حسین وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل میں چلے گئے تو یہ چند مہینوں کے لیے پنجاب کے وزیرِ تعلیم مقرر ہوئے۔ اور پھر گورنمنٹ آف انڈیا کے لا ممبر مقرر ہو کر بخوبی کام کرتے رہے۔ وہاں سے ریٹائر ہونے کے بعد انڈیا کونسل میں ولایت بھیج دیئے گئے۔ میں نے اُن سے کہا کہ اس تقرری پر متعجب ہوں کہ آپ کو مبارکباد دوں یا تعزیت کروں۔ تو کہا۔ "میں نے خود کسی عہدے کے لیے کبھی درخواست نہیں کی اور جو کچھ بے طلب مل جائے اُس کو قبول کر لینے میں ہی بہتری سمجھتا ہوں کہ یہ قدرت کا عطیہ ہے۔ اس لیے تعزیت کا کوئی موقع نہیں بیشک مبارکباد نہیں دیتے تو نہ سہی"۔

شیخ صاحب بڑے وضعدار انسان تھے۔ ان میں یہ خاص وصف تھا کہ وہ ہر دور اور ہر زمانے میں اپنے پرانے دوستوں کے ساتھ یکساں تپاک اور اخلاق سے ملتے تھے۔ یہ وصف بہت ہی کم مسلمانوں میں پایا جاتا ہے۔

شیخ صاحب کو اپنے رکھ رکھاؤ کا بھی بہت خیال رہتا تھا۔ پنجاب گورنمنٹ کی طرف سے جب ایک طالب علم کو فنِ طباعت سیکھنے کے لیے انگلستان بھیجنے کی تجویز ہوئی۔ تو میں نے اُن سے کہا کہ میرے لڑکے

کے لیے آپ بھی ایک سرٹیفکیٹ لکھ دیں۔ جس پر اُنھوں نے نہایت فراخ دلی سے ایک بہت اچھا سرٹیفکیٹ لکھ دیا۔ لیکن بعد میں جب یہ حکومت کی طرف سے اُس بورڈ کے پریذیڈنٹ مُنتخب ہو گئے، جس میں یہ مُعاملہ پیش ہونا تھا۔ تو اُنھوں نے مجھ سے کہا کہ آپ وہ سرٹیفکیٹ واپس فرما دیجیے۔ کیونکہ میں ایسی پوزیشن میں ہوں کہ اب سرٹیفکیٹ نہیں لکھ سکتا۔ چنانچہ میں نے وہ واپس کر دیا۔

لندن سے واپسی کے بعد آپ ریاست بہاول پور میں چیف جج کے عُہدے پر فائز ہوئے۔ اور اب تک وہیں تشریف فرما ہیں۔ نہایت خوش مزاج، یاروں کے یار اور علم دوست انسان ہیں۔ ادب پرستی کا یہ عالم ہے کہ جن دنوں لندن میں تھے تو وہاں اُردو بولنے والوں کی ایک انجمن قائم کر رکھی تھی جس کے کئی مُشاعرے اور ادبی مجلسیں لندن میں مُنعقد ہوتی رہیں۔

چونکہ آپ کو علمی، ادبی اور ملی تحریکات سے ہمدردی ہے۔ اِس لیے جو کوئی بھی آپ کے پاس یہ درخواست لے کر جاتا ہے کہ فلاں تاریخ کو ہم ایک جلسہ کر رہے ہیں۔ اُس کی صدارت منظور فرمائیں تو بخوشی منظور فرما لیتے ہیں۔ معمولی طالب علم اگر جلسہ کریں یا اہلِ قلم کوئی اجتماع کریں تو آپ ہی صدر ہوتے ہیں۔ ایک دفعہ مولوی مُحرّم علی صاحب چشتی نے میرے مکان پر شیخ صاحب سے کہا کہ میرے فلاں رئیس دوست نے جو بہت عیاش ہیں مُجھے بتایا کہ میرے پاس مردم شماری کا فارم آیا تھا کہ

اِس کی خانہ پُری کر دی جائے۔ اب اس میں جو پیشہ کا خانہ ہے بھلا اُس میں مَیں کیا لکھتا۔ جی میں تو آیا کہ پیشہ عیّاشی اور شراب خوری لکھ دوں مگر پھر خیال آیا کہ اخبار والوں کو نُکتہ مل جائے گا۔ اس لیے وہاں نُقطہ ڈال دیا۔ چونکہ آپ کا رُجحان زیادہ تر صدارت کی طرف ہے اِس لیے اگر آپ کے پاس ایسے کاغذات آئیں تو اُن پر پیشہ صدارت لکھ دینا لوگوں کو آسانی ہو جائے گی اور ناواقف بھی آپ کو پیشہ ور صدر سمجھ کر بُلا لیا کریں گے۔ اس پر ایک فرمائشی قہقہہ بلند ہُوا۔ دُعا ہے کہ خُدا اُنھیں دیر تک زندہ و سلامت رکھے۔ آمین ع

ایں دُعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

## مولوی محرّم علی صاحب چشتی:

مولوی صاحب نہ صرف سُنّی مُسلمان تھے بلکہ کٹّر حنفی چشتی تھے۔ اُن کے ساتھ میرے تعلّقات غالباً ۱۸۸۲ء سے اُن کے وقتِ آخر تک قائم رہے نہایت مخلص دوست اور پُختہ ارادے کے اِنسان تھے پہلے پہل مشن کالج میں پڑھتے رہے۔ پھر علی گڑھ چلے گئے اور غالباً دہلی سے انٹرنس کا اِمتحان دیا۔ جس کے بعد لاہور آ کر مُتعدد علمی مشاغل میں مصروف ہوئے۔ مُطالعہ اِس قدر وسیع تھا کہ کوئی مضمون مُشکل چُھٹا ہو گا۔ اگرچہ صرف انٹرنس پاس تھے مگر بی۔ اے اور ایم۔ اے والوں کے انگریزی میں لکھے ہُوئے مُسوّدات کی بے تکلّف تصحیح کر دیا کرتے تھے۔ پہلے کچھ عرصہ "پنجاب پنچ" میں بھی

مضامین لکھتے رہے۔ پھر چند مہینے "کوہِ نور" کے ایڈیٹر رہے۔ اور بعد ازاں اُنھوں نے اپنا اخبار موسومہ "رفیقِ ہند" جاری کیا جس میں اُس وقت کے اچھے اچھے مضمون نگار مضامین لکھا کرتے تھے۔ آزادی کی جنگ میں یہ اخبار جتنا بے باک تھا۔ اُس وقت کے بہت کم اخبارات ہوں گے۔ اخبار کے ایک سلسلۂ مضامین کا عنوان تھا۔ "آؤ ہم انگریزوں کو مار کر ہندوستان سے نکال دیں"۔ کسی سے ذاتی عناد کی بنا پر تو چھیڑ چھاڑ نہ کرتے تھے۔ مگر پبلک مفاد کے لیے بڑی جرأت اور دلیری سے ڈٹ کر کھڑے ہو جاتے تھے۔ اُنھوں نے ایک سلسلۂ مضامین صوبۂ سرحد کے انگریز مہتمم جنگلات کے خلاف شروع کیا۔ اِس پر اُس نے نالش کی دھمکیاں دیں۔ مگر اُنھوں نے کچھ پروا نہ کی۔ بلکہ خود بھیس بدل کر وہاں کا دورہ کیا اور یہ دیکھا کہ جو واقعات لکھے جا رہے ہیں وہ کہاں تک درست ہیں۔ انگریز افسر نے سرکار سے نالش کی اجازت چاہی مگر نہ ملی۔

ایک دفعہ اُنھوں نے رائے بہادر میا داس آنریری مجسٹریٹ لاہور کے خلاف مضمون لکھا۔ رائے بہادر حکام رس آدمی تھے۔ اُنھوں نے مسٹر پارکر کی عدالت میں دعویٰ کر دیا جو مدعی کے دوست اور چشتی صاحب کے مخالف تھے۔ مگر اُنھوں نے کچھ پروا نہ کی اور انتقالِ مقدمہ کی درخواست تک نہ دی۔ شہادت سے اُنھوں نے اپنے مضمون کی سچائی تو ظاہر کر دی مگر عدالت نے اِن کو ایک ماہ قیدِ محض کی سزا دے دی۔ اِس پر اُنھوں نے پادری رجب علی مالک و ایڈیٹر اخبار "سفیرِ ہند" امرت سر کو

اپنی ایڈیٹری کا چارج دے دیا اور بے تکلف جیل میں چلے گئے۔ وہاں سے آنے پر اپنی جیل خانے کی تصنیف بھی چھپوائی اور کچھ حالات بھی لکھے

دُوسرا مشہور "مقدمہ" مولوی نذیر احمد دہلوی کا ہے۔ اِس مقدمہ کی رُوداد بڑی دلچسپ ہے۔ چشتی صاحب جب انجمن اسلامیہ پنجاب کے جائنٹ سیکرٹری "مقرر" ہوئے۔ تو انجمن کے سیاہ سفید کے مالک خان بہادر ڈپٹی برکت علی خاں تھے اور انجمن میں بڑی اندھیر گردی مچی ہوئی تھی۔ چشتی صاحب نے نئے سرے سے قواعد وضوابط کا ڈھانچہ تیار کیا۔ جو اُس وقت تو کچھ "ردّ و کد" کے بعد منظور ہو گیا اور چھپ بھی گیا مگر بعد میں جب خان بہادر صاحب کو اپنے اختیارات میں کمی اور چشتی صاحب کی طرف سے ہر معاملے میں اعتراضات کا سامنا کرنا پڑا، تو انھوں نے کہا کہ میں نے تمھیں دست و بازو اس لیے بنایا تھا کہ تُم سے کچھ مدد مل سکے گی۔ مگر تُم تو مجھ پر ہی برسنے لگے ہو۔ چشتی صاحب نے کہا۔" انجمن اسلامیہ کی آمدنی مُسلمانوں کی جیب سے وصُول ہوتی ہے۔ جس پر میرا یا آپ کا کوئی حق نہیں اِسے قومی فلاح و بہبود پر صرف کرنے میں اِس سے بھی زیادہ احتیاط برتنی چاہیے۔ جتنی ہم اور آپ اپنے روپے پیسے میں کرتے ہیں" اس پر معاملہ بڑھا۔ خان بہادر برکت علی اُس وقت چوٹی کے مسلمانوں میں تھے۔ نواب محمد حیات خاں، سرسید احمد خاں وغیرہ جیسی ممتاز ہستیاں اُن کی یارِ غار تھیں۔ ان عمائدین کی شہ پا کر خان بہادر صاحب نے چشتی صاحب کو انجمن سے نکال دیا۔ پھر کیا تھا۔ چشتی صاحب کی اُن سے ٹھن گئی۔

اِس سے قبل چشتی صاحب سرسید کے مدّاحوں میں شامل تھے چنانچہ جب وہ لاہور تشریف لائے تو اُنھوں نے اپنے اخبار کا ایک خاص ضمیمہ بھی نکالا تھا مگر اس واقعہ کے بعد وہ سرسید کے مخالف ہو گئے اور جب وہ دُوسری دفعہ لاہور آئے تو اُن کی مخالفت کی۔ مجھے خُوب یاد ہے کہ جب سرسید یہاں سے رخصت ہوئے اور عمائدینِ شہر ان کی مشایعت کے لیے اسٹیشن پر پہنچے تو نواب محمد حیات خاں مرحوم نے کہا کہ "چشتی کیا چیز ہے۔ اُس کو تو چیونٹی کی طرح پاؤں کے نیچے مَسل دیا جائے گا۔" سرسید دُوربین انسان تھے اُنھوں نے کہا نواب صاحب! میں پیشنگوئی کرتا ہُوں کہ وہ آپ سے مسلے نہیں جائیں گے۔ بلکہ ایک دن آپ کو شکست کھانی پڑے گی۔

اِس کے بعد جب انجمن حمایتِ اسلام کا جلسہ ہُوا تو اُس میں مولوی نذیر احمد مرحوم نے اپنے لیکچر میں چشتی صاحب کو بھی جلی کٹی سُنائیں جس پر اُنھوں نے اخبار میں اُن کی خوب مٹی پلید بنائی۔ مضمون کا عُنوان تھا۔ "سرسید کا نیچری بھانڈ لاہور میں"۔ آخر الامر لاہور کی عدالت میں اُنھوں نے چشتی صاحب پر دعویٰ دائر کر دیا۔ کیونکہ وہ جانتے تھے کہ یہاں کے عمائدین چشتی صاحب کے ساتھ نہیں اور اتفاقاً لالہ رام ناتھ کی عدالت میں یہ مُقدّمہ پیش ہُوا۔ لالہ میاداس کی دوستی کے باعث وُہ بھی ان کے مخالف تھے۔ مگر اُنھوں نے کچھ پروا نہ کی۔ مُدّعی پر سوالات اور جرح یہ خود بنا کر دیتے تھے جنھیں کئی وکیلوں نے غیر متعلقہ سمجھ کر عدالت میں پُوچھنے سے

اِنکار کر دیا۔ مگر بخشی جیشی رام صاحب والد بخشی ٹیک چند جج ہائی کورٹ لاہور نے اِن سے اِس اقرار پر مُقدمہ لے لیا۔ کہ جو تُم کہو گے وُہی پُوچھونگا چُنانچہ سوالاتِ جرح شُروع ہوئے۔ جو ایک ہفتہ سے بھی زیادہ جاری رہے اور بیچارے مولوی نذیر احمد صاحب دم بخود رہ گئے۔ کہ یہ کیا مُصیبت ہے۔ آخر تاریخ پیشی کوئی اور قرار پائی تو سوائے اِس کے چارہ نہ تھا کہ مولوی صاحب مُصالحت کی طرف رجُوع کرتے۔ مُصالحت ہُوئی اور اس میں چشتی صاحب کی طرف سے جو معذرت شائع ہُوئی، اُس کا خلاصہ یہ تھا

"مجھے افسوس ہے کہ جس مضمون پر مولوی صاحب نے دعویٰ کیا ہے۔ یہ اُس کو اپنی دلآزاری خیال کرتے ہیں۔ حالانکہ میرا یہ مُدعا نہ تھا۔ بہر حال اِس کے لیئے اُن سے معذرت خواہ ہوں"

مولوی صاحب نے براہِ مہربانی ساڑھے آٹھ سو روپیہ جو مُقدمہ پر خرچ ہُوا تھا وہ بھی چھوڑ دیا۔

اِس کے بعد چشتی صاحب نے اخبار بند کر دیا۔ اور چیف کورٹ سے یہ اجازت لی کہ وہ امتحانِ وکالت میں بیٹھ جائیں۔ جن دنوں اِمتحان ہُوا اِنھیں آشوب چشم کی شکایت تھی۔ اس لیے اِنھوں نے یہ بھی اجازت لے لی کہ ایک شخص میرے ساتھ جایا کرے جو مجھے سوالات پڑھ کر سُنا دے اور جو جوابات میں لکھواؤں وہ لکھ دے۔ چُنانچہ ایسا ہی ہُوا۔ اور یہ اعلیٰ نمبروں سے پاس ہو گئے۔ وکالت شروع کی تو اِن کا یہ رنگ تھا کہ فیس تو جس قدر زیادہ سے زیادہ ہو سکتی تھی طلب کرتے تھے۔ مگر مُقدمہ لے

لینے کے بعد اُسے اپنا ذاتی بنا لیتے تھے جس کا نتیجہ یہ ہوتا کہ تقریباً پچانوے فیصدی مُقدّمات میں فتحیاب ہوجاتے اور پانچ میں مُصالحت۔

ایک دفعہ اُن کے پاس ایک مُقدّمہ آیا۔ جس میں عدالت ماتحت نے ایک شخص کو اس بنا پر سزا دی تھی کہ اُس نے ایک امیر عورت کو مُسلمان کر کے اُس سے نکاح کر لیا تھا۔ اِس کے ساتھ ہی نکاح خواں مولوی صاحب بھی گرفتارِ بلا ہو کر قید ہو گئے تھے۔ سیشن میں بھی سزا بحال رہی۔ انھوں نے ہائی کورٹ میں اپیل کی۔ جب یہ عدالت میں پہنچے تو دُوسرے وُکلاء نے کہا "چشتی صاحب آپ کو بڑا فخر ہے کہ آپ ہر ایک مُقدّمہ جیت لیتے ہیں دیکھیں اب آپ اِس میں کیا کرتے ہیں"۔ اُنھوں نے کہا۔ "بھئی وکیل کا کام تو پیش ہو جانا ہے۔ سائل کو کورا جواب بھی تو نہیں دیا جا سکتا۔ اب اُسے معلوم ہو جائے گا کہ جو اعتقاد لے کر آیا ہے وہ کہاں تک صحیح ہے"۔

عدالت میں آپ نے بحث اُٹھائی کہ جس لڑکے کے ساتھ اِس کی شادی بتائی جاتی ہے، وہ اِس کا چچازاد بھائی ہے اور ہندو لاء کے مُطابق چچازاد بھائی سے شادی نہیں ہو سکتی۔ پس اگر اِس کی کوئی پہلی شادی تھی بھی تو ناجائز تھی چنانچہ اس دلیل پر مجرمین بری ہو گئے۔

ایسی اور بھی بہت سی باتیں ہیں جن کے لیے اُن کی زندگی ایک علحدہ سوانح حیات کی مُحتاج ہے۔ وہ مجھ سے باصرار کہا کرتے تھے کہ میری سوانح عمری ضرور لکھنا۔ مگر یہاں تو اپنے ہی غموں سے فرصت نہیں۔ غالباً اُن کی یہ خواہش اُن کے صاحبزادے پُوری کر دیں گے۔

چشتی صاحب کسی بڑے سے بڑے آدمی کے خلاف بھی مقدمہ لینے سے نہ گھبراتے تھے۔ اِن کے مشہور مقدمات میں نواب صاحب بہاول پور بنام سر فضل حسین وغیرہ کا بھی ایک مقدمہ تھا۔ پہلے تو چند پیشیاں دوسرے وکلاء نے بھگتائیں۔ مگر ہز ہائی نس مطمئن نہ ہوئے اور انھوں نے چشتی صاحب کو وکیل کر لیا۔ اِن کی جرح تو مشہور تھی ہی۔ تین دِن تک متواتر دس سے چار بجے تک سر فضل حسین پر جرح کرتے رہے۔ اور اسی طرح دوسروں پر بھی۔ آخر نتیجہ یہ ہوا کہ وہ کوٹھیاں جو بیگم مرحومہ نے سر فضل حسین اور ڈاکٹر محمد طفیل وغیرہ کے نام بیع کر دی تھیں۔ اُن کی بیع منسوخ قرار پائی اور سر فضل حسین کو جو اُن دِنوں وزیرِ تعلیم تھے، کوٹھی خالی کرنی پڑی۔ اِس پر نواب صاحب نے چشتی صاحب کی بہت قدر افزائی فرمائی۔ اور اُن کی وفات کے بعد اُن کے فرزندِ ارجمند مولوی ابراہیم علی چشتی کے لیے سو روپیہ ماہوار کی پنشن فارغ التحصیل ہونے تک مقرر فرما دی۔

اِس مقدمہ کے دوران میں میں نے ایک مرتبہ چشتی صاحب سے کہا کہ آپ نے سر فضل حسین کے خلاف مقدمہ لے کر سخت غلطی کی ہے۔ ایسی ہستی کے خلاف کوئی اِقدام کرنا ایک قومی جرم ہے۔ اُنھوں نے کہا "جب سے کونسل میں ایک معاملے پر میں نے اُن سے اختلافِ رائے کا اِظہار کیا ہے۔ وہ کچھ ایسے بگڑے ہیں کہ مقدمہ لینے سے پہلے میں نے اُن سے ملنا چاہا مگر وہ ٹالتے ہی چلے گئے۔ اب میں کیا کرتا۔"

چشتی صاحب ایک دفعہ ممبر کونسل بھی ہو گئے تھے۔ اسی اثناء میں

سر فضل حسین کے ساتھ اُن کی چشمک ہوگئی۔ راجہ نریندر ناتھ جو اُن کے بڑے دوست تھے۔ اُنھوں نے سر فضل حسین کے خلاف اُن کی تنخواہ سے ایک روپیہ کم کرنے کا نوٹس دیا۔ جو گویا بے اعتمادی کی تحریک تھی ہندوؤں کے علاوہ کئی دوسرے ممبران بھی راجہ صاحب کے ساتھ تھے۔ میاں صاحب نے بھی اپنے دوستوں کو اِس تحریک کے خلاف آمادہ کیا۔ اُن کے دوستوں میں سے ایک نے کہا کہ چشتی صاحب کو کون سمجھائے گا۔ میاں صاحب نے کہا کہ چشتی صاحب کو سمجھانے کی مُطلق ضرورت نہیں ہے۔ آپ لوگ اُن کو مُدت سے جانتے ہیں۔ لیکن یہ نہیں جانتے کہ وہ خلافِ اُصول بات کے حامی نہیں ہو سکتے۔ لہٰذا انھیں کچھ نہ کہیے۔ چنانچہ ایسا ہی ہُوا چشتی صاحب کی کُرسی بالکل راجہ صاحب کے ساتھ ہُوا کرتی تھی۔ وُہ اس پر بیٹھے رہے۔ اور تحریکِ التواء کے مُتعلق ہاتھ نہ اُٹھایا۔ چنانچہ تحریک گر گئی۔ حالانکہ اس سے پہلے بٹلر صاحب پریذیڈنٹ کونسل کے گورنر ہو جانے پر جب اُنھوں نے اُن کے خلاف تقریر کی تو اکثر خوشامدیوں نے بٹلر صاحب کے حق میں پُرزور تقریریں کیں۔ لیکن راجہ صاحب نے چشتی صاحب کا ساتھ دیا۔ اور آخر تحریک پیش ہوکر نتیجہ یہ نکلا کہ بٹلر صاحب نے اِس غلط فہمی کے لیے جسے چشتی صاحب نے اپنے حق میں ہتک آمیز قرار دیا تھا، معذرت چاہی اور اِس کے بعد اُن کے لیے شکریہ کا ریزولیوشن پاس ہُوا۔ اِس اجلاس میں میں بھی بحیثیت وزیر شامل تھا۔ اُن کے مرنے کے بعد بہاول پور سے اُن کے

صاحبزادے کی پنشن راجہ مریندر ناتھ صاحب کی ہمت اور تگ و دو سے مقرر ہوئی تھی۔ ایسے مخلص دوستوں کا ملنا سخت مشکل ہے جو مخالفوں پر بھی اصولِ قومی کی خاطر وار کرنے سے گریز کرے۔

اُن کی پہلی بیوی سے ایک بڑا لڑکا تھا جس کا نام قائم علی تھا۔ اس کو انھوں نے گولڑہ شریف بھیج کر پیر مہر علی شاہ صاحب کا شاگرد بنایا جو وہاں سے فاضلِ لاہور کا ذاتی خطاب لے کر واپس آئے۔ وہ انگریزی سے تو محض نابلد ہی تھے۔ کیونکہ وہاں صرف عربی کی تعلیم تھی۔ اس لیے چشتی صاحب نے اپنے ایک دوست لالہ جے گوپال سے کہا کہ اسے ایک سال میں انٹرنس کرا دیجیے۔ چنانچہ اس کی تعمیل ہوئی۔ اس کے بعد لا، کالج میں داخل کرا دیا۔ اور وہاں سے فراغت کے بعد ریاست کشمیر میں اُن کو بطور پرائیویٹ وکیل کے کام کرنے کا لائسنس لے دیا۔

وکالت کی آمدنی ہی کیا تھی، دوسرے بیٹا باپ کی طرح شاہ خرچ بھی واقع ہوا تھا۔ نتیجہ یہ کہ اُس کی جیب بھی چشتی صاحب کی طرح اکثر خالی رہتی تھی۔ چشتی صاحب نے گوجرانوالہ میں ایک ہم قوم گھرانے میں بیٹے کی شادی کر دی تھی۔ جس میں نہ صرف میں بلکہ نواب مظفر خاں اور شہزادہ اسد جان وغیرہ تک شامل تھے۔ چشتی صاحب کی وفات تک قائم علی صاحب کسی نہ کسی طرح گزارہ کرتے ہی رہے۔ مگر بعد میں بیمار ہو گئے اور سری نگر کے ہسپتال میں انتقال کر گئے۔

چشتی صاحب کی مالی کیفیت یہ تھی کہ دس ہزار روپیہ آیا ہے تو جیب

میں ہی رکھا کیجیے اور جب تک وہ خرچ نہ ہو جائے کسی صندوق یا بنک میں نہ رکھتے تھے۔ خوراک اچھی تھی۔ مگر ہر حال روٹی سے بھی گریز نہ تھا۔ دوستوں کو اپنے ساتھ بٹھا کر کھلانے سے بہت خوش ہوتے تھے اور کھانے سے انکار کرنے پر ناراض بھی ہو جایا کرتے تھے۔ میرے یہاں آکر خود کہہ دیا کرتے تھے کہ یہ کھلواؤ وہ کھلواؤ۔

باوصف معقول آمدنی کے اُنھوں نے کوئی جائداد نہیں بنائی۔ ایک دفعہ اُن کے ایک دوست نے کہا کہ ایک مکان بہت سستا ملتا ہے میں بھی بیٹھا تھا۔ چشتی صاحب بولے چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں میرے پاس تو روپیہ نہیں ہو سکتا۔ میں نے کہا کہ نقد روپیہ تو میرے پاس بھی نہیں۔ مگر میں کوئی زیور رہن رکھ کر روپیہ لا دوں گا۔ آپ یہ سودا کر لیجیے مگر اُنھوں نے انکار کر دیا کہ ؎

مکانِ عاریتی و لباسِ بوسیدہ
بہت ہے زندگیِ مستعار کے لائق

جن دنوں چشتی صاحب نے سر سید اور مولوی نذیر احمد دہلوی کے خلاف لکھا۔ اُس وقت سے میاں شاہدین صاحب ہمایوں بیرسٹرایٹ لا، جو بعد میں چیف کورٹ کے جج بنا دیے گئے تھے۔ چشتی صاحب سے ناراض ہو گئے تھے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جب اُن کی درخواست وکالت لائسنس کے لیے چیف کورٹ میں پیش ہوتی تو میاں صاحب اُس کی مخالفت کرتے اور درخواست نامنظور ہو جاتی۔ حتیٰ کہ اُنھوں نے اِس معاملے

میں گورنمنٹ آف انڈیا کو لکھا اور وائسرائگل کونسل کے کسی آنریبل ممبر نے اِن کے حق میں کچھ سوالات بھی پوچھے۔ لیکن نتیجہ کچھ نہ نکلا۔ اور ان کو صرف ماتحت عدالت میں کام کرنے کا لائسنس ہی ملتا رہا۔

آپ کو چیف کورٹ میں برسوں پیش ہونے کی اجازت نہ ملی۔ اِس کے بعد جسٹس شاہ دین صاحب بحال ہو گئے۔ اور اِن کی درخواست اُس بنچ میں پیش ہوئی جس میں ——— انگریز جج بھی شامل تھے۔ چشتی صاحب درخواست سے پہلے اُن سے مل کر اپنی بے گناہی اور چیف کورٹ کے اِس حکم کی ناانصافی ظاہر کر چکے تھے۔ چنانچہ اُنھوں نے متاثر ہو کر پُورا زور دیا کہ یا تو چشتی صاحب کے خلاف کوئی جُرم ثابت کرو یا اِن کی درخواست منظور کرو۔ چنانچہ درخواست منظور ہُوئی اور یہ چیف کورٹ میں پیش ہونے لگے۔

اتفاق کی بات ہے کہ ایک مُقدمے میں کوئی مُدرّس اِغلام کی علت میں قید ہو چکا تھا۔ یہ اُس کی اپیل کے سلسلے میں اُسی انگریز جج کے سامنے پیش ہوئے۔ جس پر جج صاحب نے فرمایا کہ چشتی صاحب آپ کو لائسنس اِس لیے نہیں دلایا گیا کہ آپ ایسے گندے اور مخربِ اخلاق مُقدمات کی پیروی کیا کریں۔ انھوں نے کچھ مُناسب جواب تو دے دیا۔ مگر اپیل نامنظور ہو گئی۔ لیکن اِس کے بعد یہ جج صاحب سے ملتے رہے۔ ایک دفعہ میں بھی اُن کے ساتھ تھا۔ پہلے تو جمعدار نے عرض کیا کہ میں کارڈ تو ابھی لے جاتا ہوں اور صاحب یقیناً آپ کو فوراً بُلا بھی لیں گے۔ مگر خُدارا مُلاقات

میں زیادہ دیر نہ لگائیے کیونکہ بہت سے اور آدمی بھی ملاقات کے لیے آئے ہوئے ہیں۔ اس نے کارڈ پیش کر دیا اور جج صاحب نے فوراً بلا لیا۔ جمعدار کی اِس اِلتجا کا بھی یہ نتیجہ نکلا کہ یہ دو گھنٹے بیٹھے رہے۔

چشتی صاحب ملاقات میں کافی دیر لگایا کرتے تھے اور لطف کی بات یہ ہے کہ ملاقاتی بھی دِق نہ ہوتا تھا۔ ڈپٹی کمشنر صاحب سے لے کر گورنر صاحب کی ملاقات تک یہی حال تھا کہ چشتی صاحب گئے اور کم سے کم دو گھنٹے کے لیے ملاقاتیوں کو مایوس ہونا پڑا۔

طاعون کے اِبتلا میں گورنمنٹ نے یہ چاہا کہ طاعون زدہ شخص کے مُردے کو کوئی ہاتھ نہ لگایا کرے۔ نہ ہی ایسے مُردے کے جنازے پر اژدحام ہو۔ ستا پھنکنے سے بچا رہے تو کیا کہنے۔ مگر چشتی صاحب اِس کی مخالفت میں کھڑے ہو گئے اور انھوں نے اس مداخلت کو مذہبی رنگ دے کر ایک دو جلسے بھی کرا ڈالے۔ میکڈانلڈ صاحب نے جو اُس وقت یوپی کے گورنر تھے۔ سر سید سے مشورہ کیا تو سر سید نے بھی باوصف اس بات کے کہ چشتی صاحب سے ان کی موافقت نہ تھی یہی رائے دی کہ اِس معاملے میں گورنمنٹ کو زیادہ زور نہیں دینا چاہیے۔ ورنہ پنجاب میں جو رنگ اِس کو دے دیا گیا ہے۔ اُس کا اثر ہر جگہ پڑے گا۔ اور بے فائدہ کشت و خون کا بازار گرم ہو جائے گا۔ آخر الامر معمولی ہدایات اور وبائی ہسپتالوں کے قیام پر ہی اکتفا کی گئی جو چشتی صاحب کے لیے ایک فتح عظیم تھی۔ چشتی صاحب چند مہینے کے لیے سر راجہ امر سنگھ صاحب آف جموں

وکشمیر کے کارکنوں میں شامل ہو گئے تھے۔ اِس عرصے میں بھی اُنھوں نے اپنے دوست اخبار نویسوں کو بلاتمیز مخالف و موافق بُلوا کر باعزت رکھنا نے دلوائے۔

شیخ میراں بخش صاحب مہاراجہ پرتاپ سنگھ صاحب کے گویا پرائیویٹ سیکرٹری تھے اور دیوان لچھمن داس صاحب کے وقت میں قید ہو کر قلعہ بجھیت میں بھیج دیے گئے تھے اور اُن کے جانے سے پہلے رہا ہو چکے تھے۔ اُن کو معلوم تھا کہ چشتی صاحب سر راجہ امر سنگھ صاحب کے چاہیتے اہل کار ہیں۔ اِن کو کس طرح خوش رکھنا چاہیے۔ اُن کے ایک اخبار نویس دوست نے شیخ صاحب سے گراں قدر رقم قرض لے رکھی تھی اور اس کا سُود بھی بہت کچھ ہو گیا تھا۔ اِتفاقاً جموں سے واپسی پر ایک دفعہ میں بھی اُسی گاڑی میں سوار تھا، جس میں چشتی صاحب تھے۔ وہ صاحب اور بھی ان کی اِمداد کے لیے جموں پہنچ چکے تھے۔ اُنھوں نے گاڑی کا وقت بتا دیا تھا۔ اور شیخ صاحب کو کہلا بھیجا تھا کہ میں فلاں وقت سیالکوٹ سے گزروں گا۔ آپ اپنی دستاویزات وہیں لے آئیں۔ اور وہیں جو کچھ ہونا ہے ہو جائے گا۔ چنانچہ ہم پہنچے اُن کے دوست کی طرف سے کھانا آیا ہوا تھا۔ ویٹنگ روم میں کھانا لگایا گیا۔ شیخ صاحب بھی اس میں شامل تھے۔ معاملات کی گفتگو شروع ہونے لگی۔ شیخ صاحب نے اُن کو خوش کرنے کے لیے کہہ دیا کہ جو کچھ بھی آپ فیصلہ کر دیں۔ وہ مجھے دل و جان سے منظور ہو گا۔ بس پچیس ہزار روپیہ کی بجائے بیس کوڑیاں بھی

نہ دلوائیے تو گلہ وشکوہ نہ ہوگا۔ اور یہ دستاویز موجود ہے۔ انھوں نے شیخ صاحب کی پیش کش کو انھی کی زبان سے دو تین مرتبہ دہرادیا اور کہا کہ آپ کے قول کے مطابق اگر میں اس کو پھاڑ دوں تو آپ رنجیدہ تو نہ ہوں گے انھوں نے کہا ہرگز نہیں۔ چنانچہ انھوں نے دستاویز پھاڑ کر انگیٹھی میں پھینک دی۔ جو اُسی وقت جل کر راکھ ہوگئی۔ اور کہا کہ آپ واقعی بڑے دریادل ہیں۔ اگر یہ مسلمان بچ گیا تو امید ہے کہ آپ کو بھی خدا کچھ فائدہ پہنچا دے گا۔ یہ تو مجھے معلوم نہیں ہُوا کہ ان بیچاروں کو فائدہ پہنچا یا نہیں۔ مگر انھوں نے دوست کا حقِ دوستی ادا کر دیا۔

ایک دفعہ چشتی صاحب نے فرمایا کہ سر راجہ امر سنگھ صاحب کی وائسرائے سے ملاقات ہونے لگی تو موضوعِ ملاقات یہ تھا کہ مہاراجہ پرتاپ سنگھ صاحب نے جو راجہ بلدیو سنگھ والئے پونچھ کے لڑکے کو اپنا متبنّیٰ کیا ہے یہ اقدام میرے خاندان کی حق تلفی ہے۔ اُن کی ولی عہدی کا مستحق میرا بڑا لڑکا ہری سنگھ ہے۔ چشتی صاحب نے اس معاملے کے متعلق جو کچھ مناسب تھا وہ اُن کو سمجھا دیا۔ جس پر راجہ صاحب نے فرمایا کہ اگر ان ساری باتوں میں سے کچھ مجھے یاد نہ رہیں تو اس کا کیا علاج! چشتی صاحب نے تجویز کی کہ قمیص کے کالر پر ہر ایک دلیل کی نسبت ٹائپ کروا لیجیے اور وُہی پہن کر جائیے۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ جس سے اُن کو بہت بڑی مدد ملی۔ حتّٰی کہ معاملہ ان کے حق میں طے ہوگیا۔ غرضیکہ اُن کے بیشمار نیک و بد قصّے مجھے معلوم ہیں جنھیں امید ہے کہ ان کے خلف الرّشید

محمد ابراہیم علی صاحب چشتی اپنے قلم سے زیادہ وضاحت اور خوبی کے ساتھ لکھ سکیں گے۔

چشتی صاحب ستم ظریف بھی بڑے تھے۔ خان بہادر ڈپٹی برکت علی خان سے ان کی مخالفت تھی۔ اور میاں نبی بخش صاحب نقیب انجمن اسلامیہ خان بہادر کے روزانہ ملاقاتیوں میں سے تھے۔ اُن کا مکان چوک موچی دروازہ کے اندر ایک گلی میں ہے۔ ہر پانچویں ساتویں دن جب وہ خان بہادر کے ہاں جانے لگتے تو چشتی صاحب اُن کے مکان سے لے کر خان بہادر کی کوٹھی تک دو چار آدمی متعین کر دیتے جو نقیب صاحب سے استفسار کرتے کہ حضرت کیا بات ہے۔ سُنا ہے کہ کل جب خان بہادر ڈپٹی کمشنر کی ملاقات کو گئے۔ تو انھوں نے کہا کہ "تم ہماری کوٹھی سے نکل جاؤ۔ تم موچی دروازہ کے بدمعاشوں کے سرگروہ ہو۔" نقیب صاحب پہلے استفسار کنندہ کو جواب دیتے کہ یہ یونہی کسی کی گھڑت ہے۔ مگر کوٹھی تک پہنچتے پہنچتے جب تین چار آدمیوں سے یہی سُنتے تو یقین ہو جاتا کہ واقعی کچھ بات ضرور ہوئی ہے چنانچہ نقیب صاحب جاتے ہی بر سرِ اجلاس سب ملاقاتیوں کے روبرو خان بہادر سے پوچھتے کہ "حضرت سارے شہر میں چرچا ہو رہا ہے کہ کل ڈپٹی کمشنر نے آپ کو اپنی کوٹھی سے نکال دیا۔ اور گالیاں دی ہیں اور کہا کہ تم موچی دروازہ کے بدمعاشوں کے سرگروہ ہو۔" خان بہادر صاحب کہتے کہ یہ قصہ غلط ہے اور تم کو کسی نے بہکا دیا ہے۔ اور غالباً چشتی صاحب کا من گھڑت ہے۔"

## خان بہادر شیخ فضل الٰہی :

خان بہادر شیخ فضل الٰہی صاحب پراچہ بھیرے کے ایک معزز خاندان کے رُکن ہیں۔ جو باعتبارِ تجارت و زراعت بہت بڑی عزت رکھتا ہے شیخ صاحب علی گڑھ کے تعلیم یافتہ ہیں۔ میری اُن سے مُلاقات اُس وقت ہوئی جب وُہ پنجاب انفرمیشن بیورو کے ڈائریکٹر تھے۔ سرکاری کاغذات چھپوانے اور اُن کے روانہ کرنے کے سلسلے میں میرے پاس تشریف لایا کرتے تھے۔ اُن کے دوستوں میں ہندو سکھ اور مُسلمان سب ہی شامل ہیں اور ہر ایک سے اِن کے تعلقات مُخلصانہ ہیں۔ اپنے علاقے میں ان کے رسُوخ کی یہ کیفیت ہے کہ ۳۷ءمیں جب اُن کے بھائی شیخ فضل حق صاحب پراچہ اسمبلی کے لیے کھڑے ہوئے تو اُن کے مُقابل ممتاز حسین صاحب ٹوانہ تھے مگر باوصف اِس کے کہ ٹوانہ خاندان کی رسائی بہت تھی اور وزارت کی طرف سے بھی اُن کی امداد کی گئی تھی مگر نتیجہ یہ نکلا کہ جن ووٹروں کو موٹروں میں بٹھا کر اور پُرتکلف کھانے کھلا کر مُمتاز صاحب کے کارندے لاتے تھے وہ اُن کے ہاں کھانا کھا کر ووٹ شیخ صاحب کو دے آتے تھے۔

خان بہادر صاحب نہایت ہی متدین، اِنصاف پرست اور یاروں کے یار ہیں۔ اُن کے ملنے والوں کو جو ضروریات ہوتی ہیں وہ اُن کی کامیابی کے لیے پُورا زور لگا دیتے ہیں۔ اُن کے ہاں مہمانوں کا بھی تانتا بندھا رہتا ہے۔

سر سکندر کے زمانہ ریونیو منسٹری میں تو یہ ان کی مونچھ کے بال تھے۔ اور اُمید تھی کہ مزید ترقیاں حاصل کریں گے مگر اُن کے بھائی کے الیکشن کے بعد جب سر سکندر حیات خاں مرحوم اور ٹوانہ خاندان میں صلح ہو گئی تو یہ بسم اللہ کے گنبد میں ہی رہ گئے۔ مگر فضلِ الٰہی جن کے شاملِ حال ہو اُن کو وہ بندوں کی پرستش سے خود ہی بچا لیتا ہے۔ اس لیے شیخ صاحب گورنمنٹ آف انڈیا میں چلے گئے۔ اور وہاں سے پنجاب کی مردم شماری کے انچارج مقرر ہوئے۔ یہ قصہ ختم ہوا تو کنٹرولر آف سپلائی مقرر ہو گئے۔ آج کل آپ شمالی ہندوستان میں گورنمنٹ آف انڈیا کی طرف سے راشننگ اور فوڈ سپلائی کے ڈپٹی ڈائرکٹر ہیں۔ مہینے میں دس دن تو لاہور میں گزارتے ہیں اور بیس دن دورے پر۔ بہت مخلص اور دردِ دل رکھنے والے مسلمان ہیں۔ پنجاب کے اکثر ڈپٹیوں نے اِن سے کام سیکھا ہے۔ اب تین چار سال میں ریٹائر ہو جائیں گے اور میرا خیال ہے کہ ممبر اسمبلی ہی نہیں بلکہ وزارت میں بھی شامل ہو جائیں گے۔

## مولوی فیروز الدّین صاحب شاہمیری:

مولوی فیروز الدّین صاحب شاہمیری میرے قریبی دوستوں میں سے تھے ان کے والد مولوی عمر الدّین صاحب مرحوم پشمینے کے کارخانہ دار تھے اور بہت بڑے تاجر سمجھے جاتے تھے۔ مولوی فیروز الدّین صاحب کی تعلیم و تربیت اُنھی کے زیرِ اہتمام پُرانی طرز پر ہوئی۔ مولوی صاحب تحصیل دار

بھی ہو گئے تھے۔ والد کے انتقال پر انھوں نے تحصیلداری چھوڑ دی۔ اور کاروبار میں مصروف ہو گئے۔ مگر بدقسمتی سے کاروبار کے لیے وہ زمانہ نہایت نامساعد رہا۔ حتیٰ کہ کارخانہ وغیرہ سب تباہ ہو گیا۔ کچھ عرصہ آبائی جائداد بیچ کر گزارہ کرتے رہے۔ پھر کچھ عرصہ امرت سر میونسپلٹی میں ملازم ہو گئے مگر اِس ملازمت میں ان کا کیا بنتا تھا۔ شیخ صادق حسن صاحب کے خاندان میں اِن کی شادی ہوئی۔ بیوی صاحبہ امیر گھرانے کی تھیں۔ اُس پر یہ مصیبت نازل ہوئی کہ وہ مفلوج ہو گئیں۔ مگر یہ غیور شخص کسی دوست یا رشتہ دار کی امداد کے بغیر اُن کے علاج معالجے میں دمِ اخیر تک مصروف رہا۔ امرت سر سے پھر کشمیر چلے گئے اور وہاں اجازت لے کر وکالت شروع کر دی۔ جس کی آمدنی بھی غیر مکتفی تھی۔ غالباً دس بارہ سال وہاں گزارے وہیں ان کے ہاں لڑکا پیدا ہوا۔ جس کا نام مظفر الدین رکھا گیا۔ جس نے ابتدائی تعلیم وہیں پائی۔ آخر میں جب وہ لا۔ کالج لاہور میں داخل ہوا تو اُس کے کُل اخراجات شیخ صادق حسن صاحب نے اپنے ذمّے لے لیے یہاں سے پاس ہو کر وہ ریاست میں ملازم ہو گیا اور پھر وہاں سے ریاست کے خرچ پر ولایت بھیجا گیا۔ جہاں اُس نے بیرسٹری کے علاوہ ججی کا امتحان بھی پاس کیا۔ واپس آ کر ریاست میں پھر ملازم ہو گیا اور اب ترقی پاتے پاتے صوبہ جموں کا گورنر ہو گیا ہے۔

مولوی صاحب مرحوم جب کبھی آتے ہفتوں میرے ہاں مقیم رہتے چونکہ علومِ ظاہری کے ساتھ اُن کو علومِ دین اور رموزِ طریقت میں بھی اچھی

دستگاہ تھی، اِس لیے لازمی طور پر میرے ساتھ گھل مل گئے۔ اور چند سورت ہائے قرآنِ مجید کی تلاوت کی مجھے ترکیب بتائی۔ جو اب تک میرے داخلِ وِرد ہیں۔ مولوی صاحب نے آخری عُمر کا کچھ حصّہ امرت سر میں شیخ صادق حسن صاحب کے ہاں بسر کیا اور وہیں اُن کا اِنتقال ہُوا۔ بہت خوش اِعتقاد، اور صُلح کُل بزرگ تھے۔ خُدا مغفرت کرے اور اُن کی اولاد کو دینی و دُنیوی ترقیّاں نصیب کرے۔

## خان بہادر حاجی رحیم بخش :

خان بہادر حاجی رحیم بخش صاحب میرے شہری مکان کے قریب ہی کے رہنے والے ہیں۔ مگر یہ اپنی تعلیم اور مُلازمت میں رہے اور میں اپنے دھندوں میں۔ اس لیے میری اُن کی تجدیدِ مُلاقات اُن کے ریٹائر ہونے کے بعد ۱۹۲۱ء میں ہُوئی۔ نہایت مُتدیّن اور مُحقّق بزرگ ہیں۔ اور ہر اِسلامی تحریک میں بشرطِ اِن کی نظروں میں مُفید ہو۔ شرکت کے لیے تیّار رہتے ہیں۔ حاجی تو اپنے ایامِ مُلازمت میں ہی ہو چکے تھے۔ بااختتامِ مُلازمت یہ اِن کی مصروفیت زیادہ تر دینی مسائل میں غور و فکر کرنے میں بسر ہو رہی ہے۔ اُنھوں نے کئی ایک مُفید کتابیں اور رسائل چھپوا کر اہلِ ذوق میں مُفت تقسیم کیے ہیں۔ حال ہی میں ایک مبسوط کتاب "معارفِ قرآنی" کے نام سے اُنھوں نے لکھی ہے۔

حاجی صاحب کی بیگم صاحبہ اُن کے ریٹائر ہونے کے بعد فوت ہو گئیں

اُن کے صاحب زادے افتخار الدین پہلے تو طالب علمی میں مصروف رہے اور اب گورنمنٹ آف انڈیا میں کسی اچھے عہدے پر ممتاز ہیں۔ حاجی صاحب کے نوکر چاکر موجود ہیں۔ مگر گھر میں نہ بیوی نہ کوئی بچہ، تن تنہا زندگی ہے جو بہت بڑا کارنامہ ہے۔ کچھ عرصے کے لیے کوچین کے وزیرِ اعظم ہو کر بھی گئے تھے۔ مگر غالباً چھ مہینے کے بعد ہی واپس چلے آئے۔

اِن کے متعلق ایک مزے دار لطیفہ قابلِ ذکر ہے۔ جب یہ سیشن جج تھے تو انھوں نے کسی مقدمے میں فیصلہ لکھا۔ اُس کی اپیل ہائی کورٹ میں ہوئی۔ جس میں لوڈ صاحب جج ہائی کورٹ نے اپنے فیصلے میں یہ لکھا کہ فاضل سیشن جج نے اپنے فیصلے میں جو فلاں واقعہ لکھا ہے مجھے اُس سے اتفاق نہیں۔ انفصالِ مقدمہ کے بعد اِنھیں خبر ہوئی۔ تو یہ خود آکر لوڈ صاحب سے ملے کہ جو واقعہ آپ نے میرے فیصلے کی نسبت تحریر فرمایا ہے کہ میں نے یہ چیز لکھی ہے۔ میرے فیصلے میں تو اس کا وجود تک نہیں ہے۔ آپ کو کہاں سے اِلہام ہو گیا۔ مگر صاحب بہادر بالکل متاثر نہ ہوئے اور انھوں نے فرمایا کہ جو کچھ ہم نے لکھ دیا ہے۔ اُسے کوئی تبدیل نہیں کرسکتا۔ اس کے بعد حاجی صاحب ولایت تشریف لے گئے۔ مگر وہاں کے پریوی کونسلر بھی اس پر نوٹس لینے کے لیے تیار نہ ہوئے۔ اس پر یہ کام سے بیزار ہو گئے۔ اور چونکہ مدّتِ ملازمت بھی ختم ہونے کو تھی، اس لیے انھوں نے سبکدوشی ہی مناسب سمجھی۔

یہ لکھا جا چکا ہے کہ ایسٹرن ٹائمز محض اِس اُمید پر جاری کیا گیا تھا کہ

قوم خود اِس کی سرپرست بنے گی۔ حاجی صاحب کچھ آمادہ بھی تھے۔ مگر سر فضل حسین نے انھیں یہ کہہ کر روک دیا کہ مولوی صاحب جو کام ایک روپے میں کر رہے ہیں، وہ آپ یا آپ کا ٹرسٹ چار روپے میں بھی نہیں کر سکے گا۔ اِس لیے اِس بلا کو گلے نہ ڈالیے اور جس طرح وہ مر بھر کر کام کر رہے ہیں۔ اُس کو غنیمت سمجھیے۔ ایک خبر رساں ایجنسی کے لیے بھی حاجی صاحب کو آمادہ کیا گیا تھا۔ چنانچہ اُس کی کچھ ابتدا بھی ہوئی۔ مگر افسوس مسلمانوں میں ایسے کارکن موجود نہیں۔ جو ایسی ضروریات کو سمجھ سکیں اور اس پر روپیہ اور وقت دینے کو تیار ہوں۔ حاجی صاحب میرے ترجمہ قرآن کو بہت پسند فرماتے ہیں۔ مگر حاشیے کے باریک قلم کی شکایت کرتے ہیں۔ اب خدا ہی اس کا کچھ انتظام فرمائے تو ہو۔

## منشی دین محمدؒ :

یہ میرے برادرِ بزرگ مولوی فتح الدین صاحب بسمل مرحوم کے فرزندِ ارجمند تھے۔ جو اپنے والد کی وفات کے بعد جوان ہونے تک میرے پاس رہے جوان ہوئے تو اِن کے ماموں مولوی فضل الدین صاحب مالک "دہلی پنچ" انھیں اپنے ساتھ لے گئے۔ کیونکہ اِن کی والدہ اُن کے ساتھ رہتی تھیں۔ اور مولوی فضل الدین کی بڑی لڑکی سے اِن کی شادی کرنا چاہتی تھیں۔ آخر لاہور میں نے اِن کو بلا کر اخبار اور پریس اُن کے حوالے کر دیا اور یہ خود مختارانہ کام کرنے لگے۔

چونکہ دیندار گھروں میں پرورش پائی تھی۔ اِس لئے عُمر بھر پابندِ صوم و صلوٰۃ اور وظائف خواں رہے۔ اُن کی ایک شادی مولوی فضل الدین صاحب کی بڑی لڑکی سے ہُوئی اور اُس سے کئی اولادیں بھی ہُوئیں۔ مگر جب یہ حیدرآباد گئے ہُوئے تھے تو خُدا کی قُدرت طاعُون نے گھر بھر کا صفایا کر دیا۔ صرف ایک لڑکا محمد حفیظ باقی رہ گیا، جس نے اُن کی زندگی میں ہی میٹرک پاس کیا۔ مگر چند عرصے بعد یہ بھی طاعُون کا شکار ہو گیا۔

اِس کے بعد یہ گھر میں اکیلے رہ گئے۔ میں نے اُن سے کہا کہ کاروبار بے شک علیحدہ رکھو۔ مگر کھانا پینا میرے ساتھ رہے۔ کیونکہ اب تمھارے گھر میں کوئی ایسا آدمی نہیں جو تمھارا خیال رکھ سکے۔ مگر اُنھوں نے اِسے گوارا نہ کیا۔ اور ایک بیوہ عورت سے شادی کر لی۔ اِس سے بھی چند اولاد ہُوئیں۔ مگر لڑکا تو تقریباً فاتر العقل ہے اور لڑکی کی بابت اُنھوں نے مرنے سے ایک دن پہلے مجھ سے کہا تھا کہ آپ کی بڑی لڑکی کے کوئی اولاد نہیں وہ اِس کو اپنی لڑکی بنا لے اور آپ کے ہاں ہی سے اِس کی شادی کا انتظام ہو۔ چنانچہ مولوی محمد عظیم کے لڑکے محمد رفیق بی۔ اے سے اُس کی شادی ہُوئی جس سے ایک لڑکا بھی پیدا ہُوا۔ خُدا کا احسان ہے کہ لڑکی کی شادی میری لڑکی نے اِسی طرح انجام دی جس طرح اپنی لڑکیوں کی ہوتی ہے۔ اور اب تک اُن کا آنا جانا قائم ہے۔

جب یہ حیدرآباد گئے تھے تو دولتِ آصفیہ نے ان کی صحافتی خدمات کی بنا پر سو روپیہ ماہوار پنشن مقرر کر دی تھی۔ اُن کی وفات کے بعد

سر فضل حسین صاحب مرحوم کی تحریک پر یہ پنشن ایک تہائی مقرر ہو گئی جو اب تک اُن کی بیوہ کو مل رہی ہے۔

اِن کے دوستوں میں ماسٹر چراغ الدّین روشن بھی قابلِ ذکر ہیں۔ یہ کوئی سکول ماسٹر نہ تھے، بلکہ میاں نصیر الدّین مرحوم کے بیٹے ریاض الدین مرحوم کے ٹیوٹر تھے۔ تقریباً اُن کا روزانہ یہاں آنا جانا تھا۔ انگریزی میں صرف میٹرک پاس تھے۔ پہلے تو ضلع لاہور میں اُمّیدوار مقرر ہوئے۔ اور پھر ہائی کورٹ میں مُنتقل ہو گئے۔ تقریباً سینتیس چالیس برس کی عُمر کے درمیان مرضِ دِق سے اُن کا انتقال ہوا جس کا اُن کے خاندان اور ملنے والوں کو نہایت ہی رنج رہا۔ اُن کے بیٹے ضیاء الدین صاحب شمسی اب جنگلات پنجاب کے سپرنٹنڈنٹ اور اپنے والد کی بہت سی خوبیوں کے حامل ہیں اُن کی بھی اولاد موجود ہے۔ خداوند کریم پروان چڑھائے۔

## ملک خضر حیات خان ٹوانہ :

آنریبل ملک خضر حیات خان صاحب موجودہ وزیرِ اعظم پنجاب نواب سر عُمر حیات خان صاحب ٹوانہ کے اکلوتے فرزندِ ارجمند ہیں۔ سر عُمر حیات خان سلطنت انگریزی کے اہلکاران اعلیٰ کے ساتھ خاص تعلقات رکھتے تھے۔ اسمبلیوں سے پہلے جو وائسرائیگل کونسل ہُوا کرتی تھی۔ یہ اس کے بھی ممبر تھے اور عموماً ہر کونسل میں کچھ نہ کچھ تقریر فرمایا کرتے تھے۔ چنانچہ اِن کی تقاریر کا ایک مجموعہ انگریزی زبان میں سیرے پریس میں چھپا تھا

سر عمر حیات خاں کے رسوخ کے باعث سر فضل حسین کے زمانۂ وزارت میں ایک قانون خاص ریاست کالرہ کے متعلق پاس کیا گیا تھا جس میں ملک خضر حیات خاں صاحب کو اپنے والد کی وصیت کے مطابق اُن کی تمام زرعی، سکنی اور دیگر تمام جائداد کا واحد مالک قرار دیا گیا تھا اُن دنوں سُنا جاتا تھا کہ خضر حیات خاں صاحب آزاد خیال انسان ہیں اور مُلکی معاملات میں اُن کی رائے کانگریس کے قریب ہُوا کرتی تھی۔ اسمبلی میں جب سر سکندر کی وزارتِ عظمیٰ قائم ہُوئی تو ٹوانہ اور نون خاندان کے کئی ایم۔ ایل۔ اے حضرات کیبنٹ میں آنے کا اشتیاق و استحقاق ظاہر کرتے تھے۔ اِس پر سر سکندر مرحوم نے کہا کہ آپ صاحبوں میں سے صرف ایک کو ہی لیا جا سکتا ہے۔ اِس کا فیصلہ آپ مجھ پر چھوڑ دیں۔ ملک صاحب اُن کے اُمیدواروں میں نہ تھے۔ مگر ممبر اسمبلی ضرور تھے۔ ہر دو خاندانوں کے ممبران نے جب اِس پر آمادگی ظاہر کی تو سر سکندر نے فرمایا کہ میں خضر حیات خاں کو لیے لیتا ہوں۔ یہ کارروائی ایسی کارگر ہُوئی کہ ہر دو خاندان مطمئن ہو گئے اور ملک صاحب وزارت میں لے لیے گئے۔

چونکہ میں بھی اُن دنوں سر سکندر مرحوم کے ہاں دُوسرے تیسرے روز جایا کرتا تھا، اِس لیے میں نے دیکھا ہے کہ ابتدا میں ملک صاحب عام مُلاقاتیوں کی طرح برآمدے میں بیٹھ جاتے اور اپنے آنے کی اطلاع کرا دیتے۔ جب یہ وزیر ہو گئے تو پھر ان کی اور سر سکندر کی مُلاقاتیں عام

ہونے لگیں اور کچھ تمکنت اور جلال بھی پیدا ہوگیا۔ میں نے ایک دفعہ سر سکندر سے پوچھا کہ یہ کیسا کام کرتے ہیں تو فرمایا کہ بہت اچھا اور بہت ٹھیک میرا اِنتخاب صحیح تھا۔

میری ان کی کئی ملاقاتیں سر سکندر کے ہاں ہی ہوئیں۔ اور پھر اُن کی وفات کے بعد جب یہ وزیرِ اعظم بنا دیئے گئے۔ تو میں مبارک باد دینے گیا۔ بہت تپاک سے ملے۔ اِس کے بعد بھی میں چند بار اِن کی کوٹھی پر ملا۔ جبکہ اِن کے والد صاحب بھی زندہ تھے۔ اگر یہ کوٹھی پر نہ ہوتے تو اُن کے والد صاحب سے صحبت رہتی۔

سر سکندر کے مرنے کے بعد اُنھوں نے سردار شوکت حیات کے وزیر بنائے جانے میں بہت اِمداد دی۔ مگر اِس کے بعد کچھ ایسے واقعات پیش آئے کہ اُن کو سردار شوکت حیات پر اِعتماد نہ رہا۔

سر سکندر کے زمانے میں یہ اسمبلی میں بالکل بولا ہی نہ کرتے تھے۔ اور وزارتِ عظمیٰ پر فائز ہونے کے بعد یہ اِسی اصول پر کاربند رہے کہ

خموشی معنیٔ دارد کہ در گفتن نمی آید

لیکن دسمبر ۱۹۴۴ء کے اِجلاس اسمبلی میں جبکہ سر چھوٹو رام بیمار تھے۔ اور باقی ممبرانِ وزارت تقریباً نا تجربہ کار تھے۔ یہ نہایت دلیری کے ساتھ اپوزیشن کے ہر سوال کا کچھ نہ کچھ جواب دے دیتے تھے۔ جس کے بعد لوگوں کو یقین ہوگیا کہ آپ اچھا بول سکتے ہیں۔

وزارتِ عظمیٰ پر فائز ہونے کے بعد یہ اکثر پُرانے ملنے والوں سے بھی

کہلا دیا کرتے تھے کہ جس مطلب کے لیے آپ ملتے ہیں وہ لکھ کر بھیج دیجیے اِس پر کئی ایک پُرانے آشنا جو اِن کے کام بھی آ سکتے تھے جانے سے رہ گئے۔

ملک صاحب کا یہ عُذر تو معقول ہے کہ وہ مصروفیتوں کے باعث شوقیہ مُلاقاتوں کے لیے وقت نہیں نکال سکتے۔ مگر یہ ایشیائی رُسوم کے بالکل خلاف ہے۔ اور اِس بات نے اِنھیں کچھ ہر دلعزیز نہ بننے دیا۔ بہر حال کام چلائے جاتے ہیں اور دیکھنا چاہیے کہ نئے اِنتخابات میں کیا نتیجہ نکلتا ہے۔

## سردار شوکت حیات خان :

آپ مرحوم سر سکندر حیات کے فرزندِ اکبر اور علی گڑھ کے تعلیم یافتہ ہیں۔ اُمید تو تھی کہ زیادہ تعلیم پا کر ولایت جاتے۔ مگر اِن کے والد مرحوم نے اپنے خاندانی تقاضائے خدمت کے لحاظ سے اِنھیں اور اِن کے چھوٹے بھائی عظمت حیات کو فوج میں بھرتی کرا دیا۔ اُنھوں نے بہت قلیل عرصے میں فوجی اِمتحان پاس کر لیا۔ اور لفٹیننٹ مُقرر ہو گئے عظمت حیات تو ہندوستان میں ہی مُقرر ہو گئے اور شوکت حیات میدانِ جنگ میں بھیج دیے گئے۔ اِنھوں نے فوج میں ایسا اچھا کام کیا کہ پہلے کیپٹن اور پھر میجر بنا دیے گئے۔ مگر اٹلی کے افریقی محاذِ جنگ پر یہ دُشمنوں کے ہاتھوں قید ہو گئے۔ وہاں کی بدسلوکیوں کے باعث اِن کے پیٹ میں

کمشنر کی شکایت ہو گئی۔ تھوڑا عرصہ بعد انگریزی فوج یلغار کرتی ہوئی اِدھر
جانکلی اور یہ خار دار جنگلے کو توڑ کر اپنی فوج میں شامل ہو گئے۔ یہ سب
باتیں سر سکندر نے خود مجھ سے بیان کی تھیں۔

سر سکندر اِن کا اور سردار عظمت حیات خاں کا جشنِ شادی منانے
کے بعد دو تین گھنٹے زندہ رہے اور پھر داعیٔ اجل کو لبیک
کہہ گئے۔ چونکہ اِس صدمہ جانکاہ کا پبلک اور گورنمنٹ دونوں پہ گہرا
اثر پڑا تھا۔ اس لیے چہلم کے بعد سردار شوکت حیات کو گورنر صاحب
اور کیبنٹ نے اپنے اختیاراتِ خصوصی سے وزیر مقرّر کر دیا۔ اِس سے
پہلے یہ ایم۔ ایل۔ اے بھی نہ تھے۔ اِن کو قانوناً چھ مہینے کے اندر اندر
منتخب ممبر ہو جانا چاہیئے تھا۔ چنانچہ انتخاب ہُوا اور گیارہ ہزار ووٹوں
میں سے ساڑھے سات ہزار ووٹوں سے کامیاب ہو کر باقاعدہ ممبر
اور مستقل وزیر ہو گئے۔ اِس بارے میں گورنر اور کیبنٹ کی ہمدردی
اِن کے ساتھ تھی۔ لیکن جب اِنھوں نے اپنے دوروں اور جلسوں میں
مسلم لیگ کا پروپاگنڈہ شروع کیا اور اس غلو تک پہنچ گئے کہ میں
محض مسلم لیگ کے ٹکٹ پر کامیاب ہُوا ہوں۔ تو ارکانِ وزارت
نے آپ کو سمجھایا کہ وزارت کا رُکن ہونے کی حیثیت سے آپ کو
ایسی تقریریں نہیں کرنی چاہییں۔ اِس پر اُنھوں نے اپنا استعفا پیش
کر دیا۔ گورنر صاحب، خضر حیات اور سر چھوٹو رام نے اِن کو استعفا واپس
لینے پر مجبور کیا۔ اور میں نے بھی اِنھیں لکھا کہ آپ وزیر ہو کر مسلمانوں کی

جو خدمات انجام دے سکتے ہیں۔ وُہ وزارت سے مُستعفی ہو کر ہرگز نہ کر سکیں گے۔ اس لیے آپ کو اِستعفا ضرور واپس لے لینا چاہیے چُنانچہ اِستعفا واپس ہُوا اور اِنھوں نے مجھے لکھا کہ میں آپ ایسے بزرگوں کی ہدایات کو پسِ پُشت نہیں ڈال سکتا۔

لیکن نوجوانی کے باعث وہی جوش پھر عود کر آیا۔ اور اُنھوں نے کئی تقریریں کر ڈالیں۔ جس پر گورنر صاحب نے ایک نہایت خفیف شکایت کی آڑ لے کر اِنھیں وزارت سے علیحدہ کر دیا۔ اِس کے بعد اب آپ پنجاب میں مُسلم لیگ کے کرتا دھرتا ہیں۔ اور اِن کی شمولیت سے پنجاب اسمبلی میں ایک مُسلم لیگ پارٹی قائم ہو گئی ہے اور اُمید ہے کہ اِس میں دن بدن ترقّی ہوتی جائے گی۔

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ملک خضر حیات خاں صاحب کو اِن پر یہ شُبہ ہو گیا تھا کہ یہ وزارتِ عُظمیٰ کے لیے کوشش کر رہے ہیں۔ دُنیا کے عجیب حالات دیکھ کر حیرت ہوتی ہے۔ مولانا رُوم فرماتے ہیں

برخیالِ صُلحِ شاں و جنگِ شاں

برخیالِ نامِ شاں و ننگِ شاں

خُدا جانے صحیح حالات کیا ہیں۔ کیونکہ میں نے نہ صُلح میں کوئی حِصّہ لیا، نہ جنگ میں۔

## نواب مُظفّر خاں

آپ سب جج سے ترقّی کرتے ہُوئے پنجاب گورنمنٹ کے محکمہ

انفارمیشن بیورو کے ڈائرکٹر اور گورنمنٹ پنجاب کے انڈر سیکرٹری مقرر ہوئے اور سر سکندر حیات خاں پنجاب کی ریونیو ممبری سے ریزرو بنک میں چلے گئے تو نواب صاحب ان کی جگہ ریونیو ممبر مقرر ہو گئے۔ نہایت محنت اور تندہی سے کام کرنے کے عادی ہیں۔ میں نے ایک مرتبہ سردار سکندر حیات خان صاحب سے کہا کہ اگر آپ ریزرو بنک کی ڈپٹی گورنری چھوڑ کر پنجاب میں آجائیں تو کیوں نہ نواب صاحب کو اپنی جگہ مقرر کرا دیں۔ انھوں نے فرمایا کام تو یہ بہت اچھا کر سکتے ہیں۔ مگر ان میں ہر ایک بات کے اندر گھسنے کی عادت ہے۔ وہ وہاں کام پورا نہ کرنے دے گی۔ وہ خود قائل ہیں کہ جس مسل کو میں دس منٹ میں پڑھ کر اس پر نوٹ لکھ لیتا ہوں۔ اس مسل پر ان کے دو گھنٹے صرف ہوتے ہیں۔ اس لیے یہ وہاں کا روزانہ کام نبھا نہ سکیں گے۔

میری اِن سے مُلاقات ۱۹۲۰ء میں مولوی محرّم علی صاحب چشتی نے کرائی تھی۔ اُس وقت سے اب تک اُن سے میل جول قائم ہے۔ وہ میری تقریباتِ نجی میں ہمیشہ شرکت فرماتے رہتے ہیں۔ بہت باوضع اور مُحتاط کام کرنے والے ہیں۔ آج کل پبلک سروس کمیشن کے ممبر ہیں۔

چند برس سے آپ انجمن حمایت اسلام لاہور کی جنرل کونسل کے پریذیڈنٹ منتخب ہو گئے ہیں۔ اور اِس خُوبی اور دردمندی سے کام کرتے ہیں کہ آپ سے پہلے پریذیڈنٹوں نے اِسں شغف اور اِنہماک سے نہیں کیا۔

## سر فیروز خاں نون :

یہ پہلے پہل سر فضل حسین مرحوم کے ساتھ میری بڑی لڑکی کی تقریبِ شادی پر تشریف لائے تھے سر فضل حسین کے ذریعے ہی ان سے تعارف ہُوا اور پھر بارہا جانے کا اتفاق ہوتا رہا۔ یہ عرصہ تک وزیرِ تعلیم پنجاب رہے۔ یہ بھی اخبار "ایسٹرن ٹائمز" کے محرکوں میں سے تھے چنانچہ انھوں نے اپنے مسلمان دوستوں کو اخبار کے سلسلے میں چٹھیاں بھی لکھی تھیں مگر افسوس ہے کہ اس مردہ قوم نے اس پر بھی توجہ نہ کی۔ یہاں سے یہ ہائی کمشنر برائے ہند ہو کر انگلستان گئے۔ اور بہت اچھا کام کرتے رہے جب آپ انگلستان گئے تو سر فضل حسین صاحب کے فرزندِ ارجمند کو بھی بطور پرائیویٹ سیکرٹری اپنے ساتھ لے گئے۔ وہاں سے واپسی پر یہ تو وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل کے ممبر بنا دیئے گئے اور سر میاں فضل حسین صاحب کے صاحبزادے میاں نسیم حسین صاحب گورنمنٹ آف انڈیا کے کسی محکمہ میں انڈر سیکرٹری مقرر ہو گئے۔

دوستوں کے ساتھ کشادہ پیشانی سے پیش آتے ہیں اور اگر کسی کا کام کر سکتے ہوں تو انکار نہیں کرتے۔ جب ڈاکٹر وحید ایگ آف نیشنز میں تھے تو یہ بھی سرکاری طور پر جنیوا جاتے اور اُن کی دعوتِ چائے وغیرہ قبول فرماتے رہے۔ ایگزیکٹو کونسل میں کبھی آپ کسی محکمے کے انچارج رہے۔ اور کبھی کسی محکمے کے جس کے باعث انھیں تقریباً گورنمنٹ کے ہر شعبے سے واقفیت ہے۔ پچھلے دنوں کچھ عرصہ کے لئے

برطانوی حکومت کی جنگی کونسل میں شرکت کی غرض سے بحیثیت ہندوستانی نمائندہ لندن تشریف لے گئے تھے۔

## آنریبل چودھری سر شہابُ الدّین :

آپ ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے ہیں۔ وہاں سے میٹرک پاس کرنے کے بعد لاہور کے مشن کالج میں داخل ہو گئے۔ سستا زمانہ تھا۔ بورڈنگ میں چھ روپے ماہوار خوراک کی فیس لی جاتی تھی۔ پرنسپل صاحب ان کی ذہانت سے بہت خوش تھے۔ ایک دن اُنھوں نے پُوچھا کہ بورڈنگ میں کوئی تکلیف تو نہیں۔ اُنھوں نے جواب دیا کہ "پیٹ بھر کر کھانا نہیں ملتا"۔ پرنسپل صاحب نے پُوچھا کتنا ملتا ہے؟ کہنے لگے نہایت ہلکی ہلکی چھ پُھلکیاں۔ پرنسپل صاحب نے باورچی کو بُلا کر کہا کہ جس قدر روٹیاں یہ کھائیں، اِن کو دے دیا کرو۔ اور ایک دفعہ میرے سامنے کِھلا کے دکھاؤ۔ چُنانچہ کھانے کے وقت پرنسپل صاحب بھی موجود تھے۔ اُنھوں نے چھتیس پُھلکیاں کھائیں۔ پرنسپل صاحب نے حُکم دیا کہ اِس پر جتنا زیادہ خرچ ہو ہم دیں گے۔ چودھری صاحب فرماتے تھے کہ اُس وقت تو کم خوراک کے ملنے کے ثبوت میں میں نے چھتّیس پُھلکیاں کھالی تھیں لیکن عام طور پر پندرہ سولہ پُھلکیاں ہی کھایا کرتا تھا۔

اِمتحان پاس کرنے کے بعد آپ انجمن حمایتِ اِسلام کے ہائی سکول میں بطور سیکنڈ ماسٹر مُقرّر ہوئے۔ چُونکہ سامنے ہی ہمارا دفتر تھا اِس لیے

ان سے اکثر ملاقاتوں کا اتفاق ہوتا رہا۔ نہایت بے تکلف اور سنجیدہ مزاج انسان ہیں۔

ایک دفعہ انھوں نے انجمن حمایتِ اسلام لاہور کے ہائی سکول کی توصیف اور علی گڑھ کالج کی تنقیص میں ایک طویل مضمون لکھا۔ جس کو میں نے جابجا اُن مقامات سے کاٹ دیا جن میں علی گڑھ کالج کے خلاف لکھا گیا تھا۔ اِس کی بارہا انھوں نے مجھ سے شکایت کی کہ "آپ نے میرے مضمون کا خون کر دیا ہے"۔ تھوڑا عرصہ پولیس کے دفتر میں بھی مقرر ہو گئے اور پھر امتحان ایل۔ ایل۔ بی پاس کر لینے کے بعد وکالت شروع کر دی۔ چونکہ مقرر اچھے تھے اور کیس کا خوب مطالعہ کر کے جاتے تھے۔ اِس لیے مقدمات میں پہلے ہی سے کامیابی کا یقین ہو جاتا تھا۔ اسی اثنا میں آپ میونسپل کمیٹی لاہور کی ممبری کے لیے کھڑے ہوئے اور کامیاب ہو کر پریذیڈنٹ بن گئے۔ دوسرا الیکشن ہوا تو چشتی صاحب مرحوم اِن کے مخالف تھے اِس لیے ممبر تو ہو گئے۔ مگر پریذیڈنٹ نہ بن سکے۔ مگر جب آئندہ انتخابات میں پریذیڈنٹی کے لیے ووٹ لیے گئے تو دونوں طرف کے ووٹ برابر تھے آخر الامر ڈپٹی کمشنر صاحب نے اپنا ووٹ اِن کے حق میں دے کر ان کو کامیاب کرا دیا۔

پنجاب کونسل شروع ہوئی۔ تو یہ اپنے ضلع کی طرف سے اس کے ممبر منتخب ہو کر آئے اور تھوڑے عرصہ کے بعد سپیکر منتخب ہو گئے۔

آپ کو پنجابی اور بالخصوص ہیر وارث شاہ میں بڑا توغل حاصل ہے

اور مجھے اِن کے ابتدائے سیکنڈ ماسٹری میں خود اِن کی زبانی نثر کے کئی ایک مقامات سُننے کا موقع ملا۔ ٹھیٹھ پنجابی زبان میں اِنھوں نے کئی ایک نظمیں بھی لکھیں، جو ہر طرح سے قابلِ داد ہیں۔

جب محمد مُنیر صاحب لیگل ریمیمبر نسر کے عہدے کے لیے اُمیدوار تھے تو احمد یار خاں صاحب دولتانہ میرے پاس اِن کا پیغام لے کر آئے کہ اخبار میں اِن کی حمایت کرنی چاہیے۔ میں نے کہا اگر آپ نہ بھی آتے اور چودھری صاحب پیغام نہ بھی بھیجتے تو بھی ایک مُسلم اخبار نویس کی حیثیت سے میرا یہی فرض تھا کہ اِن کی حمایت کرتا۔ چُنانچہ وہ لیگل ریمیمبرنسر ہو گئے۔

مجھے تو اپنی پاشکستگی کے باعث آنے جانے کا اِتفاق نہیں ہوتا۔ اِسی لیے مُلاقات کو عرصہ دراز گزر گیا ہے۔ مگر سُنتا ہُوں کہ جو پُرانے ملنے والے مُلاقات کے لیے جاتے ہیں۔ آپ اُن سے اخلاق اور مروّت سے پیش آتے ہیں۔ عُمر اور مُعاملہ فہمی کے لحاظ سے جس طرح میونسپل کمشنروں کو سٹی فادر کہا جاتا ہے۔ اِنھیں اسمبلی فادر کہنا چاہیے۔ دونوں آنکھوں کا اپریشن کرا چکے ہیں۔ کھانے پینے میں سخت اِحتیاط ہے۔ مگر ضُعفِ بصر کی شکایت ترقی پر ہے۔

## سر محمد امین شمس آبادی :

آپ میرے پُرانے مہربانوں اور ایچیسن کالج کے سر برآوردہ طلبا میں سے

ہیں۔ کالج کا سٹینڈرڈ پاس کرنے کے بعد کالج کونسل کے ممبر بھی ہو گئے۔ انگریزی عربی، فارسی میں خاصی دستگاہ رکھتے ہیں۔ پنجاب کونسل قائم ہوئی تو اس کے ممبر بنے۔ میں نے بھی انھیں ایک دو سوالات دیے تھے جو انھوں نے بخوشی بھیج دیے۔ جب لاہور میں تشریف لاتے ہیں تو گاہ بگاہ میرے ہاں بھی قدم رنجا فرماتے ہیں۔ صوم و صلوٰۃ اور درود و وظائف کے پورے پابند ہیں۔ پنجاب اسمبلی میں جب سردار شوکت حیات خان کے مقابل ان کے صاحبزادے کھڑے ہوئے تو میں نے انھیں لکھا کہ چاہے آپ اور سر سکندر مرحوم کے خاندان میں کیسی ہی رنجش ہو۔ مگر یہ ایسا موقع نہیں ہے کہ ان کا مقابلہ کیا جائے۔ اوّل تو سر سکندر کی ہر دلعزیزی اُن کو بہت مدد دے گی۔ اسی لیے شوکت حیات قبل از انتخاب وزیر بھی مقرر ہو گئے۔ لیکن بفرضِ محال آپ کے صاحبزادے کامیاب بھی ہو گئے تو صرف ممبر ہوں گے۔ اور وہ ناکام ہوئے تو اُن کی وزارت جائے گی۔ اس لیے آپ کو ایثار سے کام لینا چاہیے۔ انھوں نے جواباً لکھا کہ "میں پچھلی دفعہ بھی ایثار کر چکا ہوں۔ ہر دفعہ مجھ ہی کو ایثار کا تختۂ مشق بنانا کہاں کا انصاف ہے۔" گو آپ علاقے میں بہت بڑی شخصیت کے مالک ہیں۔ مگر سردار شوکت حیات کے مقابلے میں آپ کے صاحبزادے کو صرف ایک تہائی ووٹ ملے۔

میں نے انھیں اپنا مترجم قرآن مجید تحفتہً دیا تھا۔ وہ اسی کی تلاوت فرماتے اور اسے بے حد پسند کرتے ہیں۔

## شیخ انعام علی :

آپ معمولی حیثیت کے خاندان میں پیدا ہوئے۔ مگر اپنی محنتِ شاقّہ سے بڑے بڑے سرکاری عہدوں پر متعین ہو کر سیشن ججی سے ریٹائر ہوئے۔ آپ میرے ہم عمر ہیں۔ اور چلنے پھرنے کے بہت عادی۔ خوراک بہت کم کھاتے اور اکثر پھلوں کے رس ہی پر گزارہ کرتے ہیں۔ جب سر ہنری کریک کو میں نے گارڈن پارٹی دی تو انھوں نے اِن کو دیکھ کر فرمایا کہ جب میں پہلے پہل پنجاب میں آیا تھا تو اُس کے کچھ عرصہ بعد یہ ریٹائر ہوئے۔ چنانچہ چلتے ہوئے یہ اُن کے پاس بھی ٹھہر گئے اور مزاج پُرسی کرتے رہے۔

آپ اِتنے سوشل ہیں کہ نہ صرف سرکاری پارٹیوں میں ناغہ نہیں کرتے بلکہ عوام کی تقریبات میں بھی پہنچ جاتے ہیں۔ طبی مشورے کے مطابق عام دعوتوں میں کھانا تو نہیں کھاتے مگر پہنچتے ضرور ہیں۔ ضعیف العمری کے باعث آپ نے اپنی جائداد اپنی اولاد میں تقسیم فرما دی ہے۔ مگر اُس کا قبضہ اور عمل درآمد اُن کے بعد ہی ہوگا۔

میرے خاندان سے بھی ان کے تعلّقات بہت دیرینہ ہیں اور نہ صرف میری ہر ایک تقریب میں نہایت خوشی کے ساتھ شامل ہوتے رہتے ہیں بلکہ عیدوں کے حصّے بھیجنے میں بھی تساہُل نہیں فرماتے۔ مذہبی معاملات میں بھی اچھی اِمداد کرتے رہتے ہیں۔

## سر راجہ دیا کِشن کول :

آپ راجہ سُورج کول صاحب کے فرزندِ سوم تھے۔ سُورج کول صاحب سے لاہور میں تو میری مُلاقات راجہ نریندر ناتھ صاحب کے شہر والے مکان پر ہُوئی تھی۔ مگر اس سے پہلے میں کشمیر میں بھی اُن سے مِل چُکا تھا۔ جبکہ وہ ریاست میں فنانشل منسٹر تھے۔ پُرانی وضع کے آدمی تھے۔ اُن کی ریٹائرمنٹ کے زمانے میں دیا کشن صاحب مہاراجہ پرتاپ سنگھ صاحب والیٔ جموں و کشمیر کے پرائیویٹ سیکرٹری مُقرر ہُوئے۔ اِن سے پہلے جتنے پرائیویٹ سیکرٹری ہو چُکے تھے، وہ نہ تو اپنے منصب اور ذمہ داریوں کو کُچھ سمجھتے تھے اور نہ باضابطہ کام کرنے کی صلاحیت رکھتے تھے۔ اِنھوں نے جا کے باضابطہ کام شُروع کیا اور تھوڑے ہی دِنوں میں مہاراجہ صاحب پر چھا گئے۔ حتّٰی کہ منسٹروں کے برابر اِن کی عزّت ہونے لگی۔ میں دورانِ سفرِ کشمیر میں اکثر اُن سے ملتا رہتا تھا اور وہ بھی اپنے والد صاحب کا ملنے والا سمجھ کر نہایتِ عزّت و محبّت سے مِلا کرتے تھے۔ مہاراجہ صاحب کے پرائیویٹ مُعاملات میں اِن کا اِس قدر دخل تھا کہ راجہ بلدیو سنگھ صاحب والیٔ پُونچھ کے صاحبزادے کو اُنھوں نے ہی ریاست کشمیر کا ولی عہد نامزد کرایا اور اِسی وجہ سے راجہ سر امر سنگھ صاحب سے اُن کی چشمک ہو گئی۔ جب راجہ صاحب اپنے فرزند ہری سنگھ صاحب کو ولی عہد بنانے میں کامیاب ہو گئے تو اِنھوں نے ریاست کی مُلازمت سے سُبکدوش ہو جانا ہی مُناسب سمجھا

اور یہاں پنجاب میں آکر بھی اتنا رسوخ پایا کہ سر ہو گئے۔ اور اس کے بعد راجہ کا خطاب بھی ملا۔

سر راجہ دیا کشن کول ایک فراخ دل انسان تھے۔ اور ان کے ملنے والوں کا کوئی کام ان سے ہو سکے تو ہرگز دریغ نہ فرماتے تھے۔ مجھے بھی انھوں نے کئی تعارفی چھٹیاں دی تھیں اور بالکل برابرانہ گفتگو ہوا کرتی تھی۔ پنجاب میں انھوں نے سب سے پہلے دیا سلائی کا کارخانہ جاری کیا۔ اور بہت سی اراضیات خرید کر زراعت کا کام کیا۔ چنانچہ کوٹ دیا کشن کے نام سے ایک ریلوے سٹیشن بھی موجود ہے۔ مزاج میں غرور و تمکنت ہرگز نہ تھا۔ مگر ضابطے کے بڑے پابند تھے۔ انھی کے ذریعے ان کے بڑے بھائی راجہ ہری کشن کول سے میری ملاقات ہوئی۔ اور یہ دونوں بھائی میرے ہاں تقریبات میں بخوشی خاطر شریک ہوتے رہے ان کے بڑے بھائی ڈاکٹر سری کشن کول بڑے پایہ کے ڈاکٹر تھے اور مسمریزم کے ذریعے بھی علاج کرتے تھے۔ اُن کا خاصہ تھا کہ جب کسی مریض کو دیکھنے جاتے تو واپسی پر اگر ضرور نہا لیا کرتے تھے۔ اور جو مریض اُن کے مکان پر اُن کے پاس جاتے۔ اُن کا امتحان کرنے اور نسخہ لکھنے کے بعد ہاتھ ضرور دھو لیتے۔ یہ مہاراجہ صاحب کشمیر کے علاج کو بھی گئے مگر عمر نے زیادہ وفا نہ کی اور فوت ہو گئے۔

## خان بہادر محمد قلی خاں:

آپ صوبہ سرحد کی ممتاز ہستیوں میں سے ہیں۔ بڑے فراخ دل

اور نہایت کار فہم ، اور شریف اِنسان ہیں ۔ وقت سے فائدہ اُٹھانا خُوب جانتے ہیں ۔ جب سے صُوبہ سرحد علٰحدہ ہُوا ہے ۔ تقریباً ہر ایک گورنر سے اِن کے تعلقات بہت اچھے رہے ہیں ۔ اب تین چار سال سے ریٹائر ہو چکے ہیں ۔ مگر گورنمنٹ نے اُن کی ہستی سے فائدہ اٹھانے کے لیے اُن کو ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لگا رکھا ہے ۔ جس پر وُہ نہایت دلیری سے کام کر رہے ہیں ۔ افغانستان کے میوے کی سنڈیکیٹ میں اِن کا بہت بڑا حصّہ ہے ۔ کانگرس اور لیگ دونوں سے بے پروا اپنے کام میں لگے رہتے ہیں ۔ لاہور بھی آپ کئی دفعہ تشریف لائے ۔ کئی بار مجھے بھی پشاور جانے کا اِتّفاق ہُوا ۔ اور ہمیشہ اِن سے ہم کلام ہو کر مجھے مسرّت ہوتی ہے ۔ اِن کے صاحبزادے محمد اسلم خان افغانستان کے ٹریڈ کمشنر مُقرّر ہو گئے تھے ۔ مگر اب پھر اپنے صُوبے میں کسی اعلیٰ منصب پر سرفراز ہیں ۔

## نواب صاحب چھتاری :

نواب صاحب کا نام حافظ احمد سعید ہے ۔ آپ ریاست چھتاری کے رئیس اعظم ہیں ۔ تعلیم اچھی ہے ۔ وزارتوں کے سلسلے میں یُو ۔ پی کے وزیرِ اعظم بھی ہُوئے اور کچھ عرصہ گورنر بھی رہے ۔ میری مُلاقات اُن سے اِنھی ایامِ گورنری میں ہُوئی ۔ ایک دن کسی پُرانے دوست نے اُن کی بیگم صاحبہ کو اچار کا ایک مرتبان بھیجا ۔ پولیس یا سیکرٹری نے اعتراض کیا کہ یہ اندر نہیں جا سکتا ۔ اُن سے پُوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ گورنمنٹ کا نوکر

تو میں ہوں۔ میری بیگم نہیں ہے۔ اُس کے مُعاملات میں آپ کو دخل دینے کی کیا ضرورت ہے۔

جب یہ لاہور میں سر سکندر حیات خاں کی صاحبزادی کی شادی میں شرکت کے لیے آئے تو وہاں بھی میری ان سے مُلاقات ہُوئی۔ میں نے کھانے کے لیے کہا تو فرمایا کہ میں آج جا رہا ہُوں۔ ورنہ خوشی سے حاضر ہوتا۔ مَیں نے عرض کیا کہ آپ ٹھہر نہیں سکتے تو شام کا کھانا میں اسٹیشن پر ہی بھجوا دُوں گا۔ چُنانچہ آپ نے منظور فرما لیا۔

اِس کے بعد یہ حیدر آباد کے وزیرِ اعظم مُقرّر ہوئے تو مَیں نے قُرآن شریف کے کاغذ میں اِمداد کے لیے اِن کو ایک چِٹھی لکھی۔ اور نمونے کے طور پر حمائل شریف کا ایک نُسخہ بھی بھیجا۔ ان کی طرف سے فوری جواب آیا۔ کہ "کاغذ گورنمنٹ کنٹرول میں آچُکا ہے۔ جس میں کچھ دخل نہیں دیا جا سکتا۔ قُرآن شریف واپس ہے"۔ جواب تو معقُول تھا۔ مگر قُرآن شریف کی واپسی ایک مُسلمان وزیرِ اعظم اور وہ بھی سلطنتِ آصفیہ کے وزیرِ اعظم کی طرف سے مجھے ناگوار گزُری ۔

تو و طوبیٰ و ما و قامتِ یار

فکرِ ہر کس بقدرِ ہمتِ اوست

## چودھری خوشی محمد ناظر :

آپ گُجرات کے رہنے والے اور علی گڑھ کے تعلیم یافتہ ہیں۔ نئے قسم

کی قومی نظمیں لکھنے میں مہارتِ تامّہ حاصل ہے۔ اور حُسنِ اتّفاق سے یہی مہارت اُن کی ترقّی کا باعث ہُوئی۔ شیخ غلام احمد خاں انجمن حمایتِ اسلام کے سالانہ جلسہ میں شامل ہُوئے تو یہ اپنی نظم ترنّم کے ساتھ پڑھ رہے تھے۔ اُن کے دِل پر بڑا اثر ہُوا۔ اِس کے بعد محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس میں بھی جو سر آغا خاں کی صدارت میں مُنعقد ہُوئی تھی۔ اِنھوں نے اپنی نظم پڑھی اور نہ صرف عام شاملین نے بلکہ محسن الملک مرحوم نے بھی اُس کی بڑی تعریف کی۔ جس کے بعد شیخ غلام احمد خاں نے اِن کو اپنا پرسنل اسسٹنٹ مُقرر کر لیا۔ اِنھوں نے اِس احتیاط سے کام کیا کہ رفتہ رفتہ گورنر اور پھر ممبر کونسل ہو گئے۔ آپ نہایت سلامت روی والے انسان ہیں۔ لاہور میں سر عبدُالقادر جیسے علم دوست اصحاب کے ساتھ اِن کی مُلاقات رہی۔ میرے ہاں بھی کئی بار تشریف لاتے رہے اور میری ذاتی لائبریری سے کئی کتابیں بھی لے گئے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد خاموش زندگی بسر کر رہے ہیں۔

## نواب ذُوالفقار علی خاں :

آپ نوابانِ مالیر کوٹلہ کے خاندان میں سے تھے۔ جوانی میں ہی وِلایت جا کر تحصیلِ علم کرتے رہے۔ اور نہایت قابلیت سے کامیاب ہو کر واپس آئے۔ یہاں آ کر ممبر کونسل ہُوئے اور کچھ عرصہ ریاست پٹیالہ کے وزیرِ اعظم بھی رہے۔ مگر مُستعفی ہو کر پھر لاہور میں ہی تشریف لے آئے۔ میرے ہاں

مختلف تقریبات میں بھی وہ بڑی خوشی سے شامل ہوتے رہے اور اپنے صاحبزادوں نواب زادہ خورشید علی خاں اور نواب زادہ رشید علی خاں کو بھی ساتھ لاتے رہے۔ بڑے بیٹے کونسل آف سٹیٹ کے ممبر ہیں اور چھوٹے رشید علی خاں لاہور سٹی مسلم لیگ کے صدر۔

## ڈاکٹر خلیفہ شجاع الدّین :

ڈاکٹر حافظ خلیفہ شجاع الدّین صاحب بیرسٹر ایٹ لا، قاضی حمید الدّین صاحب لاہوری کے پوتے اور خلیفہ عماد الدّین صاحب انسپکٹر مدارس کے بڑے فرزند ارجمند ہیں۔ انجمن حمایتِ اسلام کی ابتدا، قاضی حمید الدّین صاحب کے وقت میں اور اُن کی اِمداد سے عمل میں آئی۔ خلیفہ عماد الدّین صاحب مرحوم بھی انجمن کے ساتھ پوری دلچسپی رکھتے تھے۔ چنانچہ خلیفہ شجاع الدّین نے انجمن کی محبت اور خدمت ورثہ میں پائی ہے آپ کالج کمیٹی کے سیکرٹری ہیں۔

خلیفہ عماد الدّین صاحب کی وفات کے بعد گاڈلے صاحب ڈائرکٹر تعلیم پنجاب نے ڈاکٹر صاحب کو انسپکٹری پیش کی۔ مگر آپ نے ولایت ہو آنے اور بیرسٹر بننے کے بعد اِس نوکری کو قابلِ فخر نہ سمجھا اور انکار کر دیا۔ اگرچہ آپ کالج کمیٹی کے سیکرٹری ہیں۔ مگر انجمن کے ہر معاملے میں پوری دلچسپی سے کام لیتے ہیں۔

سر عبدُالقادر کے ریٹائر ہونے پر جب ہائی کورٹ کی ایک ججی خالی

ہوئی تو عام خیال تھا کہ آپ جج بنا دیے جائیں گے۔ چنانچہ میں نے بھی سر شادی لال سے اس کا ذکر کیا۔ جنھوں نے آر سے بھلے کر کے معاملہ ٹال دیا۔ کنور دلیپ سنگھ کامیاب ہو گئے اور خلیفہ صاحب رہ گئے۔

آپ پنجاب یونیورسٹی کے بھی نامزد فیلو ہیں۔ مگر افسوس کہ گنتی کے چند نامزد اور منتخب مسلمان فیلو نیابت کا حق ادا نہیں کر سکتے اور ان کی یہ مجبوری قابلِ قبول ہے کہ ہندو اکثریت کے نقار خانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے۔

میرے ان سے خاندانی تعلقات ہیں جو بفضلِ الٰہی اب تک پوری طرح قائم ہیں۔

## مولانا غلام بھیک نیرنگ :

آپ انبالے کے نامور وکلاء میں سے ہیں۔ اور اسلامی درد رکھتے ہیں۔ پنجاب کونسل کے ممبر بھی رہے اور نہایت آزادی کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کرتے رہے ہیں۔ اسلامی کاموں سے انھیں خاص دلچسپی ہے۔ آج کل سنٹرل اسمبلی کے ممبر ہیں اور ہر بات پر خوب سوچ سمجھ کر تقریر کرتے یا رائے دیتے ہیں۔ مسلمانوں میں اگر اس بے غرضی سے کام کرنے والے پیدا ہو جائیں تو قوم کی حالت بہت جلد سدھر سکتی ہے تبلیغ اسلام کی بھی آپ نے شاندار خدمات انجام دی ہیں۔ مجھے بھی کئی بار حصولِ نیاز کا موقع مل چکا ہے۔ پابندیٔ صوم و صلوٰۃ میں ایسے

مسلمان ممبر بہت کم ہیں۔

## سر گنگا رام :

آپ پنجاب کی مشہور ہستیوں میں خاص مرتبہ رکھتے ہیں۔ سرکاری ملازمت سے سُبکدوش ہونے کے بعد اُنھوں نے گورنمنٹ سے کئی ویران اراضیات بیس بیس سال کے لیے ٹھیکے پر لے لیں اور اُن کو آباد اور سرسبز کر کے گورنمنٹ کے حوالے کر دیا۔ اُن کی اپنی طرزِ بُود و ماند انگریزی فیشن کی تھی۔ سفرِ لندن میں اِن کا انتقال ہُوا اور لاش ہوائی جہاز سے لاہور پہنچائی گئی۔ یہ بہت سے کار ہائے خیر کے بانی ہوئے ہیں۔ سر گنگا رام ہسپتال اور کئی خیراتی اِدارے ان کی بہترین یادگار ہیں پنجاب کونسل کے بھی ممبر تھے اور آزادانہ رائے رکھتے تھے۔ بہرحال آپ پنجاب کی ایک مایۂ ناز ہستی تھے اور اِنھی کی تقلید میں اب ہندو صاحبان خیراتی اِدارے قائم کر رہے ہیں۔ لیکن اوّلیّت کا سہرا اُنھی کے سر ہے۔

## فاطمہ بیگم :

آپ مولوی محبوب عالم صاحب بانیٔ پیسہ اخبار کی بڑی صاحبزادی ہیں اور اِنگلستان بھی ہو آئی ہیں۔ میں جب بمبئی گیا تو وہاں دوست محمد ٹرسٹ والوں نے زور دیا کہ ہمیں کوئی لائق پرنسپل بھیجیے۔ میں نے اِن کا نام لیا تو وہ مطمئن ہو گئے۔ چنانچہ میں نے اِن کو تحریک کی کہ آپ

اِس اِسلامی کام میں ضرور مدد دیں۔ چنانچہ یہ وہاں تشریف لے گئیں۔ اور اِس خُوبی سے کام کیا کہ اہلِ بمبئی آپ کی لیاقت کا لوہا مان گئے۔ کچھ عرصہ بعد اِنھوں نے اپنے بھائی عبدالرشید کو بُلا کر وہاں ایک اُردو اخبار بھی نکلوایا جو ابھی تک بخُوبی چل رہا ہے۔

وہاں سے مُستعفی ہو کر آپ لاہور تشریف لائیں تو اپنے وطن کی خدمت میں مصرُوف ہو گئیں۔ چنانچہ جناح کالج برائے طالبات اُنھی کی مساعی کا نتیجہ ہے۔ اِس کالج کے قیام کے وقت میں نے ڈیڑھ سو روپے کی رقم اپنی گرہ سے اور پچاس روپے اپنی لڑکیوں کی طرف سے اِن کی خدمت میں پیش کیے تھے۔ وہ ستیارتھ پرکاش کے مُتعلق بھی میرے پاس تشریف لائی تھیں۔ مگر میں نے اُنھیں سمجھایا کہ گورنمنٹ مُسلمانوں کی خاطر چاہے وہ کیسے ہی سچّے کیوں نہ ہوں، ہندُوؤں کو مُخالف نہ بنائے گی۔ مگر اُنھوں نے اور اُن کے رُفقاء نے اِس تجویز سے اِختلاف کیا۔ چنانچہ اب عدالت میں یہ مُقدمہ دائر ہے۔ سندھ گورنمنٹ نے ستیارتھ پرکاش کے چودھویں باب کو خارج کرنے کا حُکم صادر کر دیا ہے۔ ہندُو صاحبان اِس کی مُخالفت نہایت شدّت کے ساتھ کر رہے ہیں۔ خدا انجام بخیر کرے۔

## ماسٹر ضیاء الدّین :

ماسٹر ضیاء الدّین چغتائی میو سکول آف آرٹس کے فارغ التّحصیل تھے۔

پہلے کئی جگہ ڈرائنگ ماسٹر بھی رہے ۔ اور پھر چیف کالج میں ہفتے میں تین بار پارٹ ٹائم کے لیے ملازم ہو گئے ۔ چونکہ کام بہت اچھا کرتے اور سمجھتے تھے اِس لیے پرنسپل صاحب نے اِن کو مستقل طور پہ لے لیا اور پھر جب انھیں قلتِ تنخواہ کی شکایت ہوئی تو پہلی جماعت کی تعلیم بھی اِن کے ذِمّے کر دی گئی ۔ چیف کالج کا موجودہ نقشہ بنانے کی تجویز ہوئی تو ایک نقشہ ماسٹر رام سنگھ صاحب پرنسپل میو سکول آف آرٹس نے بنایا ۔ ایک کسی اور صاحب نے اور ایک ماسٹر صاحب نے ۔ ماسٹر صاحب کا نقشہ منظور ہُوا اور اُنھیں اِس کے لیے آٹھ سو روپے ملے ۔ فنِ تعمیر میں انھیں کافی دستگاہ تھی اس لیے کالج کے نقشے کے مطابق کالج کی مرمّت اور تجدید کا کام بھی اِن کے سپرد ہُوا ۔ نہایت مرنجان مرنج آدمی تھے اور دوستوں کے پکّے دوست ۔ دوستوں کی بُرائیاں تلاش نہ کرتے تھے ۔ بلکہ بھلائیاں زیرِ نظر رکھتے تھے ۔ ضرورت کے وقت کام آنا اِن کی خاص صفت تھی ۔ میں نے جب تاریخِ پنجاب لکھی تو انھوں نے کالج کے ایک گورکھی اُستاد صاحب سے اُس کا ترجمہ کروا دیا ۔

اُردو تعلیمی گلوب کی تیاری میں بھی انھوں نے بہت مدد دی ۔ اپنے خاندان کو چغتائی ثابت کرنے میں اِنھوں نے ہی پہل کی ہے ۔ اور پھر اِس کو اِس درجہ تکمیل تک پہنچایا کہ لاہور گوجرانوالہ میں کئی اراضیات خرید لیں اور مستقل طور پر چغتائی ہو گئے ۔ چیف کالج میں چونکہ والیانِ ریاست کے لڑکے تعلیم پاتے ہیں ۔ اِس لیے اِن کے تعلقات اُن سے بھی بہت اچھے تھے ۔ وہ

خط و کتابت کے لیے اپنے اکثر لیٹر فارم انھیں سے بنواتے اور چھپواتے تھے
بلکہ فنِ تعمیر کا پُورا ماہر ہونے کے باعث منڈی سکیت وغیرہ کے راجے کالج
کی گرمائی چھٹیوں کے زمانے میں اِن کو اپنے ہاں بُلاتے اور محلات کے
نقشے بنوایا کرتے تھے۔ اُنھوں نے اپنے دو لڑکے جلال الدین چغتائی اور
مُظفر الدین چغتائی انجینئری اور ڈاکٹری کے لیے ولایت بھیجے جو
کامیاب ہو کر آئے اور اب اچھے عُہدوں پر فائز ہیں۔

ماسٹر ضیاء الدین صاحب اکثر اپنے ہم قوموں سے کالج کے لیے لکڑی
اور عمارت کا کام بنوایا کرتے تھے۔ مگر کبھی کسی سے ایک پیسہ رشوت
یا نذرانے کے طور پر قبول نہ کیا۔ حُکام کالج اِنھی باتوں سے اِن پر بہت مہربان
تھے۔ اِن کی وفات ذیابیطس سے ہُوئی۔ کالج کے پروفیسر صاحبان بلکہ
کئی مُمتاز شاگرد بھی اِن کے جنازے میں شریک ہُوئے۔ ع

ہمیشہ رہے نام اللہ کا

## مولانا محمد حسین آزاد :

شمسُ العلماء مولانا محمد حسین آزاد دہلی کے رہنے والے اور لاہور گورنمنٹ
کالج میں فارسی کے پروفیسر تھے۔ قد چھوٹا، علمیت بہت زیادہ۔ یہاں
اِن کے بہت سے شاگرد بھی ہو گئے تھے۔ مولوی مُمتاز صاحب بھی انھی
کے شاگردوں میں سے تھے۔ ۱۸۸۲ء میں میری اُن کی مُلاقات ہُوئی اور
کئی مُلاقاتوں کے بعد شناسائی بھی اچھی ہو گئی۔ میں نے ایک دن کہا کہ آپ

میرے مضامین کی اِصلاح فرما دیا کیجیے ۔ کیونکہ وہ اخبار کو دیکھتے تھے اور بعض مرتبہ زبان کی خامیوں کا ذِکر بھی فرما دیا کرتے تھے ۔ اِس کے جواب میں اُنھوں نے فرمایا کہ نہ تو اِتنا وقت ہے ۔ اور نہ اب آپ کی یہ پوزیشن ہے کہ آپ مجھے مضامین دِکھایا کریں ۔ اس کا تو یہی انتظام ہو سکتا ہے کہ میں صُبح کو سیر کو جاتا ہوں اور غالباً آپ بھی جاتے ہیں ۔ اُس وقت جن جن مضامین پر آپ کچھ لکھنا چاہیں ۔ اُس کا ذکر فرما دیا کریں ۔ میں اصُولی اِصلاح سے دریغ نہ کروں گا ۔ چُنانچہ اِس طرح اُن کے ساتھ کئی مُلاقاتیں ہوتی رہیں ۔ اگر کسی مضمون کا ذکر زبانی کرتا تو وہ اُسی کو جرح تعدیل کر کے خوب صُورت بنا دیتے ۔ صُبح کی سیر عموماً دوڑ کر کیا کرتے تھے ۔ میں اُن کا ساتھ نہ دے سکتا تھا ۔ اِس لیے یہ سلسلہ ختم ہو گیا ۔ مولوی صاحب مذہباً شیعہ تھے اور میں سُنّی ۔ مگر اُن کی قابلیت اور میری نیاز مندی تھی کہ کبھی مذہبی ذکر نہ ہُوا ۔ پنجاب میں سررشتہ تعلیم کی ابتدائی کتابیں اُنھی کے سحر کار قلم کا نتیجہ ہیں ۔ کرنل ہالرائیڈ صاحب اُس وقت ڈائرکٹر تھے ۔ وُہ خود بھی اُردو و فارسی جانتے تھے ۔ وہ ہر کتاب کے مضامین اور حکایتیں اُن کو بتا دیتے یہ اور مولوی الطاف حسین حاؔلی ، مولوی احسان علی خاں اور ایک دو ہندُو پروفیسر بھی اس نوِشت و خواند میں شامل تھے ۔ مولانا کی زبان کا کیا کہنا ۔ یہ اِس مجلس میں طوطیِ ہزار داستان تھے ۔ چُونکہ اِس وقت زمانے کی ضروریات بدل گئی ہیں ۔ اِس لیے اُن کتابوں کی جگہ نئی کتابیں رائج ہیں ۔ مگر زبان کی وہ شیرینی کہاں ؟

مولوی صاحب کی ظرافت بھی مشہور ہے۔ ایک دفعہ میدانِ پریڈ میں یہ بھی اُن کے ساتھ شریکِ سیر تھا۔ ایک اور سفید ریش بزرگ بھی ہاتھ میں لاٹھی لیے آگے آگے جا رہے تھے۔ اتفاقاً اُن بزرگ کا گوز نکل گیا۔ مولوی صاحب جھپاکے سے آگے آئے اور فرمایا کہ "یہ شکلِ مُتقطع اور یہ حرکتِ نامعقول" انھوں نے جواب دیا کہ ریح کا خارج کرنا تو بہت ضروری ہے چُنانچہ سعدی علیہ الرحمۃ فرما گئے ہیں۔ ع

چو باد اندر شکم پیچد فرو ہل

مولانا نے فرمایا "سعدی نے تو فرو ہل کا لفظ استعمال کیا ہے یعنی آہستہ سے چھوڑ دو۔ نہ یہ کہ میدانِ پریڈ گُونج اُٹھے"۔ یہاں ایک علمی لطیفہ بھی قابلِ ذکر ہے۔ میں نے ایک دفعہ دہلی میں نواب سراج الدین سائل کے ہاں تذکرۃً مولانا کی شیریں زبانی کا ذکر کیا تو فرمانے لگے کہ ہم تو اُن کی زبان کو قابلِ سند نہیں سمجھتے۔ انھوں نے پنجاب میں جا کر اپنی زبان خراب کر لی ہے۔

مولانا ایران بھی تشریف لے گئے تھے اور وہاں سے بہت سی نادر کتابیں لائے۔ اُن کا کُتب خانہ بہت بڑا تھا۔ اُنھوں نے میونسپل کمیٹی لاہور کے باغ بیرون اکبری اور دہلی دروازہ میں ایک لائبریری کھولنے کی اجازت طلب کی۔ وہاں ایک مُختصر سی عمارت قائم تھی۔ جس کو انھوں نے اجازت کے بعد خود ترمیم کر کے گزارے کے موافق بنا لیا۔ مگر ان کی وفات کے بعد ہی کمیٹی نے وہ مکان خالی کرا لیا۔ اور اس ترمیم کا بھی کوئی مُعاوضہ نہ دیا۔ آخری عُمر میں اُن کے دماغ میں کچھ خلل آگیا تھا۔ پھر بھی

چلتے پھرتے خوب تھے۔ صرف مشاغلِ دُنیوی چھوٹ گئے تھے۔ اکثر کمرے میں گُنڈی لگا کر بیٹھے رہتے۔ سررشتہ تعلیم کے علاوہ اِن کی اور بھی کئی لاجواب کتابیں ہیں۔

## مولوی عبدالحکیم کلانوری :

اورینٹل کالج میں فارسی کے پروفیسر تھے اور فارسی و عربی میں بہت کمال رکھتے تھے۔ جن دنوں میں پنجاب یونیورسٹی میں داخل تھا۔ کبھی کبھار اُن کے پاس بھی چلا جاتا اور اُنھیں عموماً علمی گفتگو میں ہی مصروف پاتا میں نے "یادگارِ سعدی" لکھی تو اُنھوں نے اِس پر بہت عُمدہ ریویو تحریر فرمایا۔ میرے بڑے بھائی مولوی فتح الدّین صاحب پر جب مولوی تاج الدین صاحب ایڈیٹر "کوہِ نور" نے ہتکِ عزّت کا دعویٰ کیا تو یہ ہمارے گواہوں میں شامل تھے اور اپنے ساتھ بہت سی کتابیں بھی لے گئے تاکہ ثابت کر سکیں کہ جن فِقرات کو مُستغیث باعثِ ہتک سمجھتا ہے وہ اِصطلاح میں داخلِ ہتک نہیں۔

## قزلباشانِ لاہور :

نواب سر نوازش علی خان مرحُوم کے وقت سے ہماری اِس خاندان سے راہ و رسم پیدا ہُوئی۔ اُن کے بعد اُن کے برادرِ خورد جو بزرگِ خاندان تھے جانشین قرار پائے۔ اِن سے بھی مُلاقاتیں جاری رہیں۔ نواب سر

فتح علی خاں اور محمد علی خاں سے بھی میل جول رہا - اُن کے اِنتقال پر نواب سر مظفر علی خان صاحب جانشین قرار پائے - یہ یونی نسٹ پارٹی میں شامل ہیں اور پنجاب اسمبلی کے ممبر بھی ہیں - اِن کے مورثِ اعلیٰ نے افغانستان کی ابتدائی جنگ کے زمانے میں گورنمنٹ انگریزی کی بہت خدمات انجام دی تھیں - جن کے عوض میں اُن کو پنجاب اور یو-پی میں جاگیرات عطا ہوئیں - نواب فتح علی خاں صاحب نے کچھ مربعے وغیرہ خرید کیے اور کچھ گورنمنٹ سے بھی عطا ہوئے -

نواب نوازش علی خاں صاحب مرحوم بڑے باوضع رئیس تھے - غریب سے غریب ہمسائے کے ہاں بھی چلے جاتے تھے - اِن کے وقت میں تو یہ دستور تھا کہ جو لوگ تعزیہ نکالتے یا مہندی کا جلوس لے کر اُن کے ہاں جاتے - وہ ہر ایک کو اچھی خاصی رقمیں بطورِ نیاز پیش کرتے تھے - اِسی طرح جو لوگ سبیلیں لگاتے اُن کے ہاں بھی وہ ضرور جایا کرتے اور ایک گھونٹ پانی یا شربت کا پی لیتے اور پھر کچھ نذر پیش کر دیتے - اِن کے بعد یہ سلسلہ عرصہ تک قائم رہا - مگر اب وہ بات نہیں - لوگ اپنی مرضی سے تعزیے نکالتے سبیلیں لگاتے اور مہندی کا اِنتظام کرتے ہیں - دراصل پنجاب میں شیعیت کا رواج اِسی خاندان کی وجہ سے ہوا ہے

## دیگر احباب :

میرے دوسرے احباب میں منشی خیر الدین صاحب مرحوم گورنمنٹ

پنشنر تقریباً روز کے ملنے والے تھے۔ دوستوں کے بہی خواہ اور بڑے باوضع اِنسان تھے۔

سید حاکم شاہ صاحب مرحوم انسپکٹر پولیس ساکن مدینہ ضلع گجرات جو تقریباً لاہور ہی رہتے تھے۔ مُخلص دوست تھے۔ شیخ عمر بخش صاحب ریٹائرڈ ہیڈ اسسٹنٹ سیکرٹریٹ صوفی منش، محبّ الفقرا، اور معتمد دوستوں میں سے ہیں۔ جو عموماً مجھ سے ملتے رہتے ہیں۔ منشی نظام الدین اکونٹنٹ کشمیر بھوپال اور بہاول پور وغیرہ کی ریاستوں میں رہ کر پنشن یاب ہو چکے ہیں۔ میرے خاص دوست اور ہم عُمر ہیں۔ جب انجمن حمایتِ اسلام قائم ہُوئی تھی تو یہ بھی اُس کے بانیوں میں تھے۔ اور اِس تمام مُدت میں جب بھی لاہور میں رہے۔ انجمن کے آنریری فنانشل سیکرٹری کا کام کرتے رہے۔ جولائی ۱۹۴۵ء میں آپ نے وفات پائی۔ بہت دیانتدار اِنسان تھے۔

سیّد حسین علی شاہ صاحب ساکن لاہور جو مُختلف عہدوں پر کام کرنے کے بعد حیدر آباد میں امداد باہمی کے بنکوں کے رجسٹرار مقرر ہوئے تھے۔ اور پنشن یاب ہو چکے ہیں۔ جب کبھی لاہور تشریف لائیں تو مجھ سے ضرور ملتے ہیں۔ آپ ایران اور عرب میں بھی رہ چکے ہیں۔ اِس لیے اُردو، فارسی اور عربی میں دستگاہِ کامل رکھتے ہیں۔

خان بہادر راجہ فاضل محمد خاں میرے اُس وقت کے دوست ہیں جبکہ وہ لاہور میں اسلامیہ ہائی سکول کے ہیڈ ماسٹر تھے۔ اِس کے بعد یہ

محکمۂ تعلیمات پنجاب میں شامل ہو کر ہیڈ ماسٹر، ڈسٹرکٹ انسپکٹر، ڈپٹی انسپکٹر اور پھر انسپکٹر ہو کر ریٹائر ہُوئے۔ بہت صاف دل اور ذی فہم لوگوں میں سے ہیں۔ یہ اب تک جب لاہور آئیں مجھ سے ملنا ضروری سمجھتے ہیں۔

خان صاحب شیخ غلام مُحیّ الدین ریٹائرڈ ڈپٹی انسپکٹر محکمۂ تعلیم بھی میرے مُلاقاتیوں میں ہیں۔ اور ہر ایک اسلامی کام میں مدد کرنے کو تیار رہتے ہیں۔

شیخ رحیم بخش صاحب ریٹائرڈ ڈپٹی انسپکٹر محکمۂ تعلیم بھی میرے پُرانے ملنے والوں میں سے ہیں۔ بہت سادہ مزاج، دیانت دار اور پُختہ رائے انسان ہیں۔ آج کل قُرآن شریف میں تدبر و تفکر کا مشغلہ ہے۔ آپ میرے ترجمہ قُرآن شریف کو نہایت پسند فرماتے ہیں اور مُستدعی ہیں کہ اِس کو بڑے سائز پر ضرور چھاپا جائے۔

میاں فضل الٰہی صاحب ریٹائرڈ اکونٹنٹ گورنمنٹ پریس بھی میرے خاص ملنے والوں میں ہیں۔ دُرود و وظائف کے بڑے دلدادہ اور دوستوں کے پورے بہی خواہ ہیں۔ اِن کے بھائی خانصاحب میاں محمد حسین صاحب آج کل پرنسپل آرٹس کالج لاہور ہیں۔

میاں محمد الدین صاحب چیف گڈس کلرک کا ذکر پہلے آچکا ہے۔ ریٹائر ہونے کے بعد لاہور میں مُسلم کلاتھ ہاؤس کے نام سے اُنھوں نے کپڑے کی دُکان کھولی۔ مگر چونکہ اِن کی عُمر سو برس سے بھی مُتجاوز ہو چکی ہے۔ اِس لیے دُکان اُنھوں نے اپنے بڑے لڑکے عبدالمجید کے نام کر دی ہے۔

اور اب اکثر اپنے فرزندِ دوم میاں محمد حسن صاحب بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی کے پاس رہتے ہیں، جو قصور میں پریکٹس کرتے ہیں۔ مگر مجھ سے کچھ ایسا تعلقِ خاطر ہو گیا ہے۔ کہ سال میں چھ مہینے ضرور لاہور گزارتے ہیں۔ جس میں اُن کا مقصدِ اولیٰ روزانہ میری مُلاقات ہی ہوتا ہے۔

خان بہادر میاں نصیرُ الدین ریٹائرڈ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر بلوچستان کٹھوعہ علاقہ ریاست جموّں کے رہنے والے ہیں۔ کوئٹہ میں بھی بسلسلۂ مُلازمت رہے ہیں۔ ایک سال کے لیے ریاست قلات کے وزیر بھی مقرر ہوئے۔ جب میری اِن سے مُلاقات ہوئی تو یہ ایجنٹ گورنر جنرل کے میر منشی تھے۔ اُس وقت سے اُن سے کچھ ایسے تعلّقات ہو گئے ہیں کہ خواہ ایک دن کے لیے ہی لاہور آئیں، مجھ سے ملنا فرض سمجھتے ہیں اور میں ماحضر پیش کرنا اپنا فخر۔ جب وہ قلات میں وزیرِ اعظم تھے تو میری اِستدعا پر انھوں نے خان آف قلات کو بھی اپنے ساتھ غریب خانے پر دعوت دی۔ اِسلامی درد رکھنے والے اِنسان ہیں۔ میرے ترجمہ اور تفسیر کو بے حد پسند فرماتے ہیں۔ اور ہر مُلاقات پر زور دیتے ہیں کہ بڑے سائز پر قرآن شریف چھاپا جائے تاکہ اِس کے پڑھنے میں آسانی ہو۔ مگر یہاں تو ع

کاغذ ندارم قرآں از کجا آرم

والا معاملہ ہو رہا ہے۔ جو اِنشاء اللہ تعالیٰ اُمید ہے کہ جلد درست ہو جائے گا۔

# حکمائے لاہور

اب تو لاہور میں انگریزی طریقِ علاج کے لیے میڈیکل کالج اور یونانی علاج کے لیے طبیہ کالج قائم ہیں۔ لیکن پہلے یہ بات نہ تھی۔ لوگ سالہا سال تک قابل ترین حکماء کی صحبت میں رہ کر ادویات اور کشتہ جات تیار کرتے اور نسخے لکھا کرتے تھے۔ کئی سالوں کی مشق کے بعد جب حکیم صاحب کا اطمینان ہو جاتا کہ یہ اب عام بیماروں کا علاج بخوبی کر سکتا ہے تو اس کو علیحدہ مطب کی اجازت دے دی جاتی۔ شیخ الرئیس بو علی سینا نے طب کا قانون اور متعدد کتابیں لکھی ہیں۔ اُن کا بھی یہی حال تھا کہ پہلے انھوں نے برسوں اُستاد کی خدمت کی اور جب طبابت میں کمال حاصل کر لیا تو اُستاد صاحب نے الگ مطب کھولنے کی اجازت دے دی۔ کچھ عرصے کے بعد اُنھوں نے اُستاد سے شکایت کی کہ میرے مطب میں مریض بہت کم آتے ہیں۔ تو اُستاد صاحب نے فرمایا کہ مہارت طبی کے علاوہ حکیم کے اخلاق بھی ایسے اعلیٰ ہونے چاہییں کہ مریض جن باتوں کو اپنے والدین کے سامنے بھی بوجہ شرم بیان نہیں کر سکتا۔ وہ حکیم کو بتا دے اور وہ اُس کے مطابق علاج کرے۔

میرے ابتدائی زمانے میں ایسے ہی چند حکماء موجود تھے۔ جن میں حکیم سید

ولی شاہ صاحب کا تذکرہ کہیں پہلے ہو چکا ہے۔ علیٰ ہذا حکیم غلام محمدؒ اور ان کے خلف الرشید حکیم دوست محمد کا بھی کہیں ضمناً ذکر آچکا ہے۔ ان کے سوا حکیم سید بہادر شاہ، حکیم سید بزرگ شاہ اور حکیم سید عالم شاہ شفاء الملک حکیم فقیر محمد صاحب چشتی نظامی بہت بڑی بلند ہستیاں گزری ہیں۔ حکیم بہادر شاہ سے میں نے خود علاج نہیں کرایا۔ مگر باقی اصحاب سے رجوع ہونے کا موقع ملتا رہا ہے۔ طبابت تو ان کا گویا خاندانی ورثہ تھا۔ مگر اِس کے ساتھ اخلاق بھی نہایت اعلیٰ تھے۔ اور مریض کو اپنے پاس سے بھی کچھ نہ کچھ دوائی ضرور دیا کرتے تھے۔ جو عموماً تیر بہدف ثابت ہوتی۔ ایامِ جوانی میں مجھے ایک دفعہ تھوک کے ساتھ خون آنے لگا تو میں نے حکیم دوست محمد صاحب مرحوم سے ذکر کیا۔ آپ نے مجھے دو پڑیاں دے دیں اور فرمایا کہ راستے میں ایک پیسے کے شربت بزوری کے ساتھ ایک پڑی پھانک لینا اور بارِ تنگ کو ایک کوری ٹھلیا میں ڈال کر پانی سے بھر لینا اور جب پیاس لگے تو یہی پانی استعمال کرنا۔ میں نے آکر اسی طرح عمل کیا اور شام تک خون بالکل بند ہو گیا۔ دوسرے دن احتیاطاً دوسری پڑیا بھی کھالی اور بس دوائی کا کورس ختم ہو گیا۔ اس کے بعد یہ حاجت ہی نہ پڑی کہ میں حکیم صاحب کو جاکر حال بتاتا۔

مجھے کھانسی کی دیرینہ شکایت ہے۔ جس کے لیے انھوں نے ایک اصولی بات بتلادی تھی کہ چاول بہت کم کھایا کرو۔ اور جب کھانا ہو تو پلاؤ کی شکل میں کھاؤ اور دن میں کھاؤ۔ رات کو ہرگز نہ کھاؤ۔ چنانچہ میں

اِس پر اب تک عامل ہُوں۔ لیکن کبھی کبھار غلطی ہو ہی جاتی ہے۔ اب کھانسی پھر جاری ہوگئی ہے۔ بڑے بڑے ڈاکٹر اور حکیم علاج کرتے ہیں مگر وُہ بات کہاں ؎

اے مصحفیؔ میں روؤں کیا پہلی صُحبتوں کو
بن بن کے کھیل لاکھوں ایسے بگڑ گئے ہیں

شفاءُ الملک حکیم فقیر محمدؐ صاحب چشتی نے سر سکندر حیات کے دردِ گُردہ کے علاج میں شُہرت حاصل کی۔ اِس سے پہلے بہت سے ڈاکٹر ناکام ہو چکے تھے۔ اُنھوں نے دردِ گردہ ریاحی تجویز کیا اور یہ تشخیص بہت صحیح ثابت ہُوئی۔ سر سکندر نے بھی ان کی خوُب قدردانی کی اور اِن کو سرکار سے "شفاءُ الملک" کا خطاب دلوا دیا۔ سردار صاحب کہا کرتے تھے کہ اب میرے پاس جتنی ڈاک آتی ہے۔ اُس میں سے آدھے خطوط حکیم صاحب کے اِستفسار میں آتے ہیں۔ جن کا باوصف عدیمُ الفرصتی کے مجھے جواب دینا ہی پڑتا ہے۔ افسوس ہے کہ حکیم صاحب نے کوئی اولاد نہیں چھوڑی۔ اب تو نہیں، مگر پہلے حکیم تقریباً سب ہی خوش نویس ہُوا کرتے تھے۔ حکیم فقیر محمدؐ اور سیّد عالم شاہ صاحب بھی اچھے خوشنویس اور بامذاق اِنسان تھے۔ حکیم صاحب کی وفات کے بعد چند اکابرِ لاہور نے حکیم نذیر احمد صاحب کو اُن کی جگہ بُلایا۔ حکیم صاحب بہت اچھے تجربہ کار اور ذی علم بزرگ تھے۔ تقریباً تین برس یہاں رہے۔ مگر آخرالامر ساجھے کی ہنڈیا پھوٹی ہی پھوٹی، اور اُنھوں نے اپنے وطن رام پور

تشریف لے جا کر کام شروع کر دیا۔ جو سُنا ہے بہت اچھا چل گیا ہے۔
حکیم صاحب میرا بھی علاج کرتے رہے ہیں اور تشخیص و تجویز میں اُن کا دماغ خوب کام دیتا ہے۔

اِس وقت لاہور میں حکیم اعظم علی خاں، حکیم نیّر واسطی، شفاءُ الملک حکیم محمد حسن قرشی اور حکیم شہزادہ غلام محمد چوہٹی کے حکماء میں سے ہیں۔ حکیم مسیحُ الزّمان بھی پُرانے حکماء کی یادگار ہیں مگر آج کل علاج مُعالجے کی نسبت پیری مُریدی کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے۔

25/5/77

تاریخ پنجاب

" دربار اسلام

منظوم ترجمہ مثنوی مولانا روم

ترجمہ کشف اکبر الہ / الہام منظوم

نعتی غلام سرور کی نعت

دبستان اخلاق -

سراج الدین ظفر دانا دہلوی میر فخر الدین
کی کتب

تمام خلافت مرشد شیخ عبدالقادر مرحوم :
لطائف [illegible] دہلی غلام علی چشتی د سوانح
[illegible] ماثر ابراہیم علی چشتی -

ص 292 پر [illegible] کالج میں انگلش [illegible]
[illegible] گئے جاتے میں [illegible] ڈاکٹر [illegible]

ص 305 شاہی مسجد مینار [illegible]

ص 314 راقم نے [illegible] 1940ء
میں استعفیٰ دیا کہ نوکری میں [illegible]
رہیں - [illegible] مدرسوں میں محبت [illegible]
[illegible] تک تعلیم گھر پر دی -

ص 354 کالج [illegible] کا شعبہ [illegible]